حُطَامًا	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَذِكْرٰی	لِاُولِی	الْاَلْبَابِ	اَفَمَنْ
ریزہ ریزہ	بیشک	اس میں	نصیحت ہے	واسطے صاحب	عقل کے	کیا جس کا

چورا چورا کر دیتا ہے بے شک اس میں عقل والوں کیلئے ایک نصیحت ہے۔ تو کیا وہ جس کا

شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَیْلٌ

شَرَحَ	اللّٰهُ	صَدْرَهٗ	لِلْاِسْلَامِ	فَهُوَ	عَلٰی	نُوْرٍ	مِّنْ رَّبِّهٖ	فَوَیْلٌ
کھول دیا	اللہ نے	سینہ اس کا	اسلام کے لیے	تو وہ	اوپر	نور کے ہے	اپنے رب کی طرف سے	تو خرابی ہے ان کیلئے

سینہ اللہ نے فرمانبرداری کیلئے کھول دیا ہو اور وہ اپنے رب کی نور میں ہے؟ مگر افسوس ان پر

لِّلْقٰسِیَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿٢٢﴾

لِّلْقٰسِیَةِ	قُلُوْبُهُمْ	مِّنْ ذِكْرِ	اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ	فِیْ	ضَلٰلٍ	مُّبِیْنٍ
سخت ہیں	ان کے دل	ذکر	الٰہی سے	یہی ہیں	میں	گمراہی	ظاہر

جن کے دل اللہ کی یاد کیلئے سخت ہو چکے ہیں وہ کھلی گمراہی میں ہیں۔

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِیَ ۖ تَقْشَعِرُّ

اَللّٰهُ	نَزَّلَ	اَحْسَنَ	الْحَدِیْثِ	كِتٰبًا	مُّتَشَابِهًا	مَّثَانِیَ	تَقْشَعِرُّ
اللہ نے	اتاری	بہترین	بات	کتاب کی صورت میں	ملتی جلتی	دوہرے بیان والی	رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں

اللہ ہی نے بہترین کلام نازل فرمایا ہے (یعنی) کتاب جس کی سب باتیں آپس میں ایک جیسی ہیں

مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ

مِنْهُ	جُلُوْدُ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	ثُمَّ	تَلِيْنُ
اس سے	کھالوں کے	ان کے جو	ڈرتے ہیں	اپنے رب سے	پھر	نرم ہوتے ہیں

بار بار دہرائی ہوئی اس سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں ان لوگوں کے جسموں پر جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں

جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُدَى

جُلُوْدُهُمْ	وَقُلُوْبُهُمْ	اِلٰى	ذِكْرِ	اللّٰهِ	ذٰلِكَ	هُدَى
کھالیں ان کی	اور دل	طرف	ذکر	الٰہی کے	یہ	ہدایت ہے

پھر ان کی کھالیں اور ان کے دل نرم ہو جاتے ہیں اللہ کے ذکر کی طرف یہ اللہ کی ہدایت ہے

اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

اللّٰهِ	يَهْدِيْ	بِهٖ	مَنْ	يَّشَاۗءُ	وَ	مَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ
اللہ کی	ہدایت دیتا ہے	اس کی	جسے	چاہے	اور	جسے	گمراہ کرے	اللہ	تو نہیں	اس کو

جسے چاہے اس کے ذریعے رہنمائی فرماتا ہے اور جسے اللہ گمراہ کر دے تو اسے کوئی

مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْۗءَ الْعَذَابِ يَوْمَ

مِنْ هَادٍ	اَفَمَنْ	يَّتَّقِيْ	بِوَجْهِهٖ	سُوْۗءَ	الْعَذَابِ	يَوْمَ
کوئی ہدایت دینے والا	کیا جو	بچے گا	اپنے چہرے سے	برے	عذاب سے	دن

ہدایت دینے والا نہیں۔ تو کیا وہ شخص جو قیامت کے دن برے عذاب سے اپنے چہرے

الْقِيٰمَةِ ۭ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ

الْقِيٰمَةِ	وَ	قِيْلَ	لِلظّٰلِمِيْنَ	ذُوْقُوْا	مَا	كُنْتُمْ
قیامت کے	اور	فرمایا جائے گا	ظالموں کو	چکھو	جو کچھ	تم تھے

کو ڈھال بنائے گا اور ظالموں سے کہا جائے گا کہ (اب اس کا مزہ)

تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ

فَاَتٰىهُمُ	مِنْ قَبْلِهِمْ	الَّذِيْنَ	كَذَّبَ	تَكْسِبُوْنَ
تو آیا ان پر	ان سے پہلے تھے	ان لوگوں نے جو	جھٹلایا	کماتے

چکھو جو کچھ تم کماتے تھے۔ ان سے پہلوں نے جھٹلایا تو انہیں عذاب

الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ

اللّٰهُ	فَاَذَاقَهُمُ	لَا يَشْعُرُوْنَ	مِنْ حَيْثُ	الْعَذَابُ
اللہ نے	تو چکھایا ان کو	انہیں خبر نہیں تھی	جہاں سے	عذاب

آیا جہاں سے انہیں خبر نہ تھی۔ اور اللہ نے انہیں دنیا

الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَ لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ

الْاٰخِرَةِ	لَعَذَابُ	وَ	الدُّنْيَا	فِي الْحَيٰوةِ	الْخِزْيَ
آخرت کا	البتہ عذاب	اور	دنیا کی	زندگی میں	ذلت

کی زندگی میں رسوائی کا مزہ چکھایا اور بے شک آخرت کا عذاب سب

اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ

فِيْ	لِلنَّاسِ	ضَرَبْنَا	لَقَدْ	وَ	يَعْلَمُوْنَ	كَانُوْا	لَوْ	اَكْبَرُ
میں	لوگوں کیلئے	بیان کی ہم نے	بیشک	اور	جانتے	وہ ہوں	اگر	بہت بڑا ہے

سے بڑا ہے کیا اچھا تھا اگر وہ جانتے۔ اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں کیلئے

هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ ج

يَتَذَكَّرُوْنَ	لَعَلَّهُمْ	مَثَلٍ	مِنْ كُلِّ	الْقُرْاٰنِ	هٰذَا
نصیحت پکڑیں	تا کہ وہ	مثالیں	ہر طرح کی	قرآن	اس

ہر قسم کی مثالیں بیان کر دی ہیں تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِىْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾ ضَرَبَ

قُرْاٰنًا	عَرَبِيًّا	غَيْرَ	ذِىْ عِوَجٍ	لَّعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	ضَرَبَ
قرآن ہے	عربی	نہیں اس میں	کوئی کجی	تاکہ وہ	ڈریں	بیان فرمائی

یہ ایک عربی زبان میں نازل شدہ قرآن ہے جس میں ٹیڑھا پن نہیں تاکہ وہ ڈر جائیں۔ اللہ نے

اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا

اللّٰهُ	مَثَلًا	رَّجُلًا	فِيْهِ	شُرَكَآءُ	مُتَشٰكِسُوْنَ	وَ	رَجُلًا	سَلَمًا
اللہ تعالیٰ نے	مثال	ایک آدمی کی	اس میں	شریک ہیں	کئی بدخو	اور	ایک آدمی	پورا

ایک غلام کی مثال بیان فرمائی جس میں کئی آدمی شریک ہیں جو آپس میں سخت اختلاف رکھتے ہیں اور ایک غلام ایسا ہے

لِّرَجُلٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ

لِّرَجُلٍ	هَلْ	يَسْتَوِيٰنِ	مَثَلًا	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	بَلْ
ایک آدمی کا ہے	کیا	دونوں برابر ہیں	مثال میں	سب تعریفیں	اللہ کی ہیں	بلکہ

جو پورا ایک ہی آدمی کی ملک میں ہے کیا ان دونوں کا حال یکساں ہے؟ سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں بلکہ ان (مشرکوں)

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ

اَكْثَرُهُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	اِنَّكَ	مَيِّتٌ	وَ	اِنَّهُمْ	مَّيِّتُوْنَ	ثُمَّ
اکثر ان کے	نہیں	جانتے	بیشک تم بھی	انتقال فرمانے والے ہو	اور	بیشک وہ بھی	مرنے والے ہیں	پھر

کے اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اے حبیب ﷺ آپ اس دنیا سے (ظاہری) پردہ فرماؤ گے اور یقیناً انہیں بھی مرنا ہے۔ پھر

اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾ ع

اِنَّكُمْ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	عِنْدَ	رَبِّكُمْ	تَخْتَصِمُوْنَ
تم	دن	قیامت کے	پاس	اپنے رب کے	جھگڑو گے

تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑو گے

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ

فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ	كَذَبَ	عَلَى	اللّٰهِ	وَ	كَذَّبَ	بِالصِّدْقِ	اِذْ	جَآءَهٗ
تو کون	اس سے بڑھ کر ظالم	اس سے جو	جھوٹ باندھے	اوپر	اللہ کے	اور	جھٹلائے	سچائی کو	جب	آئے اس کے پاس

تو اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے اور حق کو جھٹلائے جب اس کے پاس آئے

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ

اَلَيْسَ	فِيْ جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِّلْكٰفِرِيْنَ	وَ	الَّذِيْ	جَآءَ	بِالصِّدْقِ
کیا نہیں ہے	جہنم میں	ٹھکانا	کافروں کا	اور	وہ جو	لایا	سچائی

کیا جہنم میں کافروں کا ٹھکانا نہیں ہے۔ اور جو سچائی لے کر آئے

وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ

وَ	صَدَّقَ	بِهٖٓ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُتَّقُوْنَ	لَهُمْ	مَّا	يَشَآءُوْنَ	عِنْدَ
اور	تصدیق کی	اس کی	یہ لوگ	وہی ہیں	پرہیزگار	ان کیلئے ہے	جو	وہ چاہیں	نزدیک

اور اس کی تصدیق کی وہی پرہیزگار لوگ ہیں۔ انہیں ان کے رب کے ہاں

رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ

رَبِّهِمْ	ذٰلِكَ	جَزٰٓؤُا	الْمُحْسِنِيْنَ	لِيُكَفِّرَ	اللّٰهُ	عَنْهُمْ	اَسْوَاَ
انکے رب کے	یہ	بدلہ ہے	نیکوں کا	تاکہ دور کرے	اللہ	ان سے	برے سے برا

جو وہ چاہیں گے ملے گا یہ نیکی کرنے والوں کا بدلہ ہے۔ تاکہ اللہ دور کر دے ان سے ان کی برائیاں

الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا

الَّذِيْ	عَمِلُوْا	وَيَجْزِيَهُمْ	اَجْرَهُمْ	بِاَحْسَنِ	الَّذِيْ	كَانُوْا
وہ جو	انہوں نے کیا	اور بدلہ دے ان کو	اجر ان کا	اچھا	اس کا جو	تھے وہ

جو انہوں نے کیں اور انہیں ان کا ثواب دے ان کے بہترین کاموں کے باعث جو

يَعْمَلُوْنَ ﴿٣٥﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ

يَعْمَلُوْنَ	اَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِكَافٍ	عَبْدَهٗ	وَ	يُخَوِّفُوْنَكَ	بِالَّذِيْنَ
عمل کرتے	کیا نہیں ہے	اللہ	کافی	اپنے بندے کو	اور	ڈراتے ہیں آپ کو	ان سے جو

وہ کرتے تھے۔ کیا اللہ اپنے بندے کو کافی نہیں اور وہ اللہ کے سوا اپنے دوسرے معبودوں سے آپ کو ڈراتے ہیں

مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿٣٦﴾ ج وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

مِنْ دُوْنِهٖ	وَ	مَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ هَادٍ	وَ	مَنْ	يَّهْدِ	اللّٰهُ
اس کے سوا ہیں	اور	جسے	گمراہ کرے	اللہ	تو نہیں	اس کو	کوئی ہدایت دینے والا	اور	جسے	ہدایت دے	اللہ

اور جسے اللہ گمراہ کر دے تو اس کیلئے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں۔ اور جسے اللہ ہدایت دے اسے

فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿٣٧﴾ وَلَئِنْ

فَمَا	لَهٗ	مِنْ مُّضِلٍّ	اَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِعَزِيْزٍ	ذِي انْتِقَامٍ	وَ	لَئِنْ
تو نہیں	اس کو	کوئی گمراہ کرنے والا	کیا نہیں	اللہ	عزت والا	بدلہ لینے والا	اور	اگر

کوئی بہکانے والا نہیں کیا اللہ تعالیٰ زبردست بدلہ لینے والا نہیں۔ اور اگر آپ ان

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ

سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ	قُلْ
آپ ان پوچھیں	کس نے	پیدا کیے	آسمان	اور زمین	تو ضرور کہیں گے	اللہ نے	فرمادیں

سے دریافت فرمائیں کہ آسمان اور زمین کس نے بنائے تو ضرور کہیں گے اللہ نے فرما دیجئے

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ

اَفَرَءَيْتُمْ	مَّا	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	اِنْ	اَرَادَنِيَ	اللّٰهُ	بِضُرٍّ	هَلْ
بھلا بتاؤ تو	جن کو	پکارتے ہو	سوا	اللہ کے	اگر	ارادہ کرے میرے لیے	اللہ	تکلیف کا	کیا

بھلا بتاؤ تو وہ جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا

هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ

هُنَّ	كٰشِفٰتُ	ضُرِّهٖۤ	اَوْ	اَرَادَنِیْ	بِرَحْمَةٍ	هَلْ	هُنَّ	مُمْسِكٰتُ
وہ	دور کر دینگے	اسکی تکلیف	یا	ارادہ کرے میرے لیے	اپنی رحمت کا	کیا	وہ	بند کر دینگے

وہ اس کی بھیجی تکلیف کو روک سکتے ہیں یا وہ مجھ پر رحمت فرمانا چاہے تو کیا وہ اس کی رحمت

رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ؕ عَلَیْهِ یَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ

رَحْمَتِهٖ	قُلْ	حَسْبِیَ	اللّٰهُ	عَلَیْهِ	یَتَوَكَّلُ	الْمُتَوَكِّلُوْنَ	قُلْ
اس کی رحمت کو	فرما دو	کافی ہے مجھ کو	اللہ	اسی پر	بھروسہ کریں	بھروسہ کرنیوالے	فرما دیں

کو روک رکھیں گے فرما دیجئے مجھے اللہ کافی ہے بھروسے والے اس پر بھروسا کرتے ہیں۔ فرما دیجئے

یٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰی مَكَانَتِكُمْ اِنِّیْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾

یٰقَوْمِ	اعْمَلُوْا	عَلٰی	مَكَانَتِكُمْ	اِنِّیْ	عَامِلٌ	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ
اے میری قوم	عمل کرو	اوپر	اپنی جگہ کے	بیشک میں	عمل کرتا ہوں	تو جلدی	جان لوگے تم

اے میری قوم! تم اپنی جگہ عمل کرو میں بھی عمل کر رہا ہوں اور تم جلدی (انجام کو) جان لو گے۔

مَنْ یَّاْتِیْهِ عَذَابٌ یُّخْزِیْهِ وَ یَحِلُّ عَلَیْهِ عَذَابٌ مُّقِیْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّاۤ

مَنْ	یَّاْتِیْهِ	عَذَابٌ	یُّخْزِیْهِ	وَ	یَحِلُّ	عَلَیْهِ	عَذَابٌ	مُّقِیْمٌ	اِنَّاۤ
کہ کون ہے	آتا ہے اسکو	عذاب	جو رسوا کرے اسکو	اور	اترتا ہے	اس پر	عذاب	دائمی	بیشک ہم

(کہ) کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کر دے گا اور کس پر دائمی عذاب اُترتا ہے؟ بے شک ہم

اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰی فَلِنَفْسِهٖ ۚ

اَنْزَلْنَا	عَلَیْكَ	الْكِتٰبَ	لِلنَّاسِ	بِالْحَقِّ	فَمَنِ	اهْتَدٰی	فَلِنَفْسِهٖ
اتاری	آپ پر	کتاب	لوگوں کیلئے	حق کے ساتھ	تو جس نے	ہدایت پائی	تو اپنی جان کیلئے

نے حق کے ساتھ لوگوں کیلئے آپ پر قرآن اُتارا تو جس نے ہدایت قبول کی تو اپنے ہی نفع کیلئے

وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ج وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿٤١﴾ ع اَللّٰهُ

وَ	مَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ	عَلَيْهَا	وَ	مَآ اَنْتَ	عَلَيْهِمْ	بِوَكِيْلٍ	اَللّٰهُ
اور	جو	گمراہ ہوا	تواسکے سوانہیں کہ	گمراہ ہوگا	اپنے اوپر	اور	نہیں ہو تم	ان کے	ذمہ دار	اللہ

اور جو گمراہ ہوا وہ اپنے ہی نقصان کیلئے گمراہ ہوا اور آپ ان کے ذمہ دار نہیں۔ اللہ جانوں کو

يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ج

يَتَوَفَّى	الْاَنْفُسَ	حِيْنَ مَوْتِهَا	وَ	الَّتِيْ	لَمْ تَمُتْ	فِيْ مَنَامِهَا
وفات دیتا ہے	جانوں کو	ان کی موت کے وقت	اور	وہ جو	نہ مریں	اپنی نیند میں

ان کی موت کے وقت قبض کرتا ہے اور جنہیں موت نہیں آئی انہیں ان کی نیند کی حالت میں پھر اسے

فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰى اِلٰى

فَيُمْسِكُ	الَّتِيْ	قَضٰى	عَلَيْهَا	الْمَوْتَ	وَ	يُرْسِلُ	الْاُخْرٰى	اِلٰى
تو روک رکھا ہے	اس کو کہ	فیصلہ ہوگیا	اس پر	موت کا	اور	بھیجتا ہے	دوسری کو	طرف

روک لیتا ہے جس پر موت کا حکم صادر ہو چکا ہو اور دوسری جانوں کو ایک

اَجَلٍ مُّسَمًّى ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٤٢﴾ اَمِ

اَجَلٍ	مُّسَمًّى	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ	اَمِ
مدت	مقرر کے	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	واسطے قوم	سوچنے والی کے	کیا

وقتِ مقرر تک چھوڑ دیتا ہے بیشک اس میں ضرور نشانیاں ہیں ان لوگوں کیلئے جو فکر سے کام لیتے ہیں۔ کیا

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ط قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْئًا

اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	شُفَعَآءَ	قُلْ	اَ وَ	لَوْ	كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ	شَيْئًا
بنائے انہوں نے	سوائے	اللہ کے	سفارشی	فرماؤ	کیا	اگرچہ	اختیار نہ رکھتے ہوں	کچھ

انہوں نے اللہ کے مقابل کچھ سفارشی بنا رکھے ہیں فرما دیجئے کیا اگرچہ وہ کسی چیز کے مالک نہ ہوں

وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ۖ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

وَ	لَا	يَعْقِلُوْنَ	قُلْ	لِلّٰهِ	الشَّفَاعَةُ	جَمِيْعًا	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ
اور	نہ	سمجھتے ہوں	فرماؤ	اللہ کیلئے ہے	سفارش	ساری	اسی کی	بادشاہی ہے	آسمانوں کی

اور نہ عقل رکھیں۔ فرما دیجئے شفاعت تو سب اللہ کے ہاتھ میں ہے اسی کیلئے ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۖ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ

وَ	الْاَرْضِ	ثُمَّ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَ	اِذَا	ذُكِرَ	اللّٰهُ	وَحْدَهٗ
اور	زمین کی	پھر	اسی کی طرف	لوٹائے جاؤ گے تم	اور	جب	ذکر کیا جاتا ہے	اللہ	اکیلے

اور زمین کی بادشاہی پھر تمہیں اسی کی طرف پلٹنا ہے۔ مگر جب اللہ وحدہٗ کا ذکر کیا جاتا ہے

اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ

اشْمَاَزَّتْ	قُلُوْبُ	الَّذِيْنَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	وَ	اِذَا	ذُكِرَ
تو سمٹ جاتے ہیں	دل	ان کے جو	نہیں	ایمان لاتے	قیامت پر	اور	جب	ذکر کیا جاتا ہے

تو جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے ان کے دل تنگ ہوتے ہیں اور جب اس کے علاوہ

الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ

الَّذِيْنَ	مِنْ دُوْنِهٖۤ	اِذَا	هُمْ	يَسْتَبْشِرُوْنَ	قُلِ	اللّٰهُمَّ	فَاطِرَ
ان کا جو	سوا اس کے ہیں	تو اس وقت	وہ	خوش ہوتے ہیں	عرض کرو	اے اللہ	پیدا کرنیوالے

ان بتوں کا ذکر کیا جاتا ہے (جن کو وہ پوجتے ہیں) تو وہ خوشیاں مناتے ہیں۔ آپ عرض کیجئے اے اللہ!

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	عٰلِمَ	الْغَيْبِ	وَ	الشَّهَادَةِ	اَنْتَ	تَحْكُمُ	بَيْنَ
آسمانوں کے	اور	زمین کے	جاننے والے	غیب کے	اور	حاضر کے	تو	فیصلہ فرمائے گا	درمیان

آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے غائب اور حاضر کو جاننے والے! تو ہی اپنے بندوں کے درمیان

عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا

مَا	ظَلَمُوْا	لِلَّذِيْنَ	اَنَّ	وَلَوْ	يَخْتَلِفُوْنَ	فِيْهِ	كَانُوْا	فِيْ مَا	عِبَادِكَ
جو	جو ظالم ہیں	ان لوگوں کیلئے ہو	یہ کہ	اور اگر	اختلاف کرتے	اس میں	تھے	اس میں جو	اپنے بندوں کے

ان باتوں کا فیصلہ فرمائے گا جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ اور اگر ظالموں کیلئے وہ سب کچھ ہوتا

فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ

مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ	بِهٖ	لَافْتَدَوْا	مَعَهٗ	مِثْلَهٗ	وَّ	جَمِيْعًا	الْاَرْضِ	فِيْ
برے عذاب سے	اس کا	تو فدیہ دیں	اسکے ساتھ	مثل اس کی	اور	سب	زمین ہے	میں

جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ ہی اس کے برابر تو اسے قیامت کے دن برے عذاب سے رہائی کے بدلے میں

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾

يَحْتَسِبُوْنَ	يَكُوْنُوْا	لَمْ	مَا	مِّنَ اللّٰهِ	لَهُمْ	وَبَدَا	الْقِيٰمَةِ	يَوْمَ
خیال کرتے	تھے	نہ	جو	اللہ سے	ان کیلئے	اور ظاہر ہوگا	قیامت کے	دن

ضرور دے دیتے اور ان کیلئے اللہ کی طرف سے وہ (عذاب) ظاہر ہوگا جس کا وہ گمان (بھی) نہ کرتے تھے۔

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

بِهٖ	كَانُوْا	مَّا	بِهِمْ	حَاقَ	وَ	كَسَبُوْا	مَا	سَيِّاٰتُ	لَهُمْ	وَبَدَا
اس کو	تھے	جو	ان کو	گھیرے گا	اور	کمایا	جو	برائی اس کی	ان کیلئے	اور ظاہر ہوگی

اور ان کیلئے (ان کی) وہ برائیاں ظاہر ہوں گی جو انہوں نے کیں۔ اور انہیں وہ (عذاب) گھیر لے گا

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ

خَوَّلْنٰهُ	اِذَا	ثُمَّ	دَعَانَا	ضُرٌّ	الْاِنْسَانَ	مَسَّ	فَاِذَا	يَسْتَهْزِءُوْنَ
عطا فرمائیں اسکو	جب	پھر	پکارتا ہے ہم کو	کوئی تکلیف	آدمی کو	پہنچتی ہے	پھر جب	ٹھٹھا کرتے

جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ پھر جب آدمی کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں پکارتا ہے پھر جب اسے ہم

نِعۡمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَاۤ اُوۡتِيۡتُهٗ عَلٰى عِلۡمٍ ؕ بَلۡ هِىَ فِتۡنَةٌ وَّلٰـكِنَّ

نِعۡمَةً	مِّنَّا	قَالَ	اِنَّمَاۤ	اُوۡتِيۡتُهٗ	عَلٰى	عِلۡمٍ	بَلۡ	هِىَ	فِتۡنَةٌ	وَ	لٰـكِنَّ
نعمت	اپنی پاس سے	تو کہتا ہے	سوا اس کے نہیں کہ	دیا گیا ہوں میں	اوپر	علم کے	بلکہ	وہ	آزمائش ہے	اور	لیکن

اپنے پاس سے کوئی نعمت عطا فرمائیں کہتا ہے یہ تو مجھے ایک علم کی بدولت ملی ہے بلکہ وہ

اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۴۹﴾ قَدۡ قَالَهَا الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَمَاۤ اَغۡنٰى

اَكۡثَرَهُمۡ	لَا	يَعۡلَمُوۡنَ	قَدۡ	قَالَهَا	الَّذِيۡنَ	مِنۡ قَبۡلِهِمۡ	فَمَاۤ	اَغۡنٰى
اکثر ان کے	نہیں	جانتے	بیشک	کہا تھا یہ	ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے تھے	تو نہ	کام آیا

تو آزمائش ہے مگر ان میں اکثر کو علم نہیں۔ ان سے اگلے بھی ایسے ہی کہہ چکے تو ان کا کمایا

عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ﴿۵۰﴾ فَاَصَابَهُمۡ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوۡا ؕ

عَنۡهُمۡ	مَّا	كَانُوۡا	يَكۡسِبُوۡنَ	فَاَصَابَهُمۡ	سَيِّاٰتُ	مَا	كَسَبُوۡا
ان کے	جو	تھے	کماتے	تو پہنچی ان کو	برائی	اسکی جو	کمایا انہوں نے

ان کے کچھ کام نہ آیا۔ ہاں ان کی کمائی کی برائیاں ان پر آ پڑیں

وَالَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا مِنۡ هٰٓؤُلَاۤءِ سَيُصِيۡبُهُمۡ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوۡا ۙ وَمَا

وَ	الَّذِيۡنَ	ظَلَمُوۡا	مِنۡ هٰٓؤُلَاۤءِ	سَيُصِيۡبُهُمۡ	سَيِّاٰتُ	مَا	كَسَبُوۡا	وَمَا
اور	جن لوگوں نے	ظلم کیا	ان میں سے	جلد پہنچیں گی انہیں	برائیاں	جو	کمایا انہوں نے	اور نہیں

اور ان لوگوں میں جو ظالم ہیں ان پر بھی ان کی کمائی کی برائیاں آ پڑیں گی اور

هُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿۵۱﴾ اَوَلَمۡ يَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ

هُمۡ	بِمُعۡجِزِيۡنَ	اَوَلَمۡ	يَعۡلَمُوۡۤا	اَنَّ	اللّٰهَ	يَبۡسُطُ	الرِّزۡقَ	لِمَنۡ
وہ	عاجز کرنیوالے	کیا نہ	جانا انہوں نے	کہ	اللہ	کشادہ کرتا ہے	رزق	جس کا

وہ (ہمیں) عاجز نہیں کر سکتے۔ اور کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جس کا چاہتا ہے رزق کشادہ فرما دیتا ہے

يَّشَآءُ وَيَقۡدِرُ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۵۲﴾ قُلۡ

يَّشَآءُ	وَ	يَقۡدِرُ	اِنَّ	فِىۡ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوۡمٍ	يُّؤۡمِنُوۡنَ	قُلۡ
چاہے	اور	تنگ فرماتا ہے	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	واسطے قوم	مومن کے	آپ فرمادیں

اور تنگ کردیتا ہے؟ بے شک اس بات میں ایمان والے لوگوں کیلئے کئی نشانیاں ہیں۔ آپ فرما دیجئے

يٰعِبَادِىَ الَّذِيۡنَ اَسۡرَفُوۡا عَلٰٓى اَنۡفُسِهِمۡ لَا تَقۡنَطُوۡا مِنۡ رَّحۡمَةِ اللّٰهِ ؕ

يٰعِبَادِىَ	الَّذِيۡنَ	اَسۡرَفُوۡا	عَلٰٓى	اَنۡفُسِهِمۡ	لَا	تَقۡنَطُوۡا	مِنۡ رَّحۡمَةِ اللّٰهِ
اے میرے بندو	جنہوں نے	ظلم کیا ہے	اوپر	اپنی جانوں کے	نہ	مایوس ہوں	اللہ کی رحمت سے

اے میرے وہ بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کرلی اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا

اِنَّ اللّٰهَ يَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ جَمِيۡعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡغَفُوۡرُ

اِنَّ	اللّٰهَ	يَغۡفِرُ	الذُّنُوۡبَ	جَمِيۡعًا	اِنَّهٗ	هُوَ	الۡغَفُوۡرُ
بیشک	اللہ	بخش دے گا	گناہ	سارے	بیشک وہ	وہی ہے	بخشنے والا

بے شک اللہ سب گناہ معاف کر دیتا ہے بے شک وہی بہت بخشنے والا

الرَّحِيۡمُ ﴿۵۳﴾ وَاَنِيۡبُوۡٓا اِلٰى رَبِّكُمۡ وَاَسۡلِمُوۡا لَهٗ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّاۡتِيَكُمُ

الرَّحِيۡمُ	وَ	اَنِيۡبُوۡٓا	اِلٰى رَبِّكُمۡ	وَ	اَسۡلِمُوۡا	لَهٗ	مِنۡ قَبۡلِ	اَنۡ	يَّاۡتِيَكُمُ
مہربان	اور	رجوع کرو	اپنے رب کی طرف	اور	فرمانبردار ہوجاؤ	اسکے	پہلے	اس سے کہ	آئے تم پر

بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور اس کے فرمانبردار ہو جاؤ اس سے پہلے

الۡعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنۡصَرُوۡنَ ﴿۵۴﴾ وَاتَّبِعُوۡٓا اَحۡسَنَ مَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكُمۡ

الۡعَذَابُ	ثُمَّ	لَا	تُنۡصَرُوۡنَ	وَ	اتَّبِعُوۡٓا	اَحۡسَنَ	مَآ	اُنۡزِلَ	اِلَيۡكُمۡ
عذاب	پھر	نہ	مدد کی جائیگی	اور	پیروی کرو	اچھی	جو	اتاری گئی	تمہاری طرف

کہ تم پر عذاب آئے پھر تمہاری کوئی مدد نہ کی جائے گی۔ اور اس بہترین (کتاب) کی پیروی کرو جو تمہارے رب سے تمہاری

مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ

مِّنْ رَّبِّكُمْ	مِّنْ	قَبْلِ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	بَغْتَةً	وَ	اَنْتُمْ
تمہارے رب کی طرف سے	اس سے	پہلے	کہ	تم پر آئے	عذاب	اچانک	اور	تم

طرف اتاری گئی ہے قبل اس کے کہ عذاب تم پر اچانک آ جائے اور تمہیں

لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ

لَا تَشْعُرُوْنَ	اَنْ	تَقُوْلَ	نَفْسٌ	يّٰحَسْرَتٰى	عَلٰى	مَا	فَرَّطْتُّ
خبر نہ ہو	یہ کہ	کہے	کوئی جان	ہائے افسوس	اوپر	اسکے جو	کوتاہی کی میں نے

خبر بھی نہ ہو۔ کہ کوئی شخص کہے ہائے افسوس اس کی اور کوتاہی پر جو میں نے

فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ

فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ	وَ	اِنْ	كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ	اَوْ	تَقُوْلَ	لَوْ اَنَّ	اللّٰهَ
اللہ کے بارے میں	اور	بیشک	میں ہنسی بنایا کرتا تھا	یا	کہے	یہ کہ اگر	اللہ

اللہ کے حق (اطاعت) میں کی اور یقیناً میں تو مذاق اڑانے والوں میں سے تھا۔ یا کہے اگر اللہ مجھے

هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ

هَدٰىنِيْ	لَكُنْتُ	مِنَ الْمُتَّقِيْنَ	اَوْ	تَقُوْلَ	حِيْنَ	تَرَى	الْعَذَابَ
ہدایت دیتا مجھ کو	تو ہوتا میں	پرہیزگاروں میں سے	یا	کہے	جبکہ	دیکھے	عذاب

ہدایت دے دیتا تو میں ضرور پرہیز گاروں میں ہو جاتا۔ یا کہے جب وہ عذاب کو

لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ

لَوْ	اَنَّ	لِيْ	كَرَّةً	فَاَكُوْنَ	مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ	بَلٰى	قَدْ	جَآءَتْكَ
کاش کہ	ہو	میرے لیے	دوسری مرتبہ جانا	تو ہو جاؤں میں	نیک لوگوں میں سے	کیوں نہیں	بیشک	آئیں تیرے پاس

دیکھے اگر مجھے دوبارہ موقع ملے تو میں نیکی کرنے والوں میں ہو جاؤں گا۔ ہاں کیوں نہیں تیرے پاس میری

اٰيٰتِىْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾ وَيَوْمَ

اٰيٰتِىْ	فَكَذَّبْتَ	بِهَا	وَاسْتَكْبَرْتَ	وَ	كُنْتَ	مِنَ الْكٰفِرِيْنَ	وَ	يَوْمَ
میری آیتیں	تو جھٹلا دیا تونے	ان کو	اور تکبر کیا	اور	تھا تو	کافروں میں سے	اور	دن

آیتیں پہنچیں تو تو نے انہیں جھٹلایا اور تو تکبر کرتا رہا اور تو انکار کرنے والوں میں سے تھا۔ اور قیامت کے دن

الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ط

الْقِيٰمَةِ	تَرَى	الَّذِيْنَ	كَذَبُوْا	عَلَى	اللّٰهِ	وُجُوْهُهُمْ	مُّسْوَدَّةٌ
قیامت کے	دیکھو گے تم	ان کو جنہوں نے	جھوٹ بولا	اوپر	اللہ کے	ان کے منہ	سیاہ ہوں گے

آپ ان لوگوں کو دیکھیں گے جنہوں نے اللہ پر جھوٹ بولا کہ ان کے چہرے سیاہ ہوں گے

اَلَيْسَ فِىْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَيُنَجِّى اللّٰهُ الَّذِيْنَ

اَلَيْسَ	فِىْ جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ	وَ	يُنَجِّى	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ
کیا نہیں ہے	جہنم میں	ٹھکانہ	مغروروں کیلئے	اور	نجات دے گا	اللہ	ان کو جو

کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں۔ اور اللہ بچائے گا

اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ

اتَّقَوْا	بِمَفَازَتِهِمْ	لَا	يَمَسُّهُمُ	السُّوْٓءُ	وَ	لَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	اَللّٰهُ
پرہیزگار ہیں	انکی کامیابی سے	نہیں	پہنچے گی ان کو	کوئی تکلیف	اور	نہ	وہ	غم کھائیں گے	اللہ

پرہیزگاروں کو ان کی نجات کی جگہ نہ انہیں عذاب چھوئے اور نہ انہیں غم ہو۔ اللہ ہر چیز کا

خَالِقُ كُلِّ شَىْءٍ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۶۲﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ

خَالِقُ	كُلِّ شَىْءٍ	وَّ	هُوَ	عَلٰى	كُلِّ	شَىْءٍ	وَّكِيْلٌ	لَهٗ	مَقَالِيْدُ
پیدا کرنے والا ہے	ہر چیز کو	اور	وہ	اوپر	ہر	چیز کے	مختار ہے	اسی کیلئے ہیں	کنجیاں

پیدا کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز کا مختار ہے۔ آسمانوں اور زمین کی کنجیاں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ
آسمانوں کی	اور	زمین کی	اور	وہ جو	منکر ہیں	آیات	خداوندی سے	یہی

اسی کے پاس ہیں اور جو لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۳﴾ قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا

هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ	قُلْ	اَفَغَيْرَ	اللّٰهِ	تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ	اَعْبُدُ	اَيُّهَا
وہ ہیں	خسارہ اٹھانیوالے	فرمادیں	کیا سوائے	اللہ کے	حکم دیتے ہو مجھے	کہ میں پوجوں	اے

وہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔ فرما دیجئے کیا پھر بھی اے نادانو! تم چاہتے ہو کہ میں اللہ کے علاوہ کسی اور کی

الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ

الْجٰهِلُوْنَ	وَ	لَقَدْ	اُوْحِيَ	اِلَيْكَ	وَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكَ	لَئِنْ
جاہلو	اور	بیشک	وحی کی گئی	تمہاری طرف	اور	طرف	ان کی جو	تم سے پہلے تھے	اگر

عبادت کروں؟ اور بے شک وحی کی گئی آپ کی طرف اور ان لوگوں کی طرف جو آپ سے پہلے تھے کہ (اے مخاطب) اگر تو نے

اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ

اَشْرَكْتَ	لَيَحْبَطَنَّ	عَمَلُكَ	وَ	لَتَكُوْنَنَّ	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ	بَلِ
شرک کیا تو نے	تو اکارت جائیگے	تیرے عمل	اور	ہوگا تو	نقصان والوں سے	بلکہ

اللہ کے ساتھ شرک کیا تو تیرے سب عمل ضرور ضائع ہو جائیں گے اور تو ضرور نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائے گا۔ بلکہ

اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ

اللّٰهَ	فَاعْبُدْ	وَكُنْ	مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ	وَ	مَا	قَدَرُوا	اللّٰهَ	حَقَّ
اللہ ہی کی	عبادت کر	اور ہوجا	شکرگذاروں سے	اور	نہ	قدر کی انہوں نے	اللہ کی	حق

اللہ ہی کی عبادت کر اور شکر کرنے والوں میں سے ہو جا۔ اور انہوں نے اللہ کی قدر نہ کی جیسا اس کا حق تھا

قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ

قَدْرِهٖ	وَالْاَرْضُ	جَمِيْعًا	قَبْضَتُهٗ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	وَ	السَّمٰوٰتُ
اسکے قدر کا	اور زمین	ساری	اسکی مٹھی میں ہوگی	دن	قیامت کے	اور	آسمان

اور وہ قیامت کے دن ساری زمین کو سمیٹ دے گا اور اس کی قدرت سے سارے آسمان

مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ وَنُفِخَ

مَطْوِيّٰتٌ	بِيَمِيْنِهٖ	سُبْحٰنَهٗ	وَ	تَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	وَنُفِخَ
لپیٹے ہوں گے	اسکے دائیں ہاتھ میں	پاک ہے وہ	اور	بلند ہے	اس سے جو	شرک کرتے ہیں	اور پھونکا جائے گا

لپیٹ دیئے جائیں گے اور اللہ ان کے شرک سے پاک اور برتر ہے۔ اور صور پھونکا جائے گا

فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا

فِي الصُّوْرِ	فَصَعِقَ	مَنْ	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ	مَنْ	فِي	الْاَرْضِ	اِلَّا
صور میں	تو بیہوش ہوجائے گا	جو	میں	آسمانوں ہے	اور	جو	میں	زمین ہے	مگر

تو بیہوش ہو جائیں گے سب جتنے آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں مگر

مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ۝

مَنْ	شَآءَ	اللّٰهُ	ثُمَّ	نُفِخَ	فِيْهِ	اُخْرٰى	فَاِذَا	هُمْ	قِيَامٌ	يَّنْظُرُوْنَ
جسے	چاہے	اللہ	پھر	پھونکا جائے گا	اس میں	دوسری مرتبہ	تو اچانک	وہ	کھڑے	دیکھتے ہوں گے

جسے اللہ چاہے پھر وہ دوبارہ پھونکا جائے گا جبھی وہ دیکھتے ہوئے کھڑے ہو جائیں گے۔

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ

وَ	اَشْرَقَتِ	الْاَرْضُ	بِنُوْرِ رَبِّهَا	وَ	وُضِعَ	الْكِتٰبُ	وَ	جِايْٓءَ
اور	چمک اٹھے گی	زمین	اپنے رب کے نور سے	اور	رکھی جائے گی	کتاب	اور	لایا جائے گا

اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک اُٹھے گی اور کتاب رکھ دی جائے گی

بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿٦٩﴾

بِالنَّبِيّٖنَ	وَ	الشُّهَدَآءِ	وَ	قُضِیَ	بَیْنَهُمْ	بِالْحَقِّ	وَ	هُمْ	لَا	یُظْلَمُوْنَ
نبیوں کو	اور	گواہوں کو	اور	فیصلہ کیا جائے گا	ان میں	انصاف سے	اور	وہ	نہ	ظلم کیے جائیں گے

اور نبیوں اور گواہوں کو لایا جائے گا اور لوگوں کے درمیان حق پر فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان پر کوئی ظلم نہ ہوگا۔

وَوُفِّیَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا یَفْعَلُوْنَ ﴿٧٠﴾

وَ	وُفِّیَتْ	كُلُّ	نَفْسٍ	مَّا	عَمِلَتْ	وَ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِمَا	یَفْعَلُوْنَ
اور	پورا دیا جائے گا	ہر	آدمی کو	جو	عمل کیا اس نے	اور	وہ	خوب جانتا ہے	جو	وہ کرتے ہیں

اور ہر ایک کو اس کے عملوں کا پورا بدلہ دے دیا جائے گا اور وہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

وَسِیْقَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰی جَهَنَّمَ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓی اِذَا جَآءُوْهَا

وَ	سِیْقَ	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْٓا	اِلٰی	جَهَنَّمَ	زُمَرًا	حَتّٰٓی	اِذَا	جَآءُوْهَا
اور	ہانکے جائینگے	وہ جو	کافر ہیں	طرف	جہنم کی	گروہ گروہ	یہاں تک کہ	جب	آئیں اسکے پاس

اور کافر دوزخ کی طرف گروہ در گروہ ہانکے جائیں گے یہاں تک کہ جب وہ اس

فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ یَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

فُتِحَتْ	اَبْوَابُهَا	وَ	قَالَ	لَهُمْ	خَزَنَتُهَآ	اَلَمْ	یَاْتِكُمْ	رُسُلٌ	مِّنْكُمْ
کھولے جائینگے	اسکے دروازے	اور	کہیں گے	ان کو	اسکے داروغہ	کیا نہ	آئے تمہارے پاس	رسول	تم میں سے

پر پہنچیں گے (پھر) اس کے دروازے کھولے جائیں گے تو اس کے دروغے ان سے کہیں گے کیا تمہارے پاس

یَتْلُوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِ رَبِّكُمْ وَیُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا

یَتْلُوْنَ	عَلَیْكُمْ	اٰیٰتِ	رَبِّكُمْ	وَ	یُنْذِرُوْنَكُمْ	لِقَآءَ	یَوْمِكُمْ	هٰذَا	قَالُوْا
پڑھتے	تم پر	آیتیں	تمہارے رب کی	اور	تم کو ڈراتے	ملاقات	تمہارے دن	اسکی سے	کہیں گے

تم میں سے رسول نہیں آئے جو تم پر تمہارے پروردگار کی آیتیں پڑھتے اور اس دن کے پیش

بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۱﴾ قِيْلَ

قِيْلَ	الْكٰفِرِيْنَ	عَلَى	الْعَذَابِ	كَلِمَةُ	حَقَّتْ	لٰكِنْ	وَ	بَلٰى
فرمایا جائے گا	کافروں کے	اوپر	عذاب کی	بات	حق ہوئی	لیکن	اور	کیوں نہیں

آنے سے کہیں ڈراتے وہ کہیں گے کیوں نہیں مگر عذاب کا حکم کافروں پر ثابت ہو گیا۔ فرمایا جائے گا

ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى

مَثْوَى	فَبِئْسَ	فِيْهَا	خٰلِدِيْنَ	جَهَنَّمَ	اَبْوَابَ	ادْخُلُوْٓا
ٹھکانہ	تو برا ہے	اس میں	ہمیشہ رہیں	دوزخ کے	دروازے میں	داخل ہو

داخل ہو جاؤ جہنم کے دروازوں میں ہمیشہ اس میں رہنے کیلئے تو کیا ہی برا ٹھکانا ہے

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ

زُمَرًا	الْجَنَّةِ	اِلَى	رَبَّهُمْ	اتَّقَوْا	الَّذِيْنَ	سِيْقَ	وَ	الْمُتَكَبِّرِيْنَ
گروہ گروہ	جنت کی	طرف	اپنے رب سے	ڈرتے ہیں	وہ جو	چلائے جائینگے	اور	تکبر کرنیوالوں کا

تکبر کرنے والوں کا۔ اور جو اپنے رب سے ڈرتے تھے ان کی سواریاں گروہ در گروہ جنت کی طرف چلائی جائیں گی

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا

خَزَنَتُهَا	لَهُمْ	قَالَ	وَ	اَبْوَابُهَا	وَفُتِحَتْ	جَآءُوْهَا	اِذَا	حَتّٰٓى
اسکے داروغہ	ان کو	کہیں	اور	اسکے دروازے	اور کھولے جائیں	آئیں اس کو	جب	یہاں تک کہ

یہاں تک کہ جب وہاں پہنچیں گے اور اسکے دروازے کھلے ہوئے ہوں گے اور اسکے داروغہ ان سے کہیں گے

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ

الْحَمْدُ	قَالُوا	وَ	خٰلِدِيْنَ	فَادْخُلُوْهَا	طِبْتُمْ	عَلَيْكُمْ	سَلٰمٌ
سب تعریفیں	کہیں گے	اور	ہمیشہ رہنے والے	داخل ہو اس میں	مبارک ہو	تم پر	سلام ہو

سلام ہو تم پر خوش و خرم رہو سو جنت میں جاؤ ہمیشہ رہنے کیلئے۔ اور وہ کہیں گے سب خوبیاں

لِلّٰهِ الَّذِیْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ

لِلّٰهِ	الَّذِیْ	صَدَقَنَا	وَعْدَهٗ	وَ	اَوْرَثَنَا	الْاَرْضَ	نَتَبَوَّاُ	مِنَ الْجَنَّةِ
اللہ کو ہیں	جس نے	سچ کر دیا ہم سے	وعدہ اپنا	اور	وارث کیا ہم کو	زمین کا	ہم جگہ پکڑتے ہیں	جنت سے

اللہ کو جس نے اپنا وعدہ ہم سے سچا کیا اور ہمیں اس زمین کا وارث کیا کہ ہم جنت میں رہیں

حَیْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ﴿۷۴﴾ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ

حَیْثُ	نَشَآءُ	فَنِعْمَ	اَجْرُ	الْعٰمِلِیْنَ	وَ	تَرَى	الْمَلٰٓئِكَةَ
جہاں	ہم چاہیں	تو اچھا ہے	اجر	عمل کرنے والوں کا	اور	تم دیکھو گے	فرشتوں کو

جہاں چاہیں تو کیا ہی اچھا ثواب ہے نیک کاموں کا۔ اور اے حبیب کبریا ﷺ آپ فرشتوں

حَآفِّیْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ

حَآفِّیْنَ	مِنْ حَوْلِ	الْعَرْشِ	یُسَبِّحُوْنَ	بِحَمْدِ	رَبِّهِمْ
حلقہ کیے	آس پاس	عرش کے	تسبیح کرتے ہیں	ساتھ تعریف	اپنے رب کے

کو دیکھیں گے کہ عرش کے گرد حلقہ بنائے اپنے رب کی تعریف میں لگے ہوئے ہیں اور لوگوں کے

وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِیْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۷۵﴾ ع

وَ	قُضِیَ	بَیْنَهُمْ	بِالْحَقِّ	وَ	قِیْلَ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِیْنَ
اور	فیصلہ فرما دیا جائے گا	ان میں	انصاف سے	اور	کہا جائے گا	سب تعریفیں	اللہ کی ہیں	رب ہے	سب جہانوں کا

درمیان حق پر فیصلہ کردیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ تعریف اللہ کی جو سارے جہان کا رب ہے۔

آیاتہا ۸۵ ۴۰ سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ ۶۰ رکوعاتہا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنۡزِيۡلُ الۡكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الۡعَزِيۡزِ الۡعَلِيۡمِ ﴿۲﴾ غَافِرِ الذَّنۡۢبِ

حٰمٓ	تَنۡزِيۡلُ	الۡكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الۡعَزِيۡزِ	الۡعَلِيۡمِ	غَافِرِ	الذَّنۡۢبِ
حٰمٓ	اتارنا ہے	کتاب کا	اللہ کی طرف سے	عزت والے	حکمت والے	بخشنے والا	گناہوں

حٰمٓ یہ کتاب نازل کی گئی ہے اللہ کی طرف سے جو عزت والا علم والا۔ جو گناہ بخشنے والا

وَقَابِلِ التَّوۡبِ شَدِيۡدِ الۡعِقَابِ ذِى الطَّوۡلِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَيۡهِ

وَ	قَابِلِ	التَّوۡبِ	شَدِيۡدِ	الۡعِقَابِ	ذِى الطَّوۡلِ	لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	اِلَيۡهِ
اور	قبول کرنیوالا	توبہ کا	سخت	عذاب والا	بڑے انعام والا	نہیں کوئی	معبود	مگر	وہی	اسی کی طرف

توبہ قبول کرنے والا سخت سزا دینے والا اورقدرت والا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی

الۡمَصِيۡرُ ﴿۳﴾ مَا يُجَادِلُ فِىۡۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا فَلَا يَغۡرُرۡكَ

الۡمَصِيۡرُ	مَا	يُجَادِلُ	فِىۡۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ	اِلَّا	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	فَلَا	يَغۡرُرۡكَ
پھرنا ہے	نہیں	جھگڑتے	اللہ کی آیتوں میں	مگر	وہ جو	کافر ہیں	تو نہ	دھوکے میں ڈالے تجھ

طرف واپسی ہو گی۔ اللہ کی آیتوں میں کافروں کے سوا کوئی جھگڑا نہیں کرتا مگر ان کا شہروں میں

تَقَلُّبُهُمۡ فِى الۡبِلَادِ ﴿۴﴾ كَذَّبَتۡ قَبۡلَهُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ وَّالۡاَحۡزَابُ

تَقَلُّبُهُمۡ	فِى الۡبِلَادِ	كَذَّبَتۡ	قَبۡلَهُمۡ	قَوۡمُ	نُوۡحٍ	وَّ	الۡاَحۡزَابُ
ان کا پھرنا	شہروں میں	جھٹلایا	ان سے پہلے	قوم	نوح نے	اور	گروہوں

پھرنا تمہیں مغالطہ میں نہ ڈالے۔ ان لوگوں سے پہلے نوح علیہ السلام کے (منکر) لوگوں اور ان کے

مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ ۖ وَهَمَّتۡ كُلُّ اُمَّةٍۢ بِرَسُوۡلِهِمۡ لِيَاۡخُذُوۡهُ وَجٰدَلُوۡا

مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ	وَ	هَمَّتۡ	كُلُّ	اُمَّةٍۢ	بِرَسُوۡلِهِمۡ	لِيَاۡخُذُوۡهُ	وَجٰدَلُوۡا
ان کے بعد کے	اور	قصد کیا	ہر	امت نے	اپنے رسول سے	کہ پکڑیں اس کو	اور جھگڑے

بہت سی جماعتوں نے (حق کو) جھٹلایا اور ہر اُمت نے ارادہ کیا کہ وہ لوگ اپنے رسول کو اپنی گرفت میں لے

بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ قف فَكَيْفَ كَانَ

بِالْبَاطِلِ	لِيُدْحِضُوْا	بِهِ	الْحَقَّ	فَاَخَذْتُهُمْ	فَكَيْفَ	كَانَ
باطل سے	کہ ٹال دیں	اس سے	حق کو	تو میں نے ان کو پکڑا	تو کیسا	ہوا

اور انہوں نے باطل کے ذریعہ جھگڑا کیا تاکہ اس کے ساتھ حق کو مغلوب کر دیں تو میں نے انہیں پکڑ لیا تو میرا

عِقَابِ ۝۵ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

عِقَابِ	وَ	كَذٰلِكَ	حَقَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	عَلَى	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا
میرا عذاب	اور	اسی طرح	حق ہوئی	بات	آپ کے رب کی	اوپر	ان کے جو	کافر ہیں

عذاب کیسا (عبرتناک) تھا۔ اور اسی طرح آپ کے رب کا حکم ان لوگوں پر ثابت ہو گیا جنہوں نے کفر کیا

اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝۶ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ

اَنَّهُمْ	اَصْحٰبُ النَّارِ	اَلَّذِيْنَ	يَحْمِلُوْنَ	الْعَرْشَ	وَ	مَنْ	حَوْلَهٗ
کہ وہ	دوزخی ہیں	وہ جو	اٹھاتے ہیں	عرش کو	اور	جو	اسکے گرد ہیں

کہ وہ دوزخی ہیں۔ وہ جو عرش اٹھاتے ہیں اور جو اس کے گرد ہیں اپنے رب کی تعریف کے ساتھ اس کی

يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ

يُسَبِّحُوْنَ	بِحَمْدِ	رَبِّهِمْ	وَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	وَ	يَسْتَغْفِرُوْنَ	لِلَّذِيْنَ
تسبیح کہتے ہیں	ساتھ حمد کے	اپنے رب کی	اور	ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور	بخشش مانگتے ہیں	ان کیلئے جو

تسبیح بیان کرتے اور اس پر ایمان لاتے اور اس طرح مسلمانوں کی مغفرت مانگتے ہیں

اٰمَنُوْا ج رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ

اٰمَنُوْا	رَبَّنَا	وَسِعْتَ	كُلَّ	شَيْءٍ	رَّحْمَةً	وَ	عِلْمًا	فَاغْفِرْ	لِلَّذِيْنَ
مومن ہیں	اے ہمارے رب	سمائی ہے تونے	ہر	چیز کو	رحمت	اور	علم میں	تو بخش دے	ان کو جو

اے ہمارے رب! تیری رحمت اور تیرا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے۔ تو انہیں بخش دے جنہوں نے

تَابُوۡا وَاتَّبَعُوۡا سَبِيۡلَكَ وَقِهِمۡ عَذَابَ الۡجَحِيۡمِ ۝ رَبَّنَا

تَابُوۡا	وَ	اتَّبَعُوۡا	سَبِيۡلَكَ	وَقِهِمۡ	عَذَابَ	الۡجَحِيۡمِ	رَبَّنَا
توبہ کریں	اور	پیروی کریں	تیری راہ کی	اور بچا ان کو	عذاب	جہنم سے	اے ہمارے رب

توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔ اے ہمارے رب!

وَاَدۡخِلۡهُمۡ جَنّٰتِ عَدۡنِ ِالَّتِيۡ وَعَدۡتَّهُمۡ وَمَنۡ صَلَحَ مِنۡ اٰبَآئِهِمۡ

وَاَدۡخِلۡهُمۡ	جَنّٰتِ عَدۡنِ	الَّتِيۡ	وَعَدۡتَّهُمۡ	وَ	مَنۡ	صَلَحَ	مِنۡ اٰبَآئِهِمۡ
اور داخل کر ان کو	ہمیشہ کی جنت میں	کہ جس کا	تو نے ان سے وعدہ کیا	اور	جو کوئی	نیک ہیں	انکے باپوں سے

اور انہیں بسنے کے باغوں میں داخل کر جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور ان کو جو نیک ہوں ان کے

وَاَزۡوَاجِهِمۡ وَذُرِّيّٰتِهِمۡ ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ۝ وَقِهِمُ

وَ	اَزۡوَاجِهِمۡ	وَ	ذُرِّيّٰتِهِمۡ	اِنَّكَ	اَنۡتَ	الۡعَزِيۡزُ	الۡحَكِيۡمُ	وَ	قِهِمُ
اور	انکی بیویوں سے	اور	انکی اولاد سے	بیشک	تو ہی ہے	عزت والا	حکمت والا	اور	بچا ان کو

باپ دادا اور بیویوں اور اولاد میں سے ان کو بھی بے شک تو ہی عزت و حکمت والا ہے۔ اور انہیں

السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنۡ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوۡمَئِذٍ فَقَدۡ رَحِمۡتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ

السَّيِّاٰتِ	وَ	مَنۡ	تَقِ	السَّيِّاٰتِ	يَوۡمَئِذٍ	فَقَدۡ	رَحِمۡتَهٗ	وَ	ذٰلِكَ	هُوَ
برائیوں سے	اور	جسے	بچایا تو نے	برائیوں سے	اس دن	تو بیشک	تو نے رحم فرمایا اس پر	اور	یہ	وہی ہے

برائیوں سے بچا جسے تو نے اس دن برائیوں سے بچا لیا اس پر تو نے رحم فرمایا اور یہ

الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ۝ ع اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا يُنَادَوۡنَ لَمَقۡتُ اللّٰهِ اَكۡبَرُ

الۡفَوۡزُ	الۡعَظِيۡمُ	اِنَّ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	يُنَادَوۡنَ	لَمَقۡتُ	اللّٰهِ	اَكۡبَرُ
کامیابی	بڑی	بیشک	وہ جو	کافر ہوئے	پکارے جائینگے	کہ ناراضگی	اللہ کی	بہت بڑی ہے

بڑی کامیابی ہے۔ وہ جو کافر ہیں ان کو آواز دی جائے گی بے شک اللہ کی بیزاری تمہاری اپنی بیزاری سے

مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰﴾

مِنْ مَّقْتِكُمْ	اَنْفُسَكُمْ	اِذْ	تُدْعَوْنَ	اِلَى الْاِيْمَانِ	فَتَكْفُرُوْنَ
تمہاری ناراضگی سے	اپنی جانوں پر	جب	بلایا جاتا تم کو	ایمان کی طرف	تو تم کفر کرتے

بڑھ کر ہوئی تھی جب تمہیں ایمان کی طرف بلایا جاتا تھا اور تم انکار کر دیتے تھے۔

قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا

قَالُوْا	رَبَّنَآ	اَمَتَّنَا	اثْنَتَيْنِ	وَ	اَحْيَيْتَنَا	اثْنَتَيْنِ	فَاعْتَرَفْنَا	بِذُنُوْبِنَا
کہیں گے	اے ہمارے رب	مارا تو نے ہم کو	دو مرتبہ	اور	زندہ کیا ہم کو	دو مرتبہ	ہم نے اقرار کیا	اپنے گناہوں کا

وہ کہیں گے اے ہمارے رب! تو نے ہمیں دوبار موت دی اور دوبار ہمیں زندہ فرمایا تو اب ہم نے اپنے گناہوں

فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۱۱﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ

فَهَلْ	اِلٰى	خُرُوْجٍ	مِّنْ	سَبِيْلٍ	ذٰلِكُمْ	بِاَنَّهٗ	اِذَا	دُعِيَ	اللّٰهُ
تو کیا	طرف	نکلنے کی ہے	کوئی	راہ	یہ	اس لیے کہ	جب	پکارا جاتا	اللہ

کا اقرار کر لیا تو کیا دوزخ سے نکلنے کا کوئی راستہ ہے؟ یہ (عذاب) اس لئے ہوا کہ جب اللہ وحدہ پکارا جاتا تھا

وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ؕ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ

وَحْدَهٗ	كَفَرْتُمْ	وَ	اِنْ	يُّشْرَكْ	بِهٖ	تُؤْمِنُوْا	فَالْحُكْمُ	لِلّٰهِ	الْعَلِيِّ
اکیلے کو	تو تم کفر کرتے	اور	اگر	شرک کیا جاتا	اسکے ساتھ	تم ایمان لاتے	تو حکم	اللہ	بلند

تو تم انکار کرتے تھے اور اگر اس کے ساتھ (کسی کو) شریک کیا جاتا تو تم مان لیتے تھے تو فیصلہ صرف اللہ کیلئے ہے جو بہت بلند بہت

الْكَبِيْرِ ﴿۱۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ

الْكَبِيْرِ	هُوَ	الَّذِيْ	يُرِيْكُمْ	اٰيٰتِهٖ	وَ	يُنَزِّلُ	لَكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	رِزْقًا
بڑے کا ہے	وہ	وہ ہے جو	دکھاتا ہے تم کو	اپنی نشانیاں	اور	اتارتا ہے	تمہارے لیے	آسمان سے	رزق

ہی بڑا ہے۔ وہی ہے کہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تمہارے لئے آسمان سے روزی اتارتا ہے

وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ

وَ	مَا	يَتَذَكَّرُ	اِلَّا	مَنْ	يُّنِيْبُ	فَادْعُوا	اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ	الدِّيْنَ
اور	نہیں	نصیحت لیتے	مگر	جو	رجوع کریں	تو پکارو	اللہ کو	خالص کرکے	اس کیلئے	دین

اور نصیحت نہیں مانتا مگر جو رجوع (الی اللہ) میں رہتا ہے۔ تو اللہ کی بندگی کرو خالص اس کے بندے ہو کر اگرچہ

وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِى الرُّوْحَ

وَ	لَوْ	كَرِهَ	الْكٰفِرُوْنَ	رَفِيْعُ	الدَّرَجٰتِ	ذُو الْعَرْشِ	يُلْقِى	الرُّوْحَ
اور	اگرچہ	ناپسند کریں	کافر	بلند	درجات والا	عرش کا مالک	ڈالتا ہے	روح

یہ کافروں کو ناگوار ہی گزرے۔ وہ درجے بلند کرنے والا اور عرش کا مالک ہے اپنے امر کی روح اپنے

مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ يَوْمَ

مِنْ اَمْرِهٖ	عَلٰى	مَنْ يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	لِيُنْذِرَ	يَوْمَ	التَّلَاقِ	يَوْمَ
اپنے حکم سے	اوپر	جس کے چاہے	اپنے بندوں میں سے	تاکہ ڈرائے	دن	ملاقات سے	جس دن

بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے القاء کرتا ہے تاکہ ملاقات کے دن سے ڈرائے۔ جس دن

هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَیْءٌ ۭ لِمَنِ الْمُلْكُ

هُمْ	بٰرِزُوْنَ	لَا	يَخْفٰى	عَلَى	اللّٰهِ	مِنْهُمْ	شَیْءٌ	لِمَنِ	الْمُلْكُ
وہ	نکلیں گے	نہیں	چھپی ہوگی	اوپر	اللہ کے	ان کی	کوئی چیز	کس کی ہے	بادشاہی

لوگ سامنے نکل آئیں گے ان کی کوئی بات اللہ سے چھپی نہ ہو گی آج

الْيَوْمَ ۭ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا

الْيَوْمَ	لِلّٰهِ	الْوَاحِدِ	الْقَهَّارِ	اَلْيَوْمَ	تُجْزٰى	كُلُّ	نَفْسٍ	بِمَا
آج کے دن	اللہ	اکیلے	زبردست کی ہے	آج	بدلہ دیا جائے گا	ہر	آدمی کو	جو کچھ

بادشاہت کس کی ہے؟ اکیلے زبردست اللہ کی۔ آج ہر ایک کو بدلہ دیا جائے گا

كَسَبَتْ ۭ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾

كَسَبَتْ	لَا ظُلْمَ	الْيَوْمَ	اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ
اس نے کمایا	زیادتی نہیں کسی پر	آج	بیشک	اللہ	جلدی	حساب لینے والا ہے

اس کی کمائی کا آج کسی پر ظلم نہیں ہوگا بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ۭ مَا

وَاَنْذِرْهُمْ	يَوْمَ	الْاٰزِفَةِ	اِذِ	الْقُلُوْبُ	لَدَى	الْحَنَاجِرِ	كٰظِمِيْنَ	مَا
اور ڈراؤ ان کو	دن	قریب سے	جب	دل	پاس	گلے کے ہوتے	غم میں بھرے	نہیں

اور (اے حبیب ﷺ!) انہیں قریب آنے والی (قیامت) کے دن سے ڈرایئے جب دفورِ غم سے دل منہ کو آجائیں گے

لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ﴿۱۸﴾ ۭ يَعْلَمُ خَاۗىِٕنَةَ الْاَعْيُنِ

لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ حَمِيْمٍ	وَّ	لَا	شَفِيْعٍ	يُّطَاعُ	يَعْلَمُ	خَاۗىِٕنَةَ	الْاَعْيُنِ
ظالموں کا	کوئی دوست	اور	نہ	سفارشی	جو کہا مانا جائے	جانتا ہے	چوری	آنکھوں کی

ظالموں کا نہ کوئی دوست ہوگا نہ سفارشی جس کی بات مانی جائے۔ اللہ جانتا ہے چوری چھپے کی نگاہ

وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ﴿۱۹﴾ وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ

وَ	مَا	تُخْفِي	الصُّدُوْرُ	وَ	اللّٰهُ	يَقْضِيْ	بِالْحَقِّ	وَ	الَّذِيْنَ
اور	جو	چھپاتے ہیں	سینے	اور	اللہ	فیصلہ فرمائے گا	حق کے ساتھ	اور	وہ جن کو

اور جو کچھ سینوں میں چھپا ہے۔ اور اللہ سچا فیصلہ فرماتا ہے اور اس کے سوا جن کو

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ

يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	لَا	يَقْضُوْنَ	بِشَيْءٍ	اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	السَّمِيْعُ
پوجتے ہیں	اس کے سوا	نہیں	فیصلہ کر سکتے	کسی چیز کا	بیشک	اللہ	وہ ہے	سننے والا

پوجتے ہیں وہ کچھ فیصلہ نہیں کرتے بے شک اللہ ہی سننے والا اور

البصیر ﴿۲۰﴾ اولم یسیروا فی الارض فینظروا کیف کان عاقبة

عاقبة	کان	کیف	فینظروا	فی الارض	یسیروا	اولم	البصیر
انجام	تھا	کیسا ہوا	کہ دیکھتے	زمین میں	سیر کی انہوں نے	کیا نہ	دیکھنے والا

دیکھنے والا ہے۔ اور کیا وہ زمین پر چلے پھرے نہیں کہ دیکھتے ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا

الذین کانوا من قبلهم ط کانوا هم اشد منهم قوة و اثارا

اثارا	و	قوة	منهم	اشد	هم	کانوا	من قبلهم	کانوا	الذین
نشانیوں میں	اور	قوت میں	ان سے	سخت	وہ	تھے	ان سے پہلے	تھے	ان کا جو

جو ان سے پہلے تھے وہ قوت میں اور زمین پر نشان چھوڑنے میں ان سے بڑھ کر تھے مگر اللہ نے انہیں

فی الارض فاخذهم الله بذنوبهم ط وما کان لهم من الله من واق ﴿۲۱﴾

من واق	من الله	لهم	کان	ما	و	بذنوبهم	الله	فاخذهم	فی الارض
کوئی بچانے والا	اللہ سے	ان کیلئے	تھا	نہیں	اور	انکے گناہوں کے سبب	اللہ نے	تو پکڑا ان کو	زمین میں

ان کے گناہوں کے بدلے میں پکڑ لیا اور انہیں اللہ سے چھڑانے والا کوئی نہ تھا۔

ذلك بانهم کانت تاتیهم رسلهم بالبینت فکفروا

فکفروا	بالبینت	رسلهم	کانت تاتیهم	بانهم	ذلك
تو انکار کیا انہوں نے	دلائل لے کر	انکے رسول	آئے تھے ان کے پاس	اس لیے کہ وہ	یہ

یہ اس لئے کہ ان کے رسول ان کے پاس واضح نشانیاں لائے تھے مگر وہ نہ مانے

فاخذهم الله ط انه قوی شدید العقاب ﴿۲۲﴾ ولقد ارسلنا

ارسلنا	لقد	و	العقاب	شدید	قوی	انه	الله	فاخذهم
بھیجا ہم نے	بیشک	اور	عذاب والا ہے	سخت	زبردست	بیشک وہ	اللہ نے	تو پکڑا ان کو

پھر اللہ نے انہیں پکڑ لیا وہ طاقتور اور سخت سزا دینے والا ہے۔ اور بے شک ہم نے

مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ

مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا	وَ	سُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَهَامٰنَ
موسیٰ کو	اپنی نشانیوں سے	اور	سند	روشن سے	طرف	فرعون کے	اور ہامان

موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیوں اور روشن دلیل کے ساتھ بھیجا۔ فرعون اور ہامان اور قارون

وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا

وَ	قَارُوْنَ	فَقَالُوْا	سٰحِرٌ	كَذَّابٌ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	بِالْحَقِّ	مِنْ عِنْدِنَا
اور	قارون کے	تو بولے	جادوگر ہے	جھوٹا	پھر جب	لایا ان کے پاس	حق	ہماری طرف سے

کی طرف تو انہوں نے کہا (یہ) جادوگر ہے بڑا جھوٹا۔ پھر جب وہ ان پر ہمارے پاس سے حق لائے بولے

قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَ اسْتَحْيُوْا

قَالُوا	اقْتُلُوْٓا	اَبْنَآءَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	وَ	اسْتَحْيُوْا
تو بولے	قتل کردو	بیٹے	ان کے	جو ایمان لائے	اسکے ساتھ	اور	زندہ رکھو

جو اس پر ایمان لائے ان کے بیٹے قتل کرو اور عورتیں زندہ رکھو

نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ

نِسَآءَهُمْ	وَ	مَا	كَيْدُ	الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ	وَ	قَالَ	فِرْعَوْنُ
ان کی عورتیں کو	اور	نہیں	داؤ	کافروں کا	مگر	بھٹکتا پھرتا	اور	بولا	فرعون

اور ان کافروں کی تدبیر ضائع ہی جانے والی تھی۔ اور فرعون بولا

ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ

ذَرُوْنِيْٓ	اَقْتُلْ	مُوْسٰى	وَلْيَدْعُ	رَبَّهٗ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اَنْ	يُّبَدِّلَ
مجھے چھوڑ دو	میں قتل کردوں	موسیٰ کو	اور وہ بلا لائے	اپنے رب کو	بیشک میں	ڈرتا ہوں	یہ کہ	بدل دے

مجھے چھوڑ دو میں موسیٰ علیہ السلام کو قتل کروں اور وہ اپنے رب کو پکارے میں ڈرتا ہوں کہیں

دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿٢٦﴾ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ

اِنِّيْ	مُوْسٰى	قَالَ	وَ	الْفَسَادَ	فِي الْاَرْضِ	يُّظْهِرَ	اَنْ	اَوْ	دِيْنَكُمْ
بیشک میں	موسیٰ نے	فرمایا	اور	فساد	زمین میں	پھیلائے	یہ کہ	یا	تمہارا دین

وہ تمہارا دین نہ بدل دے یا زمین میں فساد مچائے۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا میں

عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٢٧﴾ ع

بِيَوْمِ الْحِسَابِ	يُؤْمِنُ	لَا	مُتَكَبِّرٍ	مِّنْ كُلِّ	رَبِّكُمْ	وَ	بِرَبِّيْ	عُذْتُ
یوم حساب پر	ایمان رکھتا ہو	نہ	متکبر سے جو	ہر ایک	تمہارے رب کی	اور	اپنے رب کی	پناہ لیتا ہوں

ہر متکبر سے جو روزِ حساب کو نہیں مانتا اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ لیتا ہوں۔

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ

اَتَقْتُلُوْنَ	اِيْمَانَهٗ	يَكْتُمُ	فِرْعَوْنَ	مِّنْ اٰلِ	رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ	قَالَ	وَ
کیا قتل کرتے ہو	اپنا ایمان	چھپائے ہوئے تھا	فرعون سے	آل	ایک مرد مسلمان نے	کہا	اور

اور آلِ فرعون میں سے ایک مؤمن شخص نے جو اپنے ایمان کو چھپائے ہوئے تھا کہا کیا تم ایک شخص کو

رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ؕ

مِنْ رَّبِّكُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	جَآءَكُمْ	قَدْ	وَ	اللّٰهُ	رَبِّيَ	يَّقُوْلَ	اَنْ	رَجُلًا
تمہارے رب کی طرف سے	دلیلیں	لایا تمہارے پاس	بیشک	اور	اللہ ہے	میرا رب	کہتا ہے	یہ کہ	اس آدمی کو جو

اس لئے قتل کر دو گے کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے حالانکہ وہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح

وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ

بَعْضُ	يُّصِبْكُمْ	صَادِقًا	يَّكُ	وَاِنْ	كَذِبُهٗ	فَعَلَيْهِ	كَاذِبًا	يَّكُ	اِنْ	وَ
بعض	تو پہنچے گی تم کو	سچا	ہے وہ	اور اگر	اس کا جھوٹ	تو اس پر ہوگا	جھوٹا	ہوگا	اگر	اور

نشانی لایا ہے اور اگر وہ جھوٹا ہے تو اس کا جھوٹ اسی پر پڑے گا اور اگر وہ سچا ہے تو جس چیز سے وہ تمہیں ڈراتا ہے

الَّذِىْ يَعِدُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِىْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾

الَّذِىْ	يَعِدُكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَهْدِىْ	مَنْ	هُوَ	مُسْرِفٌ	كَذَّابٌ
وہ سزا جو	وعدہ دیتا ہے تم کو	بیشک	اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	اس کو جو	ہو	حد سے بڑھنے والا	جھوٹا

وہ عذاب تم پر پہنچ کر رہے گا بے شک اللہ اسے ہدایت نہیں دیتا جو حد سے نکلنے والا اور بڑا جھوٹا ہو۔

يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِى الْاَرْضِ ؗ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ

يٰقَوْمِ	لَكُمُ	الْمُلْكُ	الْيَوْمَ	ظٰهِرِيْنَ	فِى الْاَرْضِ	فَمَنْ	يَّنْصُرُنَا	مِنْۢ بَاْسِ
اے میری قوم	تمہارے لیے	بادشاہی ہے	آج	غالب ہو	زمین میں	تو کون	مدد کرے گا ہماری	عذاب

اے میرے لوگو! آج سلطنت تمہاری ہے (اس حال میں کہ) تم زمین میں غلبہ رکھتے ہو تو کون ہماری مدد کرے گا اللہ کے

اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ؕ قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ

اللّٰهِ	اِنْ	جَآءَنَا	قَالَ	فِرْعَوْنُ	مَآ	اُرِيْكُمْ	اِلَّا	مَآ	اَرٰى	وَ	مَآ
اللہ سے	اگر	ہمارے پاس آئے	کہا	فرعون نے	نہیں	دکھاتا میں تم کو	مگر	جو	خود دیکھتا ہوں	اور	نہیں

عذاب سے اگر وہ ہم پر آجائے فرعون بولا میں تو تمہیں وہی رائے دیتا ہوں جسے خود (صحیح) سمجھتا ہوں اور میں

اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الَّذِىْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّىْٓ

اَهْدِيْكُمْ	اِلَّا	سَبِيْلَ	الرَّشَادِ	وَ	قَالَ	الَّذِىْٓ	اٰمَنَ	يٰقَوْمِ	اِنِّىْٓ
دکھاتا میں تم کو	مگر	راہ	بھلائی کی	اور	کہا	اس نے جو	ایمان لایا	اے میری قوم	بیشک میں

تمہاری رہنمائی نہیں کرتا مگر کامیابی کے راستہ کی طرف۔ اور جو ایمان والا تھا کہنے لگا اے میرے لوگو! بے شک

اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾ مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ

اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	مِّثْلَ	يَوْمِ	الْاَحْزَابِ	مِثْلَ	دَاْبِ	قَوْمِ	نُوْحٍ
ڈرتا ہوں	تم پر	مثل	دن	گروہ کے	مثل	عادت	قوم	نوح کے

میں تم پر پہلے گروہوں کے جیسے دن کا خوف رکھتا ہوں۔ جیسا حشر گزرا نوح علیہ السلام کی قوم

وَّ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا

ظُلْمًا	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	مَا	وَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	وَالَّذِيْنَ	ثَمُوْدَ	وَّ	عَادٍ	وَّ
ظلم	چاہتا	اللہ	نہیں	اور	بعد ان کے ہوئے	اور ان کے جو	ثمود کے	اور	عاد کے	اور

اور عاد اور ثمود اور ان کے بعد اوروں پر اور اللہ بندوں پر

لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾ وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿۳۲﴾ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ

تُوَلُّوْنَ	يَوْمَ	التَّنَادِ	يَوْمَ	عَلَيْكُمْ	اَخَافُ	اِنِّيْٓ	يٰقَوْمِ	وَ	لِّلْعِبَادِ
پھرو گے	جس دن	پکارے	دن	تم پر	ڈرتا ہوں	بیشک میں	اے میری قوم	اور	بندوں پر

ظلم نہیں چاہتا۔ اور اے میری قوم میں تم پر چیخ و پکار کے دن سے ڈرتا ہوں جس دن پکار مچے گی۔ جس دن تم پیٹھ پھیر کر بھاگو

مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

اللّٰهُ	يُّضْلِلِ	مَنْ	وَ	مِنْ عَاصِمٍ	مِّنَ اللّٰهِ	لَكُمْ	مَا	مُدْبِرِيْنَ
اللہ	گمراہ کرے	جسے	اور	کوئی بچانے والا	اللہ سے	تمہارے لیے	نہیں	پیٹھ دیتے

گے تمہیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہو گا مگر جسے اللہ گمراہ کر دے اسے راہ دکھانے

فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ

بِالْبَيِّنٰتِ	مِنْ قَبْلُ	يُوْسُفُ	جَآءَكُمْ	لَقَدْ	وَ	مِنْ هَادٍ	لَهٗ	فَمَا
دلائل لے کر	پہلے	یوسف	آئے تمہارے پاس	بیشک	اور	کوئی ہدایت دینے والا	اس کو	تو نہیں

والا کوئی نہیں ہوتا۔ اور اس سے پہلے یوسف علیہ السلام تمہارے پاس واضح نشانیوں کیساتھ آچکے

فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ

يَّبْعَثَ	لَنْ	قُلْتُمْ	هَلَكَ	اِذَا	حَتّٰٓى	بِهٖ	جَآءَكُمْ	مِّمَّا	فِيْ شَكٍّ	فَمَا زِلْتُمْ
بھیجے گا	ہرگز نہ	تو تم نے کہا	وہ فوت ہوئے	جب	یہاں تک کہ	پاس	آیا تمہارے	اس سے جو	شک میں	تو ہمیشہ رہے تم

مگر جو کچھ وہ لائے اس پر تم شک ہی کرتے رہے یہاں تک کہ جب وہ وفات پاگئے تو تم کہنے لگے اس کے بعد

اللّٰہُ مِنْ بَعْدِہٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ

مُسْرِفٌ	هُوَ	مَنْ	اللّٰهُ	يُضِلُّ	كَذٰلِكَ	رَسُوْلًا	مِنْ بَعْدِہٖ	اللّٰہُ
حد سے نکلنے والا	ہو	اس کو جو	اللہ	گمراہ کرتا ہے	اسی طرح	کوئی رسول	بعد اس کے	اللہ

اللہ کوئی رسول نہیں بھیجے گا اس طرح اللہ اسے جو حد سے نکلنے والا اور شک کرنے والا ہو

مُّرْتَابُ ۚ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ

اَتٰىهُمْ	سُلْطٰنٍ	بِغَيْرِ	اللّٰهِ	فِيْٓ اٰيٰتِ	يُجَادِلُوْنَ	الَّذِيْنَ	مُّرْتَابُ
جو آئی پاس ہو	سند کے	بغیر	الٰہی کے	آیتوں میں	جھگڑتے ہیں	وہ جو	شک کرنیوالا

گمراہ کر دیتا ہے۔ جو اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے رہتے ہیں بغیر اس کے کہ ان کے پاس کوئی دلیل

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ

اللّٰهُ	يَطْبَعُ	كَذٰلِكَ	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	عِنْدَ	وَ	اللّٰهِ	عِنْدَ	مَقْتًا	كَبُرَ
اللہ	مہر کردے گا	اسی طرح	مومن ہیں	ان کے جو	نزدیک	اور	اللہ کے	نزدیک	ناراضگی ہے	بہت بڑی

آئی ہو (ان کا یہ جھگڑا) بہت بڑی خفگی کا سبب ہے اللہ کے نزدیک اور ایمان والوں کے نزدیک

عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ۝ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ

لِيْ	ابْنِ	يٰهَامٰنُ	فِرْعَوْنُ	قَالَ	وَ	جَبَّارٍ	مُتَكَبِّرٍ	قَلْبِ	كُلِّ	عَلٰى
میرے لیے	بنا	اے ہامان	فرعون	بولا	اور	سخت گیر کے	متکبر کے	دل	ہر	اوپر

اسی طرح اللہ مہر لگا دیتا ہے مغرور سرکش کے دل پر۔ اور فرعون نے کہا اے ہامان! میرے لئے

صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ۝ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ

فَاَطَّلِعَ	السَّمٰوٰتِ	اَسْبَابَ	الْاَسْبَابَ	اَبْلُغُ	لَعَلِّيْٓ	صَرْحًا
تو میں جھانکوں	آسمانوں کے	راستے	راہوں پر	پہنچوں	تاکہ میں	محل

وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ

النَّاسُ	يَّكُوْنَ	اَنْ	لَوْلَآ	وَ	يَجْمَعُوْنَ	مِّمَّا	خَيْرٌ	رَبِّكَ	رَحْمَتُ	وَ
لوگ	ہو جائیں	یہ کہ	اگر نہ ہوتا	اور	جمع کرتے ہیں	اس سے جو	بہتر ہے	تمہارے رب کی	رحمت	اور

رحمت اس (مال و دولت) سے بہتر ہے جسکو وہ جمع کرتے ہیں۔ اور اگر یہ (خدشہ) نہ ہوتا کہ سب لوگ

اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ

مِّنْ فِضَّةٍ	سُقُفًا	لِبُيُوْتِهِمْ	بِالرَّحْمٰنِ	يَّكْفُرُ	لِمَنْ	لَّجَعَلْنَا	اُمَّةً وَّاحِدَةً
چاندی سے	چھت	انکے گھروں کے	رحمٰن کے ساتھ	کفر کرے	اس کیلئے جو	تو ہم بناتے	ایک جماعت

ایک ہی اُمت بن جائیں گے تو ہم ان کیلئے جو رحمٰن کا انکار کرتے ہیں ان کے گھروں کی چھتیں

وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا

عَلَيْهَا	سُرُرًا	وَ	اَبْوَابًا	لِبُيُوْتِهِمْ	وَ	يَظْهَرُوْنَ	عَلَيْهَا	مَعَارِجَ	وَ
اس پر	تخت کہ	اور	دروازے	انکے گھروں کیلئے	اور	چڑھیں	اس پر	سیڑھیاں	اور

اور سیڑھیاں جن پر وہ چڑھتے ہیں چاندی کے بنا دیتے۔ اور ان کے گھروں کے دروازے اور وہ صوفے بھی

يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ وَزُخْرُفًا ؕ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ

الدُّنْيَا	الْحَيٰوةِ	مَتَاعُ	لَمَّا	ذٰلِكَ	كُلُّ	اِنْ	وَ	زُخْرُفًا	وَ	يَتَّكِـُٔوْنَ
دنیا کی	زندگی کا	سامان	مگر	یہ	سب کچھ	نہیں	اور	آرائش کا سامان	اور	تکیہ لگائیں

جن پر وہ تکیہ لگا کر بیٹھے ہیں۔ اور (چاندی کے علاوہ) سونے کے (بھی) اور نہیں ہے یہ سب کچھ مگر سامان دنیوی زندگی کا اور

وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾ ع وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

الرَّحْمٰنِ	عَنْ ذِكْرِ	يَّعْشُ	مَنْ	وَ	لِلْمُتَّقِيْنَ	رَبِّكَ	عِنْدَ	وَالْاٰخِرَةُ
رحمن سے	ذکر	منہ پھیرے	جو	اور	پرہیزگاروں کیلئے ہے	تمہارے رب کے	نزدیک	اور آخرت

آخرت آپ کے رب کے پاس (صرف) پرہیزگاروں کیلئے ہے۔ اور جو اندھا بن گیا رحمن کے ذکر کی طرف سے ہم اس کیلئے

نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ

عَنِ السَّبِيْلِ	لَيَصُدُّوْنَهُمْ	اِنَّهُمْ	وَ	قَرِيْنٌ	لَهٗ	فَهُوَ	شَيْطٰنًا	لَهٗ	نُقَيِّضْ
راہ سے	البتہ روکتے ہیں ان کو	بیشک وہ	اور	ساتھی ہے	اس کا	تو وہ	شیطان	اس کیلئے	ہم مقرر کر دیتے ہیں

ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں تو وہ (ہروقت) اس کا ساتھی ہے۔ اور بے شک وہ شیاطین ان کو راہ راست

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَنَا قَالَ

قَالَ	جَآءَنَا	اِذَا	حَتّٰۤى	مُّهْتَدُوْنَ	اَنَّهُمْ	وَيَحْسَبُوْنَ
کہے گا	آئے گا ہمارے پاس	جب	یہاں تک کہ	راہ پر ہیں	کہ وہ	اور خیال کرتے ہیں

سے روکتے ہیں اور سمجھتے یہ ہیں کہ وہ راہ پر ہیں۔ یہاں تک کہ جب کافر ہمارے پاس آئیگا اپنے شیطان سے کہے گا

يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾ وَ

وَ	الْقَرِيْنُ	فَبِئْسَ	الْمَشْرِقَيْنِ	بُعْدَ	بَيْنَكَ	وَ	بَيْنِيْ	يٰلَيْتَ
اور	ساتھی	تو برا ہے	مشرق مغرب کی	دوری ہوتی	تیرے درمیان	اور	میرے	اے کاش

ہائے کسی طرح میرے اور تیرے درمیان مشرق اور مغرب کا فاصلہ ہوتا تو کیا ہی بُرا ساتھی ہے۔ مگر آج جب

لَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَفَاَنْتَ

لَنْ يَّنْفَعَكُمُ	الْيَوْمَ	اِذْ	ظَّلَمْتُمْ	اَنَّكُمْ	فِي الْعَذَابِ	مُشْتَرِكُوْنَ	اَفَاَنْتَ
ہرگز نہ نفع دے گا تم کو	آج	جبکہ	تم ظلم کر چکے	کہ تم	عذاب میں	شریک ہو	کیا تم

تم ظلم کر چکے ہو ان باتوں سے کوئی فائدہ نہیں ہو گا تم عذاب میں ایک دوسرے کے شریک ہو۔ تو کیا تم بہرے

تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا

تُسْمِعُ	الصُّمَّ	اَوْ	تَهْدِي	الْعُمْيَ	وَ	مَنْ	كَانَ	فِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	فَاِمَّا
سناؤ گے	بہروں کو	یا	راہ دکھاؤ گے	اندھوں کو	اور	جو	ہو	گمراہی میں	کھلی	تو اگر

کو سناؤ گے یا اندھے کو اور اسے جو کھلی گمراہی میں ہے راہ دکھاؤ گے۔ پس اگر

نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا

نَذْهَبَنَّ	بِكَ	فَاِنَّا	مِنْهُمْ	مُّنْتَقِمُوْنَ	اَوْ	نُرِيَنَّكَ	الَّذِيْ	وَعَدْنٰهُمْ	فَاِنَّا
لیجائیں ہم	آپ کو	تو ہم	ان سے	بدلہ لینے والے ہیں	اور یا	دکھائیں آپ کو	وہ جو	وعدہ دیا ہے ہم نے انکو	تو ہم

ہم آپ کو (دنیا سے) لے جائیں تو بے شک (پھر بھی) ہم ان سے (ضرور) بدلہ لیں گے۔ یا ہم آپ کو دکھا دیں وہ (عذاب)

عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ

عَلَيْهِمْ	مُّقْتَدِرُوْنَ	فَاسْتَمْسِكْ	بِالَّذِيْٓ	اُوْحِيَ	اِلَيْكَ	اِنَّكَ
ان پر	قدرت رکھنے والے ہیں	تو تھام لو	اس کو جو	وحی کی گئی	آپ کی طرف	بیشک آپ

جس کا ہم نے ان سے وعدہ فرمایا تو بے شک ہم ان پر بڑی قدرت والے ہیں۔ تو مضبوط تھامے رہو اسے جو تمہاری طرف وحی

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ

عَلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	وَ	اِنَّهٗ	لَذِكْرٌ	لَّكَ	وَلِقَوْمِكَ	وَ	سَوْفَ
اوپر	راہ	سیدھی کے ہیں	اور	بیشک وہ	نصیحت ہے	آپ کیلئے	اور آپ کی قوم کیلئے	اور	جلدی

کی گئی بے شک تم سیدھی راہ پر ہو۔ اور بے شک یہ قرآن کریم تمہارے لئے اور تمہاری قوم کے لئے عزت و عظمت کا باعث

تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا

تُسْـَٔلُوْنَ	وَسْـَٔلْ	مَنْ	اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	مِنْ رُّسُلِنَآ	اَجَعَلْنَا
پوچھے جاؤ گے	اور پوچھ	ان سے جو	بھیجے ہم نے	تم سے پہلے	اپنے رسولوں میں سے	کیا ظاہر بھی

ہے اور عنقریب تم سب سے پوچھا جائے گا۔ اے محبوب آپ ﷺ سے پہلے ہم نے جو اپنے رسول بھیجے تھے

مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ

مِنْ دُوْنِ	الرَّحْمٰنِ	اٰلِهَةً	يُّعْبَدُوْنَ	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَآ
سوائے	رحمٰن کے	معبود جو	پوجے جائیں	اور	بیشک	بھیجا ہم نے	موسیٰ کو	اپنی نشانیاں دے کر

ان کے حالات معلوم کرلیں کیا ہم نے۔ اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّیْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا

اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهٖ	فَقَالَ	اِنِّیْ	رَسُوْلُ	رَبِّ	الْعٰلَمِیْنَ	فَلَمَّا
طرف	فرعون کے	اور اسکے سرداروں کے	تو فرمایا	بیشک میں	رسول ہوں	رب	جہانوں کا	پھر جب

اور اس کے سرداروں کی طرف بھیجا تو اس نے کہا میں جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔ تو جب

جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرِیْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ

جَآءَهُمْ	بِاٰيٰتِنَآ	اِذَا هُمْ	مِّنْهَا	يَضْحَكُوْنَ	وَ	مَا	نُرِیْهِمْ	مِّنْ اٰيَةٍ
لایا انکے پاس	ہماری نشانیاں	تو جبھی وہ	ان سے	ہنس دیتے تھے	اور	نہیں	دکھاتے تھے ہم انکو	کوئی نشانی

وہ ہماری نشانیاں لے کر ان کے پاس آئے تو اسی وقت وہ ان نشانیوں پر ہنسنے لگے۔ اور ہم انہیں کوئی نشانی نہ دکھاتے مگر وہ اس

اِلَّا هِیَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۫ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾

اِلَّا	هِیَ	اَكْبَرُ	مِنْ اُخْتِهَا	وَ	اَخَذْنٰهُمْ	بِالْعَذَابِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ
مگر	وہ	بڑی ہوتی تھی	پہلی سے	اور	پکڑا ہم نے ان کو	عذاب میں	تاکہ وہ	باز آئیں

سے پہلے دکھائی ہوئی نشانی سے بڑی ہوتی اور ہم نے انکو (کئی بار طرح طرح کے) عذاب میں پکڑا تا کہ وہ (اپنی ہٹ دھرمی سے) باز آجائیں۔

وَقَالُوْا يٰۤاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا

وَ	قَالُوْا	يٰۤاَيُّهَ	السّٰحِرُ	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ	بِمَا	عَهِدَ	عِنْدَكَ	اِنَّنَا
اور	بولے	اے بڑے	جادوگر	دعا کر	ہمارے لیے	اپنے رب سے	اسکے سبب	جو عہد	تیرے پاس ہے	بیشک ہم

اور بولے کہ اے جادوگر! ہمارے لئے اپنے رب سے دُعا کر اس عہد کے سبب جو اس کا تیرے پاس ہے بے شک ہم ہدایت پر

لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾

لَمُهْتَدُوْنَ	فَلَمَّا	كَشَفْنَا	عَنْهُمُ	الْعَذَابَ	اِذَا	هُمْ	يَنْكُثُوْنَ
ہدایت پر ہیں	تو جب	ٹال دیتے ہیں	ان سے	عذاب	تو جبھی	وہ عہد	توڑ دیتے

آئیں گے۔ پھر جب ہم نے ان سے وہ مصیبت ٹال دی جبھی وہ عہد توڑ گئے۔

وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ

وَ	نَادٰى	فِرْعَوْنُ	فِيْ قَوْمِهٖ	قَالَ	يٰقَوْمِ	اَلَيْسَ	لِيْ	مُلْكُ	مِصْرَ	وَهٰذِهِ
اور	پکارا	فرعون نے	اپنی قوم میں	کہا	اے میری قوم	کیا نہیں	میری	حکومت	مصر میں	اور یہ

اور فرعون نے اپنی قوم میں اعلان کیا کہا اے میری قوم! کیا مصر کی بادشاہت اور یہ نہریں

الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾ اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا

الْاَنْهٰرُ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِيْ	اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ	اَمْ	اَنَا	خَيْرٌ	مِّنْ هٰذَا
نہریں	بہتی ہیں	میرے نیچے	کیا تم دیکھتے نہیں	یا	میں	بہتر ہوں	اس سے کہ

جو میرے نیچے بہتی ہیں میری نہیں؟ تو کیا تم دیکھتے نہیں؟ کیا میں اس شخص سے بہتر نہیں جو ذلیل ہے

الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾ فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ

الَّذِيْ	هُوَ	مَهِيْنٌ	وَّ	لَا	يَكَادُ	يُبِيْنُ	فَلَوْ	لَآ	اُلْقِيَ	عَلَيْهِ	اَسْوِرَةٌ	مِّنْ ذَهَبٍ
جو کہ	وہ	ذلیل ہے	اور	نہیں	قریب کہ	صاف بولے	تو کیوں	نہ	ڈالے گئے	اس پر	کنگن	سونے کے

اور صاف بات بھی نہیں کر سکتا۔ (اگر یہ رسول ہیں) تو کیوں نہ ڈالے گئے

أَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ

أَوْ جَآءَ	مَعَهُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	مُقْتَرِنِيْنَ	فَاسْتَخَفَّ	قَوْمَهٗ
یا آتے	اس کے ساتھ	فرشتے	قریب رہتے	تو کم عقل کر دیا	اپنی قوم کو

ان پر سونے کے کنگن یا ان کے پاس لگا تار فرشتے آتے۔ پھر (ان باتوں سے) فرعون نے اپنی قوم کو بے وقوف بنا لیا

فَاَطَاعُوْهُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا

فَاَطَاعُوْهُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا	فٰسِقِيْنَ	فَلَمَّآ	اٰسَفُوْنَا	انْتَقَمْنَا
تو انہوں نے اسکی پیروی کی	بیشک وہ	تھے	قوم	نافرمان	تو جب	غصہ دلایا انہوں نے ہم کو	بدلہ لیا ہم نے

اس لئے انہوں نے اس کی بات مان لی بے شک وہ نافرمان لوگ تھے۔ پھر جب انہوں نے وہ کیا جس سے ہمارا غضب اُن پر آیا ہم نے

مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ ع

مِنْهُمْ	فَاَغْرَقْنٰهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	فَجَعَلْنٰهُمْ	سَلَفًا	وَ	مَثَلًا	لِّلْاٰخِرِيْنَ
ان سے	تو غرق کیا ہم نے ان کو	سب کو	تو کیا ہم نے انکو	اگلی داستان	اور	کہاوت	پچھلوں کیلئے

ان سے بدلا لیا تو ہم نے ان سب کو ڈبو دیا۔ تو ہم نے انہیں (عبرت کی) اگلی کہانی اور بعد میں آنے والوں کیلئے (سبق آموز) کہاوت بنا دیا۔

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾ وَقَالُوْٓا

وَ	لَمَّا	ضُرِبَ	ابْنُ	مَرْيَمَ	مَثَلًا	اِذَا	قَوْمُكَ	مِنْهُ	يَصِدُّوْنَ	وَ	قَالُوْٓا
اور	جب	بیان کی گئی	بیٹے	مریم کی	مثال	تو جبھی	تمہاری قوم	اس سے	ہنسنے لگتے ہیں	اور	بولے

اور جب ابنِ مریم کی مثال دی گئی تو تمہارے لوگ اسکے بارے میں چلانے لگے۔ اور کہنے لگے

ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ؕ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ

ءَاٰلِهَتُنَا	خَيْرٌ	اَمْ	هُوَ	مَا	ضَرَبُوْهُ	لَكَ	اِلَّا	جَدَلًا	بَلْ	هُمْ	قَوْمٌ
کیا ہمارے خدا	بہتر ہیں	یا	وہ	نہیں	بیان کرتے اسکو	تمہارے لیے	مگر	جھگڑا	بلکہ	وہ	قوم ہیں

کیا ہمارے خدا بہتر ہیں یا وہ؟ انہوں نے تم سے اس کی بات صرف جھگڑنے کیلئے کی ہے نہیں بلکہ

خَصِمُوْنَ ﴿٥٨﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ

خَصِمُوْنَ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	عَبْدٌ	اَنْعَمْنَا	عَلَيْهِ	وَ	جَعَلْنٰهُ	مَثَلًا	لِّبَنِيْٓ
جھگڑالو	نہیں	وہ	مگر	ایک بندہ کہ	انعام کیا ہم نے	اس پر	اور	بنایا ہم نے اسکو	مثال	واسطے اولاد

وہ جھگڑالو لوگ ہیں۔ نہیں ہیں وہ مگر ایک (مقدس) بندے جن پر ہم نے انعام فرمایا اور ہم نے انہیں بنی اسرائیل کیلئے (اپنی

اِسْرَآءِيْلَ ﴿٥٩﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ

اِسْرَآءِيْلَ	وَلَوْ	نَشَآءُ	لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ	مَّلٰٓئِكَةً	فِي الْاَرْضِ
اسرائیل کے	اور اگر	ہم چاہتے	تو تمہارے بدلے میں	فرشتے	زمین میں

قدرت کا) عجیب نمونہ بنایا۔ اور اگر ہم چاہتے تو تمہارے بدلے ضرور فرشتے پیدا کر دیتے جو زمین میں

يَخْلُفُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ۭ هٰذَا

يَخْلُفُوْنَ	وَ	اِنَّهٗ	لَعِلْمٌ	لِّلسَّاعَةِ	فَلَا	تَمْتَرُنَّ	بِهَا	وَاتَّبِعُوْنِ	هٰذَا
بساتے	اور	بیشک وہ	نشانی ہے	قیامت کی	تو نہ	شک کرنا	اس میں	اور پیروی کرو میری	یہ ہے

تمہارے پیچھے آباد رہتے۔ اور بیشک عیسیٰ علیہ السلام قیامت کی خبر ہیں تو ہرگز قیامت میں شک نہ کرنا

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

صِرَاطٌ	مُّسْتَقِيْمٌ	وَ	لَا	يَصُدَّنَّكُمُ	الشَّيْطٰنُ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ
راہ	سیدھی	اور	نہ	روکے تم کو	شیطان	بیشک وہ	تمہارا	دشمن ہے

اور میرے پیروکار ہونا یہ سیدھی راہ ہے۔ اور ہرگز شیطان تمہیں نہ روک دے بے شک وہ تمہارا

مُّبِيْنٌ ﴿٦٢﴾ وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ

مُّبِيْنٌ	وَ	لَمَّا	جَآءَ	عِيْسٰى	بِالْبَيِّنٰتِ	قَالَ	قَدْ	جِئْتُكُمْ	بِالْحِكْمَةِ
کھلا	اور	جب	لائے	عیسیٰ	نشانیاں	تو فرمایا	بیشک	لایا ہوں میں تمہارے پاس	حکمت

کھلا دشمن ہے۔ اور جب عیسیٰ علیہ السلام واضح نشانات لے کر آئے تو اس نے کہا میں تمہارے پاس دانائی لایا ہوں

وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿٦٣﴾

وَلِاُبَيِّنَ	لَكُمْ	بَعْضَ	الَّذِيْ	تَخْتَلِفُوْنَ	فِيْهِ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ
اور تاکہ بیان کروں میں	تمہارے لیے	بعض	وہ چیزیں کہ تم	اختلاف کرتے ہو	اس میں	تو ڈرو	اللہ سے	اور حکم مانو میرا

اور تاکہ تم پر بعض باتوں کی جن میں تم اختلاف کرتے ہو وضاحت کروں سو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۗ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦٤﴾

اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	رَبِّيْ	وَ	رَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ	هٰذَا	صِرَاطٌ	مُّسْتَقِيْمٌ
بیشک	اللہ	وہی ہے	میرا رب	اور	تمہارا رب	تو عبادت کرو اسی کی	یہ ہے	راہ	سیدھی

اللہ ہی میرا رب ہے اور تمہارا رب بھی سو اس کی عبادت کرو یہی سیدھا راستہ ہے۔

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

فَاخْتَلَفَ	الْاَحْزَابُ	مِنْ بَيْنِهِمْ	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْ عَذَابِ
تو اختلاف کیا	گروہوں نے	ان میں سے	تو خرابی ہے	ان کو جو	ظالم ہیں	عذاب سے

پھر ان گروہوں نے آپس میں اختلاف کیا تو ظالموں کیلئے دردناک دن کے عذاب کی خرابی ہے۔

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿٦٥﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

يَوْمٍ	اَلِيْمٍ	هَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	السَّاعَةَ	اَنْ	تَاْتِيَهُمْ	بَغْتَةً	وَّهُمْ
دن	دردناک کے	نہیں	انتظار کرتے	مگر	قیامت کا	یہ کہ	آئے انکے پاس	اچانک	اور ان کو

وہ نہیں انتظار کر رہے مگر قیامت کا کہ ان پر اچانک آ جائے اور انہیں

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٦٦﴾ اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا

لَا يَشْعُرُوْنَ	اَلْاَخِلَّآءُ	يَوْمَئِذٍ	بَعْضُهُمْ	لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	اِلَّا
خبر نہ ہو	دوست	اس دن	بعض ان کے	واسطے بعض کے	دشمن ہیں	مگر

خبر (بھی) نہ ہو۔ گہرے دوست اس دن ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۷﴾ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾

تَحْزَنُوْنَ	اَنْتُمْ	لَآ	وَ	الْيَوْمَ	عَلَيْكُمُ	خَوْفٌ	لَا	يٰعِبَادِ	الْمُتَّقِيْنَ
غمگین ہوگے	تم	نہ	اور	آج	تم پر	خوف	نہیں	اے میرے بندوں	پرہیزگار لوگ

مگر پرہیزگار۔ ان سے فرمایا جائے گا اے میرے بندو! آج تم پر کوئی خوف نہیں اور نہ ہی (کبھی) تم غمگین ہوگے ہو۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ

اَنْتُمْ	الْجَنَّةَ	اُدْخُلُوا	مُسْلِمِيْنَ	وَكَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا	اٰمَنُوْا	اَلَّذِيْنَ
تم	جنت میں	داخل ہوجاؤ	مسلمان	اور تھے	ہماری آیتوں پر	ایمان لائے	وہ جو

وہ جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے تھے اور فرمانبردار تھے۔ تم اور تمہاری بیویاں خوش و خرم

وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ

مِّنْ ذَهَبٍ	بِصِحَافٍ	عَلَيْهِمْ	يُطَافُ	تُحْبَرُوْنَ	وَاَزْوَاجُكُمْ
سونے کے	پیالے	ان پر	پھیرے جائینگے	تم خاطریں کیے جاؤ گے	اور تمہاری بیویاں

جنت میں داخل ہو جاؤ۔ ان پر سونے کی رکابیوں کا دور چلے گا اور گلاسوں کا

وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا

فِيْهَا	وَاَنْتُمْ	الْاَعْيُنُ	وَتَلَذُّ	الْاَنْفُسُ	تَشْتَهِيْهِ	مَا	وَفِيْهَا	اَكْوَابٍ	وَّ
اس میں	اور تم	آنکھیں	اور لذت پائیں	نفس	چاہیں	وہ ہے جو	اور اس میں	جام	اور

اور وہاں وہ ہر چیز ہو گی جسے ان کے دل چاہیں گے اور آنکھیں لذت پائیں گی اور تم وہاں

خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ

كُنْتُمْ	بِمَا	اُوْرِثْتُمُوْهَا	الَّتِيْٓ	الْجَنَّةُ	تِلْكَ	وَ	خٰلِدُوْنَ
تھے تم	بدلہ اس کا جو	تم وارث بنائے گئے	جس کے	جنت ہے	یہ	اور	ہمیشہ رہو گے

ہمیشہ رہو گے۔ اور یہ ہے وہ جنت جس کے تم وارث کیے گئے ان نیک کاموں کے سبب

تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۷۲﴾ لَكُمۡ فِيۡهَا فَاكِهَةٌ كَثِيۡرَةٌ مِّنۡهَا تَاۡكُلُوۡنَ ﴿۷۳﴾ اِنَّ

تَعۡمَلُوۡنَ	لَكُمۡ	فِيۡهَا	فَاكِهَةٌ	كَثِيۡرَةٌ	مِّنۡهَا	تَاۡكُلُوۡنَ	اِنَّ
عمل کرتے	تمہارے لیے	اس میں	میوے ہیں	بہت	اس سے	تم کھاتے ہو	بیشک

جو تم کرتے تھے۔ تمہارے لئے اس میں بہت میوے ہیں کہ ان میں سے کھاؤ۔ بے شک

الۡمُجۡرِمِيۡنَ فِىۡ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوۡنَ ﴿۷۴﴾ لَا يُفَتَّرُ عَنۡهُمۡ وَهُمۡ

الۡمُجۡرِمِيۡنَ	فِىۡ عَذَابِ	جَهَنَّمَ	خٰلِدُوۡنَ	لَا	يُفَتَّرُ	عَنۡهُمۡ	وَ	هُمۡ
مجرم	عذاب میں	دوزخ کے	ہمیشہ رہیں گے	نہ	ہلکا کیا جائے گا	ان سے	اور	وہ

مجرم جہنم کے عذاب میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ان پر اس کا وقفہ نہ ہو گا

فِيۡهِ مُبۡلِسُوۡنَ ﴿۷۵﴾ وَمَا ظَلَمۡنٰهُمۡ وَلٰكِنۡ كَانُوۡا هُمُ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۷۶﴾

فِيۡهِ	مُبۡلِسُوۡنَ	وَ	مَا	ظَلَمۡنٰهُمۡ	وَلٰكِنۡ	كَانُوۡا	هُمُ	الظّٰلِمِيۡنَ
اس میں	ناامید ہونگے	اور	نہیں	ظلم کیا ہم نے ان پر	اور لیکن	تھے وہ	خود ہی	ظالم

اور وہ اس میں مایوس ہو کر رہ جائیں گے۔ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی ظالم تھے۔

وَنَادَوۡا يٰمٰلِكُ لِيَقۡضِ عَلَيۡنَا رَبُّكَ ؕ قَالَ اِنَّكُمۡ مّٰكِثُوۡنَ ﴿۷۷﴾ لَقَدۡ

وَ	نَادَوۡا	يٰمٰلِكُ	لِيَقۡضِ	عَلَيۡنَا	رَبُّكَ	قَالَ	اِنَّكُمۡ	مّٰكِثُوۡنَ	لَقَدۡ
اور	وہ پکاریں گے	اے مالک	چاہیے کہ فیصلہ کردے	ہم پر	تیرا رب	فرمائے گا	بیشک	ٹھہرنے والے ہو	بیشک

اور وہ پکاریں گے اے مالک تیرا رب ہمیں تمام کر چکے وہ فرمائے گا کہ تمہیں تو ٹھہرنا ہے۔ یقیناً ہم

جِئۡنٰكُمۡ بِالۡحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَكُمۡ لِلۡحَقِّ كٰرِهُوۡنَ ﴿۷۸﴾ اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا

جِئۡنٰكُمۡ	بِالۡحَقِّ	وَ	لٰكِنَّ	اَكۡثَرَكُمۡ	لِلۡحَقِّ	كٰرِهُوۡنَ	اَمۡ	اَبۡرَمُوۡۤا	اَمۡرًا
لائے ہم تمہارے پاس	حق	اور	لیکن	اکثر تم میں سے	حق کو	ناپسند کرتے ہیں	کیا	پکا ارادہ کر چکے ہیں	کسی کام کا

تمہارے پاس حق لائے لیکن تمہارے اکثر لوگ حق کو ناپسند کرنے والے ہیں۔ کیا انہوں نے (اپنا) کام پختہ کرلیا ہے

فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ۭ

فَاِنَّا	مُبْرِمُوْنَ	اَمْ	يَحْسَبُوْنَ	اَنَّا	لَا	نَسْمَعُ	سِرَّهُمْ	وَنَجْوٰىهُمْ
تو ہم بھی	ارادہ کرچکے ہیں	کیا	خیال کرتے ہیں	کہ ہم	نہیں	سنتے	انکی پوشیدہ باتیں	اور انکے مشورے

تو بے شک ہم بھی (اپنا) کام پکا کرنے والے ہیں۔ کیا اس گھمنڈ میں ہیں کہ ہم ان کی آہستہ بات اور ان کی نہیں سنتے

بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾ قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا

بَلٰى	وَ	رُسُلُنَا	لَدَيْهِمْ	يَكْتُبُوْنَ	قُلْ	اِنْ	كَانَ	لِلرَّحْمٰنِ	وَلَدٌ	فَاَنَا
کیوں نہیں	اور	ہمارے فرشتے	ان کے پاس	لکھتے ہیں	فرمادو	اگر	ہوتا	رحمان کا	کوئی بیٹا	تو میں

ہاں کیوں نہیں اور ہمارے فرشتے ان کے پاس لکھ رہے ہیں۔ فرمادیجئے اگر رحمٰن کے کوئی بیٹا ہوتا تو میں سب سے

اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ

اَوَّلُ	الْعٰبِدِيْنَ	سُبْحٰنَ	رَبِّ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	رَبِّ	الْعَرْشِ
سب سے پہلے	عبادت کرتا	پاک ہے	رب	آسمانوں کا	اور	زمین کا	رب	عرش کا

پہلا عبادت گزار ہوتا۔ پاک ہے آسمانوں اور زمین کا رب اور عرش کا رب ان باتوں سے

عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ

عَمَّا	يَصِفُوْنَ	فَذَرْهُمْ	يَخُوْضُوْا	وَ	يَلْعَبُوْا	حَتّٰى	يُلٰقُوْا	يَوْمَهُمُ
اس سے جو	بیان کرتے ہیں	تو چھوڑ دو ان کو	بیہودہ باتیں کریں	اور	کھیلیں	یہاں تک کہ	ملیں	اپنے دن کو

جو وہ بیان کرتے ہیں۔ تو (اے حبیب ﷺ!) آپ انہیں چھوڑ دیں کہ وہ بیہودہ شغل اور دل لگی میں پڑے رہیں یہاں تک کہ

الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ

الَّذِيْ	يُوْعَدُوْنَ	وَ	هُوَ	الَّذِيْ	فِي السَّمَآءِ	اِلٰهٌ	وَ	فِي الْاَرْضِ	اِلٰهٌ
جو کہ	وعدہ دیئے جاتے ہیں	اور	وہ	وہ ہے جو	آسمانوں میں	خدا ہے	اور	زمین میں	خدا ہے

وہ پائیں اپنے اس دن کو جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ اور وہی واحد یکتا آسمان میں بھی معبود ہے اور زمین میں بھی معبود ہے

وَهُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ ﴿٨٤﴾ وَتَبَارَكَ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

وَهُوَ	الْحَكِيمُ	الْعَلِيمُ	وَ	تَبَارَكَ	الَّذِي	لَهُ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْأَرْضِ
اور وہ	حکمت والا	علم والا ہے	اور	برکت والا ہے	وہ	کہ اسکی	بادشاہی ہے	آسمانوں	اور	زمین میں

اور وہی بہت حکمت والا بڑا علم والا ہے۔ اور بڑی برکت والا ہے وہ کہ اسی کیلئے ہے سلطنت آسمانوں اور زمین کی

وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٥﴾

وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	وَعِنْدَهُ	عِلْمُ	السَّاعَةِ	وَإِلَيْهِ	تُرْجَعُونَ
اور	جو کچھ	انکے درمیان ہے	اور اسی کے پاس ہے	علم	قیامت کا	اور اسی کی طرف	تم پھیرے جاؤگے

اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور اسی کے پاس ہے قیامت کا علم اور تمہیں اسی کی طرف پھرنا۔

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنْ شَهِدَ

وَ	لَا يَمْلِكُ	الَّذِينَ	يَدْعُونَ	مِنْ دُونِهِ	الشَّفَاعَةَ	إِلَّا	مَنْ شَهِدَ
اور	نہیں ہیں مالک	وہ جن کو	وہ پکارتے ہیں	اس کے سوا	شفاعت کے	مگر	جو گواہی دے

اور جن کو یہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے ہاں شفاعت کا اختیار انہیں ہے

بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٨٦﴾ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَهُمْ

بِالْحَقِّ	وَ	هُمْ	يَعْلَمُونَ	وَ	لَئِنْ	سَأَلْتَهُمْ	مَنْ	خَلَقَهُمْ
حق کی	اور	وہ	جانتے ہیں	اور	اگر	آپ ان سے پوچھو	کس نے	پیدا کیا ان کو

جو حق کی گواہی دیں اور علم رکھیں۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ انہیں کس نے پیدا کیا تو

لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۖ فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ﴿٨٧﴾ وَقِيلِهِ يَا رَبِّ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ قَوْمٌ

لَيَقُولُنَّ	اللَّهُ	فَأَنَّىٰ	يُؤْفَكُونَ	وَقِيلِهِ	يٰرَبِّ	إِنَّ	هٰٓؤُلَاءِ	قَوْمٌ
تو کہیں گے	اللہ نے	تو کہاں	پھیرے جاتے ہیں	اور اس کا کہنا	اے میرے رب	بیشک	یہ	قوم

وہ ضرور کہیں گے اللہ نے پھر وہ کدھر اُلٹے جا رہے ہیں؟ اور اکثر پیغمبروں کا کہنا ہے کہ میرے رب! یہ وہ قوم ہے

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۗ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾

لَا	يُؤْمِنُوْنَ	فَاصْفَحْ	عَنْهُمْ	وَ	قُلْ	سَلٰمٌ	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ
نہیں	ایمان لاتے	تو درگزر کرو	ان سے	اور	فرماؤ	بس سلام ہے	پھر جلدی	جانیں گے

جو ایمان نہیں لاتے ۔ تو آپ ان سے منہ پھیر لیں اور فرما دیں (بس ہمارا) سلام ہے تو عنقریب وہ جان لیں گے۔

آیاتها ۵۹ — ۴۴ سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ ۶۴ — رکوعاتها ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا

حٰمٓ	وَ	الْكِتٰبِ	الْمُبِيْنِ	اِنَّآ	اَنْزَلْنٰهُ	فِيْ لَيْلَةٍ	مُّبٰرَكَةٍ	اِنَّا	كُنَّا
حٰمٓ	قسم ہے	کتاب	روشن کی	بیشک ہم نے	اتارا اس کو	رات میں	برکت والی	بیشک	ہم ہیں

حٰمٓ۔ قسم اس روشن کتاب کی۔ ہم نے اسے ایک بابرکت رات میں اُتارا ہے بے شک ہم

مُنْذِرِيْنَ ﴿۳﴾ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ﴿۴﴾ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ۗ اِنَّا

مُنْذِرِيْنَ	فِيْهَا	يُفْرَقُ	كُلُّ	اَمْرٍ	حَكِيْمٍ	اَمْرًا	مِّنْ عِنْدِنَا	اِنَّا
ڈرسنانے والے	اس میں	تقسیم ہوتا ہے	ہر	کام	حکمت والا	حکم ہے	ہماری طرف سے	بیشک ہم

خبردار کرنے والے ہیں۔ اس میں ہر حکمت والا معاملہ طے کر دیا جاتا ہے۔ ہماری طرف کے اَمر سے بے شک ہم

كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۵﴾ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۗ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶﴾

كُنَّا	مُرْسِلِيْنَ	رَحْمَةً	مِّنْ رَّبِّكَ	اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ
ہیں ہم	بھیجنے والے	رحمت	آپ کے رب کی	بیشک	وہی ہے	سنتا	جانتا

ہی بھیجنے والے ہیں۔ رحمت (کیلئے) آپ کے رب کی طرف سے یقیناً وہی بہت سننے والا بہت جاننے والا ہے

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝۷ لَآ اِلٰهَ

رَبِّ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّوْقِنِيْنَ	لَآ	اِلٰهَ
رب ہے	آسمانوں کا	اور	زمین کا	اور	جو کچھ	انکے درمیان ہے	اگر	ہو تم	یقین رکھنے والے	نہیں کوئی	معبود

وہ جو رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اگر تمہیں یقین ہو۔ اس کے سوا کوئی

اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۸ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ

اِلَّا	هُوَ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	رَبُّكُمْ	وَرَبُّ	اٰبَآئِكُمُ	الْاَوَّلِيْنَ	بَلْ	هُمْ	فِيْ شَكٍّ
مگر	وہی	زندہ کرتا ہے	اور مارتا ہے	رب ہے تمہارا	اور رب ہے	تمہارے باپوں کا	پہلوں کا	بلکہ	وہ	شک میں ہیں

کی بندگی نہیں وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے تمہارا رب اور تمہارے اگلے باپ دادا کا رب۔ بلکہ وہ شک میں پڑے

يَّلْعَبُوْنَ ۝۹ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۰ يَّغْشَى

يَلْعَبُوْنَ	فَارْتَقِبْ	يَوْمَ	تَاْتِي	السَّمَآءُ	بِدُخَانٍ	مُّبِيْنٍ	يَّغْشَى
کھیلتے ہیں	تو انتظار کرو	جس دن	لائے گا	آسمان	دھواں	ظاہر	ڈھانپ لے گا

کھیل رہے ہیں۔ پس انتظار کرو اس دن کا جب آسمان صاف دھواں لے آئے گا۔ جو لوگوں کو

النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱۱ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا

النَّاسَ	هٰذَا	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	رَبَّنَا	اكْشِفْ	عَنَّا	الْعَذَابَ	اِنَّا
لوگوں کو	یہ ہے	عذاب	دردناک	اے ہمارے رب	دور کردے	ہم سے	عذاب	بیشک ہم

ڈھانپ لے گا یہ ہے دردناک عذاب۔ (اس دن کہیں گے) اے ہمارے رب! یہ عذاب ہم سے ٹال دے

مُؤْمِنُوْنَ ۝۱۲ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۳ ثُمَّ

مُؤْمِنُوْنَ	اَنّٰى	لَهُمُ	الذِّكْرٰى	وَ	قَدْ	جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ	مُّبِيْنٌ	ثُمَّ
ایمان لاتے ہیں	کہاں سے	ان کیلئے	نصیحت	اور	بیشک	آیا انکے پاس	رسول	بیان فرمانیوالا	پھر

بے شک ہم ایمان لاتے ہیں۔ کہاں سے ہو انہیں نصیحت ماننا حالانکہ ان کے پاس صاف بیان فرمانیوالا رسول تشریف لاچکا۔

تَوَلَّوۡا عَنۡہُ وَ قَالُوۡا مُعَلَّمٌ مَّجۡنُوۡنٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّا کَاشِفُوا الۡعَذَابِ قَلِیۡلًا اِنَّکُمۡ

تَوَلَّوۡا	عَنۡہُ	وَ	قَالُوۡا	مُعَلَّمٌ	مَّجۡنُوۡنٌ	اِنَّا	کَاشِفُوا	الۡعَذَابِ	قَلِیۡلًا	اِنَّکُمۡ
روگردان ہوئے	اس سے	اور	بولے	سکھایا ہوا	دیوانہ ہے	بیشک ہم	دور کرنیوالے ہیں	عذاب	تھوڑا سا	بیشک تم

پھر اس سے روگرداں ہوئے اور اسے بولے سکھایا ہوا دیوانہ ہے۔ ہم عذاب کو تھوڑا ہٹانے والے ہیں مگر تم پھر وہی

عَآئِدُوۡنَ ﴿۱۵﴾ یَوۡمَ نَبۡطِشُ الۡبَطۡشَۃَ الۡکُبۡرٰی ۚ اِنَّا مُنۡتَقِمُوۡنَ ﴿۱۶﴾ وَ لَقَدۡ

عَآئِدُوۡنَ	یَوۡمَ	نَبۡطِشُ	الۡبَطۡشَۃَ	الۡکُبۡرٰی	اِنَّا	مُنۡتَقِمُوۡنَ	وَ	لَقَدۡ
پھر وہی کروگے	جس دن	پکڑیں گے ہم	پکڑ	بڑی	بیشک ہم	بدلہ لینے والے ہیں	اور	بیشک

کرنے والے ہو۔ جس دن ہم بڑی سختی سے پکڑ لیں گے ہم بدلہ لینے والے ہیں۔ اور بے شک

فَتَنَّا قَبۡلَہُمۡ قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ وَ جَآءَہُمۡ رَسُوۡلٌ کَرِیۡمٌ ﴿۱۷﴾ اَنۡ اَدُّوۡۤا اِلَیَّ

فَتَنَّا	قَبۡلَہُمۡ	قَوۡمَ	فِرۡعَوۡنَ	وَجَآءَہُمۡ	رَسُوۡلٌ	کَرِیۡمٌ	اَنۡ	اَدُّوۡۤا	اِلَیَّ
آزمایا ہم نے	ان سے پہلے	قوم	فرعون کو	اور آیا ان کے پاس	رسول	معزز	یہ کہ	سپرد کرو	میری طرف

ہم نے ان سے پہلے فرعون کی قوم کو آزمایا اور بزرگی والے رسول (موسیٰ) ان کے پاس تشریف لائے۔ کہ اللہ کے بندوں (بنی

عِبَادَ اللّٰہِ ؕ اِنِّیۡ لَکُمۡ رَسُوۡلٌ اَمِیۡنٌ ﴿۱۸﴾ وَّ اَنۡ لَّا تَعۡلُوۡا عَلَی اللّٰہِ ۚ اِنِّیۡۤ

عِبَادَ	اللّٰہِ	اِنِّیۡ	لَکُمۡ	رَسُوۡلٌ	اَمِیۡنٌ	وَّ	اَنۡ	لَّا	تَعۡلُوۡا	عَلَی	اللّٰہِ	اِنِّیۡۤ
بندے	اللہ کے	بیشک میں	تمہارے لیے	رسول ہوں	امانت دار	اور	یہ کہ	نہ	سرکشی کرو	اوپر	اللہ کے	بیشک میں

اسرائیل) کو میرے حوالے کردو بے شک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔ اور اللہ کے مقابل سرکشی نہ کرو، میں تمہارے

اٰتِیۡکُمۡ بِسُلۡطٰنٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۱۹﴾ ۚ وَ اِنِّیۡ عُذۡتُ بِرَبِّیۡ وَ رَبِّکُمۡ اَنۡ

اٰتِیۡکُمۡ	بِسُلۡطٰنٍ	مُّبِیۡنٍ	وَ	اِنِّیۡ	عُذۡتُ	بِرَبِّیۡ	وَرَبِّکُمۡ	اَنۡ
لایا ہوں تمہارے پاس	سند	روشن	اور	بیشک میں	پناہ لیتا ہوں	اپنے رب کی	اور تمہارے رب کی	یہ کہ

پاس ایک روشن دلیل لایا ہوں۔ اور میں پناہ لیتا ہوں اپنے رب اور تمہارے رب کی اس سے

تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ

تَرْجُمُوْنِ	وَ	اِنْ	لَّمْ	تُؤْمِنُوْا	لِیْ	فَاعْتَزِلُوْنِ	فَدَعَا	رَبَّهٗ	اَنَّ
پتھراؤ کرو مجھ پر	اور	اگر	نہ	ایمان لاؤ	مجھ پر	تو چھوڑ دو مجھے	تو دعا کی	اپنے رب سے	بیشک

کہ تم مجھے سنگسار کرو۔ اور اگر تم میری بات نہیں مانتے تو مجھ سے الگ رہو۔ پھر اس نے اپنے

هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾

هٰٓؤُلَآءِ	قَوْمٌ	مُّجْرِمُوْنَ	فَاَسْرِ	بِعِبَادِیْ	لَیْلًا	اِنَّكُمْ	مُّتَّبَعُوْنَ
یہ	قوم ہے	مجرموں کی	تو لے چل	میرے بندوں کو	رات میں	بیشک تم	پیچھا کیے جاؤ گے

رب کو پکارا کہ یہ مجرم قوم ہے۔ (ہم نے فرمایا) تو لے جاؤ میرے بندوں کو راتوں رات یقیناً تمہارا تعاقب کیا جائے گا۔

وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ

وَاتْرُكِ	الْبَحْرَ	رَهْوًا	اِنَّهُمْ	جُنْدٌ	مُّغْرَقُوْنَ	كَمْ	تَرَكُوْا	مِنْ جَنّٰتٍ
اور چھوڑ دے	دریا کو	چلتا ہوا	بیشک وہ	لشکر ہیں	غرق کیے گئے	کتنے	چھوڑ گئے وہ	باغوں سے

اور آپ دریا کو یونہی ٹھہرا ہوا چھوڑ دیں بے شک وہ لشکر ڈبو دیا جائے گا۔ کتنے چھوڑ گئے باغ

وَّعُیُوْنٍ ﴿۲۵﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِیْمٍ ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِیْهَا

وَّ	عُیُوْنٍ	وَ	زُرُوْعٍ	وَّمَقَامٍ	كَرِیْمٍ	وَّنَعْمَةٍ	كَانُوْا	فِیْهَا
اور	چشمے	اور	کھیتیاں	اور مقام	اچھے	اور نعمتیں کہ	تھے	اس میں

اور چشمے۔ اور کھیت اور عمدہ مکان۔ اور نعمتیں جن میں وہ خوش

فٰكِهِیْنَ ﴿۲۷﴾ كَذٰلِكَ ۫ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِیْنَ ﴿۲۸﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَیْهِمُ

فٰكِهِیْنَ	كَذٰلِكَ	وَ	اَوْرَثْنٰهَا	قَوْمًا	اٰخَرِیْنَ	فَمَا	بَكَتْ	عَلَیْهِمُ
خوش رہتے تھے	اسی طرح	اور	وارث بنایا ہم نے اس کا	قوم	دوسری کو	تو نہ	روئے	ان پر

رہتے تھے۔ ایسا ہی ہوا اور ہم نے ان چیزوں کا وارث ایک دوسری قوم کو کر دیا۔ تو ان کی تباہی پر نہ

السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا کَانُوْا مُنْظَرِیْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَقَدْ نَجَّیْنَا

السَّمَآءُ	وَ	الْاَرْضُ	وَ	مَا	کَانُوْا	مُنْظَرِیْنَ	وَ	لَقَدْ	نَجَّیْنَا
آسمان	اور	زمین	اور	نہ	ہوئے وہ	مہلت دیے گئے	اور	بیشک	نجات دی ہم نے

آسمان رویا اور نہ زمین اور نہ انہیں مہلت دی گئی۔ اور بے شک ہم نے

بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِیْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ کَانَ عَالِیًا

بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	مِنَ الْعَذَابِ	الْمُهِیْنِ	مِنْ فِرْعَوْنَ	اِنَّهٗ	کَانَ	عَالِیًا
یعقوب کی اولاد کو	عذاب سے	ذلیل کرنیوالے	فرعون سے	بیشک وہ	تھا	متکبر

بنی اسرائیل کو سخت ذلت کے عذاب سے نجات دی۔ فرعون سے بے شک وہ متکبر

مِّنَ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰی عِلْمٍ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۲﴾

مِّنَ الْمُسْرِفِیْنَ	وَ	لَقَدِ	اخْتَرْنٰهُمْ	عَلٰی	عِلْمٍ	عَلَی	الْعٰلَمِیْنَ
حد سے گذرنے والا	اور	بیشک	ہم نے چن لیا ان کو	اوپر	علم کے	اوپر	جہانوں کے

حد سے بڑھنے والوں میں سے تھا۔ اور بے شک ہم نے انہیں دانستہ چن لیا اس زمانہ والوں سے

وَاٰتَیْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰیٰتِ مَا فِیْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِیْنٌ ﴿۳۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَیَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾

وَ	اٰتَیْنٰهُمْ	مِّنَ الْاٰیٰتِ	مَا	فِیْهِ	بَلٰٓؤٌا	مُّبِیْنٌ	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	لَیَقُوْلُوْنَ
اور	دیں ہم نے انکو	نشانیاں	جوکہ	اس میں	آزمائش تھی	کھلی	بیشک	یہ لوگ	کہتے ہیں

اور انہیں وہ نشانیاں دیں جن میں کھلی آزمائش تھی۔ یہ لوگ تو کہتے ہیں

اِنْ هِیَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰی وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِیْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ

اِنْ	هِیَ	اِلَّا	مَوْتَتُنَا	الْاُوْلٰی	وَ	مَا	نَحْنُ	بِمُنْشَرِیْنَ	فَاْتُوْا	بِاٰبَآئِنَآ	اِنْ
نہیں	یہ	مگر	موت ہماری	پہلی	اور	نہیں	ہم	اٹھائے جائینگے	تو لاؤ	ہمارے باپ دادا کو	ا

وہ تو نہیں مگر ہماری پہلی (دفعہ کی) موت اور (مرنے کے بعد) ہم نہیں اٹھائے جائیں گے۔ تو لے آؤ ہمارے باپ دادا

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٦﴾ اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	اَهُمْ	خَيْرٌ	اَمْ	قَوْمُ	تُبَّعٍ	وَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ
ہوتم	سچے کیا	کیا وہ	بہتر ہیں	یا	قوم	تبع کی	اور	وہ جو	ان سے پہلے تھے

(زندہ کر کے) اگر تم سچے ہو۔ کیا وہ بہتر ہیں یا تبع کی قوم اور جو ان سے پہلے تھے ہم نے انہیں

اَهْلَكْنٰهُمْ ۡ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٣٧﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ

اَهْلَكْنٰهُمْ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	مُجْرِمِيْنَ	وَ	مَا	خَلَقْنَا	السَّمٰوٰتِ
ہلاک کیا ہم نے ان کو	بیشک وہ	تھے	مجرم	اور	نہیں	پیدا کیا ہم نے	آسمانوں

ہلاک کر دیا بے شک وہ مجرم لوگ تھے۔ اور ہم نے نہ بنائے آسمان

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿٣٨﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ

وَ	الْاَرْضَ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	لٰعِبِيْنَ	مَا	خَلَقْنٰهُمَآ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَ	لٰكِنَّ
اور	زمین کو	اور	جو	انکے درمیان ہے	کھیل تماشہ	نہیں	پیدا کیا ہم نے	مگر	ساتھ حق کے	اور	لیکن

اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیلنے کے لیے۔ ہم نے انہیں صرف حق پر بنایا ہے لیکن

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٩﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٠﴾

اَكْثَرَهُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	اِنَّ	يَوْمَ	الْفَصْلِ	مِيْقَاتُهُمْ	اَجْمَعِيْنَ
اکثر ان کے	نہیں	جانتے	بیشک	دن	فیصلے کا	ان کی میعاد ہے	سب کی

ان میں اکثر نہیں جانتے۔ فیصلے کا دن ان سب کے وعدے کا وقت ہے۔

يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٤١﴾

يَوْمَ	لَا	يُغْنِيْ	مَوْلًى	عَنْ مَّوْلًى	شَيْـًٔا	وَ	لَا	هُمْ	يُنْصَرُوْنَ
جس دن	نہ	کام آئے گا	کوئی دوست	کسی دوست کے	کچھ بھی	اور	نہ	وہ	مدد کیے جائیں

جس دن کوئی دوست کسی دوست کے کچھ کام نہ آئے گا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔

إِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾ اِنَّ

اِلَّا	مَنْ	رَّحِمَ	اللّٰهُ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	اِنَّ
مگر	جس پر	رحم کرے	اللہ	بیشک وہ	وہی ہے	عزت والا	رحم کرنے والا	بیشک

بجز ان کے جن پر اللہ رحم فرمائے بے شک وہ بڑا غالب ہے بے حد رحم فرمانے والا۔ بے شک

شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ

شَجَرَتَ	الزَّقُّوْمِ	طَعَامُ	الْاَثِيْمِ	كَالْمُهْلِ	يَغْلِيْ
درخت	تھوہر کا	کھانا ہے	گنہگاروں کا	جیسے پگھلا ہوا تانبہ	جوش مارےگا

تھوہر کا پیڑ۔ گناہ گاروں کی خوراک ہے۔ پگھلے ہوئے تانبے کی طرح

فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَاۗءِ

فِي الْبُطُوْنِ	كَغَلْيِ	الْحَمِيْمِ	خُذُوْهُ	فَاعْتِلُوْهُ	اِلٰى	سَوَاۗءِ
پیٹوں میں	جیسے جوش مارتا ہے	کھولتا پانی	پکڑو اس کو	پھر گھسیٹو اس کو	طرف	درمیان

پیٹوں میں کھولے گا۔ کھولتے ہوئے پانی کے جوش مارنے کی طرح۔ (حکم ہوگا) اسے پکڑو پھر زور سے گھسیٹتے ہوئے جہنم

الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾ ذُقْ

الْجَحِيْمِ	ثُمَّ	صُبُّوْا	فَوْقَ	رَاْسِهٖ	مِنْ عَذَابِ	الْحَمِيْمِ	ذُقْ
جہنم کے	پھر	گراؤ	اوپر	اس کے سر کے	عذاب	کھولتے پانی کا	چکھ

کے درمیان تک لے جاؤ۔ پھر اس کے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا عذاب ڈالو۔ چکھ

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾

اِنَّكَ	اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْكَرِيْمُ	اِنَّ	هٰذَا	مَا	كُنْتُمْ	بِهٖ	تَمْتَرُوْنَ
بیشک	تو تھا	عزت والا	کرم والا	بیشک	یہ ہے	جو	تھے تم	اس میں	شک کرتے

ہاں ہاں تو ہی بڑا عزت والا کرم والا ہے۔ بے شک یہ وہ ہے جس میں تم شک کرتے تھے۔

ع ۱۴/۲ ۵

معانقة ۱۲

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي مَقَامٍ أَمِينٍ ﴿٥١﴾ فِي جَنَّٰتٍ وَعُيُونٍ ﴿٥٢﴾ يَلْبَسُونَ

إِنَّ	الْمُتَّقِينَ	فِي مَقَامٍ	أَمِينٍ	فِي جَنَّٰتٍ	وَ	عُيُونٍ	يَلْبَسُونَ
بیشک	پرہیزگار	جگہ میں ہیں	امان کی	باغوں میں	اور	چشموں میں	پہنیں گے

بیشک پرہیزگار محفوظ جگہ میں ہوں گے۔ باغوں اور چشموں کے درمیان۔ پہنیں گے

مِن سُندُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُّتَقَٰبِلِينَ ﴿٥٣﴾ كَذَٰلِكَ وَزَوَّجْنَٰهُم

مِن سُندُسٍ	وَ	إِسْتَبْرَقٍ	مُّتَقَٰبِلِينَ	كَذَٰلِكَ	وَ	زَوَّجْنَٰهُم
باریک ریشم	اور	دبیز ریشم	آمنے سامنے	اسی طرح ہوگا	اور	کاح کردینگے ہم ان کا

باریک اور دبیز ریشم کا آمنے سامنے (بیٹھے ہوئے)۔ ایسا ہی ہوگا اور ہم ان کی زوجیت میں دیں گے

بِحُورٍ عِينٍ ﴿٥٤﴾ يَدْعُونَ فِيهَا بِكُلِّ فَٰكِهَةٍ ءَامِنِينَ ﴿٥٥﴾ لَا يَذُوقُونَ

بِحُورٍ	عِينٍ	يَدْعُونَ	فِيهَا	بِكُلِّ	فَٰكِهَةٍ	ءَامِنِينَ	لَا	يَذُوقُونَ
حورے	موٹی آنکھ والی	مانگیں گے	اس میں	ہر طرح کا	میوہ	امن والے	نہ	چکھیں گے

خوبصورت کشادہ چشم عورتیں۔ اس میں ہر قسم کا میوہ مانگیں گے امن و امان سے۔ اس میں چکھیں

فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَىٰ ۖ وَوَقَىٰهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ﴿٥٦﴾

فِيهَا	الْمَوْتَ	إِلَّا	الْمَوْتَةَ	الْأُولَىٰ	وَوَقَىٰهُمْ	عَذَابَ	الْجَحِيمِ
اس میں	موت	مگر	موت	پہلی	اور بچائے گا ان کو	عذاب	دوزخ سے

موت کے سوا پھر موت نہ چکھیں گے اور اللہ نے انہیں آگ کے عذاب سے بچا لیا۔

فَضْلًا مِّن رَّبِّكَ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٥٧﴾ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَٰهُ

فَضْلًا	مِّن رَّبِّكَ	ذَٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيمُ	فَإِنَّمَا	يَسَّرْنَٰهُ
فضل ہے	آپ کے رب کا	یہ	یہی ہے	کامیابی	بڑی	اس کے سوا نہیں کہ	آسان کیا ہم نے اسکو

آپ کے رب کے فضل سے یہی تو بڑی کامیابی ہے۔ ہاں، ہم نے اسے تمہارے زبان میں

بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع

مُّرْتَقِبُوْنَ	اِنَّهُمْ	فَارْتَقِبْ	يَتَذَكَّرُوْنَ	لَعَلَّهُمْ	بِلِسَانِكَ
انتظار میں ہیں	وہ بھی	تو انتظار کرو	نصیحت لیں	تاکہ وہ	آپ کی زبان میں

ہی آسان کر دیا ہے تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔ تو آپ انتظار فرمائیں یقیناً وہ بھی انتظار کر رہے ہیں۔

آیاتہا ۳۷ ۴۵ سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ ۶۵ رکوعاتہا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ

فِي السَّمٰوٰتِ	اِنَّ	الْحَكِيْمِ	الْعَزِيْزِ	مِنَ اللّٰهِ	الْكِتٰبِ	تَنْزِيْلُ	حٰمٓ
آسمانوں میں	بیشک	حکمت والے	عزت والے	اللہ کی طرف سے	کتاب	اتاری گئی ہے	حٰمٓ

حٰمٓ۔ اس کتاب کا اُتارنا ہے اللہ عزت و حکمت والے کی طرف سے۔ بے شک آسمانوں

وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾ وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ

مِنْ دَآبَّةٍ	يَبُثُّ	وَمَا	وَفِيْ خَلْقِكُمْ	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	لَاٰيٰتٍ	الْاَرْضِ	وَ
جانور	پھیلائے	اور جو	اور تمہاری تخلیق میں	مومنوں کیلئے	یقیناً نشانیاں ہیں	زمین میں	اور

اور زمین میں مومنوں کیلئے کئی نشانیاں ہیں۔ اور تمہاری پیدائش میں اور ان جانوروں میں جو اس نے پھیلا رکھے ہیں

اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

اللّٰهُ	اَنْزَلَ	مَآ	وَ	النَّهَارِ	وَ	الَّيْلِ	وَاخْتِلَافِ	يُّوْقِنُوْنَ	لِّقَوْمٍ	اٰيٰتٌ
اللہ نے	اتارا	جو	اور	دن میں	اور	رات	اور اختلاف کے	یقین کرنے	واسطے قوم	نشانیاں ہیں

یقین کرنے والے لوگوں کیلئے کئی نشان ہیں۔ اور شب و روز کے مختلف ہونے میں اور اس میں کہ اللہ نے رزق (کا سبب پانی)

مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ

مِنَ السَّمَآءِ	مِنْ رِّزْقٍ	فَاَحْيَا	بِهِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ	مَوْتِهَا	وَ	تَصْرِيْفِ	الرِّيٰحِ
آسمان سے	رزق	تو زندہ کیا	اس سے	زمین کو	بعد	اسکی موت کے	اور	گردش میں	ہواوں کی

آسمان سے اُتارا تو اس میں زمین کو زندہ کر دیا اس کے مردہ ہو جانے کے بعد اور ہواوں کے (ہر طرف) پھیرنے میں نشانیاں ہیں

اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۵﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ

اٰيٰتٌ	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	اللّٰهِ	نَتْلُوْهَا	عَلَيْكَ	بِالْحَقِّ	فَبِاَيِّ
نشانیاں ہیں	واسطے قوم	عقلمند کے	یہ	آیتیں ہیں	اللہ کی	پڑھتے ہیں ہم انکو	اوپر تمہارے	حق کے ساتھ	تو کونسی

ان لوگوں کیلئے جو عقل مند ہیں۔ یہ اللہ کی آیتیں ہیں کہ ہم حق کے ساتھ آپ پر ان کی تلاوت فرماتے ہیں

حَدِيْثٍۢ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۶﴾ وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۷﴾

حَدِيْثٍ	بَعْدَ	اللّٰهِ	وَ	اٰيٰتِهٖ	يُؤْمِنُوْنَ	وَيْلٌ	لِّكُلِّ	اَفَّاكٍ	اَثِيْمٍ
بات پر	بعد	اللہ کے	اور	اسکی آیتوں کے	ایمان لائینگے	ہلاکت ہے	واسطے ہر ایک	جھوٹے	گنہگار کے

پھر اللہ اور اس کی آیتوں کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گے۔ خرابی ہے ہر بڑے کاذب گناہ گار کیلئے۔

يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ

يَسْمَعُ	اٰيٰتِ	اللّٰهِ	تُتْلٰى	عَلَيْهِ	ثُمَّ	يُصِرُّ	مُسْتَكْبِرًا	كَاَنْ	لَّمْ	يَسْمَعْهَا
سنتا ہے	آیتیں	اللہ کی	پڑھی جاتی ہیں	اس پر	پھر	جم جاتا ہے	تکبر کرتا ہوا	گویا کہ	نہیں	سنا اس کو

اللہ کی آیتوں کو سنتا ہے کہ اس پر پڑھی جاتی ہیں پھر اپنی زندگی پر جمتا ہے غرور کرتا گویا انہیں سنا ہی نہیں

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۸﴾ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئَا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ

فَبَشِّرْهُ	بِعَذَابٍ	اَلِيْمٍ	وَاِذَا	عَلِمَ	مِنْ اٰيٰتِنَا	شَيْئًا	اتَّخَذَهَا	هُزُوًا
تو خوشخبری دو اسکو	عذاب	دردناک کی	اور جب	جانتا ہے	ہماری آیتوں سے	کچھ	تو بناتا ہے ان کو	ہنسی

تو اسے خوشخبری سناؤ دردناک عذاب کی۔ اور جب اسے ہمارے نشانوں میں سے کسی کا پتہ چلتا ہے تو وہ ان کا مذاق اڑاتا ہے

أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿٩﴾ مِّن وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ ۖ وَلَا يُغْنِي عَنْهُم

أُولَٰئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	مُّهِينٌ	مِّن وَرَائِهِمْ	جَهَنَّمُ	وَ	لَا	يُغْنِي	عَنْهُم
یہ لوگ	ان کیلئے	عذاب ہے	رسوا کرنے والا	ان کے پیچھے	جہنم ہے	اور	نہیں	کام آئے گا	ان کے

ایسے لوگوں کو ذلت آمیز عذاب ملے گا۔ ان کے بالکل سامنے جہنم ہو گی اور ان کی کمائی ان کے کچھ کام نہ آئے گی

مَّا كَسَبُوا شَيْئًا وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ

مَّا	كَسَبُوا	شَيْئًا	وَ	لَا	مَا	اتَّخَذُوا	مِن دُونِ	اللَّهِ	أَوْلِيَاءَ	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ
جو کچھ	انہوں نے کمایا	کچھ بھی	اور	نہ	جو	بنا لیے ہیں انہوں نے	سوائے	اللہ کے	حمایتی	اور	ان کیلئے	عذاب ہے

اور نہ وہ جنہیں انہوں نے اللہ کے علاوہ کارساز بنا رکھا تھا اور انہیں

عَظِيمٌ ﴿١٠﴾ هَٰذَا هُدًى ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ

عَظِيمٌ	هَٰذَا	هُدًى	وَ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	بِآيَاتِ	رَبِّهِمْ	لَهُمْ	عَذَابٌ	مِّن رِّجْزٍ
بڑا	یہ	ہدایت ہے	اور	وہ جو	منکر ہوئے	آیتوں کے	اپنے رب کی	ان کیلئے	سزا ہے	عذاب سے

بڑا عذاب ہوگا۔ یہ (قرآن) ہدایت ہے اور وہ لوگ جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کے ساتھ کفر کیا ان کیلئے دردناک عذاب

مِّن رِّجْزٍ أَلِيمٌ ﴿١١﴾ ۞ اللَّهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيهِ

أَلِيمٌ	اللَّهُ	الَّذِي	سَخَّرَ	لَكُمُ	الْبَحْرَ	لِتَجْرِيَ	الْفُلْكُ	فِيهِ
دردناک کی	اللہ	وہ ہے جس نے	تابع کیا	تمہارے	دریا کو	تاکہ چلیں	کشتیاں	اس میں

میں سے (سخت) عذاب ہے۔ اللہ ہے جس نے دریا کو تمہارے کام میں لگا دیا تاکہ اس کے حکم سے اس میں

بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿١٢﴾ وَسَخَّرَ لَكُم مَّا

بِأَمْرِهِ	وَلِتَبْتَغُوا	مِن فَضْلِهِ	وَ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُونَ	وَسَخَّرَ	لَكُم	مَّا
اسکے حکم سے	اور تاکہ تلاش کرو تم	اس کا فضل	اور	تاکہ تم	شکر کرو	اور تابع کیا	تمہارے	جو کچھ

کشتیاں چلیں اور اس لئے کہ تم اس کا رزق تلاش کرو اور تاکہ تم شکر بجا لاؤ۔ اور تمہارے لئے کام میں لگا دے

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

فی السمٰوٰت	وَ	مَا	فی الارض	جمیعا	منہ	اِنَّ	فی ذٰلک	لاٰیٰت	لقوم
آسمانوں میں ہے	اور	جو کچھ	زمین میں ہے	سب	اس سے	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	قوم کیلئے

جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہے اپنے حکم سے بے شک اس میں نشانیاں ہیں سوچنے

يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ

یتفکرون	قل	للذین	اٰمنوا	یغفروا	للذین	لا	یرجون	ایام اللہ
جو سوچیں	فرما دو	ان سے	جو مومن ہیں	درگذر کریں	ان سے جو	نہیں	امید رکھتے	اللہ کے دنوں کی

والوں کیلئے۔ ایمان والوں سے فرماؤ درگزر کریں ان سے جو اللہ کے دنوں کی امید نہیں رکھتے تاکہ اللہ

لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ

لیجزی	قوما	بما	کانوا	یکسبون	من	عمل	صالحا	فلنفسہ
تاکہ بدلے	قوم کو	جو	تھے	کماتے	جو کوئی	کام کرے	اچھے	تو اسی کیلئے ہے

ایک قوم کو اس کی کمائی کا بدلہ دے۔ جس نے درست کام کیا وہ اس کے اپنے لئے ہے

وَمَنْ اَسَاۗءَ فَعَلَيْهَا ۡ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

وَ	مَن	اساء	فعلیہا	ثم	الی	ربکم	ترجعون	وَ	لقد	اٰتینا
اور	جو کوئی	برائی کرے	تو اسی پر ہے	پھر	طرف	اپنے رب کی	پھیرے جاؤ گے	اور	بیشک	دی ہم نے

اور جس نے برا کام کیا اس کا بوجھ اسی پر ہے پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور ہم نے

بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ

بنی اسراءیل	الکتب	وَ	الحکم	والنبوۃ	وَ	رزقنٰہم	من الطیبٰت
بنی اسرائیل کو	کتاب	اور	حکمت	اور نبوت	اور	رزق دیا ہم نے انکو	پاک چیزوں سے

بنی اسرائیل کو کتاب حکومت اور نبوت دی تھی اور انہیں پاکیزہ چیزوں کا رزق دیا تھا اور انہیں اپنے زمانے کے

وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا

وَ	فَضَّلْنٰهُمْ	عَلٰى	الْعٰلَمِيْنَ	وَ	اٰتَيْنٰهُمْ	بَيِّنٰتٍ	مِّنَ الْاَمْرِ	فَمَا
اور	بزرگی دی ہم نے انکو	اوپر	جہان والوں کے	اور	دیں ہم نے ان کو	کھلی دلیلیں	احکام میں	تو نہ

سارے جہان پر برتری دی تھی۔ اور ہم نے انہیں اس دین کے بارے میں کھلی دلیلیں عطا فرمائیں

اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ

اخْتَلَفُوْٓا	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	جَآءَهُمُ	الْعِلْمُ	بَغْيًا	بَيْنَهُمْ	اِنَّ	رَبَّكَ
اختلاف کیا انہوں نے	مگر	بعد اسکے	جو کچھ	آیا انکے پاس	علم	حسد سے	آپس کے	بیشک	تمہارا رب

تو انہوں نے (دین میں) اختلاف نہ کیا مگر بعد اس کے کہ ان کے پاس علم آ چکا آپس کی سرکشی کے باعث

يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٧﴾ ثُمَّ

يَقْضِيْ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	ثُمَّ
فیصلہ کریگا	ان میں	دن	قیامت کے	اس میں جو	تھے	اس میں	اختلاف کرتے	پھر

بے شک آپ کا رب قیامت کے دن ان کے درمیان اس چیز میں فیصلہ فرمائے گا جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ پھر ہم

جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ

جَعَلْنٰكَ	عَلٰى	شَرِيْعَةٍ	مِّنَ الْاَمْرِ	فَاتَّبِعْهَا	وَ	لَا	تَتَّبِعْ	اَهْوَآءَ	الَّذِيْنَ
بنایا ہم نے آپ کو	اوپر	ایک شریعت کے	معاملات سے	تو پیروی کرو اسکی	اور	نہ	پیروی کرو	خواہش	ان لوگوں کی

نے آپ کو اس دین کے ایک (خاص عمدہ) طریقہ پر کر دیا تو آپ اسی پر چلیں اور ان لوگوں کی خواہشوں کی پیروی نہ کریں

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٨﴾ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

لَا	يَعْلَمُوْنَ	اِنَّهُمْ	لَنْ	يُّغْنُوْا	عَنْكَ	مِنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا	وَ	اِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ
جو نہیں	جانتے	بیشک وہ	ہرگز نہ	کام آئینگے	تیرے	اللہ سے	کچھ بھی	اور	بیشک	ظالم

جو بے علم ہیں۔ بے شک وہ اللہ کے مقابل تمہیں کچھ کام نہ دیں گے اور بے شک ظالم

بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۱۹﴾ هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ

بَعۡضُهُمۡ	اَوۡلِيَآءُ	بَعۡضٍ	وَ	اللّٰهُ	وَلِيُّ	الۡمُتَّقِيۡنَ	هٰذَا	بَصَآئِرُ	لِلنَّاسِ
بعض ان کے	دوست ہیں	بعض کے	اور	اللہ	دوست ہے	پرہیزگاروں کا	یہ	آنکھیں کھولنے	لوگوں کی

ایک دوسرے کے دوست ہیں اور ڈر والوں کا دوست اللہ ہے۔ یہ لوگوں کی آنکھیں کھولتا ہے

وَهُدًى وَّرَحۡمَةٌ لِّقَوۡمٍ يُّوۡقِنُوۡنَ ﴿۲۰﴾ اَمۡ حَسِبَ الَّذِيۡنَ اجۡتَرَحُوا

وَ	هُدًى	وَ	رَحۡمَةٌ	لِّقَوۡمٍ	يُّوۡقِنُوۡنَ	اَمۡ	حَسِبَ	الَّذِيۡنَ	اجۡتَرَحُوا
اور	ہدایت	اور	رحمت	واسطے اس قوم کے جو	یقین کریں	کیا	خیال کرتے ہیں	وہ جو کہ	ارتکاب کرتے ہیں

اور ایمان والوں کیلئے ہدایت و رحمت ہے۔ کیا وہ لوگ جو برائیاں کماتے ہیں سمجھتے ہیں

السَّيِّاٰتِ اَنۡ نَّجۡعَلَهُمۡ كَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً

السَّيِّاٰتِ	اَنۡ	نَّجۡعَلَهُمۡ	كَالَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	سَوَآءً
برائیوں کا	یہ کہ	کردینگے ہم انکو	ان کی طرح جو	ایمان لائے	اور	عمل کیے	اچھے	برابر ہے

کہ ہم انہیں ان لوگوں کی طرح کر دیں گے جو ایمان لاتے اور اچھے کام کرتے ہیں ان کی زندگی

مَّحۡيَاهُمۡ وَمَمَاتُهُمۡ ؕ سَآءَ مَا يَحۡكُمُوۡنَ ﴿۲۱﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ

مَّحۡيَاهُمۡ	وَ	مَمَاتُهُمۡ	سَآءَ	مَا	يَحۡكُمُوۡنَ	وَ	خَلَقَ	اللّٰهُ	السَّمٰوٰتِ
زندگی ان کی	اور	موت ان کی	برا ہے	جو	فیصلہ کرتے ہیں	اور	پیدا کیا	اللہ نے	آسمانوں کو

اور موت برابر کر دیں گے؟ کیا برا فیصلہ وہ کرتے ہیں۔ مگر اللہ نے آسمانوں

وَالۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ وَلِتُجۡزٰى كُلُّ نَفۡسٍۢ بِمَا كَسَبَتۡ وَهُمۡ

وَ	الۡاَرۡضَ	بِالۡحَقِّ	وَ	لِتُجۡزٰى	كُلُّ	نَفۡسٍ	بِمَا	كَسَبَتۡ	وَ	هُمۡ
اور	زمین کو	ٹھیک ٹھیک	اور	تاکہ بدلہ دیا جائے	ہر	آدمی کو	جو	اس نے کمایا	اور	وہ

اور زمین کو حق پر بنایا ہے اور اس لئے تاکہ ہر جان اپنی کمائی کا بدلہ پائے اور

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى

لَا	يُظْلَمُوْنَ	اَفَرَءَيْتَ	مَنِ	اتَّخَذَ	اِلٰهَهٗ	هَوٰىهُ	وَ	اَضَلَّهُ	اللّٰهُ	عَلٰى
نہ	ظلم کیے جائینگے	کیا تو نے دیکھا	اس کو	جس نے بنایا	اپنا معبود	اپنی خواہش کو	اور	گمراہ کیا اسے	اللہ نے	اوپر

ان پر ظلم نہ ہوگا۔ تو کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی نفسانی خواہش کو اپنا معبود بنا لیا

عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ۭ فَمَنْ

عِلْمٍ	وَّ	خَتَمَ	عَلٰى	سَمْعِهٖ	وَ	قَلْبِهٖ	وَ	جَعَلَ	عَلٰى	بَصَرِهٖ	غِشٰوَةً	فَمَنْ
علم کے	اور	مہر کی	اوپر	اسکے کان کے	اور	اسکے دل کے	اور	ڈال دیا	اوپر	اسکی آنکھ کے	پردہ	پھر کون

اور بھٹکا دیا اسے اللہ نے باوجود علم کے اور اس کے کان اور اس کے دل پر مُہر لگا دی اور اس کی بینائی پر پردہ ڈال دیا

يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا

يَّهْدِيْهِ	مِنْۢ بَعْدِ	اللّٰهِ	اَفَلَا	تَذَكَّرُوْنَ	وَ	قَالُوْا	مَا	هِيَ	اِلَّا	حَيَاتُنَا
ہدایت دے گا اسے	بعد	اللہ کے	کیا پھر نہیں	نصیحت لیتے تم	اور	بولے	نہیں	یہ	مگر	ہماری زندگی

تو اللہ کے بعد اسے کون ہدایت کرے تو کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتے۔ اور انہوں نے کہا وہ نہیں مگر ہماری یہی

الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ

الدُّنْيَا	نَمُوْتُ	وَنَحْيَا	وَمَا	يُهْلِكُنَآ	اِلَّا	الدَّهْرُ	وَمَا	لَهُمْ	بِذٰلِكَ	مِنْ عِلْمٍ
دنیا کی	ہم مرتے ہیں	اور زندہ ہوتے ہیں	اور نہیں	ہلاک کرتا ہم کو	مگر	زمانہ	اور نہیں	ان کو	اس کا	کچھ علم

دنیا کی زندگی (اسی دنیا میں) ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہمیں ہلاک نہیں کرتا مگر زمانہ اور (حقیقت یہ ہے کہ) انہیں اسکا کچھ علم

اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ

اِنْ	هُمْ	اِلَّا	يَظُنُّوْنَ	وَ	اِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا	بَيِّنٰتٍ	مَّا	كَانَ
نہیں	وہ	مگر	گمان کرتے ہیں	اور	جب	پڑھی جاتی ہیں	ان پر	ہماری آیتیں	روشن	نہیں	ہوتی

نہیں وہ (حق کے مقابل) گمان ہی کر رہے ہیں۔ اور جب ان پر ہماری آیتیں پڑھی جائیں تو بس ان کی حجت یہی ہوتی ہے

حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُ

حُجَّتَهُمْ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوا	ائْتُوْا	بِاٰبَآئِنَآ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	قُلِ	اللّٰهُ
حجت	مگر	یہ کہ	بولے	لاؤ	ہمارے باپ دادا کو	اگر	ہو تم	سچے	فرماؤ	اللہ

کہ کہتے ہیں ہمارے باپ دادا کو لے آؤ اگر تم سچے ہو۔ فرما دیجئے اللہ

يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ

يُحْيِيْكُمْ	ثُمَّ	يُمِيْتُكُمْ	ثُمَّ	يَجْمَعُكُمْ	اِلٰى	يَوْمِ	الْقِيٰمَةِ	لَا	رَيْبَ	فِيْهِ
زندہ کرتا ہے تم کو	پھر	مارتا ہے تم کو	پھر	جمع کرے گا تم کو	طرف	دن	قیامت کے	نہیں	شک	اس میں

تمہیں زندہ کرتا ہے پھر تم کو مارے گا پھر تم سب کو اکٹھا کرے گا قیامت کے دن

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ ع وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	وَ	لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ
اور	لیکن	اکثر	لوگ	نہیں	جانتے	اور	اللہ ہی کیلئے ہے	سلطنت	آسمانوں

جس میں کوئی شک نہیں لیکن بہت سے آدمی نہیں جانتے۔ اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی

وَالْاَرْضِ ۭ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿٢٧﴾

وَالْاَرْضِ	وَ	يَوْمَ	تَقُوْمُ	السَّاعَةُ	يَوْمَئِذٍ	يَّخْسَرُ	الْمُبْطِلُوْنَ
اور زمین کی	اور	جس دن	قائم ہوگی	قیامت	اس دن	نقصان اٹھائیں گے	کافر

اللہ ہی کی ہے اور جس دن وہ گھڑی قائم ہوگی اس دن جھوٹ بنانے والے خسارے میں ہوں گے۔

وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۣ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ۭ اَلْيَوْمَ

تَرٰى	كُلَّ	اُمَّةٍ	جَاثِيَةً	كُلُّ	اُمَّةٍ	تُدْعٰٓى	اِلٰى	كِتٰبِهَا	اَلْيَوْمَ
دیکھو گے تم	ہر	گروہ کو	زانو کے بل	ہر	امت	بلائی جائے گی	طرف	اپنی کتاب کے	آج

اور تم ہر اُمت کو گھٹنے ٹیکے ہوئے دیکھو گے ہر اُمت کو اس کی کتاب کی طرف بلایا جائے گا

تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ

عَلَیْکُمْ	یَنْطِقُ	کِتٰبُنَا	هٰذَا	تَعْمَلُوْنَ	کُنْتُمْ	مَا	تُجْزَوْنَ
تم پر	بولتی ہے	ہماری کتاب ہے	یہ	کرتے	تھے تم	جو	تم بدلے جاؤ گے

آج تمہیں تمہارے عملوں کی جزاء دی جائے گی۔ یہ ہمارا لکھا ہوا ہے تم

بِالْحَقِّ ۭ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَمَّا

فَاَمَّا	تَعْمَلُوْنَ	کُنْتُمْ	مَا	نَسْتَنْسِخُ	کُنَّا	اِنَّا	بِالْحَقِّ
تو وہ	کرتے	تھے تم	جو	لکھتے تھے	ہم	بیشک	ٹھیک ٹھیک

پر حق بولتا ہے بے شک ہم لکھتے رہے جو کچھ تم کرتے تھے۔ تو جو لوگ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ

رَبُّهُمْ	فَیُدْخِلُهُمْ	الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوْا	اٰمَنُوْا	الَّذِیْنَ
ان کا رب	داخل کرے گا ان کو	اچھے	اور کام کیے	ایمان لائے	جو

ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے

فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۰﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

الَّذِیْنَ	اَمَّا	وَ	الْمُبِیْنُ	الْفَوْزُ	هُوَ	ذٰلِكَ	فِیْ رَحْمَتِهٖ
جو	وہ	اور	کھلی	کامیابی	وہ	یہ ہے	اپنی رحمت میں

تو ان کا رب انہیں اپنی رحمت میں داخل فرمائے گا یہی بڑی روشن کامیابی ہے۔ اور کافروں سے فرمایا جائے گا

كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ

کُنْتُمْ	وَ	فَاسْتَکْبَرْتُمْ	عَلَیْکُمْ	تُتْلٰی	اٰیٰتِیْ	تَکُنْ	اَفَلَمْ	کَفَرُوْا
تھے تم	اور	تو تکبر کیا تم نے	تم پر	پڑھی جاتیں	میری آیتیں	تھیں	کیا نہیں	کافر ہوئے

کہ جب تم پر میری آیتیں پڑھی جاتی تھیں تو تم تکبر کرتے

قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ

قَوْمًا	مُّجْرِمِيْنَ	وَاِذَا	قِيْلَ	اِنَّ	وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّ
قوم	مجرموں کی	اور جب	کہا جاتا ہے	بیشک	وعدہ	اللہ کا	سچا ہے	اور

دراصل مجرم لوگ ہو۔ اور جب کہا جاتا ہے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے

السَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ اِنْ

اڑا کر بکھیر دینے والی ہواؤں کی قسم۔ اور (پانی کا) بوجھ اٹھانے والی بدلیوں کی قسم۔ اور آہستہ آہستہ چلنے والی کشتیوں کی قسم۔

فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۝۴ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۝۵ وَّاِنَّ الدِّیْنَ

فَالْمُقَسِّمٰتِ	اَمْرًا	اِنَّمَا	تُوْعَدُوْنَ	لَصَادِقٌ	وَّ	اِنَّ	الدِّیْنَ
پھر تقسیم کرنیوالیاں	حکم سے	اسکے سوانہیں کہ	تم وعدہ دیئے گئے ہو	سچا ہے	اور	بیشک	انصاف

پھر کام تقسیم کرنے والے فرشتوں کی قسم۔ بیشک جس امر کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ ضرور سچا ہے۔ اور بے شک جزاء ضرور

لَوَاقِعٌ ۝۶ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۝۷ اِنَّكُمْ لَفِیْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۝۸

لَوَاقِعٌ	وَالسَّمَآءِ	ذَاتِ الْحُبُكِ	اِنَّكُمْ	لَفِیْ قَوْلٍ	مُّخْتَلِفٍ
ہونا ہے	قسم ہے آسمان کی	راستوں والے	بیشک تم	البتہ بات میں	مختلف ہو

واقع ہوگی۔ آرائش والے آسمان کی قسم۔ تم مختلف بات میں ہو۔

یُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۝۹ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۝۱۰ الَّذِیْنَ هُمْ

یُّؤْفَكُ	عَنْهُ	مَنْ	اُفِكَ	قُتِلَ	الْخَرّٰصُوْنَ	الَّذِیْنَ	هُمْ
پھیرا جاتا ہے	اس سے	جو	پھیرا گیا	مارے جائیں	تراشنے والے دل سے	وہ کہ	وہ

اس سے وہی پھرتا ہے جو پھیر دیا گیا۔ ہلاک ہوں قیاس سے حکم لگانے والے۔ جو غفلت میں

فِیْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۝۱۱ یَسْـَٔلُوْنَ اَیَّانَ یَوْمُ الدِّیْنِ ۝۱۲ یَوْمَ هُمْ عَلَی

فِیْ غَمْرَةٍ	سَاهُوْنَ	یَسْـَٔلُوْنَ	اَیَّانَ	یَوْمُ الدِّیْنِ	یَوْمَ	هُمْ	عَلَی
مستی میں	بھولے ہوئے ہیں	پوچھتے ہیں	کب ہوگا	انصاف کا دن	جس دن	وہ	اوپر

بھولے ہوئے ہیں۔ پوچھتے ہیں روز جزا کب ہو گا۔ اس دن ہو گا جس دن وہ

النَّارِ یُفْتَنُوْنَ ۝۱۳ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ

النَّارِ	یُفْتَنُوْنَ	ذُوْقُوْا	فِتْنَتَكُمْ	هٰذَا	الَّذِیْ	كُنْتُمْ	بِهٖ
آگ کے	تپائے جائیں گے	چکھو	اپنا تپنا	یہ	وہ ہے	کہ تھے تم	اس کی

آگ پر تپائے جائیں گے۔ اور فرمایا جائے گا اپنی سزا کا مزہ چکھو یہی وہ عذاب ہے جسے تم

تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّ عُیُوْنٍ ﴿۱۵﴾

تَسْتَعْجِلُوْنَ	اِنَّ	الْمُتَّقِیْنَ	فِیْ جَنّٰتٍ	وَّعُیُوْنٍ
جلدی کرتے	بیشک	پرہیزگار	باغوں میں	اور چشموں میں ہوں گے

جلدی مانگتے تھے۔ پرہیز گار لوگ باغوں اور چشموں کے درمیان ہونگے۔

اٰخِذِیْنَ مَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ

اٰخِذِیْنَ	مَآ	اٰتٰهُمْ	رَبُّهُمْ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَبْلَ	ذٰلِكَ
لیں گے	جو	دے گا ان کو	ان کا رب	بیشک وہ	تھے	پہلے	اس سے

لے رہے ہوں گے جو ان کا رب انہیں دے گا بے شک وہ اس سے پہلے

مُحْسِنِیْنَ ﴿۱۶﴾ كَانُوْا قَلِیْلًا مِّنَ الَّیْلِ مَا یَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

مُحْسِنِیْنَ	كَانُوْا	قَلِیْلًا	مِّنَ الَّیْلِ	مَا یَهْجَعُوْنَ
نیکوکار	تھے وہ	تھوڑا	رات سے	جو سوتے

نیک لوگ تھے۔ وہ رات کو کم سوتے تھے۔

وَ بِالْاَسْحَارِ هُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَ فِیْٓ اَمْوَالِهِمْ

وَ	بِالْاَسْحَارِ هُمْ	یَسْتَغْفِرُوْنَ	وَ	فِیْٓ اَمْوَالِهِمْ
اور	پچھلی رات وہ	بخشش مانگتے	اور	ان کے مالوں میں

اور رات کے پچھلے پہروں میں مغفرت طلب کرتے تھے۔ اور ان کے اموال میں

حَقٌّ لِّلسَّآىِٕلِ وَ الْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾ وَ فِی الْاَرْضِ

حَقٌّ	لِّلسَّآىِٕلِ	وَ	الْمَحْرُوْمِ	وَ	فِی الْاَرْضِ
حق ہے	سائل کیلئے	اور	بے نصیب کا	اور	زمین میں

حق تھا سائل اور محروم کا۔ اور زمین میں نشانیاں ہیں

ٰایٰتٌ لِّلْمُوْقِنِیْنَ ﴿۲۰﴾ وَ فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۲۱﴾

تُبْصِرُوْنَ	اَفَلَا	فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ	وَ	لِّلْمُوْقِنِیْنَ	اٰیٰتٌ
دیکھتے تم	کیا نہیں	تمہاری جانوں میں	اور	یقین والوں کیلئے	نشانیاں ہیں

یقین والوں کے لیے۔ اور خود تمہاری ذات میں تو کیا تم دیکھتے نہیں؟

وَ فِی السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَ مَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَ

وَ	فَوَرَبِّ السَّمَآءِ	تُوْعَدُوْنَ	مَا	وَ	رِزْقُكُمْ	فِی السَّمَآءِ	وَ
اور	تو قسم ہے آسمانوں کے رب کی	تم وعدہ دیئے جاتے ہو	جو	اور	تمہارا رزق ہے	آسمان میں	اور

اور آسمان میں تمہارا رزق ہے اور جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ تو قسم آسمان اور زمین کے رب کی

الْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَاۤ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾ ع هَلْ اَتٰىكَ

اَتٰىكَ	هَلْ	تَنْطِقُوْنَ	اَنَّكُمْ	مَاۤ	مِّثْلَ	لَحَقٌّ	اِنَّهٗ	الْاَرْضِ
آئی تمہارے پاس	کیا	بولتے ہو	کہ تم	اس کی	مثل	حق ہے	بیشک وہ	زمین کے

بے شک یہ (قرآن) ضرور حق ہے جیسا کہ تمہارا بولنا۔ (اے محبوب ﷺ!) کیا آپ کے

ع ۲۲/۱۸

حَدِیْثُ ضَیْفِ اِبْرٰهِیْمَ الْمُكْرَمِیْنَ ﴿۲۴﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَیْهِ

عَلَیْهِ	دَخَلُوْا	اِذْ	الْمُكْرَمِیْنَ	اِبْرٰهِیْمَ	ضَیْفِ	حَدِیْثُ
اس پر	داخل ہوئے	جب	عزت والوں کی	ابراہیم کے	مہمانوں کی	بات

پاس ابراہیم علیہ السلام کے معزز مہمانوں کی خبر آئی؟ جب وہ اس کے پاس

وقف لازم

فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ ج فَرَاغَ اِلٰۤى

اِلٰۤى	فَرَاغَ	مُّنْكَرُوْنَ	قَوْمٌ	سَلٰمٌ	قَالَ	سَلٰمًا	فَقَالُوْا
طرف	تو گیا	ناشناسا	قوم تھی	سلام	کہا	سلام	پس بولے

آکر بولے سلام کہا سلام ناشناسا لوگ ہیں۔ پھر اپنے گھر گئے تو

اَهۡلِهٖ فَجَآءَ بِعِجۡلٍ سَمِیۡنٍ ﴿۲۶﴾ فَقَرَّبَهٗۤ اِلَیۡهِمۡ قَالَ

قَالَ	اِلَیۡهِمۡ	فَقَرَّبَهٗۤ	سَمِیۡنٍ	بِعِجۡلٍ	فَجَآءَ	اَهۡلِهٖ
کہا	ان کی طرف	پھر قریب کیا اس کو	فربا	بچھڑا	تو لایا	اپنے گھر کے

ایک فربہ بچھڑا لے آئے۔ اور اسے ان کو پیش کیا اور کہا کیا

اَلَا تَاۡكُلُوۡنَ ﴿۲۷﴾ فَاَوۡجَسَ مِنۡهُمۡ خِیۡفَةً ؕ قَالُوۡا لَا تَخَفۡ ؕ

تَخَفۡ	لَا	قَالُوۡا	خِیۡفَةً	مِنۡهُمۡ	فَاَوۡجَسَ	تَاۡكُلُوۡنَ	اَلَا
ڈریے	نہ	بولے	ڈر کو	ان سے	تو چھپایا	کھاتے تم	کیا نہیں

تم کھاؤ گے نہیں؟ پھر انہوں نے ان سے ڈر محسوس کیا انہوں نے کہا ڈرو مت

وَ بَشَّرُوۡهُ بِغُلٰمٍ عَلِیۡمٍ ﴿۲۸﴾ فَاَقۡبَلَتِ امۡرَاَتُهٗ فِیۡ صَرَّةٍ

فِیۡ صَرَّةٍ	امۡرَاَتُهٗ	فَاَقۡبَلَتِ	عَلِیۡمٍ	بِغُلٰمٍ	بَشَّرُوۡهُ	وَ
حیرت میں	اس کی بیوی	تو آئی	علم والے	لڑکے کی	بشارت دی اس کو	اور

اور انہیں ایک علم والے لڑکے کی بشارت دی۔ تو ان کی بیوی فریاد کرتی ہوئی آئیں

فَصَكَّتۡ وَجۡهَهَا وَ قَالَتۡ عَجُوۡزٌ عَقِیۡمٌ ﴿۲۹﴾ قَالُوۡا

قَالُوۡا	عَقِیۡمٌ	عَجُوۡزٌ	قَالَتۡ	وَ	وَجۡهَهَا	فَصَكَّتۡ
کہنے لگے	بانجھ	بڑھیا	بولی	اور	اپنے چہرے پر	تو اس نے ہاتھ مارا

پھر (تعجب سے) اپنے ماتھے پر ہاتھ مارا اور کہا مجھ بوڑھی بانجھ (کے لڑکا ہو گا؟) وہ بولے

كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡحَكِیۡمُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۳۰﴾

الۡعَلِیۡمُ	الۡحَكِیۡمُ	هُوَ	اِنَّهٗ	رَبُّكِ	قَالَ	كَذٰلِكِ
جاننے والا	حکمت والا	وہی ہے	بیشک وہ	تمہارے رب نے	کہا ہے	اسی طرح

ایسا ہی آپ کے رب نے فرمایا بے شک وہی بڑی حکمت والا بہت علم والا ہے۔

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى

اِلٰى	اُرْسِلْنَآ	اِنَّآ	قَالُوْٓا	الْمُرْسَلُوْنَ	اَيُّهَا	خَطْبُكُمْ	فَمَا	قَالَ
طرف	بھیجے گئے ہیں	ہم	بولے	فرشتو	اے	کام ہے تمہیں	پھر کیا	کہا

ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا تو اے فرشتو! تم کس کام سے آئے ہو۔ بولے ہم ایک مجرم قوم کی طرف

قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿۳۳﴾

مِّنْ طِيْنٍ	حِجَارَةً	عَلَيْهِمْ	لِنُرْسِلَ	مُّجْرِمِيْنَ	قَوْمٍ
گارے سے بنے ہوئے	پتھر	ان پر	تاکہ چھوڑ دیں ہم	مجرم کی	قوم

بھیجے گئے ہیں۔ تاکہ ان پر مٹی کے بنے ہوئے پتھر برسائیں۔

مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۴﴾ فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا

فِيْهَا	كَانَ	مَنْ	فَاَخْرَجْنَا	لِلْمُسْرِفِيْنَ	رَبِّكَ	عِنْدَ	مُّسَوَّمَةً
اس میں	تھے	جو	تو نکالے ہم نے	حد سے بڑھنے والوں کیلئے	تمہارے رب کے	نزدیک	نشاندار ہیں

جن پر حد سے نکلنے والوں کیلئے تمہارے رب کے ہاں نشان لگا دیئے گئے ہیں۔ تو ہم نے ان سب کو نکال لیا جو اس (بستی)

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾

مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ	بَيْتٍ	غَيْرَ	فِيْهَا	وَجَدْنَا	فَمَا	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
مسلمانوں سے	ایک گھر کے	سوائے	اس میں	پایا ہم نے	تو نہ	مومنوں سے

میں ایمان والے تھے۔ تو ہم نے اس میں مسلمانوں کے ایک گھر کے سوا (اور کوئی گھر) نہ پایا۔

وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ

الْعَذَابَ	يَخَافُوْنَ	لِّلَّذِيْنَ	اٰيَةً	فِيْهَآ	تَرَكْنَا	وَ
عذاب	ڈرتے ہیں	ان کیلئے جو	نشانی	اس میں	چھوڑی ہم نے	اور

اور ہم نے اس میں نشانی باقی رکھی ان کیلئے جو دردناک عذاب

الْاَلِیۡمَ ﴿۳۷﴾ وَ فِیۡ مُوۡسٰۤی اِذۡ اَرۡسَلۡنٰہُ اِلٰی فِرۡعَوۡنَ بِسُلۡطٰنٍ

بِسُلۡطٰنٍ	فِرۡعَوۡنَ	اِلٰی	اَرۡسَلۡنٰہُ	اِذۡ	فِیۡ مُوۡسٰۤی	وَ	الْاَلِیۡمَ
ساتھ سند	فرعون کی	طرف	بھیجا ہم نے اس کو	جبکہ	موسیٰ میں	اور	دردناک سے

سے ڈرتے ہیں۔ اور موسیٰ علیہ السلام میں جب ہم نے انہیں روشن دلیل کے ساتھ فرعون کے

مُّبِیۡنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰی بِرُکۡنِہٖ وَ قَالَ سٰحِرٌ اَوۡ مَجۡنُوۡنٌ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذۡنٰہُ

فَاَخَذۡنٰہُ	مَجۡنُوۡنٌ	اَوۡ	سٰحِرٌ	قَالَ	وَ	بِرُکۡنِہٖ	فَتَوَلّٰی	مُّبِیۡنٍ
تو ہم نے	دیوانہ	یا	جادوگر ہے	بولا	اور	اپنے لشکر سمیت	تو پھر گیا	روشن کے

پاس بھیجا۔ مگر اس نے اپنے اقتدار کی وجہ سے منہ موڑ لیا اور کہنے لگا وہ جادوگر ہے یا دیوانہ ہے۔ پھر ہم نے

وَ جُنُوۡدَہٗ فَنَبَذۡنٰہُمۡ فِی الۡیَمِّ وَ ہُوَ مُلِیۡمٌ ﴿ؕ۴۰﴾ وَ فِیۡ عَادٍ اِذۡ اَرۡسَلۡنَا

اَرۡسَلۡنَا	اِذۡ	فِیۡ عَادٍ	وَ	مُلِیۡمٌ	ہُوَ	وَ	فِی الۡیَمِّ	فَنَبَذۡنٰہُمۡ	وَ جُنُوۡدَہٗ
بھیجی ہم نے	جبکہ	عاد میں	اور	ملامت کیا گیا	وہ تھا	اور	دریا میں	تو ہم نے پھینک دیا انکو	اسکے لشکر کو

اسے اور اس کے لشکروں کو پکڑ لیا اور اسے سمندر کی لہروں میں ڈال دیا اور ملامت زدہ تھا۔ اور عاد (کی قوم) میں (بھی عبرت کی

عَلَیۡہِمُ الرِّیۡحَ الۡعَقِیۡمَ ﴿ۚ۴۱﴾ مَا تَذَرُ مِنۡ شَیۡءٍ اَتَتۡ عَلَیۡہِ

عَلَیۡہِ	اَتَتۡ	مِنۡ شَیۡءٍ	تَذَرُ	مَا	الۡعَقِیۡمَ	الرِّیۡحَ	عَلَیۡہِمُ
اس پر	کہ آئی	کسی شے کو	چھوڑتی تھی	نہیں	خشک	آندھی	ان پر

نشانیاں ہیں) جب کہ ہم نے ان پر رحمت سے خالی ہوا بھیجی۔ وہ جس چیز پر سے گزری اسے اسے

اِلَّا جَعَلَتۡہُ کَالرَّمِیۡمِ ﴿ؕ۴۲﴾ وَ فِیۡ ثَمُوۡدَ اِذۡ قِیۡلَ لَہُمۡ تَمَتَّعُوۡا حَتّٰی

حَتّٰی	تَمَتَّعُوۡا	لَہُمۡ	قِیۡلَ	اِذۡ	فِیۡ ثَمُوۡدَ	وَ	کَالرَّمِیۡمِ	جَعَلَتۡہُ	اِلَّا
ایک	فائدہ اٹھاؤ	ان سے	کہا گیا	جبکہ	ثمود میں	اور	گلی ہوئی چیز کی طرح	کر چھوڑتی اس کو	مگر

بوسیدہ چیز کی طرح کر دیا۔ اور ثمود (کی قوم) میں (بھی نشانی ہے) جب ان سے فرمایا گیا ایک

حِیۡنٍ ﴿۴۳﴾ فَعَتَوۡا عَنۡ اَمۡرِ رَبِّهِمۡ فَاَخَذَتۡهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمۡ

حِیۡنٍ	فَعَتَوۡا	عَنۡ اَمۡرِ	رَبِّهِمۡ	فَاَخَذَتۡهُمُ	الصّٰعِقَةُ	وَهُمۡ
وقت تک	تو سرکشی کی انہوں نے	حکم سے	اپنے رب کے	تو پکڑا ان کو	کڑک نے	اور وہ

خاص وقت تک فائدہ اٹھالو۔ تو انہوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی پھر ان کو پکڑ لیا اچانک ٹوٹ پڑنے والے عذاب

یَنۡظُرُوۡنَ ﴿۴۴﴾ فَمَا اسۡتَطَاعُوۡا مِنۡ قِیَامٍ وَّ مَا کَانُوۡا مُنۡتَصِرِیۡنَ ﴿۴۵﴾

یَنۡظُرُوۡنَ	فَمَا	اسۡتَطَاعُوۡا	مِنۡ قِیَامٍ	وَّ	مَا	کَانُوۡا	مُنۡتَصِرِیۡنَ
دیکھ رہے تھے	تو نہ	طاقت رکھی انہوں نے	کھڑا رہنے کی	اور	نہ	ہوئے وہ	بدلہ لینے والے

نے اور وہ آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔ پھر نہ وہ اس عذاب کے سامنے ٹھہر سکتے تھے اور نہ بدلہ لے سکتے تھے۔

وَقَوۡمَ نُوۡحٍ مِّنۡ قَبۡلُ ؕ اِنَّهُمۡ کَانُوۡا قَوۡمًا فٰسِقِیۡنَ ﴿۴۶﴾ ع وَالسَّمَآءَ بَنَیۡنٰهَا

ع ۲۲

وَ	قَوۡمَ	نُوۡحٍ	مِّنۡ قَبۡلُ	اِنَّهُمۡ	کَانُوۡا	قَوۡمًا	فٰسِقِیۡنَ	وَ	السَّمَآءَ	بَنَیۡنٰهَا
اور	قوم	نوح	ان سے پہلے	بیشک وہ	تھے	لوگ	فاسق	اور	آسمان	بنایا ہم نے اسکو

اور اس سے پہلے قوم نوح علیہ السلام (کے ساتھ یہی ہوا) وہ ایک بدکار قوم تھی۔ اور ہم نے آسمان کو (اپنی) قدرت سے بنایا

بِاَیۡىدٍ وَّ اِنَّا لَمُوۡسِعُوۡنَ ﴿۴۷﴾ وَالۡاَرۡضَ فَرَشۡنٰهَا فَنِعۡمَ الۡمٰهِدُوۡنَ ﴿۴۸﴾

بِاَیۡىدٍ	وَّ	اِنَّا	لَمُوۡسِعُوۡنَ	وَالۡاَرۡضَ	فَرَشۡنٰهَا	فَنِعۡمَ	الۡمٰهِدُوۡنَ
ہاتھوں سے	اور	بیشک ہم	وسعت دینے والے ہیں	اور زمین کو	ہم نے فرش کیا اس کو	تو کیا ہی اچھے ہیں	بچھانے والے

اور بے شک ہم ضرور وسیع قدرت والے ہیں۔ اور زمین کو ہم نے (فرش بنا کر) بچھایا تو ہم کیا ہی اچھے بچھانے والے ہیں۔

وَمِنۡ کُلِّ شَیۡءٍ خَلَقۡنَا زَوۡجَیۡنِ لَعَلَّکُمۡ تَذَکَّرُوۡنَ ﴿۴۹﴾ فَفِرُّوۡۤا اِلَی

وَ	مِنۡ	کُلِّ	شَیۡءٍ	خَلَقۡنَا	زَوۡجَیۡنِ	لَعَلَّکُمۡ	تَذَکَّرُوۡنَ	فَفِرُّوۡۤا	اِلَی
اور	ہر	ایک	چیز کے	پیدا کیے ہم نے	جوڑے	تاکہ تم	نصیحت پکڑو	تو دوڑو	طرف

اور ہم نے ہر چیز کے دو جوڑے بنائے کہ تم دھیان کرو۔ تو اللہ کی طرف دوڑو

اللّٰہِ ؕ اِنِّیۡ لَکُمۡ مِّنۡہُ نَذِیۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۵۰﴾ۚ وَ لَا تَجۡعَلُوۡا مَعَ اللّٰہِ اِلٰـہًا اٰخَرَ ؕ

اٰخَرَ	اِلٰـهًا	اللّٰهِ	مَعَ	لَا تَجْعَلُوْا	وَ	مُّبِيْنٌ	نَذِيْرٌ	مِّنْهُ	لَكُمْ	اِنِّيْ	اللّٰهِ
دوسرا	معبود	اللہ کے	ساتھ	نہ بناؤ	اور	صریح	ڈرانیوالا ہوں	اسکی طرف سے	تمہارے لئے	بیشک میں	اللہ کی

بے شک میں اس کی طرف سے تمہارے لئے صریح ڈر سنانے والا ہوں۔ اور اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا خدا

اِنِّیۡ لَکُمۡ مِّنۡہُ نَذِیۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۵۱﴾ۚ کَذٰلِکَ مَاۤ اَتَی الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ

مِنْ قَبْلِهِمْ	الَّذِيْنَ	اَتَى	مَآ	كَذٰلِكَ	مُّبِيْنٌ	نَذِيْرٌ	مِّنْهُ	لَكُمْ	اِنِّيْ
جو ان سے پہلے تھے	ان کے پاس	آیا	نہ	اسی طرح	صریح	ڈرانیوالا ہوں	اسکی طرف سے	تمہارے لئے	بیشک میں

نہ بناؤ میں اس کی طرف سے تمہیں صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ اسی طرح جو رسول بھی ان سے پہلے لوگوں کے پاس آیا

مِّنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا قَالُوۡا سَاحِرٌ اَوۡ مَجۡنُوۡنٌ ﴿۵۲﴾ۚ اَتَوَاصَوۡا بِہٖ ۚ بَلۡ ہُمۡ

بَلْ هُمْ	بِهٖ	اَتَوَاصَوْا	مَجْنُوْنٌ	اَوْ	سَاحِرٌ	قَالُوْا	اِلَّا	مِّنْ رَّسُوْلٍ
بلکہ وہ	اس کی	کیا وصیت کی آپس میں	دیوانہ	یا	جادوگر ہے	کہا انہوں نے	مگر	کوئی رسول

انہوں نے یہی کہا وہ جادوگر ہے یا دیوانہ۔ کیا انہوں نے ایک دوسرے کو اس بات کی وصیت کر دی تھی بلکہ

قَوۡمٌ طَاغُوۡنَ ﴿۵۳﴾ۚ فَتَوَلَّ عَنۡہُمۡ فَمَاۤ اَنۡتَ بِمَلُوۡمٍ ﴿۵۴﴾٭ۚ وَّ ذَکِّرۡ فَاِنَّ

فَاِنَّ	ذَكِّرْ	وَّ	بِمَلُوْمٍ	اَنْتَ	فَمَآ	عَنْهُمْ	فَتَوَلَّ	طَاغُوْنَ	قَوْمٌ
پس بیشک	نصیحت کرو	اور	کچھ الزام	آپ پر	تو نہیں	ان سے	تو منہ پھیرو	سرکش	لوگ ہیں

وہ سرکشی کرنے والے لوگ ہیں۔ تو (اے محبوب ﷺ) آپ ان سے توجہ ہٹالیں تو آپ پر کوئی ملامت نہیں۔ اور آپ نصیحت

الذِّکۡرٰی تَنۡفَعُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۵۵﴾ وَ مَا خَلَقۡتُ الۡجِنَّ وَ الۡاِنۡسَ

وَالْاِنْسَ	الْجِنَّ	خَلَقْتُ	مَا	وَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	تَنْفَعُ	الذِّكْرٰى
اور انسانوں کو	جنوں کو	پیدا کیا میں نے	نہیں	اور	مسلمانوں کو	فائدہ دیتی ہے	نصیحت

کرتے رہیں بیشک نصیحت مومنوں کو فائدہ دیتی ہے۔ اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اس لئے

اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ مَاۤ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَاۤ اُرِيْدُ اَنْ

اَنْ	اُرِيْدُ	وَّمَاۤ	رِّزْقٍ	مِّنْ	مِنْهُمْ	اُرِيْدُ	مَاۤ	لِيَعْبُدُوْنِ	اِلَّا
یہ کہ	چاہتا ہیں	اور نہیں	رزق	کچھ	ان سے	چاہتا ہیں	نہیں	تاکہ وہ میری عبادت کریں	مگر

پیدا کیا کہ وہ میری عبادت کریں۔ میں ان سے کوئی رزق نہیں چاہتا اور نہ چاہتا ہوں کہ وہ

يُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾ فَاِنَّ

فَاِنَّ	الْمَتِيْنُ	الْقُوَّةِ	ذُو	الرَّزَّاقُ	هُوَ	اللّٰهَ	اِنَّ	يُّطْعِمُوْنِ
تو بیشک	قدرت والا	قوت	صاحب	روزی دینے والا	وہی ہے	اللہ	بیشک	کھانا کھلائیں مجھ کو

مجھے کھلائیں۔ بے شک اللہ خود ہی بڑا رزق دینے والا قوت والا اختیار والا ہے۔ تو یقیناً (ان)

لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۵۹﴾

يَسْتَعْجِلُوْنِ	فَلَا	اَصْحٰبِهِمْ	ذَنُوْبِ	مِّثْلَ	ذَنُوْبًا	لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
جلدی کریں مجھ سے	تو نہ	انکے ساتھیوں کے	باری	مثل	ایک باری ہے	ظالموں کیلئے

ظالموں کیلئے (بھی عذاب کا) حصہ ہے ان کے ساتھیوں کے حصے کی طرح تو (یہ) مجھ سے جلدی طلب نہ کریں۔

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع

يُوْعَدُوْنَ	الَّذِيْ	مِنْ يَّوْمِهِمُ	كَفَرُوْا	لِّلَّذِيْنَ	فَوَيْلٌ
وعدہ دیئے جاتے ہیں	کہ اس کا	ان کے اس دن سے	کافر ہوئے	ان کی جو	تو خرابی ہے

تو کافروں کیلئے تباہی ہے ان کے اس دن سے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

آیاتها ۴۹ | ۵۲ سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ ۷۶ | رکوعاتها ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالطُّوْرِ ۝۱ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝۲ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝۳ وَّالْبَيْتِ

وَ	الطُّوْرِ	وَ	كِتٰبٍ	مَّسْطُوْرٍ	فِيْ رَقٍّ	مَّنْشُوْرٍ	وَّالْبَيْتِ
قسم ہے	طور کی	اور	کتاب	لکھی ہوئی کی	دفتر میں	کھلے	اور بیت

(کوہ) طور کی قسم۔ اور لکھی ہوئی کتاب کی قسم۔ جو کھلے اوراق میں ہے۔ اور آباد

الْمَعْمُوْرِ ۝۴ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۝۵ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۝۶ اِنَّ عَذَابَ

الْمَعْمُوْرِ	وَ	السَّقْفِ	الْمَرْفُوْعِ	وَ	الْبَحْرِ	الْمَسْجُوْرِ	اِنَّ	عَذَابَ
معمور کی	اور	چھت	بلند کی	اور	سمندر کی	سلگائے ہوئے	بیشک	عذاب

گھر کی قسم۔ اور اونچی چھت کی قسم۔ اور جوش مارتے ہوئے سمندر کی قسم۔ بیشک آپ کے رب کا عذاب

رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝۷ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۝۸ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۝۹ وَّتَسِيْرُ

رَبِّكَ	لَوَاقِعٌ	مَّا	لَهٗ	مِنْ	دَافِعٍ	يَّوْمَ	تَمُوْرُ	السَّمَآءُ	مَوْرًا	وَ	تَسِيْرُ
آپ کے رب کا	ضرور ہونا ہے	نہیں	اس کو	کوئی	ٹالنے والا	جس دن	ہلے گا	آسمان	ہلنا	اور	چلیں گے

ضرور واقع ہونے والا ہے۔ اسے کوئی ٹالنے والا نہیں ہے۔ جس دن آسمان تھرتھرائے گا۔ اور پہاڑ

الْجِبَالُ سَيْرًا ۝۱۰ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ

الْجِبَالُ	سَيْرًا	فَوَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	فِيْ خَوْضٍ
پہاڑ	چلنا	تو خرابی ہے	اس دن	جھٹلانیوالوں کیلئے	وہ لوگ جو کہ	وہ	مشغلہ میں

چلنے لگیں گے۔ تو اس دن جھٹلانے والوں کیلئے بڑی تباہی ہے۔ جو لوگ بیہودہ مشغلہ میں

يَّلْعَبُوْنَ ۝۱۲ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝۱۳ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا

وقف لازم

يَّلْعَبُوْنَ	يَوْمَ	يُدَعُّوْنَ	اِلٰى	نَارِ	جَهَنَّمَ	دَعًّا	هٰذِهِ	النَّارُ	الَّتِيْ	كُنْتُمْ	بِهَا
کھیلتے ہیں	جس دن	دھکا دیے جائینگے	طرف	آگ کی	جہنم کے	دھکیلے کیلئے	یہ	آگ	وہ ہے	کہتے تم	اس کو

کھیل رہے ہیں۔ جس دن جہنم کی طرف دھکا دے کر دھکیلے جائیں گے۔ یہ ہے وہ آگ جسے

تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِصْلَوْهَا

تُكَذِّبُوْنَ	اَفَسِحْرٌ	هٰذَآ	اَمْ	اَنْتُمْ	لَا	تُبْصِرُوْنَ	اِصْلَوْهَا
جھٹلاتے	کیا پھر جادو ہے	یہ	یا	تم	نہیں	دیکھتے	داخل ہو اس میں

تم جھٹلاتے تھے۔ تو کیا یہ جادو ہے یا تمہیں نظر نہیں آتا؟ اس میں داخل ہو جاؤ

فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ

فَاصْبِرُوْٓا	اَوْ	لَا تَصْبِرُوْا	سَوَآءٌ	عَلَيْكُمْ	اِنَّمَا	تُجْزَوْنَ	مَا	كُنْتُمْ
تو صبر کرو	یا	نہ صبر کرو	برابر ہے	تم پر	سوا اسکے نہیں	بدلہ دیئے جاؤ گے	جو	تھے تم

اور پھر صبر کرو یا نہ کرو تمہارے لئے برابر ہے تمہیں تمہارے عملوں کا بدلہ ہی

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ﴿۱۷﴾ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ ۚ

تَعْمَلُوْنَ	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ جَنّٰتٍ	وَّ	نَعِيْمٍ	فٰكِهِيْنَ	بِمَآ	اٰتٰهُمْ	رَبُّهُمْ
عمل کرتے	بیشک	پرہیزگار	باغوں میں	اور	نعمتوں میں ہوں گے	خوش ہوں گے	اس سے جو	دیا ان کو	انکے رب نے

دیا جا رہا ہے۔ بے شک متقی لوگ جنتوں اور نعمتوں میں ہوں گے۔ خوش ہو رہے ہونگے اپنے رب کی عطاؤں سے

وَوَقٰهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۱۸﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ

وَوَقٰهُمْ	رَبُّهُمْ	عَذَابَ	الْجَحِيْمِ	كُلُوْا	وَ	اشْرَبُوْا	هَنِيْٓـًٔا	بِمَا	كُنْتُمْ
اور بچایا ان کو	انکے رب نے	عذاب	جہنم سے	کھاؤ	اور	پیو	خوشگوار	بدلہ اس کا	کہ تھے تم

اور ان کا رب انہیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھے گا۔ کھاؤ اور پیو مزے سے اپنے ان اعمال کی وجہ سے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ مُتَّكِـِٔيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾

تَعْمَلُوْنَ	مُتَّكِـِٔيْنَ	عَلٰى	سُرُرٍ	مَّصْفُوْفَةٍ	وَزَوَّجْنٰهُمْ	بِحُوْرٍ	عِيْنٍ
عمل کرتے	تکیہ لگائے ہوں گے	اوپر	تختوں کے	جو قطار میں ہوں گے	اور بیاہ دیں گے ہم انکو	حور سے	موٹی آنکھ والی

جو تم کرتے تھے۔ صف بہ صف بچھے ہوئے تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے اور ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کو ان کی زوجیت میں دے دیں گے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ

وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	اتَّبَعَتْهُمْ	ذُرِّيَّتُهُمْ	بِاِيْمَانٍ	اَلْحَقْنَا بِهِمْ	ذُرِّيَّتَهُمْ	وَ	مَآ
اور	وہ جو	ایمان لائے	اور	پیچھے لگی انکے	ان کی اولاد	ایمان کے ساتھ	ملا دیں گے ہم انکے ساتھ	انکی اولاد کو	اور	نہ

اور جو لوگ ایمان لائے اور جن کی اولاد نے ایمان کے ساتھ ان کی پیروی کی، ان کی اولاد کو ہم ان سے

اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾

اَلَتْنٰهُمْ	مِّنْ عَمَلِهِمْ	مِّنْ	شَيْءٍ	كُلُّ	امْرِئٍ	بِمَا	كَسَبَ	رَهِيْنٌ
کم کریں گے ہم	انکے عملوں میں سے	کوئی	چیز	ہر	آدمی	اسکے ساتھ جو	کمایا اس نے	گرفتار ہے

ملا دیں گے اور ہم ان کے عملوں سے کچھ بھی کم نہ کریں گے ہر شخص اپنے ہی عمل (کی سزا و جزا) میں گرفتار ہوگا۔

وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا

وَ	اَمْدَدْنٰهُمْ	بِفَاكِهَةٍ	وَّلَحْمٍ	مِّمَّا	يَشْتَهُوْنَ	يَتَنَازَعُوْنَ	فِيْهَا	كَاْسًا	لَا
اور	مدد کی ہم نے انکی	میوے	اور گوشت سے	جو	چاہیں گے	آپس میں لینگے ایک دوسرے	اس میں	جام	نہ

اور ہم انہیں پھل اور گوشت جو وہ پسند کریں گے، دیتے رہیں گے۔ وہاں یہ لوگ لپک کر (شراب طہور کے) جام لے رہے

لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ

لَغْوٌ	فِيْهَا	وَلَا تَاْثِيْمٌ	وَيَطُوْفُ	عَلَيْهِمْ	غِلْمَانٌ	لَّهُمْ	كَاَنَّهُمْ	لُؤْلُؤٌ
بیہودگی ہوگی	اس میں	اور نہ گناہ	اور پھریں گے	ان پر	خدمت گار	ان کے	گویا وہ	موتی ہیں

ہوں گے اس میں نہ کوئی بیہودگی ہوگی اور نہ گناہ کا کام۔ اور ان کے خاص غلام (خدمت کیلئے) ان کے گرد پھرتے ہوں گے گویا وہ

مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا

مَّكْنُوْنٌ	وَ	اَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	يَّتَسَآءَلُوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّا	كُنَّا
چھپے ہوئے	اور	منہ کیا	ان کے بعض نے	اوپر	بعض کے	سوال کرتے ہوئے	کہیں گے	بیشک ہم	تھے

چھپا کر رکھے ہوئے موتی ہیں۔ اور ان میں ایک نے دوسرے کی طرف منہ کیا پوچھتے ہوئے۔ بولے بے شک ہم اس سے

قَبْلُ فِیْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِیْنَ ﴿۲۶﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَیْنَا وَ وَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

السَّمُوْمِ	عَذَابَ	وَقٰىنَا	وَ	عَلَیْنَا	اللّٰهُ	فَمَنَّ	مُشْفِقِیْنَ	فِیْٓ اَهْلِنَا	قَبْلُ
گرم ہوا (لُو) سے	عذاب	بچایا ہم کو	اور	ہم پر	اللہ نے	تو احسان کیا	سہمے ہوئے	اپنے گھر والوں میں	اس سے پہلے

پہلے اپنے گھروں میں سہمے ہوئے تھے۔ پھر اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں جھلسا دینے والی ہوا کے عذاب سے بچا لیا۔

اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ ﴿۲۸﴾ ع فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ

اَنْتَ	فَمَآ	فَذَكِّرْ	الرَّحِیْمُ	الْبَرُّ	هُوَ	اِنَّهٗ	نَدْعُوْهُ	مِنْ قَبْلُ	كُنَّا	اِنَّا
آپ	تو نہیں	تو نصیحت کرو	مہربان	احسان کرنیوالا	وہی ہے	بیشک وہ	عبادت کرتے اسکی	ان سے پہلے	ہم تھے	بیشک

بے شک پہلے بھی ہم اسے ہی پکارا کرتے تھے کہ وہی احسان کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اے حبیب ﷺ تو آپ نصیحت

بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّ لَا مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾ ؕ اَمْ یَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ

بِهٖ	نَّتَرَبَّصُ	شَاعِرٌ	یَقُوْلُوْنَ	اَمْ	لَا مَجْنُوْنٍ	وَّ	بِكَاهِنٍ	رَبِّكَ	بِنِعْمَتِ
اسکے متعلق	ہم انتظار کرتے ہیں	شاعر ہے	کہتے ہیں	یا	نہ مجنون	اور	کاہن	اپنے رب کے	نعمت سے

فرماتے رہیں کہ آپ اپنے رب کے فضل سے نہ کاہن ہیں اور نہ دیوانے۔ کیا (منکرین) کہتے ہیں یہ شاعر ہیں ہمیں ان پر

رَیْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِیْنَ ﴿۳۱﴾ ؕ اَمْ

اَمْ	مِّنَ الْمُتَرَبِّصِیْنَ	مَعَكُمْ	فَاِنِّیْ	تَرَبَّصُوْا	قُلْ	الْمَنُوْنِ	رَیْبَ
یا	انتظار کرنیوالوں میں سے ہوں	تمہارے ساتھ	تو بیشک میں بھی	انتظار کرو	فرماؤ	زمانے کے	گردش کی

زمانے کے حادثوں کا انتظار کر رہے ہیں۔ فرما دیجئے انتظار کئے جاؤ میں بھی تمہارے ساتھ انتظار میں ہوں۔ کیا ان کی

تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۳۲﴾ ج اَمْ یَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ج

تَقَوَّلَهٗ	یَقُوْلُوْنَ	اَمْ	طَاغُوْنَ	قَوْمٌ	هُمْ	اَمْ	بِهٰذَآ	اَحْلَامُهُمْ	تَاْمُرُهُمْ
بنا لیا ہے خود اسنے اسکو	کہتے ہیں	یا	سرکش	لوگ ہیں	وہ	یا	اس کا	ان کی عقلیں	حکم دیتی ہیں انکو

عقلیں انہیں یہی بتاتی ہیں یا وہ سرکش لوگ ہیں۔ یا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے اپنی طرف سے بنا لیا ہے؟

بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٣﴾ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿٣٤﴾ اَمْ

بَلْ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	فَلْيَاْتُوْا	بِحَدِيْثٍ	مِّثْلِهٖ	اِنْ	كَانُوْا	صٰدِقِيْنَ	اَمْ
بلکہ	نہیں	ایمان لاتے	تو چاہیے کہ لائیں	ایک بات	اس جیسی	اگر	ہیں وہ	سچے	یا

نہیں بلکہ وہ مانتے نہیں۔ اچھا! وہ بھی اس کی مثل کوئی بات لے آئیں اگر وہ سچے ہیں؟ کیا وہ

خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ

خُلِقُوْا	مِنْ غَيْرِ	شَيْءٍ	اَمْ	هُمُ	الْخٰلِقُوْنَ	اَمْ	خَلَقُوْا	السَّمٰوٰتِ
پیدا کیے گئے ہیں	بغیر کسی	چیز کے	یا	وہ ہیں	پیدا کرنیوالے	یا	پیدا کیا انہوں نے	آسمانوں کو

کسی شے کے بغیر پیدا کیے گئے؟ یا وہ (خود) خالق ہیں۔ کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿٣٦﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ

وَ	الْاَرْضَ	بَلْ	لَا	يُوْقِنُوْنَ	اَمْ	عِنْدَهُمْ	خَزَآئِنُ	رَبِّكَ	اَمْ	هُمُ
اور	زمین کو	بلکہ	نہیں	یقین کرتے	یا	پاس ان کے	خزانے ہیں	تمہارے رب کے	یا	وہ ہیں

کو پیدا کیا؟ بلکہ وہ یقین نہیں رکھتے۔ یا ان کے پاس تمہارے رب کے خزانے ہیں

الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ

الْمُصَيْطِرُوْنَ	اَمْ	لَهُمْ	سُلَّمٌ	يَسْتَمِعُوْنَ	فِيْهِ	فَلْيَاْتِ	مُسْتَمِعُهُمْ
ذمہ دار	یا	ان کے پاس	سیڑھی ہے	سن لیتے ہیں	اس میں	تو لے آئے	ان کا سننے والا

یا وہ داروغہ ہیں۔ یا ان کے پاس کوئی زینہ ہے جس میں چڑھ کر سن لیتے ہیں تو ان کا سننے والا

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٨﴾ اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿٣٩﴾ اَمْ تَسْئَلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ

بِسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	اَمْ	لَهُ	الْبَنٰتُ	وَ	لَكُمُ	الْبَنُوْنَ	اَمْ	تَسْئَلُهُمْ	اَجْرًا	فَهُمْ
کوئی سند	روشن	یا	اس کیلئے	بیٹیاں ہیں	اور	تمہارے لیے	بیٹے	یا	مانگتے ہو ان سے	اجرت	تو وہ

کوئی روشن دلیل لائے۔ یا اس کی بیٹیاں ہیں اور تمہارے بیٹے؟ کیا آپ ان سے اُجرت طلب کرتے

مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَمْ

مِّنْ مَّغْرَمٍ	مُّثْقَلُوْنَ	اَمْ	عِنْدَهُمُ	الْغَيْبُ	فَهُمْ	يَكْتُبُوْنَ	اَمْ
تاوان سے	بوجھل ہیں	یا	پاس ان کے	غیب ہے	سو وہ	لکھتے ہیں	یا

اور وہ تاوان کے بوجھ تلے دبے جا رہے ہیں۔ کیا ان کے پاس غیب ہے؟ کہ وہ لکھ رہے ہیں۔ یا وہ

يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ۚ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ

يُرِيْدُوْنَ	كَيْدًا	فَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	هُمُ	الْمَكِيْدُوْنَ	اَمْ	لَهُمْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ
چاہتے ہیں	مکر کرنا	تو وہ جو	کافر ہوئے	وہی	مکر میں آئیں گے	یا	ان کیلئے	معبود ہے	سوا

فریب دینا چاہتے ہیں؟ تو کفر کرنے والے خود ہی اپنے دام فریب میں مبتلا ہیں۔ یا اللہ کے سوا ان کا

اللّٰهِ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ

اللّٰهِ	سُبْحٰنَ	اللّٰهِ	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	وَ	اِنْ	يَّرَوْا	كِسْفًا	مِّنَ السَّمَآءِ
اللہ کے	پاک ہے	اللہ	اس سے جو	شرک کرتے ہیں	اور	اگر	دیکھیں	ٹکڑا	آسمان سے

کوئی اور خدا ہے اللہ پاک ہے ان کے شرک سے۔ اور اگر آسمان سے کوئی ٹکڑا گرتا

سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿۴۴﴾ فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ

سَاقِطًا	يَّقُوْلُوْا	سَحَابٌ	مَّرْكُوْمٌ	فَذَرْهُمْ	حَتّٰى	يُلٰقُوْا	يَوْمَهُمُ
گرتا ہوا	کہیں	بادل ہے	تہ بہ تہ	سو چھوڑ دو ان کو	یہاں تک کہ	ملیں	اپنے دن کو

دیکھیں تو کہیں گے تہہ بہ تہہ بادل ہے۔ پس آپ انہیں (ان کے حال پر) چھوڑ دیجئے یہاں تک کہ وہ اپنا

الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ﴿۴۵﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ

الَّذِيْ	فِيْهِ	يُصْعَقُوْنَ	يَوْمَ	لَا	يُغْنِيْ	عَنْهُمْ	كَيْدُهُمْ	شَيْـًٔا	وَّ	لَا هُمْ
وہ دن	جس میں	بیہوش ہوجائینگے	جس دن	نہ	کام آئے گا	ان کا	مکر ان کا	کچھ بھی	اور	نہ وہ

وہ دن دیکھیں جس میں ان کے ہوش اُڑ جائیں گے۔ جس دن ان کا فریب ان کے کچھ کام نہ آئے گا اور نہ

يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

اَكْثَرَهُمْ	لٰكِنَّ	وَ	ذٰلِكَ	دُوْنَ	عَذَابًا	ظَلَمُوْا	لِلَّذِيْنَ	اِنَّ	وَ	يُنْصَرُوْنَ
اکثران کے	لیکن	اور	اس کے بھی	سوا	عذاب ہے	ظالم ہیں	ان کیلئے جو	بیشک	اور	مدد دیئے جائینگے

انہیں مدد ملے گی۔ اور بے شک ظالموں کیلئے اس (عذابِ آخرت) سے پہلے ایک (اور) عذاب ہے لیکن ان کے اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ

بِحَمْدِ	سَبِّحْ	وَ	بِاَعْيُنِنَا	فَاِنَّكَ	رَبِّكَ	لِحُكْمِ	وَاصْبِرْ	يَعْلَمُوْنَ	لَا
ساتھ حمد کے	تسبیح بیان کرو	اور	ہماری نگاہ میں ہو	پس بیشک آپ	اپنے رب کے	واسطے حکم	اور صبر کرو	جانتے	نہیں

نہیں جانتے۔ اور (اے محبوب ﷺ!) آپ اپنے رب کے فیصلہ پر ٹھہرے رہیں بے شک آپ ہماری حفاظت میں ہیں اور اپنے

رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۴۸﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿۴۹﴾ ع

النُّجُوْمِ	اِدْبَارَ	وَ	فَسَبِّحْهُ	مِنَ الَّيْلِ	وَ	تَقُوْمُ	حِيْنَ	رَبِّكَ
تاروں کے	پیٹھ دیتے وقت	اور	اسکی تسبیح بیان کرو	رات کے کچھ حصہ میں	اور	کھڑے ہو	جب تم	اپنے رب کی

رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کیجئے جب آپ کھڑے ہوں۔ اور کچھ رات میں اس کی تسبیح کیجئے اور جب تارے چھپتے ہیں۔

اٰیاتھا ۶۲ | ۵۳ سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ ۲۳ | رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ﴿۱﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ﴿۲﴾ وَمَا يَنْطِقُ

يَنْطِقُ	مَا	وَ	غَوٰى	مَا	وَ	صَاحِبُكُمْ	ضَلَّ	مَا	هَوٰى	اِذَا	وَالنَّجْمِ
بولتے	نہیں	اور	بے راہ چلے	نہ	اور	تمہارے صاحب	بہکے	نہ	اترے	جب	قسم ہے تارے کی

اس پیارے چمکتے تارے محمد ﷺ کی قسم جب یہ معراج سے نیچے اترے۔ تمہارے صاحب نہ (کبھی) راہ بھولے اور نہ (کبھی) راہ سے بھٹکے

عَنِ الْهَوٰی ۞۳ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی ۞۴ عَلَّمَهٗ شَدِیْدُ الْقُوٰی ۞۵

عَنِ الْهَوٰی	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	وَحْیٌ	یُّوْحٰی	عَلَّمَهٗ	شَدِیْدُ	الْقُوٰی
اپنی خواہش سے	نہیں	وہ	مگر	وحی ہے جو	وحی کی گئی	سکھایا اس کو	سخت	قوت والے نے

اور وہ اپنی خواہش سے کلام نہیں کرتے۔ ان کا بولنا سراسر وحی خدا ہوتا ہے جو انہیں کی جاتی ہے۔ انہیں سکھایا (اللہ) سخت قوتوں والے نے۔

ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰی ۞۶ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰی ۞۷ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی ۞۸

ذُوْ مِرَّةٍ	فَاسْتَوٰی	وَ	هُوَ	بِالْاُفُقِ	الْاَعْلٰی	ثُمَّ	دَنَا	فَتَدَلّٰی
صاحب طاقت نے	پھر قصد فرمایا	اور	وہ	کنارے	بلند پر تھا	پھر	قریب ہوا	پھر لٹکا

بہت زبردست نے پھر اس (اللہ) نے استویٰ فرمایا۔ اور وہ آسمان بریں کے سب سے بلند کنارہ (یعنی عالم خلق کی انتہا) پر تھے۔ پھر وہ (رب العزت اپنے

فَكَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی ۞۹ فَاَوْحٰۤی اِلٰی عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰی ۞۱۰ مَا

فَكَانَ	قَابَ	قَوْسَیْنِ	اَوْ	اَدْنٰی	فَاَوْحٰی	اِلٰی	عَبْدِهٖ	مَاۤ	اَوْحٰی	مَا
پھر ہوگیا	بہ قدر	دو کمان کے	بلکہ	اس سے بھی قریب	تو وحی فرمائی	طرف	اپنے بندے کی	جو	وحی فرمائی	نہیں

حبیب ﷺ سے) قریب ہوا پھر اور زیادہ قریب ہوگیا۔ پھر (محب اور حبیب میں) دو کمان کی مقدار فاصلہ رہ گیا بلکہ اس سے بھی کم ہوگیا۔ تب اس نے

كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی ۞۱۱ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰی مَا یَرٰی ۞۱۲ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً

كَذَبَ	الْفُؤَادُ	مَا	رَاٰی	اَفَتُمٰرُوْنَهٗ	عَلٰی	مَا	یَرٰی	وَلَقَدْ	رَاٰهُ	نَزْلَةً
جھٹلایا	دل نے	جو	اس نے دیکھا	کیا تم اس سے جھگڑتے ہو	اس پر	جو	دیکھا	اور بیشک	دیکھا اس نے اسکو	ایک مرتبہ

اپنے بندے کو وحی فرمائی جو (بھی) وحی فرمائی۔ قلب مبارک نے اس کے خلاف نہ کہا جو (چشم اقدس نے) دیکھا۔ تو کیا تم ان سے اس پر جھگڑتے ہو جو

اُخْرٰی ۞۱۳ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی ۞۱۴ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰی ۞۱۵ اِذْ

اُخْرٰی	عِنْدَ	سِدْرَةِ	الْمُنْتَهٰی	عِنْدَهَا	جَنَّةُ	الْمَاْوٰی	اِذْ
اور (دومرتبہ)	نزدیک	سدرۃ	المنتہیٰ کے	پاس اس کے ہے	جنت	الماویٰ	جب

انہوں نے دیکھا۔ اور انہوں نے تو وہ جلوہ دوبارہ دیکھا۔ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس۔ اس کے پاس جنت الماویٰ ہے۔ جب

يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ﴿١٦﴾ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ﴿١٧﴾ لَقَدْ رَاٰى

يَغْشٰى	السِّدْرَةَ	مَا	يَغْشٰى	مَا	زَاغَ	الْبَصَرُ	وَ	مَا	طَغٰى	لَقَدْ	رَاٰى
چھا رہا تھا	سدرہ پر	جو	چھا رہا تھا	نہ	پھری	آنکھ	اور	نہ	حد سے بڑھی	بیشک	دیکھیں اس نے

اس بیری پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا۔ نہ ایک طرف مائل ہوئی نظر اور نہ حد (ادب) سے بڑھی۔ بے شک انہوں نے

مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿١٨﴾ اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿١٩﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ

مِنْ اٰيٰتِ	رَبِّهِ	الْكُبْرٰى	اَفَرَءَيْتُمُ	اللّٰتَ	وَ	الْعُزّٰى	وَ	مَنٰوةَ	الثَّالِثَةَ
بعض نشانیاں	اپنے رب کی	بڑی بڑی	کیا تم نے دیکھا	لات	اور	عزیٰ کو	اور	منات کو	تیسری

اپنے رب کی بڑی نشانیاں ضرور دیکھیں۔ تو کیا تم نے دیکھا لات اور عزیٰ۔ اور اس تیسری

الْاُخْرٰى ﴿٢٠﴾ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿٢١﴾ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿٢٢﴾

الْاُخْرٰى	اَلَكُمُ	الذَّكَرُ	وَ	لَهُ	الْاُنْثٰى	تِلْكَ	اِذًا	قِسْمَةٌ	ضِيْزٰى
پچھلی کو	کیا تمہارے لئے	بیٹے ہیں	اور	اس کیلئے	بیٹیاں	یہ	اس وقت	تقسیم ہے	ٹیڑھی

منات کو۔ کیا تمہارے لئے لڑکے ہیں اور اس کیلئے لڑکیاں؟ پھر تو یہ تقسیم بڑی نامناسب ہے۔

اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا

اِنْ	هِيَ	اِلَّآ	اَسْمَآءٌ	سَمَّيْتُمُوْهَآ	اَنْتُمْ	وَ	اٰبَآؤُكُمْ	مَّآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	بِهَا
نہیں	وہ	مگر	نام ہیں جو	تم نے رکھے ہیں انکے	تم نے	اور	باپ دادا تمہارے نے	نہیں	اتاری	اللہ نے	اس کی

یہ تو صرف نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں اللہ نے ان کے بارے میں

مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ

مِنْ سُلْطٰنٍ	اِنْ	يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَ	مَا	تَهْوَى	الْاَنْفُسُ	وَ	لَقَدْ
کوئی سند	نہیں	پیروی کرتے وہ	مگر	گمان کی	اور	اسکی جو	چاہیں	نفس	اور	بیشک

کوئی دلیل نہیں اتاری وہ پیروی کرتے ہیں گمان اور اپنی نفسانی خواہشوں کی حالانکہ یقیناً ان کے پاس

جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ﴿٢٣﴾ اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿٢٤﴾ فَلِلّٰهِ

فَلِلّٰهِ	تَمَنّٰى	مَا	لِلْاِنْسَانِ	اَمْ	الْهُدٰى	مِّنْ رَّبِّهِمْ	جَآءَهُمْ
تو اللہ ہی کیلئے ہے	چاہے	جو	انسان کیلئے ہے	کیا	ہدایت	انکے رب کی طرف سے	آئی انکے پاس

ان کے رب کی طرف سے ہدایت آ چکی ہے۔ کیا انسان کو وہ سب کچھ مل جاتا ہے جس کی وہ تمنا کرتا ہے؟ تو آخرت

الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿٢٥﴾ وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِى السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِىْ شَفَاعَتُهُمْ

شَفَاعَتُهُمْ	تُغْنِىْ	لَا	فِى السَّمٰوٰتِ	مَّلَكٍ	كَمْ مِّنْ	وَ	الْاُوْلٰى	وَ	الْاٰخِرَةُ
ان کی سفارش	کام آتی	نہیں	آسمانوں میں	فرشتے ہیں	کتنے ہی	اور	دنیا	اور	آخرت

اور دنیا سب کا مالک اللہ ہی ہے۔ اور کتنے ہی فرشتے ہیں آسمانوں میں کہ ان کی سفارش کچھ کام نہیں

شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿٢٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	اِنَّ	يَرْضٰى	وَ	يَشَآءُ	لِمَنْ	اللّٰهُ	يَّاْذَنَ	اَنْ	مِنْۢ بَعْدِ	اِلَّا	شَيْـًٔا
وہ جو	بیشک	پسند کرے	اور	چاہے	جس کو	اللہ	اجازت دے	کہ	بعد اسکے	مگر	کچھ بھی

آتی مگر جب کہ اللہ اجازت دے دے جس کیلئے چاہے اور پسند فرمائے۔ جو لوگ آخرت کو نہیں

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿٢٧﴾ وَمَا لَهُمْ بِهٖ

بِهٖ	لَهُمْ	مَا	وَ	الْاُنْثٰى	تَسْمِيَةَ	الْمَلٰٓئِكَةَ	لَيُسَمُّوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	يُؤْمِنُوْنَ	لَا
اس کا	ان کو	نہیں	اور	عورتوں کے	نام	فرشتوں کے	وہ نام رکھتے ہیں	آخرت پر	ایمان لائے	نہیں

مانتے وہ فرشتوں کو عورتوں کے نام سے موسوم کر دیتے ہیں۔ مگر انہیں اس کا

مِنْ عِلْمٍ ۗ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِىْ مِنَ الْحَقِّ

مِنَ الْحَقِّ	يُغْنِىْ	لَا	الظَّنَّ	اِنَّ	وَ	الظَّنَّ	اِلَّا	يَّتَّبِعُوْنَ	اِنْ	مِنْ عِلْمٍ
حق سے	کام آتا	نہیں	گمان	بیشک	اور	گمان کی	مگر	پیروی کرتے	نہیں	کوئی علم

کوئی علم نہیں، وہ محض وہم و گمان کے پیچھے چلتے ہیں اور وہم و گمان حق کے مقابلے میں

شَيْـًٔا ۚ﴿۲۸﴾ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ

شَيْـًٔا	فَاَعْرِضْ	عَنْ مَّنْ	تَوَلّٰى	عَنْ ذِكْرِنَا	وَ	لَمْ	يُرِدْ	اِلَّا	الْحَيٰوةَ
کچھ بھی	سو منہ پھیرو	اس سے جس نے	منہ پھیرا	یاد ہماری سے	اور	نہ	چاہا	مگر	زندگی

کچھ کام نہیں آتا۔ تو آپ اپنی توجہ اس سے ہٹا لیں جس نے ہماری یاد سے روگردانی کی اور سوائے دنیا کی زندگی کے اور کوئی

الدُّنْيَا ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ

الدُّنْيَا	ذٰلِكَ	مَبْلَغُهُمْ	مِّنَ الْعِلْمِ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِمَنْ	ضَلَّ
دنیا کی	یہ ہے	ان کی پہنچ	علم سے	بیشک	تمہارا رب	وہ	خوب جانتا ہے	اس کو جو	گمراہ ہوا

مقصد نہیں رکھتا۔ یہ حد ہے ان کے علم کی رسائی کی بے شک آپ کا رب ہی خوب جانتا ہے جو اس کی

عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

عَنْ سَبِيْلِهٖ	وَ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِمَنِ	اهْتَدٰى	وَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا
اس کی راہ سے	اور	وہ	خوب جانتا ہے	اسکو کہ جس نے	راہ پائی	اور	اللہ ہی کا ہے	جو کچھ	آسمانوں میں	اور	جو کچھ

راہ سے بھٹکا اور وہ خوب جانتا ہے اس کو جس نے ہدایت قبول کی۔ اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے جو اور

فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ

فِي الْاَرْضِ	لِيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ	اَسَاۗءُوْا	بِمَا	عَمِلُوْا	وَ	يَجْزِيَ
زمین میں ہے	تاکہ بدلہ دے	ان کو جو	برے ہیں	اس کا جو	انہوں نے کیا	اور	بدلہ دے

کچھ زمین میں تاکہ برائی کرنے والوں کو ان کے کئے کا بدلہ دے اور نیکی کرنے والوں

الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ۚ﴿۳۱﴾ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰۗىِٕرَ الْاِثْمِ

الَّذِيْنَ	اَحْسَنُوْا	بِالْحُسْنٰى	اَلَّذِيْنَ	يَجْتَنِبُوْنَ	كَبٰۗىِٕرَ	الْاِثْمِ
ان کو	جو نیک ہیں	اچھا بدلہ	وہ جو	بچتے ہیں	بڑے بڑے	گناہوں سے

کو نہایت اچھا صلہ عطا فرمائے۔ وہ جو بڑے گناہوں اور بے حیائیوں سے بچتے ہیں

وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ

وَالْفَوَاحِشَ	اِلَّا	اللَّمَمَ	اِنَّ	رَبَّكَ	وَاسِعُ	الْمَغْفِرَةِ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِكُمْ	اِذْ
اور بے حیائی سے	مگر	صغیرہ گناہ	بیشک	تمہارا رب	وسیع	بخشش والا ہے	وہ	خوب جانتا ہے	تم کو	جبکہ

مگر اتنا کہ گناہ کے پاس گئے اور رک گئے بے شک تمہارے رب کی مغفرت وسیع ہے وہ تمہیں خوب جانتا ہے

اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا

اَنْشَاَكُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ	وَ	اِذْ	اَنْتُمْ	اَجِنَّةٌ	فِیْ بُطُوْنِ	اُمَّهٰتِكُمْ	فَلَا
پیدا کیا تم کو	زمین سے	اور	جبکہ	تم	بچے تھے	پیٹوں میں	اپنی ماؤں کے	تو نہ

تمہیں مٹی سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں حمل کی صورت تھے تو پھر اپنے نفس کی پاکیزگی کے

تُزَكُّوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿٣٢﴾ ع اَفَرَءَیْتَ الَّذِیْ تَوَلّٰى ﴿٣٣﴾

تُزَكُّوْۤا	اَنْفُسَكُمْ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِمَنِ	اتَّقٰى	اَفَرَءَیْتَ	الَّذِیْ	تَوَلّٰى
پاک بتاؤ تم	اپنے آپ کو	وہ	خوب جانتا ہے	اس کو جو	پرہیز گار ہے	کیا تم نے دیکھا ہے	وہ جو	پھر گیا

وعدے نہ کرو وہ خوب جانتا ہے جو پرہیز گار ہیں۔ کیا تم نے اسے دیکھا جس نے (حق سے) منہ موڑ لیا۔

وَاَعْطٰى قَلِیْلًا وَّاَكْدٰى ﴿٣٤﴾ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَیْبِ فَهُوَ یَرٰى ﴿٣٥﴾ اَمْ لَمْ

وَ	اَعْطٰى	قَلِیْلًا	وَ	اَكْدٰى	اَعِنْدَهٗ	عِلْمُ	الْغَیْبِ	فَهُوَ	یَرٰى	اَمْ	لَمْ
اور	دیا	تھوڑا سا	اور	روک لیا	کیا پاس اسکے ہے	علم	غیب	تو وہ	دیکھتا ہے	کیا	نہ

اور اس نے تھوڑا سا (راہ حق میں) دیا اور پھر رک گیا؟ کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ دیکھ رہا ہے۔ کیا اسے اس چیز کی خبر

یُنَبَّاْ بِمَا فِیْ صُحُفِ مُوْسٰى ﴿٣٦﴾ وَاِبْرٰهِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰۤى ﴿٣٧﴾ اَلَّا تَزِرُ

یُنَبَّاْ	بِمَا	فِیْ صُحُفِ	مُوْسٰى	وَ	اِبْرٰهِیْمَ	الَّذِیْ	وَفّٰۤى	اَلَّا	تَزِرُ
خبر دیا گیا	اسکی جو	صحیفوں میں ہے	موسیٰ کے	اور	ابراہیم کے	جس نے	پورا کیا	یہ کہ نہ	اٹھائے گی

نہیں ملی جو موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں ہے۔ اور ابراہیم علیہ السلام کے (صحیفوں میں تھیں) جنہوں نے (اللہ کے ہر امر کو) اہتمام سے پورا کیا۔

وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ﴿۳۸﴾ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿۳۹﴾ وَاَنَّ سَعْيَهٗ

وَازِرَةٌ	وِّزْرَ	اُخْرٰى	وَ	اَنْ	لَّيْسَ	لِلْاِنْسَانِ	اِلَّا	مَا	سَعٰى	وَ	اَنَّ	سَعْيَهٗ
کوئی اٹھانیوالی	بوجھ	دوسرے کا	اور	یہ کہ	نہیں ہے	انسان کیلیے	مگر	جو	کوشش کی	اور	بیشک	اسکی کوشش

کہ کوئی بوجھ اٹھانے والی جان دوسری کا بوجھ نہیں اٹھائی۔ اور یہ کہ انسان کیلیے کچھ نہیں مگر جو کوشش اس نے کی۔ اور یہ کہ اس کی

سَوْفَ يُرٰى ﴿۴۰﴾ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ﴿۴۱﴾ وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ

سَوْفَ	يُرٰى	ثُمَّ	يُجْزٰىهُ	الْجَزَآءَ	الْاَوْفٰى	وَ	اَنَّ	اِلٰى	رَبِّكَ
جلدی	دیکھی جائے گی	پھر	بدلہ دیا جائے گا اسکو	بدلہ	پورا پورا	اور	بیشک	طرف	تمہارے رب کی ہے

کوشش پر غور کیا جائے گا۔ پھر اسے پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ اور یہ کہ (بالآخر) آپکے رب ہی

الْمُنْتَهٰى ﴿۴۲﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ﴿۴۳﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ﴿۴۴﴾

الْمُنْتَهٰى	وَ	اَنَّهٗ	هُوَ	اَضْحَكَ	وَ	اَبْكٰى	وَ	اَنَّهٗ	هُوَ	اَمَاتَ	وَ	اَحْيَا
انتہا	اور	بیشک وہ	وہی ہے	جس نے ہنسایا	اور	رلایا	اور	وہی ہے	جس نے	مارا	اور	جلایا

کیطرف پہنچنا ہے۔ اور یہ کہ وہی ہے جس نے ہنسایا اور رولایا۔ اور یہ کہ وہی مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے۔

وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۴۵﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى ﴿۴۶﴾

وَ	اَنَّهٗ	خَلَقَ	الزَّوْجَيْنِ	الذَّكَرَ	وَالْاُنْثٰى	مِنْ نُّطْفَةٍ	اِذَا	تُمْنٰى
اور	اسی نے	پیدا کئے	جوڑے	نر	اور مادہ	نطفہ سے	جب	ٹپکایا جاتا ہے

اور یہ کہ وہی نر اور مادہ کی دو قسمیں بناتا ہے۔ نطفہ (ایک تولیدی قطرہ) سے جبکہ وہ (رحم مادر میں) ٹپکایا جاتا ہے۔

وَاَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿۴۷﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى ﴿۴۸﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ

وَ	اَنَّ	عَلَيْهِ	النَّشْاَةَ	الْاُخْرٰى	وَ	اَنَّهٗ	هُوَ	اَغْنٰى	وَ	اَقْنٰى	وَ	اَنَّهٗ	هُوَ
اور	بیشک	اسی پر ہے	پیدائش	دوسری	اور	بیشک	اسی نے	غنی کیا	اور	قناعت دی	اور	بیشک وہ	وہی

اور یہ کہ اسی پر ہے دوسری زندگی عطا فرمانا۔ اور یہ کہ اسی نے غنی کیا اور دولت وثروت عطا فرمائی۔ اور یہ کہ وہی

رَبُّ الشِّعۡرٰی ﴿۴۹﴾ وَ اَنَّہٗۤ اَهۡلَكَ عَادَا ۨالۡاُوۡلٰی ﴿۵۰﴾ وَ ثَمُوۡدَا۠ فَمَاۤ اَبۡقٰی ﴿۵۱﴾

اَبۡقٰی	فَمَاۤ	ثَمُوۡدَا۠	وَ	الۡاُوۡلٰی	عَادَا	اَهۡلَكَ	اَنَّہٗۤ	وَ	الشِّعۡرٰی	رَبُّ
باقی چھوڑا	پھر نہ	ثمود کو	اور	پہلی کو	عاد کو	ہلاک کیا	اسی نے	اور	شعریٰ کا	رب

(ستارہ) شعریٰ کا رب ہے۔ اور یہ کہ اسی نے پہلے عاد کو ہلاک فرمایا۔ اور ثمود کو پھر ان میں سے کچھ باقی نہ چھوڑا۔

وَ قَوۡمَ نُوۡحٍ مِّنۡ قَبۡلُ ؕ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا هُمۡ اَظۡلَمَ وَ اَطۡغٰی ﴿۵۲﴾ وَ الۡمُؤۡتَفِكَةَ

وَالۡمُؤۡتَفِكَةَ	اَطۡغٰی	وَ	اَظۡلَمَ	هُمۡ	كَانُوۡا	اِنَّهُمۡ	مِّنۡ قَبۡلُ	نُوۡحٍ	قَوۡمَ	وَ
اور الٹائی گئی بستی کو	بڑے سرکش	اور	بڑے ظالم	وہ	تھے	بیشک وہ	اس سے پہلے	نوح کو	قوم	اور

اور اس سے پہلے قوم نوح کو بے شک وہی بڑے ظالم اور بڑے سرکش تھے۔ اور (منکرینِ لوط کی) الٹنے والی بستیوں کو (اوپر اٹھا کر)

اَهۡوٰی ﴿۵۳﴾ فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰی ﴿۵۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰی ﴿۵۵﴾ هٰذَا

هٰذَا	تَتَمَارٰی	رَبِّكَ	اٰلَآءِ	فَبِاَیِّ	غَشّٰی	مَا	فَغَشّٰىهَا	اَهۡوٰی
یہ	تو شک کرے گا	اپنے رب کی	نعمت کا	تو کون سی	چھایا	جو	پھر چھا گیا اس پر	گرایا

نیچے پھینک دیا۔ تو ان کو ڈھانپ لیا (پتھروں کی اس بارش نے) جس نے ڈھانپ لیا۔ تو اے سننے والے اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں میں شک کرے گا۔

نَذِیۡرٌ مِّنَ النُّذُرِ الۡاُوۡلٰی ﴿۵۶﴾ اَزِفَتِ الۡاٰزِفَةُ ﴿۵۷﴾ لَیۡسَ لَهَا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ

اللّٰهِ	مِنۡ دُوۡنِ	لَهَا	لَیۡسَ	الۡاٰزِفَةُ	اَزِفَتِ	الۡاُوۡلٰی	مِّنَ النُّذُرِ	نَذِیۡرٌ
اللہ کے	سوائے	اس کو	نہیں	قریب آنے والی	قریب آئی	پہلوں کے	ڈرانے والوں میں سے	ڈرانے والا ہے

یہ ایک ڈر سنانے والے ہیں اگلے ڈرانے والوں کی طرح۔ آنے والی (قیامت کی گھڑی) قریب آ پہنچی۔ اللہ کے سوا کوئی اسے

كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾ اَفَمِنۡ هٰذَا الۡحَدِیۡثِ تَعۡجَبُوۡنَ ﴿۵۹﴾ وَ تَضۡحَكُوۡنَ

وَتَضۡحَكُوۡنَ	تَعۡجَبُوۡنَ	الۡحَدِیۡثِ	هٰذَا	اَفَمِنۡ	كَاشِفَةٌ
اور ہنستے ہو	تعجب کرتے ہو	بات سے	اس	تو کیا	کوئی کھولنے والا

ظاہر کرنے والا نہیں۔ تو کیا تم اس کلام میں تعجب کرتے ہو؟ اور تم ہنستے ہو

وَلَا تَبْكُوْنَ ۝۶۰ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ۝۶۱ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۝۶۲

اعْبُدُوْا	وَ	لِلّٰهِ	فَاسْجُدُوْا	سٰمِدُوْنَ	اَنْتُمْ	وَ	لَا تَبْكُوْنَ	وَ
عبادت کرو	اور	اللہ کو	تو سجدہ کرو	کھیلتے ہو	تم	اور	روتے نہیں	اور

اور روتے نہیں۔ اور تم کھیل میں پڑے ہو۔ تو اللہ کیلئے سجدہ کرواور اسی کی بندگی کرو۔

ایاتہا ۵۵ — ۵۴ سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ ۳۷ — رکوعاتہا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝۱ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا

يَقُوْلُوْا	وَ	يُّعْرِضُوْا	اٰيَةً	يَّرَوْا	اِنْ	وَ	الْقَمَرُ	انْشَقَّ	وَ	السَّاعَةُ	اِقْتَرَبَتِ
کہیں	اور	تو منہ پھیریں	کوئی نشانی	دیکھیں	اگر	اور	چاند	پھٹ گیا	اور	قیامت	قریب آئی

قیامت پاس آئی اور رسالت مآب ﷺ کے اشارے سے چاند شق ہو گیا۔ اور اگر دیکھیں کوئی معجزہ تو منہ پھیرتے ہیں اور کہتے ہیں

سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝۲ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝۳

مُّسْتَقِرٌّ	اَمْرٍ	كُلُّ	وَ	اَهْوَآءَهُمْ	وَاتَّبَعُوْٓا	كَذَّبُوْا	وَ	مُّسْتَمِرٌّ	سِحْرٌ
قرار پاچکا ہے	کام	ہر	اور	خواہشات اپنی کی	اور پیروی کی انہوں نے	انہوں نے جھٹلایا	اور	چلا آتا ہے	جادو ہے

یہ تو ہمیشہ سے چلا آنے والا جادو ہے۔ اور انہوں نے جھٹلا دیا ہے اور اپنی خواہشوں کے پیچھے لگے ہیں، مگر ہر کام انجام کو پہنچنے والا ہے۔

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ۝۴ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا

فَمَا	بَالِغَةٌ	حِكْمَةٌ	مُزْدَجَرٌ	فِيْهِ	مَا	مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ	جَآءَهُمْ	لَقَدْ	وَ
پھر نہیں	انتہا درجہ کی	حکمت تھی	تنبیہ تھی	ان میں	جو کچھ کہ	خبریں	آئیں انکے پاس	بیشک	اور

اور ان کے پاس ایسی خبریں بھی آ چکی ہیں جن میں عبرت ہے۔ اعلیٰ درجہ کو پہنچنے والی حکمت (بھی) تو ڈرانے والی (نصیحتیں

وقف لازم

تُغۡنِ النُّذُرُ ۵ فَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ ۘ يَوۡمَ يَدۡعُ الدَّاعِ اِلٰى شَىۡءٍ نُّكُرٍ ۶

نُّكُرٍ	شَىۡءٍ	اِلٰى	الدَّاعِ	يَدۡعُ	يَوۡمَ	عَنۡهُمۡ	فَتَوَلَّ	النُّذُرُ	تُغۡنِ
ناپہچان کی	چیز	طرف	پکارنے والا	پکارے گا	جس دن	ان سے	تو منہ پھیرلو	ڈرانیوالے	فائدہ دیتے

فائدہ نہیں دیتیں۔ تو آپ ان سے منہ پھیرلیں (ایک) بلانے والا (فرشتہ صور پھونک کر کہیں) جس روز سخت ناگوار چیز (میدانِ حشر) کی طرف بلائے گا۔

خُشَّعًا اَبۡصَارُهُمۡ يَخۡرُجُوۡنَ مِنَ الۡاَجۡدَاثِ كَاَنَّهُمۡ جَرَادٌ

جَرَادٌ	كَاَنَّهُمۡ	مِنَ الۡاَجۡدَاثِ	يَخۡرُجُوۡنَ	اَبۡصَارُهُمۡ	خُشَّعًا
ٹڈی ہیں	گویا کہ وہ	قبروں سے	نکلیں گے	آنکھیں ان کی	جھکی ہوں گی

نیچے آنکھیں کئے ہوئے قبروں سے نکلیں گے گویا وہ ٹڈی ہیں

مُّنۡتَشِرٌ ۷ مُّهۡطِعِيۡنَ اِلَى الدَّاعِ ؕ يَقُوۡلُ الۡكٰفِرُوۡنَ هٰذَا يَوۡمٌ

يَوۡمٌ	هٰذَا	الۡكٰفِرُوۡنَ	يَقُوۡلُ	الدَّاعِ	اِلَى	مُّهۡطِعِيۡنَ	مُّنۡتَشِرٌ
دن	یہ	کافر	کہیں گے	پکارنیوالے کی	طرف	دوڑتے ہوں گے	پھیلی ہوئی

پھیلی ہوئی۔ بلانے والے کی طرف لپکتے ہوئے کافر کہیں گے یہ دن

عَسِرٌ ۸ كَذَّبَتۡ قَبۡلَهُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ فَكَذَّبُوۡا عَبۡدَنَا وَقَالُوۡا مَجۡنُوۡنٌ

مَجۡنُوۡنٌ	قَالُوۡا	وَ	عَبۡدَنَا	فَكَذَّبُوۡا	نُوۡحٍ	قَوۡمُ	قَبۡلَهُمۡ	كَذَّبَتۡ	عَسِرٌ
دیوانہ ہے	کہا	اور	بندے ہمارے کو	تو جھٹلایا انہوں نے	نوح نے	قوم	ان سے پہلے	جھٹلایا	سخت ہے

سخت ہے۔ ان سے پہلے نوح علیہ السلام کی قوم نے جھٹلایا ہاں انہوں نے ہمارے بندے کو جھٹلایا اور کہا دیوانہ ہے

وَّازۡدُجِرَ ۹ فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّىۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ ۱۰ فَفَتَحۡنَاۤ اَبۡوَابَ

اَبۡوَابَ	فَفَتَحۡنَاۤ	فَانۡتَصِرۡ	مَغۡلُوۡبٌ	اَنِّىۡ	رَبَّهٗۤ	فَدَعَا	وَّازۡدُجِرَ
دروازے	تو ہم نے کھول دیئے	سو تو بدلہ لے	مغلوب ہوں	بیشک میں	اپنے رب کو	تو پکارا اس نے	اور جھڑک دیا

اور دھمکیاں دی گئیں۔ تب انہوں نے اپنے رب سے دُعا کی کہ میں عاجز آ گیا ہوں پس تو انتقام لے۔ تو ہم نے موسلا دھار

السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى

السَّمَآءِ	بِمَآءٍ	مُّنْهَمِرٍ	وَّ	فَجَّرْنَا	الْاَرْضَ	عُيُوْنًا	فَالْتَقَى	الْمَآءُ	عَلٰٓى
آسمان کے	پانی سے	زور سے گرنیوالے	اور	پھاڑے ہم نے	زمین کے	چشمے	تو مل گیا	پانی	اوپر

بارش سے آسمان کے دروازے کھول دیئے۔ اور ہم نے زمین سے چشمے جاری کر دیئے تو (زمین و آسمان کا) پانی (عذاب کے)

اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿۱۳﴾ تَجْرِىْ

اَمْرٍ	قَدْ	قُدِرَ	وَحَمَلْنٰهُ	عَلٰى	ذَاتِ اَلْوَاحٍ	وَّ	دُسُرٍ	تَجْرِىْ
مقدار کے	کہ جو	مقدر تھی	اور اٹھایا ہم نے اسکو	اوپر	تختوں والی	اور	میخوں والی کے (کشتی)	بہتی تھی

اس اَمر پر جمع ہو گیا جو (ان کی ہلاکت کیلئے) مقدر ہو چکا تھا۔ اور ہم نے نوح علیہ السلام کو سوار کیا تختوں اور کیلوں والی کشتی پر۔ کہ ہماری

بِاَعْيُنِنَا ج جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ

بِاَعْيُنِنَا	جَزَآءً	لِّمَنْ	كَانَ كُفِرَ	وَ	لَقَدْ	تَّرَكْنٰهَآ	اٰيَةً	فَهَلْ	مِنْ
ہماری نگاہ کے روبرو	بدلہ تھا	اس کا	کہ جس کا انکار کیا گیا	اور	بیشک	چھوڑا ہم نے اسکو	نشانی	تو کیا	ہے کوئی

نگاہ کے روبرو بہتی تھی اس کے صلہ میں جس کے ساتھ کفر کیا گیا تھا۔ اور ہم نے اس (کشتی) کو ایک نشانی کے طور پر رہنے دیا، اب

مُّدَّكِرٍ ﴿۱۵﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ

مُّدَّكِرٍ	فَكَيْفَ	كَانَ	عَذَابِىْ	وَ	نُذُرِ	وَ	لَقَدْ	يَسَّرْنَا	الْقُرْاٰنَ	لِلذِّكْرِ
دھیان کرنے والا	تو کیسا ہوا	ہوا	میرا عذاب	اور	میرا ڈرانا	اور	بیشک	آسان فرمایا ہم نے	قرآن	یاد کرنے کیلئے

ہے کوئی نصیحت لینے والا؟ پھر کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا تھا۔ اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے اب

فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۷﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۱۸﴾ اِنَّآ

فَهَلْ	مِنْ	مُّدَّكِرٍ	كَذَّبَتْ	عَادٌ	فَكَيْفَ	كَانَ	عَذَابِىْ	وَ	نُذُرِ	اِنَّآ
تو کیا	ہے کوئی	یاد کرنے والا	جھٹلایا	عاد نے	تو کیسا	ہوا	میرا عذاب	اور	میرا ڈرانا	بیشک ہم نے

ہے کوئی نصیحت لینے والا۔ قوم عاد نے جھٹلایا تو کیسا ہوا میرا عذاب اور میرا ڈرانا۔ بے شک

اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۙ ۝١٩ تَنْزِعُ

اَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	رِيْحًا	صَرْصَرًا	فِيْ يَوْمِ	نَحْسٍ	مُّسْتَمِرٍّ	تَنْزِعُ
بھیجی ہے ہم نے	ان پر	آندھی	تیز	دن میں	منحوس	ہمیشہ کیلئے	اکھاڑتی تھی

ہم نے ان پر ایک سخت آندھی بھیجی ایسے دن میں جس کی نحوست ان پر ہمیشہ کیلئے رہی۔ لوگوں کو یوں

النَّاسَ ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ۝٢٠ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ

النَّاسَ	كَاَنَّهُمْ	اَعْجَازُ	نَخْلٍ	مُّنْقَعِرٍ	فَكَيْفَ	كَانَ	عَذَابِيْ
لوگوں کو	گویا کہ وہ	تنے ہیں	کھجوروں کے	اکھڑے ہوئی	تو کیسا	ہوا	میرا عذاب

اکھاڑتی تھی کہ گویا وہ اکھڑی ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں۔ پھر کیسا تھا میرا عذاب اور

وَنُذُرِ ۝٢١ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝٢٢ ع كَذَّبَتْ

ع ۲۲ / ۸

وَنُذُرِ	وَ	لَقَدْ	يَسَّرْنَا	الْقُرْاٰنَ	لِلذِّكْرِ	فَهَلْ	مِنْ	مُّدَّكِرٍ	كَذَّبَتْ
اور میرا ڈرانا	اور	بیشک	آسان کیا ہم نے	قرآن کو	یاد کرنے کیلئے	تو کیا ہے	کوئی	یاد کرنے والا	جھٹلایا

میرے ڈرانا؟ اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے اب ہے کوئی نصیحت لینے والا۔ (قوم) ثمود نے ڈرسنانے

ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ۝٢٣ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ

ثَمُوْدُ	بِالنُّذُرِ	فَقَالُوْٓا	اَبَشَرًا	مِّنَّا	وَاحِدًا	نَّتَّبِعُهٗ	اِنَّآ	اِذًا	لَّفِيْ ضَلٰلٍ
ثمود نے	رسولوں کو	تو بولے	کیا ایک آدمی کی	جو ہم میں سے ہے	ایک	ہم اسکی پیروی کریں	بیشک ہم	اس وقت	ضرور گمراہ

والے رسولوں کو جھٹلایا۔ تو کہنے لگے کیا ہم اپنے میں سے ایک بشر کی اتباع کریں تب تو ہم یقیناً ضرور گمراہی

وَّسُعُرٍ ۝٢٤ ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ۝٢٥

وَّ	سُعُرٍ	ءَاُلْقِيَ	الذِّكْرُ	عَلَيْهِ	مِنْۢ بَيْنِنَا	بَلْ	هُوَ	كَذَّابٌ	اَشِرٌ
اور	دیوانے ہیں	کیا ڈالا گیا	ذکر	اس پر	ہم میں سے	بلکہ	وہ	جھوٹا ہے	اترانیوالا

اور عذاب میں ہیں۔ کیا ہم سب میں سے اس پر ذکر اتارا گیا بلکہ یہ سخت جھوٹا ہے اور بڑا ہنسنے والا ہے۔

سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ﴿٢٦﴾ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ

سَيَعْلَمُوْنَ	غَدًا	مَّنِ	الْكَذَّابُ	الْاَشِرُ	اِنَّا	مُرْسِلُوا	النَّاقَةِ	فِتْنَةً	لَّهُمْ
جلدی جانیں گے	کل	کون تھا	جھوٹا	اترانے والا	ہم	بھیجنے والے ہیں	اونٹنی	آزمائش ہے	ان کیلئے

بہت جلد جان جائیں گے کون تھا بڑا جھوٹا اور خود پسند۔ ہم ان کی آزمائش کیلئے ایک اونٹنی بھیجنے لگے ہیں پس

فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿٢٧﴾ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌ بَيْنَهُمْ كُلُّ شِرْبٍ

فَارْتَقِبْهُمْ	وَاصْطَبِرْ	وَ	نَبِّئْهُمْ	اَنَّ	الْمَآءَ	قِسْمَةٌ	بَيْنَهُمْ	كُلُّ	شِرْبٍ
تو انتظار کر ان کا	اور صبر کر	اور	خبر دے ان کو	بیشک	پانی	تقسیم کیا گیا ہے	انکے درمیان	ہر	حصہ پر

اے صالح علیہ السلام! ان کے انجام کا انتظار کریں۔ اور انہیں بتائیں کہ پانی ان کے درمیان بانٹ دیا گیا ہے ہر ایک پینے کی

مُّحْتَضَرٌ ﴿٢٨﴾ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿٢٩﴾ فَكَيْفَ كَانَ

مُّحْتَضَرٌ	فَنَادَوْا	صَاحِبَهُمْ	فَتَعَاطٰى	فَعَقَرَ	فَكَيْفَ	كَانَ
باری والا حاضر ہو	تو انہوں آواز دی	اپنے ساتھی کو	تو اس نے پکڑا	اور کونچیں کاٹ دیں	تو کیسا	ہوا

باری پر ہی آئے گا۔ تو انہوں نے اپنے ساتھی کو پکارا تو اس نے (اونٹنی کو) پکڑا اور اس کی کونچیں کاٹ دیں۔ تو کیسا ہوا میرا

عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿٣٠﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا

عَذَابِىْ	وَ	نُذُرِ	اِنَّآ	اَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	فَكَانُوْا
میرا عذاب	اور	میرا ڈرانا	بیشک	ہم نے بھیجی ہے	ان پر	چنگھاڑ	ایک	تو ہو گئے

عذاب اور میرا ڈرانا۔ بے شک ہم نے ان پر ایک چنگھاڑ بھیجی تو وہ باڑے والے کی روندی ہوئی باڑھ کی

كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿٣١﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ

كَهَشِيْمِ	الْمُحْتَظِرِ	وَ	لَقَدْ	يَسَّرْنَا	الْقُرْاٰنَ	لِلذِّكْرِ	فَهَلْ	مِنْ
جیسے چورا چورا گھاس	سوکھی ہوئی	اور	بیشک	آسان کیا ہم نے	قرآن کو	یاد کرنے کیلئے	تو کیا ہے	کوئی

طرح (بھس ہوکر) رہ گئے۔ اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے اب

مُدَّكِرٍ ﴿٣٢﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ بِالنُّذُرِ ﴿٣٣﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ

عَلَيْهِمْ	أَرْسَلْنَا	إِنَّا	بِالنُّذُرِ	لُوطٍ	قَوْمُ	كَذَّبَتْ	مُدَّكِرٍ
ان پر	بھیجا ہم نے	بیشک ہم نے	رسولوں کو	لوط نے	قوم	جھٹلایا	یاد کرنیوالا

کوئی نصیحت لینے والا۔ لوط علیہ السلام کی قوم نے ڈرانے والے پیغمبروں کو جھٹلایا۔ ہم نے ان پر

اچھا	دگنا کیا جائے گا	ان کیلئے	اور	ان کیلئے	اجر ہے	اچھا	اور	وہ جو	ایمان لائے	اللہ پر

ان کی نیکیوں کو دوگنا کیا جائے گا اور ان کیلئے عزت کا اجر ہے۔ اور وہ جو اللہ اور اس کے سب رسولوں پر ایمان لائیں

وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۗ لَهُمْ

وَ	رُسُلِهٖ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الصِّدِّيْقُوْنَ	وَ	الشُّهَدَآءُ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	لَهُمْ
اور	اسکے رسولوں پر	یہی	لوگ ہیں	سچے	اور	گواہ	پاس	اپنے رب کے	ان کیلئے

وہی ہیں کامل سچے اور اوروں پر گواہ ہیں اپنے رب کے یہاں ان کیلئے

اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ۗ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ

اَجْرُهُمْ	وَنُوْرُهُمْ	وَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰٓئِكَ
اجر ان کا	اور نور ان کا	اور	وہ جو	کافر ہیں	اور جھٹلایا انہوں نے	ہماری آیات کو	یہی لوگ ہیں

ان کا ثواب اور ان کا نور ہے اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتیں جھٹلائیں

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۹﴾ ع اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ	اِعْلَمُوْٓا	اَنَّمَا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَّلَهْوٌ	وَّ	زِيْنَةٌ
جہنم میں رہنے والے	جان لو	اسکے سوا نہیں کہ	زندگی	دنیا کی	کھیل	اور تماشہ ہے	اور	آرائش

وہ دوزخی ہیں۔ جان لو کہ دنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشا ہے اور ظاہری آرائش ہے

وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِى الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۗ كَمَثَلِ غَيْثٍ

وَّ	تَفَاخُرٌ	بَيْنَكُمْ	وَتَكَاثُرٌ	فِى الْاَمْوَالِ	وَالْاَوْلَادِ	كَمَثَلِ	غَيْثٍ
اور	فخر ہے	تمہارے درمیان	اور زیادتی چاہنا	مال میں	اور اولاد میں	جیسے	بارش

اور آپس میں فخر اور خود ستائی ہے اور ایک دوسرے پر مال و اولاد میں زیادتی کی طلب ہے اسکی مثال

ع ۲ ۹ ۱۸

أَعۡجَبَ الۡكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيۡجُ فَتَرٰىهُ مُصۡفَرًّا ثُمَّ يَكُوۡنُ

یَکُوۡنُ	ثُمَّ	مُصۡفَرًّا	فَتَرٰىهُ	یَهِیۡجُ	ثُمَّ	نَبَاتُهٗ	الۡكُفَّارَ	أَعۡجَبَ
ہوجاتی ہے	پھر	زرد	پھر دیکھتا ہے تو اسکو	سوکھتی ہے	پھر	اس کا سبزہ	کسانوں کو	پسند آتا ہے

بارش کی سی ہے کہ جس کی پیداوار کسانوں کو بھلی لگتی ہے پھر وہ خشک ہوجاتی ہے پھر تم اسے پک کر زرد ہوتا دیکھتے ہو پھر وہ ریزہ

حُطَامًا ؕ وَفِي الۡاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ۙ وَّمَغۡفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ

مِّنَ اللّٰهِ	مَغۡفِرَةٌ	وَّ	شَدِيۡدٌ	عَذَابٌ	فِي الۡاٰخِرَةِ	وَ	حُطَامًا
اللہ سے	بخشش	اور	سخت	عذاب ہے	آخرت میں	اور	چوراچورا

ریزہ ہوجاتی ہے، اور آخرت میں (نافرمانوں کے لئے) سخت عذاب ہے اور (فرمانبرداروں کے لئے) اللہ کی جانب سے

وَرِضۡوَانٌ ؕ وَمَا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَآ اِلَّا مَتَاعُ الۡغُرُوۡرِ ﴿۲۰﴾ سَابِقُوۡۤا اِلٰى مَغۡفِرَةٍ

مَغۡفِرَةٍ	اِلٰى	سَابِقُوۡۤا	الۡغُرُوۡرِ	مَتَاعُ	اِلَّا	الدُّنۡيَآ	الۡحَيٰوةُ	مَا	وَ	رِضۡوَانٌ	وَ
بخشش کی	طرف	دوڑو	دھوکے کا	سامان	مگر	دنیا کی	زندگی	نہیں ہے	اور	رضا	اور

مغفرت اور عظیم خوشنودی ہے اور دنیا کی زندگی دھوکے کی پونجی کے سوا کچھ نہیں ہے۔ بڑھو اپنے رب کی بخشش

مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَجَنَّةٍ عَرۡضُهَا كَعَرۡضِ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ ۙ اُعِدَّتۡ

اُعِدَّتۡ	الۡاَرۡضِ	وَ	السَّمَآءِ	كَعَرۡضِ	عَرۡضُهَا	جَنَّةٍ	وَ	مِّنۡ رَّبِّكُمۡ
تیار کی گئی ہے	زمین کی	اور	آسمان	جیسے چوڑائی	کہ اسکی چوڑائی ہے	جنت کی طرف	اور	اپنے رب کی

اور اس جنت کی طرف جس کا پھیلاؤ آسمان اور زمین کے پھیلاؤ کی طرح ہے جو ان کیلئے تیار کی گئی ہے

لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ

يَّشَآءُ	مَنۡ	يُؤۡتِيۡهِ	اللّٰهِ	فَضۡلُ	ذٰلِكَ	رُسُلِهٖ	وَ	بِاللّٰهِ	اٰمَنُوۡا	لِلَّذِيۡنَ
چاہے	جسے	دیتا ہے	اللہ کا	فضل ہے	یہ	اسکے رسولوں پر	اور	اللہ	ایمان لائے	ان کیلئے جو

جو اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں! یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۱﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا

لَا	وَ	فِي الْاَرْضِ	مِنْ مُّصِيْبَةٍ	اَصَابَ	مَآ	الْعَظِيْمِ	ذُو الْفَضْلِ	وَاللّٰهُ
نہ	اور	زمین میں	کوئی مصیبت	پہنچتی	نہیں	عظیم والا ہے	صاحب فضل	اور اللہ

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ کوئی مصیبت زمین پر نہیں آتی اور نہ خود

فِيْ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

اللّٰهِ	عَلَى	ذٰلِكَ	اِنَّ	نَّبْرَاَهَا	اَنْ	مِّنْ قَبْلِ	فِيْ كِتٰبٍ	اِلَّا	فِيْ اَنْفُسِكُمْ
اللہ کے	اوپر	یہ	بیشک	ہم پیدا کریں اسکو	یہ کہ	اس سے پہلے	کتاب میں ہے	مگر	تمہاری جانوں میں

تم پر مگر وہ اس سے پہلے کہ ہم اسے پیدا کریں کتاب میں ہوتی ہے یہ بات اللہ کیلئے

يَسِيْرٌ ﴿۲۲﴾ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

اللّٰهُ	وَ	اٰتٰىكُمْ	بِمَآ	تَفْرَحُوْا	لَا	وَ	فَاتَكُمْ	مَا	عَلٰى	تَاْسَوْا	لِّكَيْلَا	يَسِيْرٌ
اللہ	اور	جو دے تم کو	اس پر	اتراؤ	نہ	اور	فوت ہوجائے تم سے	اسکے جو	اوپر	غم کھاؤ	تاکہ نہ	آسان ہے

آسان ہے۔ یہ اس لئے کہ کوئی چیز تمہارے ہاتھ سے جاتی رہے تو اس کا رنج نہ کیا کرو اور جو کچھ اللہ نے تمہیں دیا اس پر اترایا نہ

لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ۙ ﴿۲۳﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ

النَّاسَ	يَاْمُرُوْنَ	وَ	يَبْخَلُوْنَ	الَّذِيْنَ	فَخُوْرِ	مُخْتَالٍ	كُلَّ	يُحِبُّ	لَا
لوگوں کو	حکم دیتے ہیں	اور	بخل کرتے ہیں	وہ جو	فخر کرنیوالے کو	اترانیوالے	ہرایک	پسند کرتا	نہیں

کرو اور اللہ کسی اترانے والے متکبر کو پسند نہیں کرتا۔ جو بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو (بھی) بخل پر آمادہ کرتے ہیں

بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۴﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا

اَرْسَلْنَا	لَقَدْ	الْحَمِيْدُ	الْغَنِيُّ	هُوَ	اللّٰهَ	فَاِنَّ	يَّتَوَلَّ	مَنْ	وَ	بِالْبُخْلِ
بھیجا ہم نے	بیشک	تعریف کیا گیا	بے نیاز	وہ ہے	اللہ	تو بیشک	منہ پھیرے	جو	اور	بخل کا

اور جس نے روگردانی کی تو بے شک اللہ ہی بے نیاز سب خوبیوں والا ہے۔ بے شک ہم نے اپنے رسولوں

رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ

لِيَقُوْمَ	وَالْمِيْزَانَ	الْكِتٰبَ	مَعَهُمُ	اَنْزَلْنَا	وَ	بِالْبَيِّنٰتِ	رُسُلَنَا
تاکہ قائم ہوں	اور ترازو	کتاب	ان کے ساتھ	اتاری ہم نے	اور	کھلے دلائل دے کر	رسولوں کو

کو دلیلوں کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور عدل کی ترازو اتاری کہ لوگ انصاف پر قائم ہوں

النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّ

وَّ	شَدِيْدٌ	بَاْسٌ	فِيْهِ	الْحَدِيْدَ	اَنْزَلْنَا	وَ	بِالْقِسْطِ	النَّاسُ
اور	سخت	آنچ ہے	اس میں	لوہا	اتارا ہم نے	اور	انصاف پر	لوگ

اور ہم نے لوہا اتارا اس میں سخت آنچ اور لوگوں کے فائدے اور اس لئے کہ

مَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ

بِالْغَيْبِ	وَرُسُلَهٗ	يَّنْصُرُهٗ	مَنْ	اللّٰهُ	لِيَعْلَمَ	وَ	لِلنَّاسِ	مَنَافِعُ
بن دیکھے	اور اسکے رسولوں کی	مدد کرتا ہے اسکی	کون	اللہ	تاکہ دیکھے	اور	لوگوں کیلئے	فائدے ہیں

اللہ دیکھے اس کو جو بے دیکھے اس کی اور اس کے رسولوں کی مدد کرتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۵﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ

اِبْرٰهِيْمَ	وَّ	نُوْحًا	اَرْسَلْنَا	وَلَقَدْ	عَزِيْزٌ	قَوِيٌّ	اللّٰهَ	اِنَّ
ابراہیم کو	اور	نوح کو	بھیجا ہم نے	اور بیشک	غالب	قوت والا	اللہ	بیشک

بے شک اللہ قوت والا غالب ہے۔ اور بے شک ہم نے نوح علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام کو بھیجا

وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ

مُّهْتَدٍ	فَمِنْهُمْ	وَالْكِتٰبَ	النُّبُوَّةَ	فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا	جَعَلْنَا	وَ
ہدایت والے ہیں	تو کوئی ان میں سے	اور کتاب	نبوت	ان کی اولاد میں	رکھی ہم نے	اور

اور ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھی تو ان میں کوئی راہ پر آیا

وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَ

وَ	كَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ	ثُمَّ	قَفَّيْنَا	عَلٰٓى	اٰثَارِهِمْ	بِرُسُلِنَا	وَ
اور	بہت سے	ان میں سے	فاسق ہیں	پھر	پیچھے بھیجے ہم نے	اوپر	نشانوں ان کے کے	اپنے رسول	اور

اور ان میں اکثر فاسق ہیں۔ پھر ان کے نقشِ قدم پر پیچھے پیچھے ہم نے

قَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا

قَفَّيْنَا	بِعِيْسَى	ابْنِ	مَرْيَمَ	وَاٰتَيْنٰهُ	الْاِنْجِيْلَ	وَ	جَعَلْنَا
پیچھے بھیجا ہم نے	عیسیٰ کو	بیٹے	مریم کے	اور عطا فرمائی ہم نے اس کو	انجیل	اور	رکھی ہم نے

اپنے رسول بھیجے اور پیچھے ہی عیسیٰ علیہ السلام ابنِ مریم کو بھیجا اور اسے انجیل دی اور جن لوگوں نے

فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَرَهْبَانِيَّةَۨ

فِيْ قُلُوْبِ	الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ	رَاْفَةً	وَّ	رَحْمَةً	وَ	رَهْبَانِيَّةَ	ابْتَدَعُوْهَا
دلوں میں	ان لوگوں کہ	پیروی کی اسکی	نرمی	اور	رحمت	اور	رہبانیت	خود بنایا انہوں نے اسکو

ان کی پیروی کی ان کے دلوں میں ہم نے نرمی اور رحم ڈال دیا مگر گوشہ نشینی انہوں نے خود ایجاد کی

ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا

مَا	كَتَبْنٰهَا	عَلَيْهِمْ	اِلَّا	ابْتِغَآءَ	رِضْوَانِ	اللّٰهِ	فَمَا	رَعَوْهَا	حَقَّ
نہ	لکھا ہم نے اسکو	ان پر	مگر	واسطے چاہنے	رضامندی	اللہ کی	پھر نہ	رعایت کی اسکی	حق

ہم نے ان پر لازم نہیں کی سوائے اس کے کہ وہ اللہ کی خوشنودی حاصل کریں مگر وہ اسے

رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ

رِعَايَتِهَا	فَاٰتَيْنَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْهُمْ	اَجْرَهُمْ	وَكَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ
اسکی رعایت کا	تو دیا ہم نے	ان کو جو	ایمان لائے	ان میں سے	اجر ان کا	اور بہت سے	ان میں سے

نبھا نہ سکے جیسا اس کے نبھانے کا حق تھا پھر ان میں ایمان والوں کو ہم نے ان کا اجر دے دیا اور ان میں

وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا

فٰسِقُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاٰمِنُوْا	بِرَسُوْلِهٖ
فاسق ہیں	اے وہ	لوگو جو	ایمان لائے ہو	ڈرو	اللہ سے	اور ایمان لاؤ	اسکے رسول پر

بہت سے بدکار ہیں۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کے رسول پر ایمان رکھو وہ تمہیں

بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ

يُؤْتِكُمْ	كِفْلَيْنِ	مِنْ رَّحْمَتِهٖ	وَ	يَجْعَلْ	لَّكُمْ	نُوْرًا	تَمْشُوْنَ	بِهٖ
عطا فرمائے گا تم کو	دو حصے	اپنی رحمت کے	اور	بنائے گا	تمہارے لئے	نور	چلو گے تم	اسکے ساتھ

اپنی رحمت کے دو حصے دے گا اور تمہارے لئے ایسا نور مقرر کرے گا جس کی مدد سے تم چلو گے

بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۸﴾ۙ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ

وَيَغْفِرْ	لَكُمْ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	لِّئَلَّا	يَعْلَمَ	اَهْلُ	الْكِتٰبِ	اَلَّا
اور بخشے گا	تم کو	اور	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	تا کہ	جان لیں	اہل	کتاب	کہ وہ نہیں

اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ تا کہ اہلِ کتاب (کافر) جان لیں کہ اللہ کے

اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ

يَقْدِرُوْنَ	عَلٰى	شَيْءٍ	مِّنْ فَضْلِ	اللّٰهِ	وَ	اَنَّ	الْفَضْلَ	بِيَدِ
اختیار رکھتے	اوپر	کسی چیز کے	فضل	خداوندی سے	اور	بیشک	فضل	ہاتھ میں

فضل (میں) سے کسی چیز پر بھی وہ قدرت نہیں رکھتے اور یہ کہ (اللہ کا)

اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ ع

اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	اللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ
اللہ کے ہے	دیتا ہے	جسے	چاہے	اور	اللہ	اللہ بڑے فضل والا ہے

فضل اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے جسے چاہے عطا فرماتا ہے اور اللہ بہت بڑے فضل والا ہے۔

الجزء ۲۸

ایاتھا ۲۲ ﴿۵۸ سورۃ المجادلۃ مدنیۃ ۱۰۵﴾ رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ق

قَدْ	سَمِعَ	اللّٰهُ	قَوْلَ	الَّتِيْ	تُجَادِلُكَ	فِيْ زَوْجِهَا	وَ	تَشْتَكِيْٓ	اِلَى	اللّٰهِ
بیشک	سنی	اللہ نے	بات	اس کی	جو بحث کرتی تھی آپ سے	اپنے شوہر کے معاملے میں	اور	شکوہ کرتی تھی	طرف	اللہ کی

بے شک اللہ نے سن لی اس عورت کی بات جو آپ سے اپنے شوہر کے معاملہ میں بحث کرتی ہے اور اللہ سے شکایت کرتی ہے

وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ط اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۱﴾ اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ

وَ	اللّٰهُ	يَسْمَعُ	تَحَاوُرَكُمَا	اِنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	بَصِيْرٌ	اَلَّذِيْنَ	يُظٰهِرُوْنَ
اور	اللہ	سنتا تھا	سوال جواب تمہارے	بیشک	اللہ	سننے والا	دیکھنے والا ہے	وہ جو	ماں کی جگہ کہہ دے

اور اللہ آپ دونوں کی گفتگو سن رہا ہے بے شک اللہ سنتا دیکھتا ہے۔ وہ جو تم میں اپنی بیوی کو

مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ط اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـىِٕيْ وَلَدْنَهُمْ ط

مِنْكُمْ	مِّنْ نِّسَآىِٕهِمْ	مَّا	هُنَّ	اُمَّهٰتِهِمْ	اِنْ	اُمَّهٰتُهُمْ	اِلَّا	الّٰٓـىِٕيْ	وَلَدْنَهُمْ
تم میں سے	اپنی بیویوں کو	نہیں	وہ	ان کی مائیں	نہیں ہیں	ان کی مائیں	مگر	وہ جنہوں نے	ان کو جنا

اپنی ماں کہہ بیٹھتے ہیں وہ ان کی مائیں نہیں ان کی مائیں تو وہی ہیں جن سے وہ پیدا ہوئے ہیں

وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ط وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۲﴾

وَ	اِنَّهُمْ	لَيَقُوْلُوْنَ	مُنْكَرًا	مِّنَ الْقَوْلِ	وَزُوْرًا	وَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَعَفُوٌّ	غَفُوْرٌ
اور	بیشک وہ	کہتے ہیں	بری	بات	اور جھوٹ	اور	بیشک	اللہ	معاف کرنے والا	بخشنے والا ہے

اور بے شک وہ بری اور جھوٹی بات کہتے ہیں اور بے شک اللہ ضرور معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔

وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ

وَ	الَّذِيْنَ	يُظٰهِرُوْنَ	مِنْ نِّسَآئِهِمْ	ثُمَّ	يَعُوْدُوْنَ	لِمَا	قَالُوْا	فَتَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ
اور	وہ جو	ماں کی جگہ کہہ دے	اپنی بیویوں کو	پھر	لوٹیں	اس کیلئے جو	کہا	تو آزاد کرنا ہے	ایک غلام

اور جو لوگ اپنی عورتوں کو ماں کہہ دیں پھر اپنے کہے سے رجوع کریں تو ایک غلام آزاد کیا جائے

مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

مِّنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّتَمَآسَّا	ذٰلِكُمْ	تُوْعَظُوْنَ	بِهٖ	وَ	اللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
پہلے	اس سے کہ	ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں	یہ	نصیحت دیے جاتے ہو	اس کی	اور	اللہ	اس سے جو	تم عمل کرتے ہو

اس سے پہلے کہ وہ ایک دوسرے کو چھوئیں اس سے تمہیں نصیحت ہوگی اور اللہ تمہارے

خَبِيْرٌ ﴿۳﴾ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ

خَبِيْرٌ	فَمَنْ	لَّمْ	يَجِدْ	فَصِيَامُ	شَهْرَيْنِ	مُتَتَابِعَيْنِ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ
خبردار ہے	تو جو	نہ	پائے	تو روزے رکھے	دو مہینے کے	لگاتار	پہلے اس سے	یہ کہ

عملوں سے باخبر ہے۔ پھر جو کوئی یہ نہ پائے وہ دو ماہ کے لگاتار روزے رکھے اس سے پہلے کہ وہ

يَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ؕ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا

يَّتَمَآسَّا	فَمَنْ	لَّمْ	يَسْتَطِعْ	فَاِطْعَامُ	سِتِّيْنَ	مِسْكِيْنًا	ذٰلِكَ	لِتُؤْمِنُوْا
ہاتھ لگائیں ایک دوسرے کو	تو جو	نہ	طاقت رکھے	تو کھانا کھلائیں	ساٹھ	مسکینوں کو	یہ اس لئے	کہ تم ایمان رکھو

ایک دوسرے کو چھوئیں اور جو یہ نہ کر سکے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائیں یہ اس لئے تاکہ تم اللہ اور اس کے

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴﴾

بِاللّٰهِ	وَ	رَسُوْلِهٖ	وَ	تِلْكَ	حُدُوْدُ	اللّٰهِ	وَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
اللہ	اور	اسکے رسول پر	اور	یہ	حدیں ہیں	اللہ کی	اور	کافروں کیلئے	عذاب ہے	دردناک

رسول پر ایمان رکھو اور یہ اللہ کی حدیں ہیں اور انکار کرنے والوں کو دردناک عذاب ہوگا۔

إِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُحَآدُّوْنَ	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	كُبِتُوْا	كَمَا	كُبِتَ	الَّذِيْنَ
بیشک	وہ جو	مخالفت کرتے ہیں	اللہ	اور	اسکے رسول کی	ذلیل کیے گئے	جیسے کہ	ذلیل کیے گئے	وہ

بے شک جو لوگ عداوت رکھتے ہیں اللہ اور اس کے رسول سے وہ (یقیناً) خوار کیے جائیں گے جیسے خوار کیے گئے

مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۵ يَوْمَ

مِنْ قَبْلِهِمْ	وَ	قَدْ	اَنْزَلْنَآ	اٰيٰتٍ	بَيِّنٰتٍ	وَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ	يَوْمَ
جو ان سے پہلے تھے	اور	بیشک	اتاریں ہم نے	آیتیں	روشن	اور	کافروں کیلئے	عذاب ہے	ذلیل کرنیوالا	جس دن

وہ لوگ جو ان سے پہلے تھے اور بیشک ہم نے روشن آیتیں نازل فرمائیں اور کافروں کیلئے خواری کا عذاب ہے۔ جس دن

يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۭ

يَبْعَثُهُمُ	اللّٰهُ	جَمِيْعًا	فَيُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	عَمِلُوْا	اَحْصٰىهُ	اللّٰهُ	وَ	نَسُوْهُ
اٹھائے گا انکو	اللہ	سب کو	تو بتائے گا ان کو	جو	کیا انہوں نے	گن رکھا ہے اسکو	اللہ نے	اور	بھول گئے وہ اسکو

اللہ ان سب کو اٹھائے گا پھر انہیں خبر دے گا ان کے سب کاموں کی اللہ نے ان کے سب اعمال کو محفوظ فرما لیا ہے

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۶ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

وَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ	اَلَمْ	تَرَ	اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
اور	اللہ	اوپر	ہر شے کے	گواہ ہے	کیا نہ	دیکھا تو نے کہ	بیشک	اللہ	جانتا ہے	جو کچھ	آسمانوں میں ہے

اور وہ انہیں بھول چکے ہیں اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔ اے سننے والے! کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں

ع ۱

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ

وَ	مَا	فِي الْاَرْضِ	مَا	يَكُوْنُ	مِنْ	نَّجْوٰى	ثَلٰثَةٍ	اِلَّا	هُوَ	رَابِعُهُمْ
اور	جو کچھ	زمین میں ہے	نہیں	ہوتی	کوئی	سرگوشی	تین کی	مگر	وہ ہوتا ہے	ان میں چوتھا

ہے اور جو کچھ زمین میں ہے جہاں کہیں تین شخصوں کی سرگوشی ہو تو چوتھا وہ موجود ہے

وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ

وَ	لَا	خَمْسَةٍ	اِلَّا	هُوَ	سَادِسُهُمْ	وَ	لَآ	اَدْنٰى	مِنْ ذٰلِكَ	وَ	لَآ	اَكْثَرَ	اِلَّا	هُوَ
اور	نہ	پانچ کی	مگر	وہ ہوتا ہے	ان میں چھٹا	اور	نہ	کم	اس سے	اور	نہ	زیادہ	مگر	وہ ہے

اور پانچ کی ہو تو چھٹا وہ اور نہ اس سے کم اور نہ اس سے زیادہ کی مگر یہ کہ وہ

مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

مَعَهُمْ	اَيْنَ مَا	كَانُوْا	ثُمَّ	يُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	عَمِلُوْا	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	اِنَّ	اللّٰهَ
انکے ساتھ	جہاں بھی وہ	ہوں	پھر	بتادے گا ان کو	جو	انہوں نے عمل کیے	دن	قیامت کے	بیشک	اللہ

ان کے ساتھ ہے جہاں کہیں ہوں پھر انہیں قیامت کے دن بتا دے گا جو کچھ انہوں نے کیا

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ

بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	اَلَمْ	تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	نُهُوْا	عَنِ النَّجْوٰى	ثُمَّ
ہر	چیز کو	جانتا ہے	کیا نہ	دیکھا تم نے	طرف	ان کی جو	منع کیے گئے	سرگوشی سے	پھر

بے شک اللہ سب کچھ جانتا ہے۔ کیا تم نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں سرگوشیوں سے منع کیا گیا تھا پھر وہ لوگ وہی کام

يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ

يَعُوْدُوْنَ	لِمَا	نُهُوْا	عَنْهُ	وَ	يَتَنٰجَوْنَ	بِالْاِثْمِ	وَ	الْعُدْوَانِ	وَمَعْصِيَتِ
وہی کرتے ہیں	جس سے	روکے گئے	اس سے	اور	سرگوشی کرتے ہیں	گناہ	اور	زیادتی کی	اور نافرمانی کی

کرنے لگے جس سے روکے گئے تھے اور وہ گناہ اور سرکشی اور نافرمانی رسول (ﷺ) سے متعلق سرگوشیاں کرتے ہیں اور جب آپ

الرَّسُوْلِ ۡ وَاِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ

الرَّسُوْلِ	وَ	اِذَا	جَآءُوْكَ	حَيَّوْكَ	بِمَا	لَمْ	يُحَيِّكَ	بِهٖ	اللّٰهُ	وَ	يَقُوْلُوْنَ
رسول کی	اور	جب	آتے ہیں تمہارے پاس	سلام کہتے ہیں آپکو	جس طرح کہ	نہیں	سلام کہا	آپ کو	اللہ نے	اور	کہتے ہیں

کے پاس حاضر ہوتے ہیں تو آپ کو اُن (نازیبا) کلمات کے ساتھ سلام کرتے ہیں جن سے اللہ نے آپ کو سلام نہیں فرمایا اور اپنے

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	لَوْ	لَا	يُعَذِّبُنَا	اللّٰهُ	بِمَا	نَقُوْلُ	حَسْبُهُمْ	جَهَنَّمُ
اپنے دلوں میں	کیوں	نہیں	سزا دیتا ہم کو	اللہ	اس کی جو	کہتے ہیں ہم	کافی ہے ان کو	جہنم

دلوں میں کہتے ہیں کہ (اگر یہ رسول سچے ہیں تو) اللہ ہمیں ان (باتوں) پر عذاب کیوں نہیں دیتا جو ہم کہتے ہیں؟ انہیں دوزخ (کا

يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا

يَصْلَوْنَهَا	فَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	تَنَاجَيْتُمْ	فَلَا
داخل ہوں گے اس میں	تو کیسا برا ہے	ٹھکانہ	اے	وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو	جب	تم سرگوشی کرو	تو نہ

عذاب) ہی کافی ہے وہ اسی میں داخل ہوں گے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔ اے ایمان والو! جب تمہیں باہم سرگوشی کرنا ہو تو

تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ

تَتَنَاجَوْا	بِالْاِثْمِ	وَ	الْعُدْوَانِ	وَ	مَعْصِيَتِ	الرَّسُوْلِ	وَ	تَنَاجَوْا	بِالْبِرِّ
سرگوشی کرو	گناہ کی	اور	زیادتی	اور	نافرمانی کی	رسول کے	اور	مشورے کرو	نیکی

گناہ دشمنی اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشی نہ کرو مگر نیکی اور پرہیزگاری کی سرگوشی کر سکتے ہو

وَالتَّقْوٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۹﴾ اِنَّمَا النَّجْوٰى

وَ	التَّقْوٰى	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	الَّذِيْٓ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	اِنَّمَا	النَّجْوٰى
اور	پرہیزگاری کے	اور	ڈرو	اللہ سے	وہ اللہ ہے کہ	اسکی طرف	اٹھائے جاؤ گے	اسکے سوا نہیں کہ	سرگوشی

اور اللہ سے ڈرو جس کے پاس تمہیں اکٹھا کیا جائے گا۔ سرگوشی کرنا تو شیطان کا کام ہے

مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ

مِنَ الشَّيْطٰنِ	لِيَحْزُنَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	لَيْسَ	بِضَآرِّهِمْ	شَيْـًٔا	اِلَّا	بِاِذْنِ
شیطان سے ہے	تاکہ رنج دے	ان کو	جو مومن ہیں	اور	نہیں	تکلیف دینے والا انکو	کچھ بھی	مگر	حکم

تاکہ وہ ایمان والوں کو رنجیدہ کرے اگرچہ وہ اللہ کی اجازت کے بغیر انہیں کچھ نقصان بھی نہیں

اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قِيْلَ

اللّٰهِ	وَ	عَلَى	اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِذَا	قِيْلَ
الٰہی سے	اور	اوپر	اللہ ہی کے	بھروسہ کریں	ایمان والے	اے	لوگو	جو مومن ہو	جب	کہا جائے

پہنچا سکتا پس مؤمنوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہئے۔ اے ایمان والو! جب تم سے کہا جائے کہ (اپنی) محفلوں میں

لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَاِذَا قِيْلَ

لَكُمْ	تَفَسَّحُوْا	فِي الْمَجٰلِسِ	فَافْسَحُوْا	يَفْسَحِ	اللّٰهُ	لَكُمْ	وَ	اِذَا	قِيْلَ
تم سے	جگہ دو	مجلسوں میں	تو جگہ دو	جگہ دے گا	اللہ	تم کو	اور	جب	کہا جائے

کشادہ ہو جاؤ تو کشادہ ہو جایا کرو اللہ تمہارے لئے کشادگی فرمائے گا اور جب تم سے کہا جائے کھڑے ہو جاؤ

انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

انْشُزُوْا	فَانْشُزُوْا	يَرْفَعِ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَالَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْعِلْمَ
اٹھ جاؤ	تو اٹھ جاؤ	بلند فرمائے گا	اللہ	ان کو جو	مومن ہیں	تم میں سے	اور ان کو جو	دیئے گئے	علم

تو کھڑے ہو جایا کرو تم میں سے جو کامل ایمان لائے اور جنہیں علم دیا گیا اللہ ان کے درجے بلند فرمائے گا

دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۱۱ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا

دَرَجٰتٍ	وَ	اللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِذَا
درجوں میں	اور	اللہ	اس سے جو	تم کرتے ہو	خبردار ہے	اے	وہ جو	مومن ہو	جب

اور اللہ تمہارے سب کاموں سے خوب خبردار ہے۔ اے ایمان والو! جب تم

نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ ذٰلِكَ

نَاجَيْتُمُ	الرَّسُوْلَ	فَقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيْ	نَجْوٰىكُمْ	صَدَقَةً	ذٰلِكَ
تم عرض کرنا چاہو	رسول سے	تم دے دو	پہلے	اپنی عرض سے	کچھ صدقہ دو	یہ

رسول ﷺ سے سرگوشی میں کچھ عرض کرنا چاہو تو اپنی بات عرض کرنے سے پہلے کچھ صدقہ دے دیا کرو یہ تمہارے

خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾

خَيْرٌ	لَّكُمْ	وَاَطْهَرُ	فَاِنْ	لَّمْ	تَجِدُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
بہتر ہے	تمہارے لئے	اور بہت ستھرا	پھر اگر	نہ	پاؤ	تو بیشک	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے

لئے نہایت اچھا اور بہت پاکیزہ ہے تو اگر تم (کچھ) نہ پاؤ تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا

ءَاَشْفَقْتُمْ	اَنْ	تُقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيْ	نَجْوٰىكُمْ	صَدَقٰتٍ	فَاِذْ	لَمْ	تَفْعَلُوْا
کیا تم ڈر گئے	یہ کہ	آگے بھیجو	پہلے	اپنے مشورے سے	صدقے	تو جب	نہ	کیا تم نے

کیا تم اس سے ڈر گئے کہ تم اپنی سرگوشی سے پہلے کچھ صدقے دو پھر جب تم نے یہ نہ کیا

وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

وَ	تَابَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ	فَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَ	اَطِيْعُوا	اللّٰهَ
اور	رجوع فرمایا	اللہ نے	تم پر	تو قائم رکھو	نماز	اور دو	زکوۃ	اور	اطاعت کرو	اللہ کی

اور اللہ نے اپنی رحمت سے تم پر رجوع فرمائی تو نماز قائم رکھو اور زکوۃ دو اور اللہ اور اس کے رسول

وَرَسُوْلَهٗ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا

ع ۲

وَ	رَسُوْلَهٗ	وَ	اللّٰهُ	خَبِيْرٌ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	اَلَمْ	تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	تَوَلَّوْا	قَوْمًا
اور	اسکے رسول کی	اور	اللہ	خبردار ہے	اس سے	جو تم کرتے ہو	کیا نہ	دیکھا آپ نے	طرف	انکی جنہوں نے	دوستی کی	ان سے کہ

کے فرمانبردار رہو اور اللہ تمہارے کاموں کو جانتا ہے۔ کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جو ایسوں کے

غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى

غَضِبَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مَا هُمْ	مِّنْكُمْ	وَ	لَا	مِنْهُمْ	وَ	يَحْلِفُوْنَ	عَلَى
غضب ہوا	اللہ کا	ان پر	نہیں ہیں وہ	تم میں سے	اور	نہ	ان میں سے	اور	قسمیں کھاتے ہیں	اوپر

دوست ہوئے جن پر اللہ کا غضب ہے وہ نہ تم میں سے ہیں نہ ان میں سے ہیں

اَلْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ اِنَّهُمْ سَآءَ

اَلْكَذِبِ	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	اَعَدَّ	اللّٰهُ	لَهُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا	اِنَّهُمْ	سَآءَ
جھوٹی	اور وہ	جانتے ہیں	تیار کیا	اللہ نے	ان کیلئے	عذاب	سخت	بیشک	برا ہے

وہ دانستہ جھوٹی قسم کھاتے ہیں۔ اللہ نے ان کیلئے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے بے شک وہ برا

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اِتَّخَذُوْٓا	اَيْمَانَهُمْ	جُنَّةً	فَصَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
جو	وہ کیا کرتے تھے	پکڑا انہوں نے	اپنی قسموں کو	ڈھال	تو روکا انہوں نے	اللہ کی راہ سے

کام کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے اور یوں اللہ کی راہ سے روکتے ہیں

فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۶﴾ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ

فَلَهُمْ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ	لَنْ	تُغْنِيَ	عَنْهُمْ	اَمْوَالُهُمْ	وَ	لَآ	اَوْلَادُهُمْ
تو ان کیلئے	عذاب ہے	رسوا کرنیوالا	ہرگز نہ	کام آئیں گے	ان کے	ان کے مال	اور	نہ	ان کی اولاد

سو انہیں ذلت کا عذاب ہو گا۔ ان کے مال اور ان کی اولاد اللہ (کے عذاب) سے انہیں

مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾

مِّنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا	اُولٰۗىِٕكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ
اللہ سے	کچھ بھی	یہ لوگ	آگ والے ہیں	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے

ہرگز کچھ نہ بچا سکیں گے وہ دوزخی ہیں ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ

يَوْمَ	يَبْعَثُهُمُ	اللّٰهُ	جَمِيْعًا	فَيَحْلِفُوْنَ	لَهٗ	كَمَا	يَحْلِفُوْنَ	لَكُمْ
جس دن	اٹھائے گا ان کو	اللہ	سب کو	تو قسمیں کھائیں گے	اسکے سامنے	جیسے	قسمیں کھاتے ہیں	آپ کے سامنے

جس دن اللہ ان سب کو اٹھائے گا تو اس کے سامنے (بھی) ایسی ہی قسمیں کھائیں گے جیسی آپ کے سامنے

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ⑱

وَ	يَحْسَبُوْنَ	اَنَّهُمْ	عَلٰى	شَيْءٍ	اَلَآ	اِنَّهُمْ	هُمُ	الْكٰذِبُوْنَ
اور	وہ سمجھتے ہیں	یہ کہ وہ	اوپر	کسی چیز کے ہیں	سنتے ہو	بیشک وہ	وہی	جھوٹے ہیں

قسمیں کھا رہے ہیں اور وہ گمان رکھتے ہیں کہ وہ کسی (اچھی) شے پر ہیں خبردار بے شک وہی جھوٹے ہیں۔

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ

اِسْتَحْوَذَ	عَلَيْهِمُ	الشَّيْطٰنُ	فَاَنْسٰىهُمْ	ذِكْرَ	اللّٰهِ	اُولٰۗىِٕكَ	حِزْبُ
غالب آیا	ان پر	شیطان	تو بھلا دیا ان کو	ذکر	اللہ کا	یہ لوگ	گروہ ہیں

ان پر شیطان غالب آ گیا تو انہیں اللہ کی یاد بھلا دی وہ شیطان کے گروہ ہیں

الشَّيْطٰنِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ⑲ اِنَّ الَّذِيْنَ

الشَّيْطٰنِ	اَلَآ	اِنَّ	حِزْبَ	الشَّيْطٰنِ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
شیطان کے	سن لو	بیشک	گروہ	شیطان کا	وہی ہیں	گھاٹے والے	بیشک	وہ لوگ جو

سن لو بے شک شیطانی گروہ کے لوگ ہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔ بے شک وہ جو اللہ

يُحَاۗدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰۗىِٕكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ⑳ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا

يُحَاۗدُّوْنَ	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	اُولٰۗىِٕكَ	فِي الْاَذَلِّيْنَ	كَتَبَ	اللّٰهُ	لَاَغْلِبَنَّ	اَنَا
مخالفت کرتے ہیں	اللہ کی	اور	اسکے رسول کی	یہ لوگ ہیں	ذلیل لوگوں میں	لکھا	اللہ نے	ضرور غالب آؤں گا	میں

اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ سب سے زیادہ ذلیلوں میں ہیں۔ اللہ نے لکھ دیا ہے کہ میں (اللہ)

وَرُسُلِيْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ㉑ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

وَ	رُسُلِيْ	اِنَّ	اللّٰهَ	قَوِيٌّ	عَزِيْزٌ	لَا	تَجِدُ	قَوْمًا	يُّؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ
اور	میرے رسول	بیشک	اللہ	قوت والا ہے	عزت والا	نہ	پاؤ گے	کسی قوم کو جو	ایمان رکھتے ہوں	اللہ پر

اور میرے رسول غالب آ کر رہیں گے اللہ قوت والا اور غالب ہے۔ آپ ان لوگوں کو جو اللہ اور روزِ آخرت پر

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ

اٰبَآءَهُمْ	كَانُوْٓا	لَوْ	وَ	رَسُوْلَهٗ	وَ	اللّٰهَ	حَآدَّ	مَنْ	يُوَآدُّوْنَ	الْاٰخِرِ	الْيَوْمِ	وَ
باپ ان کے	ہوں وہ	اگرچہ	اور	اسکے رسول کی	اور	اللہ کی	مخالفت کرے	اس سے جو	دوستی رکھیں	پچھلے پر	دن	اور

ایمان رکھتے ہیں ان لوگوں سے محبت کرتے ہوئے نہیں پائیں گے جو اللہ اور اس کے رسول کے

اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

فِيْ قُلُوْبِهِمُ	كَتَبَ	اُولٰٓئِكَ	عَشِيْرَتَهُمْ	اَوْ	اِخْوَانَهُمْ	اَوْ	اَبْنَآءَهُمْ	اَوْ
ان کے دلوں میں	لکھا	یہی لوگ ہیں کہ	کنبہ ان کا	یا	بھائی ان کے	یا	بیٹے ان کے	یا

خلاف کرتے ہیں اگرچہ وہ ان کے باپ ہوں یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبے والے

الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

مِنْ تَحْتِهَا	تَجْرِيْ	جَنّٰتٍ	يُدْخِلُهُمْ	وَ	مِّنْهُ	بِرُوْحٍ	اَيَّدَهُمْ	وَ	الْاِيْمَانَ
اس کے نیچے	بہتی ہیں	باغوں میں کہ	داخل کرے گا ان کو	اور	اپنی طرف سے	ساتھ روح کے	مدد کی ان کی	اور	ایمان

اللہ نے ان کے دلوں پر ایمان نقش کر دیا ہے اور اپنی روح سے انہیں قوت دی ہے اور انہیں وہ

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ

عَنْهُ	رَضُوْا	وَ	عَنْهُمْ	اللّٰهُ	رَضِيَ	فِيْهَا	خٰلِدِيْنَ	الْاَنْهٰرُ
اس سے	وہ راضی ہوئے	اور	ان سے	اللہ	راضی ہوا	اس میں	ہمیشہ رہیں	نہریں

ان باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اللہ ان سے راضی ہے

اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع

الْمُفْلِحُوْنَ	هُمُ	اللّٰهِ	حِزْبَ	اِنَّ	اَلَآ	اللّٰهِ	حِزْبُ	اُولٰٓئِكَ
کامیاب	وہی ہیں	اللہ کی	جماعت	بیشک	خبردار	اللہ کی	جماعت	یہ لوگ ہیں

اور وہ اللہ سے راضی ہیں وہ اللہ کا گروہ ہیں سنو! اللہ کا گروہ ہی کامیاب ہونے والا ہے

ایاتها ۲۴ | ۵۹ سُورَۃُ الحَشرِ مَدَنِیَّۃٌ ۱۰۱ | رکوعاتها ۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ۚ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۱﴾

سَبَّحَ	لِلّٰہِ	مَا	فِی السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِی الۡاَرۡضِ	وَ	ہُوَ	الۡعَزِیۡزُ	الۡحَکِیۡمُ
پاکی بولتا ہے	اللہ کی	جو کچھ	آسمانوں میں ہے	اور	جو کچھ	زمین میں ہے	اور	وہ	عزت والا	حکمت والا ہے

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں سب اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں اور وہی عزت و حکمت والا ہے۔

ہُوَ الَّذِیۡۤ اَخۡرَجَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا مِنۡ اَہۡلِ الۡکِتٰبِ مِنۡ دِیَارِہِمۡ لِاَوَّلِ

ہُوَ	الَّذِیۡۤ	اَخۡرَجَ	الَّذِیۡنَ	کَفَرُوۡا	مِنۡ اَہۡلِ الۡکِتٰبِ	مِنۡ دِیَارِہِمۡ	لِاَوَّلِ
وہ	وہ ہے جس نے	نکالا	ان کو جو	کافر ہوئے	اہل کتاب میں سے	ان کے گھروں سے	واسطے پہلے

وہی ہے جس نے ان کافر اہل کتاب کو ان کے گھروں سے نکالا ان کے پہلے

الۡحَشۡرِ ؕ مَا ظَنَنۡتُمۡ اَنۡ یَّخۡرُجُوۡا وَ ظَنُّوۡۤا اَنَّہُمۡ مَّانِعَتُہُمۡ حُصُوۡنُہُمۡ

الۡحَشۡرِ	مَا	ظَنَنۡتُمۡ	اَنۡ	یَّخۡرُجُوۡا	وَ	ظَنُّوۡۤا	اَنَّہُمۡ	مَّانِعَتُہُمۡ	حُصُوۡنُہُمۡ
حشر کے	نہ	گمان تھا تم کو	یہ کہ	نکل جائیں گے	اور	وہ بھی سمجھتے تھے	کہ ان کو	بچا لیں گے	ان کے قلعے

حشر کیلئے تمہیں گمان نہ تھا کہ وہ نکلیں گے اور وہ سمجھتے تھے کہ ان کے قلعے انہیں اللہ سے

مِّنَ اللّٰہِ فَاَتٰىہُمُ اللّٰہُ مِنۡ حَیۡثُ لَمۡ یَحۡتَسِبُوۡا ٭ وَ قَذَفَ فِیۡ قُلُوۡبِہِمُ

مِّنَ اللّٰہِ	فَاَتٰىہُمُ	اللّٰہُ	مِنۡ حَیۡثُ	لَمۡ	یَحۡتَسِبُوۡا	وَ	قَذَفَ	فِیۡ قُلُوۡبِہِمُ
اللہ سے	تو آیا ان کے پاس	اللہ کا حکم	جہاں سے	نہ	گمان کرتے تھے	اور	ڈالا	ان کے دلوں میں

بچا لیں گے تو اللہ کا حکم ان کے پاس آیا جہاں سے ان کا گمان بھی نہ تھا اور اس نے

وقف النبی

الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۖ فَاعْتَبِرُوْا

الرُّعْبَ	يُخْرِبُوْنَ	بُيُوْتَهُمْ	بِاَيْدِيْهِمْ	وَ	اَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ	فَاعْتَبِرُوْا
رعب	ویران کرتے ہیں	اپنے گھر	اپنے ہاتھوں سے	اور	مومنوں کے ہاتھوں سے	تو عبرت پکڑو

ان کے دلوں میں رُعب ڈالا کہ اپنے گھر ویران کرتے ہیں اپنے ہاتھوں اور مسلمانوں کے ہاتھوں پس

يٰۤاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۲﴾ وَلَوْلَاۤ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَاۤءَ لَعَذَّبَهُمْ

يٰۤاُولِي الْاَبْصَارِ	وَ	لَوْلَاۤ	اَنْ	كَتَبَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمُ	الْجَلَاۤءَ	لَعَذَّبَهُمْ
اے آنکھوں والو	اور	اگر نہ ہوتا	یہ کہ	لکھا	اللہ نے	ان پر	گھر سے اجڑنا	تو عذاب کرتا ان پر

دیدۂ بینا رکھنے والو عبرت پکڑ لو۔ اور اگر اللہ نے ان کیلئے جلاوطنی نہ لکھ دی ہوتی تو وہ ضرور انہیں دنیا

فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ﴿۳﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَاۤقُّوا اللّٰهَ

فِي الدُّنْيَا	وَ	لَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	عَذَابُ	النَّارِ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	شَاۤقُّوا	اللّٰهَ
دنیا میں	اور	ان کیلئے	آخرت میں	عذاب ہے	آگ کا	یہ	اس لئے کہ انہوں نے	مخالفت کی	اللہ کی

میں ہی سزا دے دیتا اور ان کیلئے آخرت میں آگ کا عذاب ہوگا۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے

وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاۤقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴﴾ مَا قَطَعْتُمْ

وَرَسُوْلَهٗ	وَ	مَنْ	يُّشَاۤقِّ	اللّٰهَ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	مَا	قَطَعْتُمْ
اور اسکے رسول کی	اور	جو	مخالفت کرے	اللہ کی	تو بیشک	اللہ	سخت	عذاب والا ہے	جو	کاٹے تم نے

رسول کی مخالفت کی اور کوئی اللہ کی مخالفت کرتا ہے تو اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔ کھجوروں کے

مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَاۤئِمَةً عَلٰۤى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ

مِّنْ لِّيْنَةٍ	اَوْ	تَرَكْتُمُوْهَا	قَاۤئِمَةً	عَلٰۤى	اُصُوْلِهَا	فَبِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَ	لِيُخْزِيَ
کھجور کے درخت	یا	یا تم نے انکو چھوڑ دیا	کھڑے	اوپر	انکی جڑوں کے	تو وہ حکم	الٰہی سے ہے	اور	تاکہ رسوا کرے

جو درخت تم نے کاٹے یا ان کی جڑوں پر انہیں کھڑا چھوڑ دیا تو یہ (سب) اللہ کے اذن سے ہوا اور اس لئے کہ

الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ

الْفٰسِقِيْنَ	وَ	مَآ	اَفَآءَ	اللّٰهُ	عَلٰى	رَسُوْلِهٖ	مِنْهُمْ	فَمَآ	اَوْجَفْتُمْ	عَلَيْهِ
فاسقوں کو	اور	جو	غنیمت دے	اللہ	اپنے	رسول کو	ان سے	تو نہیں	دوڑائے تم نے	اس پر

وہ نافرمانوں کو ذلیل کرے۔ اور جو (مال) اللہ نے ان سے (نکال کر) اپنے رسول پر لوٹا دیئے تو تم نے ان پر نہ گھوڑے

مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

مِنْ خَيْلٍ	وَّلَا	رِكَابٍ	وَّلٰكِنَّ	اللّٰهَ	يُسَلِّطُ	رُسُلَهٗ	عَلٰى	مَنْ	يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ
گھوڑے	اور نہ	اونٹ	اور لیکن	اللہ	غالب کرتا ہے	اپنے رسولوں کو	اوپر	جس کے	چاہے	اور اللہ

دوڑائے تھے اور نہ اونٹ ہاں اللہ اپنے رسولوں کو مسلط فرما دیتا ہے جس پر چاہے اور اللہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۶ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى

عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	مَآ	اَفَآءَ	اللّٰهُ	عَلٰى	رَسُوْلِهٖ	مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى
اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے	جو کچھ	غنیمت دے	اللہ	اپنے	رسول کو	شہر والوں سے

جو چاہے اس پر قادر ہے۔ جو غنیمت دلائی اللہ نے اپنے رسول ﷺ کو شہر والوں سے

فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ

فَلِلّٰهِ	وَ	لِلرَّسُوْلِ	وَ	لِذِي الْقُرْبٰى	وَ	الْيَتٰمٰى	وَالْمَسٰكِيْنِ	وَابْنِ السَّبِيْلِ
تو اللہ کیلئے ہے	اور	رسول کیلئے	اور	قرابت والوں کیلئے	اور	یتیموں	اور مسکینوں کیلئے	اور مسافروں کیلئے

وہ اللہ اور رسول کی ہے اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کیلئے

كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ؕ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ

كَيْ	لَا	يَكُوْنَ	دُوْلَةً	بَيْنَ	الْاَغْنِيَآءِ	مِنْكُمْ	وَ	مَآ	اٰتٰىكُمُ	الرَّسُوْلُ
تاکہ	نہ	ہو	ہاتھوں ہاتھ لینا	درمیان	مالداروں کے	تم میں سے	اور	جو کچھ	عطا فرمائے تم کو	رسول

کہ تمہارے اغنیاء کا مال نہ ہو جائے اور جو کچھ تمہیں رسول عطا فرمائیں

فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

فَخُذُوْهُ	وَ	مَا	نَهٰىكُمْ	عَنْهُ	فَانْتَهُوْا	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ
تو لو اس کو	اور	جو کچھ سے	منع فرمائیں تم کو	اس سے	تم باز آجاؤ	اور ڈرو	اللہ سے	بیشک	اللہ	سخت

وہ لے لو اور جس سے منع فرمائیں باز رہو اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ کا

وقف لازم

الْعِقَابِ ۘ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

الْعِقَابِ	لِلْفُقَرَآءِ	الْمُهٰجِرِيْنَ	الَّذِيْنَ	اُخْرِجُوْا	مِنْ دِيَارِهِمْ
عذاب والا ہے	فقیر	مہاجروں کیلئے	جو	نکالے گئے	اپنے گھروں سے

عذاب سخت ہے۔ نادار مہاجرین کے لئے (بھی) ہے جو اپنے گھروں اور اپنے اموال (اور جائیدادوں)

وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ

وَ	اَمْوَالِهِمْ	يَبْتَغُوْنَ	فَضْلًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	رِضْوَانًا	وَّ	يَنْصُرُوْنَ	اللّٰهَ
اور	اپنے مالوں سے	چاہتے ہیں	فضل	اللہ کا	اور	رضامندی	اور	مدد کرتے ہیں	اللہ کی

سے باہر نکال دیئے گئے ہیں وہ اللہ کا فضل اور اس کی رضاء وخوشنودی چاہتے ہیں اور (اپنے مال و وطن کی قربانی سے) اللہ اور اس

وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۚ﴿۸﴾ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ

وَ	رَسُوْلَهٗ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الصّٰدِقُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	تَبَوَّؤُ	الدَّارَ	وَ	الْاِيْمَانَ
اور	اسکے رسول کی	یہ لوگ	وہی ہیں	سچے	اور	وہ جنہوں نے	جگہ بنائی	اس شہر میں	اور	ایمان

کے رسول (ﷺ) کی مدد کرتے ہیں یہی لوگ ہی سچے مومن ہیں۔ اور وہ جنہوں نے ان سے پہلے اس شہر کو اور ایمان

مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ

مِنْ قَبْلِهِمْ	يُحِبُّوْنَ	مَنْ	هَاجَرَ	اِلَيْهِمْ	وَ	لَا	يَجِدُوْنَ
ان سے پہلے	دوست رکھتے ہیں	جو	ہجرت کرتا ہے	ان کی طرف	اور	نہیں	پاتے

کو گھر بنایا تھا ان سے جنہوں نے ان کے پاس ہجرت کی محبت کرتے ہیں اور جو کچھ انہیں دیا

فِیۡ صُدُوۡرِہِمۡ حَاجَۃً مِّمَّاۤ اُوۡتُوۡا وَ یُؤۡثِرُوۡنَ عَلٰۤی اَنۡفُسِہِمۡ وَ لَوۡ کَانَ

کَانَ	لَوۡ	وَ	اَنۡفُسِہِمۡ	عَلٰۤی	یُؤۡثِرُوۡنَ	وَ	اُوۡتُوۡا	مِّمَّاۤ	حَاجَۃً	فِیۡ صُدُوۡرِہِمۡ
ہوں	اگرچہ	اور	اپنی جانوں کے	اوپر	ترجیح دیتے ہیں	اور	دیئے گئے	اس سے جو	حاجت	سینوں اپنے میں

اس کی اپنے سینوں میں حاجت نہیں پاتے اور انہیں اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں

بِہِمۡ خَصَاصَۃٌ ؕ قف وَ مَنۡ یُّوۡقَ شُحَّ نَفۡسِہٖ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ

ہُمُ	فَاُولٰٓئِکَ	نَفۡسِہٖ	شُحَّ	یُّوۡقَ	مَنۡ	وَ	خَصَاصَۃٌ	بِہِمۡ
وہی ہیں	تو یہ	اپنے نفس کے	لالچ سے	بچایا گیا	جو	اور	شدید محتاجی	انکو اس میں

اگرچہ انہیں سخت تنگی ہو اور جسے اپنے نفس کے لالچ سے بچا لیا گیا وہی

الۡمُفۡلِحُوۡنَ ۚ﴿۹﴾ وَ الَّذِیۡنَ جَآءُوۡ مِنۡۢ بَعۡدِہِمۡ یَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَا اغۡفِرۡ لَنَا

اغۡفِرۡ لَنَا	رَبَّنَا	یَقُوۡلُوۡنَ	مِنۡۢ بَعۡدِہِمۡ	جَآءُوۡ	الَّذِیۡنَ	وَ	الۡمُفۡلِحُوۡنَ
بخش دے ہم کو	اے ہمارے رب	کہتے ہیں	بعد ان کے	آئے	وہ جو	اور	کامیاب

کامیاب ہوں گے۔ اور وہ جو ان کے بعد آئے کہتے ہیں ہمارے رب! ہمیں

وَ لِاِخۡوَانِنَا الَّذِیۡنَ سَبَقُوۡنَا بِالۡاِیۡمَانِ وَ لَا تَجۡعَلۡ فِیۡ قُلُوۡبِنَا غِلًّا

غِلًّا	فِیۡ قُلُوۡبِنَا	تَجۡعَلۡ	لَا	وَ	بِالۡاِیۡمَانِ	سَبَقُوۡنَا	الَّذِیۡنَ	لِاِخۡوَانِنَا	وَ
کینہ	ہمارے دلوں میں	رکھ	نہ	اور	ساتھ ایمان کے	پہلے گزر گئے ہم سے	جو	ہمارے بھائیوں کو	اور

اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے بخش دے اور ہمارے دلوں میں

لِّلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا رَبَّنَاۤ اِنَّکَ رَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۱۰﴾ ع اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ نَافَقُوۡا

نَافَقُوۡا	الَّذِیۡنَ	اِلَی	تَرَ	اَلَمۡ	رَّحِیۡمٌ	رَءُوۡفٌ	اِنَّکَ	رَبَّنَاۤ	اٰمَنُوۡا	لِّلَّذِیۡنَ
منافق ہیں	ان کی جو	طرف	دیکھا تم نے	کیا نہ	رحم کرنیوالا	مہربان ہے	بیشک تو	اے ہمارے رب	ایمان لائے	ان کیلئے جو

ایمان والوں کیلئے کینہ نہ رکھ ہمارے رب! تو مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔ کیا تم نے منافقوں کو نہ دیکھا جو

ع ۱

يَقُولُونَ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ أُخْرِجْتُمْ

يَقُولُونَ	لِإِخْوَانِهِمُ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ	لَئِنْ	أُخْرِجْتُمْ
کہتے ہیں	اپنے بھائیوں سے	جو کہ	کافر ہیں	اہل کتاب سے	اگر	تم نکالے گئے

اپنے بھائیوں کفارِ اہلِ کتاب سے کہتے ہیں اگر تم نکالے گئے تو ضرور ہم (بھی) تمہارے ساتھ نکل جائیں گے

لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيعُ فِيكُمْ أَحَدًا أَبَدًا وَإِنْ قُوتِلْتُمْ

لَنَخْرُجَنَّ	مَعَكُمْ	وَ	لَا	نُطِيعُ	فِيكُمْ	أَحَدًا	أَبَدًا	وَ	إِنْ	قُوتِلْتُمْ
تو ہم بھی ضرور نکلیں گے	تمہارے ساتھ	اور	نہ	کہا مانیں گے	تمہارے متعلق	کسی کا	کبھی بھی	اور	اگر	تم سے لڑائی ہوئی

اور تمہارے بارے میں ہم کبھی کسی کی اطاعت نہ کریں گے اور اگر تم سے قتال کیا گیا

لَنَنْصُرَنَّكُمْ ط وَاللّٰهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكٰذِبُونَ ۝١١ لَئِنْ أُخْرِجُوا

لَنَنْصُرَنَّكُمْ	وَ	اللّٰهُ	يَشْهَدُ	إِنَّهُمْ	لَكٰذِبُونَ	لَئِنْ	أُخْرِجُوا
تو ہم ضرور تمہاری مدد کرینگے	اور	اللہ	گواہی دیتا ہے	کہ وہ	یقیناً جھوٹے ہیں	اگر	نکالے گئے

تو ضرور ہم تمہاری مدد کریں گے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یقیناً وہ پکے جھوٹے ہیں۔ اگر وہ (اہلِ کتاب) نکالے گئے

لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ ج وَلَئِنْ قُوتِلُوا لَا يَنْصُرُونَهُمْ ج وَلَئِنْ نَصَرُوهُمْ

لَا	يَخْرُجُونَ	مَعَهُمْ	وَلَئِنْ	قُوتِلُوا	لَا	يَنْصُرُونَهُمْ	وَ	لَئِنْ	نَصَرُوهُمْ
نہ	نکلیں گے وہ	ساتھ انکے	اور اگر	لڑائی کیے گئے	نہ	مدد کریں گے ان کی	اور	اگر	مدد کریں گے ان کی

تو منافق (ہرگز) ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے اور اگر ان سے قتال ہوا تو وہ (ہرگز) ان کی مدد نہیں کریں گے اور اگر ان کی مدد کی تو وہ

لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ قف ثُمَّ لَا يُنْصَرُونَ ۝١٢ لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً

لَيُوَلُّنَّ	الْأَدْبَارَ	ثُمَّ	لَا	يُنْصَرُونَ	لَأَنْتُمْ	أَشَدُّ	رَهْبَةً
تو ضرور پھیریں گے	پیٹھیں	پھر	نہ	مدد دیے جائیں گے	بیشک تم	زیادہ سخت ہو	ڈر کے لحاظ سے

ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے پھر (کہیں سے) ان کی مدد نہ ہو سکے گی۔ بے شک ان کے دلوں میں اللہ سے

فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ۝۱۳ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ

فِيْ صُدُوْرِهِمْ	مِّنَ اللّٰهِ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا	يَفْقَهُوْنَ	لَا	يُقَاتِلُوْنَكُمْ
ان کے سینوں میں	اللہ سے	یہ	اس لئے کہ وہ	قوم ہیں	جو نہیں	سمجھتے	نہیں	لڑیں گے تم سے

زیادہ تمہارا ڈر ہے یہ اس لئے کہ وہ ناسمجھ لوگ ہیں۔ یہ سب مل کر بھی تم

جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ۭ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ

جَمِيْعًا	اِلَّا	فِيْ قُرًى	مُّحَصَّنَةٍ	اَوْ	مِنْ وَّرَآءِ	جُدُرٍ	بَاْسُهُمْ	بَيْنَهُمْ
اکٹھے ہوکر	مگر	بستیوں میں	قلعہ بند	یا	پیچھے	دیواروں کے	لڑائی ان کی	آپس میں

سے نہیں لڑینگے مگر قلعہ بند شہروں میں یہ دیواروں کے پیچھے آپس میں ان کی آپس کی لڑائی سخت ہے

شَدِيْدٌ ۭ تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

شَدِيْدٌ	تَحْسَبُهُمْ	جَمِيْعًا	وَّ	قُلُوْبُهُمْ	شَتّٰى	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ
سخت ہے	تم خیال کرتے ہو انکو	اکھٹے	اور	ان کے دل	الگ الگ ہیں	یہ	اس لئے کہ وہ	لوگ ہیں جو

تم انہیں ایک جماعت سمجھو گے حالانکہ انکے دل الگ الگ ہیں یہ اسلئے کہ وہ

لَّا يَعْقِلُوْنَ ۝۱۴ۚ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ

لَا	يَعْقِلُوْنَ	كَمَثَلِ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	قَرِيْبًا	ذَاقُوْا	وَبَالَ	اَمْرِهِمْ
نہیں	سمجھتے	ان کی کہاوت	وہ ہیں جو	ان سے پہلے ہوئے	قریب زمانہ میں	انہوں نے چکھا	وبال	کام اپنے کا

بے عقل لوگ ہیں۔ ان لوگوں کی طرح جو ان سے تھوڑا عرصہ پہلے ہوئے اور انہوں نے اپنی کارکردگی کی سزا چکھ لی

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱۵ۚ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا

وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	كَمَثَلِ	الشَّيْطٰنِ	اِذْ	قَالَ	لِلْاِنْسَانِ	اكْفُرْ	فَلَمَّا
اور	ان کیلئے	عذاب ہے	دردناک	جیسے	شیطان کی کہاوت	کہ جب	کہتا ہے	انسان کو	کفر کر	تو جب

اور انہیں دردناک عذاب ہو گا۔ شیطان کی طرح جب اس نے انسان سے کہا انکار کردے پھر جب اس نے

كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ فَكَانَ

كَفَرَ	قَالَ	اِنِّيْ	بَرِيْٓءٌ	مِّنْكَ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اللّٰهَ	رَبَّ	الْعٰلَمِيْنَ	فَكَانَ
اس نے کفر کیا	کہا	میں	بیزار ہوں	تجھ سے	بیشک میں	ڈرتا ہوں	اللہ سے جو	رب ہے	جہانوں کا	تو ہوا

انکار کر دیا تو کہنے لگا میں تجھ سے ہوں میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ تو ہمیشہ

عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ ع

عَاقِبَتَهُمَآ	اَنَّهُمَا	فِي النَّارِ	خَالِدَيْنِ	فِيْهَا	وَ	ذٰلِكَ	جَزٰٓؤُا	الظّٰلِمِيْنَ
ان کا انجام	کہ وہ دونوں	آگ میں ہیں	ہمیشہ رہیں	اس میں	اور	یہ ہے	بدلہ	ظالموں کا

ان کا جہنم میں رہنا ان دونوں کا انجام ہوا اور یہی بدلہ ہے ظالموں کا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَلْتَنْظُرْ	نَفْسٌ	مَّا	قَدَّمَتْ	لِغَدٍ	وَاتَّقُوا
اے	لوگو جو	ایمان لائے ہو	ڈرو	اللہ سے	اور چاہیے کہ دیکھے	ہر جان	جو	آگے بھیجا	کل کیلئے	اور ڈرو

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص دیکھتا رہے کہ اس نے کل (قیامت) کیلئے کیا بھیجا اور اللہ تعالیٰ

اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ

اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	خَبِيْرٌ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	وَ	لَا	تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	نَسُوا	اللّٰهَ
اللہ سے	بیشک	اللہ	خبردار ہے	اس سے جو	تم کرتے ہو	اور	نہ	ہو جاؤ	ان کی طرح جو	بھول گئے	اللہ کو

سے ڈرتے رہو بے شک اللہ تمہارے ہر کام سے خوب خبردار ہے۔ اور ان جیسے نہ ہو جاؤ جو اللہ کو بھول بیٹھے

فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ

فَاَنْسٰىهُمْ	اَنْفُسَهُمْ	اُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	لَا	يَسْتَوِيْٓ	اَصْحٰبُ
تو بھلا دیں ان کو	ان کی جانیں	وہی	لوگ	فاسق ہیں	نہیں	برابر ہیں	رہنے وا

تو اللہ نے انہیں بلا ڈالا کہ اپنی جانیں یاد نہ رہیں وہی فاسق ہیں۔ دوزخ والے ا

النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ لَوْ

النَّارِ	وَاَصْحٰبُ	الْجَنَّةِ	اَصْحٰبُ	الْجَنَّةِ	هُمُ	الْفَآئِزُوْنَ	لَوْ
آگ کے	اور رہنے والے	جنت کے	رہنے والے	جنت کے	وہی ہیں	کامیاب	اگر

جنت والے برابر نہیں جنت والے ہی مراد کو پہنچے۔ اگر ہم

اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ

اَنْزَلْنَا	هٰذَا	الْقُرْاٰنَ	عَلٰى	جَبَلٍ	لَّرَاَيْتَهٗ	خَاشِعًا	مُّتَصَدِّعًا	مِّنْ خَشْيَةِ
اتارتے ہم	اس	قرآن کو	اوپر	پہاڑ کے	تو دیکھتا تو اسے	جھکتا ہوا	پاش پاش ہوتا	خوف سے

اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو اے سننے والے تو اسے اللہ کے ڈر سے پاش پاش ہوتے

اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾

اللّٰهِ	وَ	تِلْكَ	الْاَمْثَالُ	نَضْرِبُهَا	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَفَكَّرُوْنَ
اللہ کے	اور	یہ	مثالیں	بیان کرتے ہیں ہم ان کو	لوگوں کیلئے	تاکہ وہ	سوچیں

اور جھکتا دیکھتا اور یہ مثالیں ہم لوگوں کیلئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غوروفکر کریں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ

هُوَ	اللّٰهُ	الَّذِىْ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	عٰلِمُ	الْغَيْبِ	وَ	الشَّهَادَةِ	هُوَ	الرَّحْمٰنُ
وہ	اللہ	وہی ہے کہ	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	جاننے والا ہے	غیب کا	اور	حاضر کا	وہ ہے	مہربان

وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی خدا نہیں غائب اور ظاہر کا جاننے والا وہ نہایت مہربان

الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ

الرَّحِيْمُ	هُوَ	اللّٰهُ	الَّذِىْ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	اَلْمَلِكُ	الْقُدُّوْسُ	السَّلٰمُ
رحمت والا	وہ	اللہ	وہ ہے کہ	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	بادشاہ	نہایت پاک	سلامتی دینے والا

رحم کرنے والا ہے۔ وہی ہے اللہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں بادشاہ ہے پاک ذات ہر نقص سے سراسر سلامتی

الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا

عَمَّا	اللّٰهِ	سُبْحٰنَ	الْمُتَكَبِّرُ	الْجَبَّارُ	الْعَزِيزُ	الْمُهَيْمِنُ	الْمُؤْمِنُ
اس سے جو	اللہ	پاک ہے	تکبر والا	عظمت والا	عزت والا	حفاظت کرنیوالا	امان بخشنے والا

امان بخشنے والا نگہبان بہت غالب نہایت عظمت والا کبریائی والا اللہ پاک ہے ہر اس چیز سے جسے وہ اس کا

يُشْرِكُونَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى ۚ

الْحُسْنٰى	الْأَسْمَاءُ	لَهُ	الْمُصَوِّرُ	الْبَارِئُ	الْخَالِقُ	اللّٰهُ	هُوَ	يُشْرِكُونَ
اچھے	نام	اسی کے ہیں	صورت دینے والا	بنانے والا	پیدا کرنے والا	اللہ ہے	وہی	وہ شرک کرتے ہیں

شریک ٹھہراتے ہیں۔ وہی ہے اللہ بنانے والا پیدا فرمانے والا صورت دینے والا اسی کیلئے ہیں سب اچھے نام اسی کیلئے

يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۲۴﴾ ع

الْحَكِيمُ	الْعَزِيزُ	هُوَ	وَ	وَالْأَرْضِ	فِي السَّمٰوٰتِ	مَا	لَهُ	يُسَبِّحُ
حکمت والا ہے	عزت والا	وہی	اور	اور زمین میں ہے	آسمانوں میں	جو کچھ	اس کی	پاکی بولتا ہے

تسبیح بیان کرتی ہیں وہ سب چیزیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور وہی ہے نہایت غلبے والا بڑی حکمت والا۔

آیاتھا ۱۳ ۶۰ سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ ۹۱ رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَاءَ تُلْقُونَ

تُلْقُونَ	اَوْلِيَاءَ	عَدُوَّكُمْ	وَ	عَدُوِّي	تَتَّخِذُوا	لَا	اٰمَنُوا	الَّذِينَ	يٰۤاَيُّهَا
تم خبریں پہنچاتے ہو	دوست	اپنے دشمنوں کو	اور	میرے دشمنوں کو	بناؤ	نہ	ایمان لائے ہو	وہ لوگو جو	اے

اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم انہیں خبریں پہنچاتے ہو

إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوا بِمَا جَاءَكُم مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُونَ

اِلَيْهِمْ	بِالْمَوَدَّةِ	وَ	قَدْ	كَفَرُوْا	بِمَا	جَآءَكُمْ	مِّنَ الْحَقِّ	يُخْرِجُوْنَ
ان کو	دوستی سے	اور	بیشک	وہ منکر ہوئے	اس کے جو	آیا تمہارے پاس	حق	نکالتے ہیں

دوستی سے حالانکہ وہ منکر ہیں اس حق کے جو تمہارے پاس آیا گھر سے جدا کرتے ہیں

الرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ أَن تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ رَبِّكُمْ ۖ إِن كُنتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا

الرَّسُوْلَ	وَ	اِيَّاكُمْ	اَنْ	تُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	رَبِّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	خَرَجْتُمْ	جِهَادًا
رسول کو	اور	خاص تم کو بھی	یہ کہ	تم ایمان لائے	اللہ پر	جو تمہارا رب ہے	اگر	ہو تم	نکلے	جہاد کیلئے

رسول کو اور تمہیں اس پر کہ تم اپنے رب پر ایمان لائے اگر تم نکلے ہو میری راہ میں جہاد کرنے

فِي سَبِيلِي وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِي ۚ تُسِرُّونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ ۖ وَأَنَا أَعْلَمُ

فِيْ سَبِيْلِيْ	وَابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِيْ	تُسِرُّوْنَ	اِلَيْهِمْ	بِالْمَوَدَّةِ	وَاَنَا	اَعْلَمُ
میری راہ میں	اور واسطے چاہنے	میری رضامندی کے	چھپاتے ہو تم	ان کی طرف	دوستی سے	اور میں	خوب جانتا ہوں

اور میری رضا چاہنے کو تو ان سے دوستی نہ کرو تم انہیں خفیہ پیام محبت بھیجتے ہو اور میں

بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنتُمْ ۚ وَمَن يَفْعَلْهُ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ

بِمَآ	اَخْفَيْتُمْ	وَ	مَآ	اَعْلَنْتُمْ	وَ	مَنْ	يَّفْعَلْهُ	مِنْكُمْ	فَقَدْ	ضَلَّ	سَوَآءَ
جو کچھ	تم چھپاتے ہو	اور	جو	ظاہر کرتے ہو	اور	جو	کرے گا ایسا	تم میں سے	تو بیشک	گمراہ ہوا	سیدھی

خوب جانتا ہوں جو تم چھپاؤ اور جو ظاہر کرو اور تم میں جو ایسا کرے بے شک وہ سیدھی

السَّبِيلِ ﴿١﴾ إِن يَثْقَفُوكُمْ يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاءً وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ

السَّبِيْلِ	اِنْ	يَّثْقَفُوْكُمْ	يَكُوْنُوْا	لَكُمْ	اَعْدَآءً	وَ	يَبْسُطُوْٓا	اِلَيْكُمْ
راہ سے	اگر	پائیں تم کو	تو ہوں	تمہارے	دشمن	اور	پھیلائیں	تمہاری طرف

راہ سے بہکا۔ اگر تمہیں پائیں تو تمہارے دشمن ہوں گے اور تمہاری طرف اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں

اَیْدِیَھُمْ وَاَلْسِنَتَھُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَکْفُرُوْنَ ؕ﴿۲﴾ لَنْ تَنْفَعَکُمْ

تَنْفَعَکُمْ	لَنْ	تَکْفُرُوْنَ	لَوْ	وَدُّوْا	وَ	بِالسُّوْٓءِ	وَاَلْسِنَتَھُمْ	اَیْدِیَھُمْ
نفع دیں گے تم کو	ہرگز نہ	تم کفر کرو	کاش کہ	تمنا کرتے ہیں	اور	برائی کے ساتھ	اور اپنی زبانیں	اپنے ہاتھ

برائی کے ساتھ دراز کریں گے اور ان کی تمنا ہے کہ کسی طرح تم کافر ہو جاؤ۔ تمہیں تمہارے رشتے

اَرْحَامُکُمْ وَلَآ اَوْلَادُکُمْ ۚ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ۚ یَفْصِلُ بَیْنَکُمْ ؕ وَاللّٰہُ بِمَا

بِمَا	اللّٰہُ	وَ	بَیْنَکُمْ	یَفْصِلُ	الْقِیٰمَۃِ	یَوْمَ	اَوْلَادُکُمْ	وَلَآ	اَرْحَامُکُمْ
اس سے جو کچھ	اللہ	اور	تمہارے درمیان	فیصلے کرے گا	قیامت کے	دن	اولاد تمہاری	اور نہ	تمہارے رشتے

اور تمہاری اولاد فائدہ نہ دے گی روزِ قیامت کو وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا اور اللہ

تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۳﴾ قَدْ کَانَتْ لَکُمْ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ فِیْٓ اِبْرٰھِیْمَ وَالَّذِیْنَ

لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ ۚ وَإِن كُنَّ أُولَاتِ حَمْلٍ فَأَنفِقُوا عَلَيْهِنَّ حَتَّىٰ

لِتُضَيِّقُوا	عَلَيْهِنَّ	وَ	إِنْ	كُنَّ	أُولَاتِ حَمْلٍ	فَأَنفِقُوا	عَلَيْهِنَّ	حَتَّىٰ
کہ تنگی کرو	ان پر	اور	اگر	ہوں وہ	حمل والیاں	تو خرچ کرو	ان پر	یہاں تک کہ

کہ ان پر تنگی کرو اور اگر وہ حاملہ ہوں تو انہیں نفقہ دو ان کے وضع حمل تک پھر

يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَإِنْ أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۖ وَأْتَمِرُوا

يَضَعْنَ	حَمْلَهُنَّ	فَإِنْ	أَرْضَعْنَ	لَكُمْ	فَآتُوهُنَّ	أُجُورَهُنَّ	وَأْتَمِرُوا
جنیں وہ	اپنا حمل	پھر اگر	دودھ پلائیں	تمہارے لئے	تو دوان کو	اجرت ان کی	اور مشورہ کرو

اگر وہ تمہارے لئے (بچے کو) دودھ پلائیں تو انہیں ان کی اُجرت دو اور آپس میں دستور کے مطابق مشورہ کرو

بَيْنَكُم بِمَعْرُوفٍ ۖ وَإِن تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَىٰ ﴿٦﴾ لِيُنفِقْ

بَيْنَكُمْ	بِمَعْرُوفٍ	وَإِنْ	تَعَاسَرْتُمْ	فَسَتُرْضِعُ	لَهُ	أُخْرَىٰ	لِيُنفِقْ
آپس میں	اچھے طریقہ سے	اور اگر	تم آپس میں تنگی محسوس کرو	تو دودھ پلادے گی	اس کو	کوئی دوسری	چاہیے کہ خرچ کریں

اور اگر تم باہم دشواری محسوس کرو تو اب اسے (کوئی) دوسری عورت دودھ پلا دے گی اپنے مقدور کے

ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ ۖ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ مِمَّا آتَاهُ

ذُو سَعَةٍ	مِّن سَعَتِهِ	وَ	مَنْ	قُدِرَ	عَلَيْهِ	رِزْقُهُ	فَلْيُنفِقْ	مِمَّا	آتَاهُ
صاحب وسعت	اپنی فراخی سے	اور	جو کہ	تنگ کردیا گیا ہو	اس پر	رزق اس کا	تو وہ خرچ کرے	اس سے کہ	دیا اس کو

قابل نفقہ دے اور جس پر اس کا رزق تنگ کیا گیا وہ اس میں سے نفقہ دے جو اسے اللہ نے دیا

اللّٰهُ ۚ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ۚ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ﴿٧﴾

اللّٰهُ	لَا	يُكَلِّفُ	اللّٰهُ	نَفْسًا	اِلَّا	مَآ	اٰتٰىهَا	سَيَجْعَلُ	اللّٰهُ	بَعْدَ عُسْرٍ	يُّسْرًا
اللہ نے	نہیں	تکلیف دیتا	اللہ	کسی جی کو	مگر	جو	دیا اس کو	قریب ہے کہ کردے گا	اللہ	دشواری کے بعد	آسانی

اللہ کسی جان پر بوجھ نہیں رکھتا مگر اسی قابل جتنا اسے دیا ہے قریب ہے اللہ دشواری کے بعد آسانی فرما دیگا۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا

وَ	كَاَيِّنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	عَتَتْ	عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا	وَرُسُلِهٖ	فَحَاسَبْنٰهَا	حِسَابًا
اور	کتنے ہی	شہر تھے	سرکشی کی انہوں نے	اپنے رب کے حکم سے	اور اسکے رسول سے	تو ہم نے حساب لیا ان سے	حساب

اور کتنے ہی شہر تھے جنہوں نے اپنے رب کے حکم اور اس کے رسولوں سے سرکشی کی تو ہم نے

شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨﴾ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ

شَدِيْدًا	وَّ	عَذَّبْنٰهَا	عَذَابًا	نُّكْرًا	فَذَاقَتْ	وَبَالَ	اَمْرِهَا	وَ	كَانَ	عَاقِبَةُ
سخت	اور	سزا دی ہم نے انکو	سزا	بری	تو چکھا	وبال	اپنے کیئے کا	اور	ہوا	انجام

ان سے سخت حساب لیا اور انہیں ہولناک سزا دی۔ پھر انہوں نے اپنے کام کے عذاب کا مزہ چکھ لیا اور ان کے کام کا

اَمْرِهَا خُسْرًا ﴿٩﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۚ

اَمْرِهَا	خُسْرًا	اَعَدَّ	اللّٰهُ	لَهُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا	فَاتَّقُوْا	اللّٰهَ	يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ
اسکے کام کا	خسارہ	تیار کیا	اللہ نے	ان کیلئے	عذاب	سخت	تو ڈرو	اللہ سے	اے عقل والو

انجام نقصان ہی تھا۔ اللہ نے ان کیلئے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے پس اللہ سے ڈرو اے عقل والو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ﴿١٠﴾ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	قَدْ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	اِلَيْكُمْ	ذِكْرًا	رَّسُوْلًا	يَّتْلُوْا
وہ لوگ جو	ایمان لائے	بیشک	اتارا	اللہ نے	تمہاری طرف	ذکر	ایسا رسول	جو پڑھتا ہے

جو ایمان لائے ہو اللہ نے تمہاری طرف ایک نصیحت نازل کی ہے۔ (اور) رسول ﷺ (بھیجے) جو

عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِ	اللّٰهِ	مُبَيِّنٰتٍ	لِيُخْرِجَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
تم پر	آیتیں	اللہ کی	روشن	تاکہ نکالے	ان کو جو	ایمان لائے	اور	عمل کیے	اچھے

اللہ کی روشن آیتیں تم پر تلاوت فرماتے ہیں تاکہ ایمان والوں اور نیک عمل کرنے والوں کو تاریکیوں سے روشنی

مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا

مِنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى	النُّوْرِ	وَ	مَنْ	يُؤْمِنْ	بِاللّٰهِ	وَ	يَعْمَلْ	صَالِحًا
اندھیروں سے	طرف	روشنی کی	اور	جو	ایمان لائے	اللہ پر	اور	کام کرے	اچھے تو

کی طرف لے آئیں اور جو (لوگ) اللہ پر ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے اللہ انہیں جنتوں میں داخل

يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ قَدْ

يُدْخِلْهُ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا	قَدْ
داخل کرے گا اسکو	باغوں میں	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں	اس میں	ہمیشہ تک	بیشک

فرمائے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے بیشک اللہ نے ان کیلئے

اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ﴿۱۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ

اَحْسَنَ	اللّٰهُ	لَهٗ	رِزْقًا	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	خَلَقَ	سَبْعَ	سَمٰوٰتٍ	وَّ	مِنَ الْاَرْضِ
اچھا کیا	اللہ نے	اس کیلئے	رزق	اللہ	وہ ہے جس نے	پیدا کیے	سات	آسمان	اور	زمینیں بھی

بہت اچھا رزق رکھا ہے۔ اللہ (ہی) ہے جس نے سات آسمان پیدا فرمائے اور زمین سے (بھی) ان کے

مِثْلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى

مِثْلَهُنَّ	يَتَنَزَّلُ	الْاَمْرُ	بَيْنَهُنَّ	لِتَعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى
اتنی	اترتا ہے	حکم	ان کے درمیان	تاکہ تم جانو	کہ بیشک	اللہ	اوپر

برابر (سات) ان کے درمیان (قضائے الٰہی کا) حکم جاری ہوتا ہے تاکہ تم جان لو کہ اللہ جو چاہے

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿١٢﴾

كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيرٌ	وَّ	اَنَّ	اللّٰهَ	قَدْ	اَحَاطَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عِلْمًا
ہر	چیز کے	قادر ہے	اور	بیشک	اللہ نے	یقیناً	گھیر رکھا ہے	ہر	چیز کو	اپنے علم میں

اس پر قادر ہے اور یہ کہ اللہ نے احاطہ فرما لیا ہے ہر چیز کا (اپنے) علم سے۔

آیاتها ۱۲ — ٦٦ سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۷ — رکوعاتها ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ

يٰۤاَيُّهَا	النَّبِيُّ	لِمَ	تُحَرِّمُ	مَاۤ	اَحَلَّ	اللّٰهُ	لَكَ	تَبْتَغِيْ	مَرْضَاتَ
اے	غیب بتانےوالے نبی	کیوں	حرام کرتے ہیں آپ	جو	حلال کیا	اللہ نے	تمہارے لئے	آپ چاہتے ہیں	رضا

اے غیب بتانے والے نبی معظم ﷺ! آپ خود کو اس چیز (یعنی شہد کے نوش کرنے) سے کیوں منع فرماتے ہیں جسے اللہ نے آپ کے لئے حلال فرما رکھا ہے۔

اَزْوَاجِكَ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١﴾ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ

اَزْوَاجِكَ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	قَدْ	فَرَضَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	تَحِلَّةَ
اپنی بیبیوں کی	اور	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	بیشک	مقرر کیا	اللہ نے	تمہارے لئے	اتارنا

آپ اپنی ازواج کی (اس قدر) دلجوئی فرماتے ہیں اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ (اے مومنو!) بے شک اللہ نے تمہارے لئے تمہاری

اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿٢﴾ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى

اَيْمَانِكُمْ	وَ	اللّٰهُ	مَوْلٰىكُمْ	وَهُوَ	الْعَلِيْمُ	الْحَكِيْمُ	وَ	اِذْ	اَسَرَّ	النَّبِيُّ	اِلٰى
تمہاری قسموں کا	اور	اللہ	مولیٰ ہے تمہارا	اور وہ ہے	علم والا	حکمت والا	اور	جب	چھپائی	نبی نے	طرف

قسموں کا کفارہ مقرر کیا اور اللہ تمہارا مولیٰ ہے اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔ اور جب نبی (مکرم ﷺ) نے اپنی ایک زوجہ حضرت

بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ

عَرَّفَ	عَلَيْهِ	اللّٰهُ	اَظْهَرَهُ	وَ	بِهٖ	نَبَّاَتْ	فَلَمَّا	حَدِيْثًا	اَزْوَاجِهٖ	بَعْضِ
جتایا	اس پر	اللہ نے	مطلع کردیا اسکو	اور	وہ بات	بتادی اس نے	پھر جب	ایک بات	اپنی بیوی	بعض

حفصہ سے ایک رازدارانہ بات ارشاد فرمائی پھر جب وہ (حضرت عائشہ) اُس (بات) کا ذکر کر بیٹھیں اور اللہ نے نبی (ﷺ) پر اسے ظاہر فرمادیا تو نبی

بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ

هٰذَا	اَنْۢبَاَكَ	مَنْ	قَالَتْ	بِهٖ	نَبَّاَهَا	فَلَمَّا	عَنْۢ بَعْضٍ	اَعْرَضَ	وَ	بَعْضَهٗ
یہ	بتایا آپ کو	کس نے	کہنے لگی	اس کی	خبر دی اس کو	تو جب	بعض سے	چشم پوشی فرمائی	اور	بعض اس کا

(ﷺ) نے انہیں اس کا کچھ حصہ جتادیا اور کچھ حصہ (بتانے) سے چشم پوشی فرمائی، پھر جب نبی (ﷺ) نے انہیں اس کی خبر دے دی (کہ آپ راز

قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ③ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ

قُلُوْبُكُمَا	صَغَتْ	فَقَدْ	اللّٰهِ	اِلَى	تَتُوْبَاۤ	اِنْ	الْخَبِيْرُ	الْعَلِيْمُ	نَبَّاَنِيَ	قَالَ
تمہارے دل	مائل ہوگئے تھے	تو بیشک	اللہ کی	طرف	توبہ کرو	اگر	خبردار نے	جاننے والے	بتایا مجھ کو	کہا

افشاء کر بیٹھی ہیں) تو وہ بولیں: آپ کو یہ کس نے بتادیا ہے؟ نبی (ﷺ) نے فرمایا کہ مجھے بڑے علم والے بڑی آگاہی والے (رب) نے بتادیا ہے۔ اگر تم

وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ

الْمُؤْمِنِيْنَ	وَصَالِحُ	جِبْرِيْلُ	وَ	مَوْلٰىهُ	هُوَ	اللّٰهَ	فَاِنَّ	عَلَيْهِ	تَظٰهَرَا	وَاِنْ
مومن	اور نیک	جبریل	اور	مددگار اس کا	وہ ہے	اللہ	تو بیشک	اس پر	غلبہ کرو	اور اگر

دونوں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرو (تو تمہارے لئے بہتر ہے) کیونکہ تم دونوں کے دل (ایک ہی بات کی طرف) جھک گئے ہیں اگر تم دونوں نے اس بات پر ایک

وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ④ عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ

يُّبْدِلَهٗۤ	اَنْ	طَلَّقَكُنَّ	اِنْ	رَبُّهٗۤ	عَسٰى	ظَهِيْرٌ	ذٰلِكَ	بَعْدَ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ
بدل دے اسکو	یہ کہ	وہ طلاق دے دیں تم کو	اگر	ان کا رب	قریب ہے	مددگار ہیں	اس کے	بعد	اور فرشتے بھی

دوسرے کی اعانت کی (تو یہ نبی مکرم ﷺ کے لئے باعث رنج ہوسکتا ہے) سو بے شک اللہ ہی اُن کا دوست و مددگار ہے اور جبریل اور صالح مؤمنین بھی اور اس

أَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ

عٰبِدٰتٍ	تٰٓئِبٰتٍ	قٰنِتٰتٍ	مُّؤْمِنٰتٍ	مُسْلِمٰتٍ	مِّنْكُنَّ	خَيْرًا	أَزْوَاجًا
عبادت گزار	توبہ کرنیوالیاں	فرماں بردار	مومن	مسلمان عورتیں	تم سے	بہتر	بیویاں

کے بعد (سارے) فرشتے بھی (اُن کے) مددگار ہیں۔ اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں تو بعید نہیں کہ ان کا رب بدل دے ان کیلئے تم سے بہتر بیویاں فرمانبردار

سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّأَبْكَارًا ۝٥ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا أَنْفُسَكُمْ

أَنْفُسَكُمْ	قُوْٓا	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	يٰٓأَيُّهَا	أَبْكَارًا	وَّ	ثَيِّبٰتٍ	سٰٓئِحٰتٍ
اپنی جانوں کو	بچاؤ	ایمان لائے ہو	وہ جو	اے	کنواریاں	اور	بیاہیاں	روزے دار

ایماندار باادب توبہ شعار عبادت گزار روزہ دار شوہر دیدہ اور (بعض) کنواری۔ اے ایمان والو! بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے گھر

وَأَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ

شِدَادٌ	غِلَاظٌ	مَلٰٓئِكَةٌ	عَلَيْهَا	وَالْحِجَارَةُ	النَّاسُ	وَّقُوْدُهَا	نَارًا	وَأَهْلِيْكُمْ
طاقتور	سخت دل	فرشتے ہیں	اس پر	اور پتھر	آدمی ہیں	ایندھن اس کا	آگ سے	اور اپنے گھر والوں کو

والوں کو اس آگ سے جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں جن پر تندخو طاقتور فرشتے (مقرر) ہیں

لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝٦ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	يٰٓأَيُّهَا	يُؤْمَرُوْنَ	مَا	وَيَفْعَلُوْنَ	أَمَرَهُمْ	مَآ	اللّٰهَ	يَعْصُوْنَ	لَا
لوگو جو	اے	حکم کیے جاتے ہیں	جو	اور کرتے ہیں	حکم دے ان کو	جو	اللہ کی	نافرمانی کرتے	نہیں

وہ اللہ کا کوئی حکم نہیں ٹالتے اور وہی کام کرتے ہیں جس کا انہیں حکم ہو۔ اے کافرو!

كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ۖ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٧ ع يٰٓأَيُّهَا

يٰٓأَيُّهَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	مَا	تُجْزَوْنَ	إِنَّمَا	الْيَوْمَ	تَعْتَذِرُوا	لَا	كَفَرُوْا
اے	تم کیا کرتے تھے	جو کچھ	بدلہ دیے جاؤ گے	اسکے سوا نہیں	آج کے دن	بہانے بناؤ	نہ	کافر ہو

آج بہانے نہ بناؤ تمہیں وہی بدلا ملے گا جو تم کرتے تھے۔ اے

ع ۱۹

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰہِ تَوْبَۃً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰی رَبُّکُمْ

الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	تُوْبُوْٓا	اِلَی	اللّٰہِ	تَوْبَۃً	نَّصُوْحًا	عَسٰی	رَبُّکُمْ
جولوگ	ایمان لائے ہو	توبہ کرو	طرف	اللہ کی	توبہ	خالص	قریب ہے	تمہارا رب

ایمان والو! اللہ کی طرف ایسی توبہ کرو جو آگے کو نصیحت ہو جائے قریب ہے

اَنْ یُّکَفِّرَ عَنْکُمْ سَیِّاٰتِکُمْ وَیُدْخِلَکُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِہَا

اَنْ	یُّکَفِّرَ	عَنْکُمْ	سَیِّاٰتِکُمْ	وَیُدْخِلَکُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِیْ	مِنْ تَحْتِہَا
یہ کہ	دور کر دے	تم سے	گناہ تمہارے	اور داخل کرے تم کو	باغوں میں	بہتی ہیں	ان کے نیچے

تمہارا رب تمہاری برائیاں تم سے اتار دے اور تمہیں باغوں میں لے جائے جن کے

الْاَنْہٰرُ ۙ یَوْمَ لَا یُخْزِی اللّٰہُ النَّبِیَّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَہٗ ۚ

الْاَنْہٰرُ	یَوْمَ	لَا	یُخْزِی	اللّٰہُ	النَّبِیَّ	وَالَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَہٗ
نہریں	جس دن	نہ	رسوا کرے گا	اللہ	نبی کو	اور ان کو جو	ایمان لائے	اسکے ساتھ

نیچے نہریں بہیں جس دن اللہ رسوا نہ کرے گا نبی اور ان کے ساتھ ایمان والوں کو

نُوْرُہُمْ یَسْعٰی بَیْنَ اَیْدِیْہِمْ وَبِاَیْمَانِہِمْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ

نُوْرُہُمْ	یَسْعٰی	بَیْنَ اَیْدِیْہِمْ	وَبِاَیْمَانِہِمْ	یَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَآ
نور ان کا	دوڑتا ہوگا	ان کے آگے	اور ان کے دائیں	عرض کریں گے	اے ہمارے رب

اللہ کا نور دوڑتا ہو گا ان کے آگے اور ان کے داہنے عرض کریں گے اے ہمارے رب!

اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۸﴾

اَتْمِمْ	لَنَا	نُوْرَنَا	وَ	اغْفِرْ لَنَا	اِنَّکَ	عَلٰی	کُلِّ	شَیْءٍ	قَدِیْرٌ
پورا کر	ہمارے لئے	نور ہمارا	اور	بخش ہم کو	بیشک تو	اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے

ہمارے لئے ہمارا نور پورا کر دے اور ہمیں بخش دے بے شک تجھے ہر چیز پر قدرت ہے۔

يَاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ

وَاغْلُظْ	وَالْمُنٰفِقِيْنَ	الْكُفَّارَ	جَاهِدِ	النَّبِيُّ	يَاَيُّهَا
اور سختی فرماؤ	اور منافقوں سے	کافروں سے	جہاد کرو	غیب بتانیوالے نبی	اے

اے غیب بتانے والے نبی محتشم ﷺ! کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو اور ان پر سخت ہو جاؤ

عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑨ ضَرَبَ اللّٰهُ

اللّٰهُ	ضَرَبَ	الْمَصِيْرُ	وَبِئْسَ	جَهَنَّمُ	وَمَاْوٰىهُمْ	عَلَيْهِمْ
اللہ	بیان فرماتا ہے	ٹھکانہ	اور برا ہے	جہنم ہے	اور ان کا ٹھکانہ	ان پر

اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ کیا ہی بُرا ٹھکانا ہے۔ اللہ کافروں کیلئے

مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا

كَانَتَا	لُوْطٍ	امْرَاَتَ	وَّ	نُوْحٍ	امْرَاَتَ	كَفَرُوا	لِّلَّذِيْنَ	مَثَلًا
تھیں دونوں	لوط کی	بیوی	اور	نوح کی	بیوی	کافر ہیں	ان کیلئے جو	مثال

نوح علیہ السلام کی بیوی اور لوط علیہ السلام کی بیوی کی مثال بیان کرتا ہے وہ ہمارے بندوں میں سے

تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا

يُغْنِيَا	فَلَمْ	فَخَانَتٰهُمَا	صَالِحَيْنِ	مِنْ عِبَادِنَا	عَبْدَيْنِ	تَحْتَ
کفایت کیا	تو نہ	تو خیانت کی انہوں نے	جو نیک تھے	بندوں سے	ہمارے دو بندوں کے	نکاح میں

دو نیک بندوں کے ماتحت تھیں پھر انہوں نے ان سے دغا کیا تو وہ اللہ کے مقابلے میں ان کے

عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ⑩ وَ

وَ	الدّٰخِلِيْنَ	مَعَ	النَّارَ	ادْخُلَا	وَّقِيْلَ	شَيْـًٔا	مِنَ اللّٰهِ	عَنْهُمَا
اور	داخل ہونیوالے کے	ساتھ	آگ میں	داخل ہو جاؤ	اور فرمایا گیا	کچھ بھی	اللہ کے حضور	ان سے

کچھ کام نہ آ سکے اور فرما دیا گیا داخل ہونے والوں کے ساتھ آگ میں داخل ہو جاؤ۔ اور

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ

ضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا	لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	امْرَاَتَ	فِرْعَوْنَ	اِذْ	قَالَتْ
بیان فرمائی	اللہ نے	مثال	ان کیلئے جو	ایمان لائے	عورت	فرعون کی	جب	کہا اس نے

ایمان والوں کیلئے اللہ نے فرعون کی بیوی کی مثال بیان فرمائی جب اس نے عرض کی کہ اے میرے رب میرے لئے

رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ

رَبِّ	ابْنِ	لِيْ	عِنْدَكَ	بَيْتًا	فِي	الْجَنَّةِ	وَنَجِّنِيْ	مِنْ فِرْعَوْنَ
اے رب	بنا	میرے لئے	پاس اپنے	گھر	میں	جنت	اور نجات دے مجھ کو	فرعون سے

اپنے پاس جنت میں گھر بنا دے اور مجھے بچا لے فرعون سے اور اس کے عمل سے

وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۱﴾ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ

وَعَمَلِهٖ	وَنَجِّنِيْ	مِنَ الْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ	وَ	مَرْيَمَ	ابْنَتَ
اور اسکے عمل سے	اور نجات دے مجھ کو	قوم	ظالم سے	اور	مریم	بیٹی

اور مجھے نجات دے دے ظالم لوگوں سے۔ اور عمران کی بیٹی مریم (کی مثال بھی)

عِمْرٰنَ الَّتِيْ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا

عِمْرٰنَ	الَّتِيْ	اَحْصَنَتْ	فَرْجَهَا	فَنَفَخْنَا	فِيْهِ	مِنْ رُّوْحِنَا
عمران کی	وہ جس نے	حفاظت کی	اپنی پارسائی کی	تو پھونکی ہم نے	اس میں	اپنی روح سے

جس نے اپنی عفت کی (ہر طرح) حفاظت کی تو ہم نے اپنی طرف سے روح پھونک دی

وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿۱۲﴾ ع

وَصَدَّقَتْ	بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا	وَ	كُتُبِهٖ	وَ	كَانَتْ	مِنَ الْقٰنِتِيْنَ
اور تصدیق کی اس نے	اپنے رب کی باتوں کی	اور	اس کی کتابوں کی	اور	تھی	فرماں برداروں سے

اور اس نے اپنے رب کی باتوں اور اس کی کتابوں کی تصدیق کی اور وہ (باادب) اطاعت گزاروں میں سے تھی

ایاتہا ٣٠ ٦٧ سورۃ الملک مکیۃ ٧٧ رکوعاتہا ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ ۖ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرُ ۙ ① الَّذِیْ

الَّذِیْ	قَدِیْرٌ	شَیْءٍ	كُلِّ	عَلٰی	هُوَ	وَ	الْمُلْكُ	بِیَدِهِ	الَّذِیْ	تَبٰرَكَ
جس نے	قادر ہے	چیز کے	ہر	اوپر	وہ	اور	ملک ہے	قبضہ میں	وہ جس کے	برکت والا ہے

بڑی برکت والا ہے وہ جس کے دست قدرت میں سارا ملک ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ وہ جس نے

خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۗ وَهُوَ

هُوَ	وَ	عَمَلًا	اَحْسَنُ	اَیُّكُمْ	لِیَبْلُوَكُمْ	وَالْحَیٰوةَ	الْمَوْتَ	خَلَقَ
وہی	اور	عمل	اچھا ہے	کون تم میں سے	تاکہ آزمائے تم کو کہ	اور زندگی کو	موت کو	پیدا کیا

موت اور زندگی پیدا کی کہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون عمل کے لحاظ سے اچھا ہے اور وہی

الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ ۙ ② الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۗ مَا تَرٰی

تَرٰی	مَا	طِبَاقًا	سَمٰوٰتٍ	سَبْعَ	خَلَقَ	الَّذِیْ	الْغَفُوْرُ	الْعَزِیْزُ
دیکھے گا تو	نہیں	نیچے اوپر	آسمان	سات	پیدا کیے	جس نے	بخشش ہے	عزت والا

عزت والا بخشش والا ہے۔ جس نے سات آسمان طبقوں میں بنائے تو

فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۗ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ③

مِنْ فُطُوْرٍ	تَرٰی	هَلْ	الْبَصَرَ	فَارْجِعِ	مِنْ تَفٰوُتٍ	فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ
کوئی نقص	دیکھتا ہے تو	کیا	نگاہ کو	تو لوٹاؤ	کوئی فرق	رحمٰن کے بنانے میں

رحمٰن کے نظام تخلیق میں کوئی بے ضابطگی نہیں دیکھو گے ہاں! اپنی نظر دوڑاؤ کیا تم اس میں کوئی خلل دیکھتے ہو۔

ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا

ثُمَّ	ارْجِعِ	الْبَصَرَ	كَرَّتَيْنِ	يَنْقَلِبْ	إِلَيْكَ	الْبَصَرُ	خَاسِئًا
پھر	لوٹا	نگاہ کو	دوبارہ	پلٹ آئے گی	تیری طرف	نظر	تھکی ہوئی

پھر بار بار نگاہ دوڑاؤ نگاہ تمہاری طرف ناکام پلٹ آئی گی اور

وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝۴ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا

وَّ	هُوَ	حَسِيْرٌ	وَ	لَقَدْ	زَيَّنَّا	السَّمَآءَ	الدُّنْيَا	بِمَصَابِيْحَ	وَ	جَعَلْنٰهَا
اور	وہ ہوگی	تھکی ماندی	اور	بیشک	زینت دی ہم نے	آسمان	دنیا کو	چراغوں سے	اور	بنایا ہم نے اسکو

وہ تھکی ہوئی ہوگی۔ اور بے شک ہم نے نزدیک کے آسمان کو چراغوں سے مزین فرمایا اور انہیں شیطانوں کیلئے

رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ۝۵ وَ

رُجُوْمًا	لِّلشَّيٰطِيْنِ	وَ	اَعْتَدْنَا	لَهُمْ	عَذَابَ	السَّعِيْرِ	وَ
مار	شیطانوں کیلئے	اور	تیار کیا ہم نے	ان کیلئے	عذاب	بھڑکتی آگ کا	اور

مار بھگانے کا ذریعہ (بھی) بنایا اور ان (شیطانوں) کیلئے دہکتی آگ کا عذاب تیار کیا۔ اور اپنے رب کے ساتھ

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۶ اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ	عَذَابُ	جَهَنَّمَ	وَ	بِئْسَ	الْمَصِيْرُ	اِذَآ	اُلْقُوْا	فِيْهَا
وہ جنہوں نے انکار کیا	اپنے رب کا	عذاب ہے	جہنم کا	اور	برا ہے	ٹھکانہ	جب	ڈالے جائینگے	اس میں

کفر کرنے والوں کیلئے جہنم کا عذاب ہے اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے۔ جب اس میں ڈالے جائیں گے

سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ تَفُوْرُ ۝۷ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ؕ كُلَّمَآ

سَمِعُوْا	لَهَا	شَهِيْقًا	وَّ	هِيَ	تَفُوْرُ	تَكَادُ	تَمَيَّزُ	مِنَ الْغَيْظِ	كُلَّمَآ
سنیں گے	اس کا	ریکنا	اور	وہ	جوش مارتی ہوگی	قریب ہے کہ	پھٹ جائے	غصے سے	جب بھی

اس کی خوفناک آواز سنیں گے اور وہ آگ جوش مار رہی ہوگی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ابھی شدت غضب میں پھٹ جائے گی جب

اُلْقِیَ فِیْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ یَاْتِكُمْ نَذِیْرٌ ﴿۸﴾ قَالُوْا بَلٰی قَدْ

اُلْقِیَ	فِیْهَا	فَوْجٌ	سَاَلَهُمْ	خَزَنَتُهَآ	اَلَمْ	یَاْتِكُمْ	نَذِیْرٌ	قَالُوْا	بَلٰی	قَدْ
ڈالی جائیگی	اس میں	کوئی فوج	پوچھیں گے ان سے	اسکے داروغے	کیا نہ	آیا تمہارے پاس	کوئی ڈرانیوالا	کہیں گے	کیوں نہیں	بیشک

کوئی گروہ اس میں ڈالا جائے گا اس کے داروغہ ان سے پوچھیں گے کیا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہ آیا تھا۔ وہ کہیں گے

جَآءَنَا نَذِیْرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا

جَآءَنَا	نَذِیْرٌ	فَكَذَّبْنَا	وَ	قُلْنَا	مَا	نَزَّلَ	اللّٰهُ	مِنْ شَیْءٍ	اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا
آئے ہمارے پاس	ڈرانیوالے	تو ہم نے جھٹلایا	اور	کہا ہم نے	نہیں	اتاری	اللہ نے	کوئی چیز	نہیں	تم	مگر

کیوں نہیں! ہمارے پاس ڈرانے والا تو آئے تھے مگر ہم نے جھٹلا دیا اور کہا اللہ نے کچھ بھی نازل نہیں فرمایا تم تو محض ایک بڑی

فِیْ ضَلٰلٍ كَبِیْرٍ ﴿۹﴾ وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا

فِیْ	ضَلٰلٍ	كَبِیْرٍ	وَ	قَالُوْا	لَوْ	كُنَّا	نَسْمَعُ	اَوْ	نَعْقِلُ	مَا	كُنَّا
میں	گمراہی	بڑی	اور	کہیں گے	اگر	ہم ہوتے	سنتے	یا	سمجھتے	تو نہ	ہوتے ہم

گمراہی میں مبتلا ہو۔ اور کہیں گے اگر ہم سنتے اور عقل کرتے تو بھڑکتی آگ کے رہنے

فِیْٓ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ﴿۱۰﴾ فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ﴿۱۱﴾

فِیْٓ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ	فَاعْتَرَفُوْا	بِذَنْۢبِهِمْ	فَسُحْقًا	لِّاَصْحٰبِ السَّعِیْرِ
دوزخ والوں میں سے	تو اقرار کریں گے	اپنے گناہوں کا	تو پھٹکار ہے	واسطے دوزخیوں کے

والوں میں نہ ہوتے۔ پس اپنے گناہ کا وہ اقرار کریں گے تو دوری ہے (اللہ کی رحمت سے) دوزخیوں کیلئے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِیْرٌ ﴿۱۲﴾

اِنَّ	الَّذِیْنَ	یَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَیْبِ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّ	اَجْرٌ	كَبِیْرٌ
بیشک	وہ جو	ڈرتے ہیں	اپنے رب سے	بن دیکھے	ان کیلئے	بخشش ہے	اور	اجر ہے	بڑا

بے شک جو لوگ بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کیلئے بخشش ہے اور بہت بڑا اجر۔

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۱۳ اَلَا

وَ	اَسِرُّوْا	قَوْلَكُمْ	اَوِاجْهَرُوْا	بِهٖ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اَلَا
اور	چھپاؤ	اپنی بات کو	یا ظاہر کرو	اس کو	بیشک وہ	جانتا ہے	دلوں کی باتیں	کیا نہ

اور تم اپنی بات آہستہ کہو یا بلند آواز سے وہ تو دلوں تک کی جانتا ہے۔ بھلا وہ نہیں جانتا

يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۭ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝۱۴ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ

يَعْلَمُ	مَنْ	خَلَقَ	وَهُوَ	اللَّطِيْفُ	الْخَبِيْرُ	هُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ
جانے	جس نے	پیدا کیا	اور وہ ہو	باریک بین	خبردار	وہ اللہ	وہ ہے جس نے	بنایا	تمہارے لیے

جس نے پیدا کیا ہے حالانکہ وہ بڑا باریک بین خبردار ہے۔ اسی نے زمین کو تمہارے لیے

الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ۭ وَاِلَيْهِ

الْاَرْضَ	ذَلُوْلًا	فَامْشُوْا	فِيْ مَنَاكِبِهَا	وَ	كُلُوْا	مِنْ رِّزْقِهٖ	وَ	اِلَيْهِ
زمین کو	نرم	تو چلو	اسکی راہوں میں	اور	کھاؤ	اس کا رزق	اور	اسی کی طرف

مسخر کر دیا ہے کہ اس کے رستوں پر چلو اور اللہ کے دیئے میں سے کھاؤ اور اسی کی طرف مرنے کے بعد

النُّشُوْرُ ۝۱۵ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَاۗءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا

النُّشُوْرُ	ءَاَمِنْتُمْ	مَّنْ	فِي السَّمَاۗءِ	اَنْ	يَّخْسِفَ	بِكُمُ	الْاَرْضَ	فَاِذَا
اٹھنا ہے	کیا تم نڈر ہو گئے	اس سے جو	آسمان میں ہے	یہ کہ	دھنسا دے	تم کو	زمین میں	تو اچانک

اٹھ کر جانا ہے۔ کیا تم اس سے جو آسمان میں ہے نڈر ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے اور وہ (اچانک)

هِيَ تَمُوْرُ ۝۱۶ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَاۗءِ اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ

هِيَ	تَمُوْرُ	اَمْ	اَمِنْتُمْ	مَّنْ	فِي السَّمَاۗءِ	اَنْ	يُّرْسِلَ	عَلَيْكُمْ
وہ	کانپتی رہے	کیا	نڈر ہو گئے تم	اس سے جو	آسمانوں میں ہے	یہ کہ	بھیجے	تم پر

کانپ رہی ہو؟ کیا تم آسمان والے (رب) سے بے خوف ہو گئے؟ کہ وہ تم پر پتھراؤ کرنے والی تیز ہوا بھیج دے

حَاصِبًا ؕ فَسَتَعۡلَمُوۡنَ كَيۡفَ نَذِيۡرِ ﴿۱۷﴾ وَلَقَدۡ كَذَّبَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ

حَاصِبًا	فَسَتَعۡلَمُوۡنَ	كَيۡفَ	نَذِيۡرِ	وَ	لَقَدۡ	كَذَّبَ	الَّذِيۡنَ	مِنۡ قَبۡلِهِمۡ
پتھروں کی بارش	تو جان لوگے	کیسا ہے	میرا ڈرانا	اور	بیشک	جھٹلایا	انہوں نے جو	ان سے پہلے تھے

تو عنقریب تم جان لو گے کہ میرا ڈرانا کیسا ہے۔ اور بے شک ان سے پہلے لوگوں نے جھٹلایا تو

فَكَيۡفَ كَانَ نَكِيۡرِ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا اِلَى الطَّيۡرِ فَوۡقَهُمۡ صٰٓفّٰتٍ

فَكَيۡفَ	كَانَ	نَكِيۡرِ	اَوَلَمۡ	يَرَوۡا	اِلَى	الطَّيۡرِ	فَوۡقَهُمۡ	صٰٓفّٰتٍ
تو کیسا	ہوا	میرا انکار	کیا نہ	دیکھا انہوں نے	طرف	پرندوں کی	اپنے اوپر	پر پھیلاتے

میرا انکار کیسا (عبرتناک) ہوا۔ اور کیا انہوں نے اپنے اوپر پرندے نہ دیکھے پر پھیلاتے

وَّيَقۡبِضۡنَ ؔؕ مَا يُمۡسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحۡمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَىۡءٍۢ بَصِيۡرٌ ﴿۱۹﴾

وَّ	يَقۡبِضۡنَ	مَا	يُمۡسِكُهُنَّ	اِلَّا	الرَّحۡمٰنُ	اِنَّهٗ	بِكُلِّ	شَىۡءٍۢ	بَصِيۡرٌ
اور	سمیٹتے	نہیں	روک رکھتا ان کو	مگر	رحمٰن	بیشک وہ	ہر	چیز کو	دیکھتا ہے

اور سمیٹتے انہیں کوئی (گرنے سے) نہیں روکتا سوائے رحمٰن کے بے شک وہ سب کچھ دیکھتا ہے۔

اَمَّنۡ هٰذَا الَّذِىۡ هُوَ جُنۡدٌ لَّكُمۡ يَنۡصُرُكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ الرَّحۡمٰنِ ؕ اِنِ

اَمَّنۡ	هٰذَا	الَّذِىۡ	هُوَ	جُنۡدٌ لَّكُمۡ	يَنۡصُرُكُمۡ	مِّنۡ دُوۡنِ	الرَّحۡمٰنِ	اِنِ
یا وہ کون سا ہے	ایسا ہے	جو کہ	وہ	لشکر تمہارے لیے	مدد کرے تمہاری	سوا	رحمٰن کے	نہیں

یا وہ کون سا تمہارا لشکر ہے کہ رحمٰن کے مقابل تمہاری مدد کرے

الۡكٰفِرُوۡنَ اِلَّا فِىۡ غُرُوۡرٍ ﴿۲۰﴾ ۚ اَمَّنۡ هٰذَا الَّذِىۡ يَرۡزُقُكُمۡ اِنۡ اَمۡسَكَ

الۡكٰفِرُوۡنَ	اِلَّا	فِىۡ غُرُوۡرٍ	اَمَّنۡ	هٰذَا	الَّذِىۡ	يَرۡزُقُكُمۡ	اِنۡ	اَمۡسَكَ
کافر	مگر	دھوکے میں	یا وہ کون سا ہے	وہ	جو کہ	روزی دے تم کو	اگر	روک لے اللہ

کافر محض دھوکہ میں مبتلا ہیں۔ یا یہ کون ہے جو تمہیں رزق دے گا اگر اللہ اپنا رزق روک لے؟ نہیں

رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖۤ

رِزْقَهٗ	بَلْ	لَّجُّوْا	فِیْ عُتُوٍّ	وَّ	نُفُوْرٍ	اَفَمَنْ	یَّمْشِیْ	مُكِبًّا	عَلٰى	وَجْهِهٖۤ
اسکی روزی	بلکہ	اڑے ہوئے ہیں	سرکشی میں	اور	نفرت	تو کیا جو	چلتا ہے	اوندھا ہوکر	اوپر	اپنے منہ کے

بلکہ وہ تو سرکشی اور نفرت پر اڑے ہوئے ہیں۔ کیا وہ شخص جو منہ کے بل اوندھا چل رہا ہے

اَهْدٰۤى اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۲۲﴾ قُلْ هُوَ

اَهْدٰۤى	اَمَّنْ	یَّمْشِیْ	سَوِیًّا	عَلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِیْمٍ	قُلْ	هُوَ
بہت زیادہ ہدایت والا ہے	یا وہ جو	چلتا ہے	سیدھا	اوپر	راہ	سیدھی کے	فرمائیں	وہ اللہ

زیادہ راہ راست پر ہے یا وہ شخص جو سیدھی حالت میں صحیح راہ پر گامزن ہے؟ آپ ﷺ فرما دیں

الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا

الَّذِیْۤ	اَنْشَاَكُمْ	وَجَعَلَ	لَكُمُ	السَّمْعَ	وَ	الْاَبْصَارَ	وَ	الْاَفْـِٕدَةَ	قَلِیْلًا
وہ ہے جس نے	پیدا کیا تم کو	اور بنائے	تمہارے لیے	کان	اور	آنکھیں	اور	دل	تھوڑا ہے

وہی (اللہ) ہے جس نے تمہیں پیدا فرمایا اور تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تم لوگ بہت کم

مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَ اِلَیْهِ

مَّا	تَشْكُرُوْنَ	قُلْ	هُوَ	الَّذِیْ	ذَرَاَكُمْ	فِی الْاَرْضِ	وَ	اِلَیْهِ
جو	تم شکر کرتے ہو	فرمائیں	وہ اللہ	وہ ہے جس نے	پھیلایا تم کو	زمین میں	اور	اسی کی طرف

شکر کرتے ہو۔ آپ ﷺ (ان لوگوں سے) فرما دیجئے وہی ہے جس نے تمہیں زمین پر پھیلا دیا اور اسی کی طرف

تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۵﴾

تُحْشَرُوْنَ	وَ	یَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا	الْوَعْدُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِیْنَ
اکٹھے کیے جاؤ گے	اور	کہتے ہیں	کب ہے	یہ	وعدہ	اگر	ہو تم	سچے

تم جمع کیے جاؤ گے۔ اور کہتے ہیں یہ وعدہ کب آئے گا اگر تم سچے ہو۔

قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً

قُلْ	اِنَّمَا	الْعِلْمُ	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَ	اِنَّمَاۤ	اَنَا	نَذِیْرٌ	مُّبِیْنٌ	فَلَمَّا	رَاَوْهُ	زُلْفَةً
فرمادو	اسکے سوا نہیں کہ	اس کا علم	پاس	اللہ کے ہے	اور	اسکے سوا نہیں	کہ میں	ڈرانیوالا ہوں	صاف	تو جب	دیکھیں گے اسکو	پاس

فرما دیجئے یہ علم تو اللہ کے پاس ہے اور میں تو صرف صاف ڈر سنانے والا ہوں۔ ہاں جب وہ اسے قریب ہی دیکھیں گے

سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ قِیْلَ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ

سِیْٓـَٔتْ	وُجُوْهُ	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	وَ	قِیْلَ	هٰذَا	الَّذِیْ	كُنْتُمْ	بِهٖ
تو بگڑ جائینگے	چہرے انکے	جو کہ	کافر ہیں	اور	فرمایا جائے گا	یہ ہے	وہ جو کہ	تھے تم	اس کو

تو کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور کہا جائے گا یہ ہے وہ جسے

تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ وَ مَنْ مَّعِیَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ

تَدَّعُوْنَ	قُلْ	اَرَءَیْتُمْ	اِنْ	اَهْلَكَنِیَ	اللّٰهُ	وَ	مَنْ	مَّعِیَ	اَوْ	رَحِمَنَا
مانگتے	فرمادو	کیا دیکھا تم نے	اگر	ہلاک کردے مجھ کو	اللہ	اور	ان کو جو	میرے ساتھ ہیں	یا	رحم فرمائے ہم پر

تم مانگا کرتے تھے۔ فرمادیجئے: بھلا یہ بتاؤ اگر اللہ مجھے موت سے ہم کنار کردے (جیسے تم خواہش کرتے ہو) اور جو میرے ساتھ ہیں (ان کو بھی) یا ہم

فَمَنْ یُّجِیْرُ الْكٰفِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ

فَمَنْ	یُّجِیْرُ	الْكٰفِرِیْنَ	مِنْ عَذَابٍ	اَلِیْمٍ	قُلْ	هُوَ	الرَّحْمٰنُ	اٰمَنَّا	بِهٖ
تو کون	پناہ دے گا	کافروں کو	عذاب سے	دردناک	فرمادیں	وہ	رحمٰن ہے	ہم ایمان لائے	اس پر

پر رحم فرمائے (یعنی ہماری موت کو مؤخر کردے) تو (ان دونوں صورتوں میں) کون ہے کافروں کو دردناک عذاب سے پناہ دے گا؟ آپ فرمادیں وہی

وَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ

وَ	عَلَیْهِ	تَوَكَّلْنَا	فَسَتَعْلَمُوْنَ	مَنْ	هُوَ	فِیْ	ضَلٰلٍ	مُّبِیْنٍ	قُلْ
اور	اسی پر	بھروسا کیا ہم نے	تو جلدی جانوگے تم	کہ کون ہے	وہ جو	میں	گمراہی	کھلی ہے	فرمادیں

رحمٰن ہے ہم اس پر ایمان لائے اور اسی پر ہم نے بھروسہ کیا تو عنقریب تم جان لوگے کون کھلی گمراہی میں ہے۔ فرمادیجئے

أَرَءَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَأْتِيكُم بِمَآءٍ مَّعِينٍ ﴿٣٠﴾ ع

مَّعِينٍ	بِمَآءٍ	يَأْتِيكُم	فَمَنْ	غَوْرًا	مَآؤُكُمْ	أَصْبَحَ	إِنْ	أَرَءَيْتُمْ
بہتا	پانی	لادے گا تم کو	تو کون	دھنس جائے	پانی تمہارا	صبح کو	اگر	کیا دیکھا تم نے

بتاؤ تو سہی اگر صبح کو تمہارا پانی زمین کے نیچے سے اُتر جائے تو وہ کون ہے جو (زمین کے اوپر، سامنے) بہتا ہوا پانی تمہیں لادے۔

ایاتھا ۵۲ | ۶۸ سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ ۲ | رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ ﴿١﴾ مَآ أَنتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُونٍ ﴿٢﴾

بِمَجْنُونٍ	بِنِعْمَةِ رَبِّكَ	مَآ أَنتَ	يَسْطُرُونَ	مَا	وَ	وَالْقَلَمِ	نٓ
مجنون	اپنے رب کے فضل سے	آپ نہیں ہیں	لکھتے ہیں	جو کچھ	اور	قسم ہے قلم کی	نٓ

قسم ہے قلم کی اور اس چیز کی جسے (فرشتے) لکھ رہے ہیں۔ آپ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں۔

وَإِنَّ لَكَ لَأَجْرًا غَيْرَ مَمْنُونٍ ﴿٣﴾ وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ ﴿٤﴾

عَظِيمٍ	خُلُقٍ	لَعَلَىٰ	إِنَّكَ	وَ	غَيْرَ مَمْنُونٍ	لَأَجْرًا	لَكَ	إِنَّ	وَ
بڑے کے ہیں	اخلاق	البتہ اوپر	بیشک آپ	اور	نہ ختم ہونے والا	یقیناً اجر ہے	تمہارے لیے	بیشک	اور

بے شک آپ کے لیے ایسا اجر ہے جو کبھی ختم ہونے والا نہیں ہے۔ بے شک آپ عظیم الشان اخلاق کے مالک ہیں۔

فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَ ﴿٥﴾ بِأَييِّكُمُ الْمَفْتُونُ ﴿٦﴾ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ

هُوَ	رَبَّكَ	إِنَّ	الْمَفْتُونُ	بِأَييِّكُمُ	يُبْصِرُونَ	وَ	فَسَتُبْصِرُ
وہ	تمہارا رب	بیشک	مجنون تھا	کہ کون سا تم میں سے	وہ بھی دیکھے گے	اور	جلدی دیکھو گے تم

تو عنقریب آپ دیکھ لیں گے اور وہ (بھی) دیکھ لیں گے۔ کہ تم میں کون مجنون ہے۔ بے شک تمہارا رب خوب جانتا ہے

اَعۡلَمُ بِمَنۡ ضَلَّ عَنۡ سَبِيۡلِهٖ ۪ وَهُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ ﴿۷﴾ فَلَا

اَعۡلَمُ	بِمَنۡ	ضَلَّ	عَنۡ سَبِيۡلِهٖ	وَ	هُوَ	اَعۡلَمُ	بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ	فَلَا
خوب جانتا ہے	اس کو جو	بہکا	اس کی راہ سے	اور	وہ	خوب جانتا ہے	ہدایت پانیوالوں کو	تو نہ

اور جو اس کے راہ سے بہکے اور وہ خوب جانتا ہے جو ہدایت یافتہ ہیں۔ آپ جھٹلانے والوں

تُطِعِ الۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿۸﴾ وَدُّوۡا لَوۡ تُدۡهِنُ فَيُدۡهِنُوۡنَ ﴿۹﴾ وَلَا تُطِعۡ كُلَّ

تُطِعِ	الۡمُكَذِّبِيۡنَ	وَدُّوۡا	لَوۡ تُدۡهِنُ	فَيُدۡهِنُوۡنَ	وَ	لَا	تُطِعۡ	كُلَّ
کہامانا	جھٹلانیوالوں کا	وہ چاہتے ہیں	کاش تم نرمی کرو	تو وہ بھی نرمی کریں	اور	نہ	کہامانا	ہر ایک

کی بات نہ سننا۔ وہ تو چاہتے ہیں کہ (دین کے معاملے میں) آپ (بے جا) نرمی اختیار کریں تو وہ بھی نرم پڑ جائیں گے۔ اور آپ کسی ایسے شخص کی بات نہ

حَلَّافٍ مَّهِيۡنٍ ۙ﴿۱۰﴾ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيۡمٍ ۙ﴿۱۱﴾ مَّنَّاعٍ لِّلۡخَيۡرِ مُعۡتَدٍ

حَلَّافٍ	مَّهِيۡنٍ	هَمَّازٍ	مَّشَّآءٍۭ	بِنَمِيۡمٍ	مَّنَّاعٍ	لِّلۡخَيۡرِ	مُعۡتَدٍ
قسمیں اٹھانیوالے	ذلیل	طعنہ دینے والے کا	چلنے والے	ساتھ چغلی کے	منع کرنے والا	بھلائی سے	حد سے بڑھنے والا

مانیں جو بہت قسمیں کھانے والا انتہائی ذلیل ہے۔ (جو) طعنہ زن عیب جو (ہے اور) لوگوں میں فساد انگیزی کیلئے چغل خوری کرتا پھرتا ہے۔ بھلائی سے بہت

اَثِيۡمٍ ۙ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّ ۢ بَعۡدَ ذٰلِكَ زَنِيۡمٍ ۙ﴿۱۳﴾ اَنۡ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيۡنَ ﴿۱۴﴾ ط

اَثِيۡمٍ	عُتُلٍّ	بَعۡدَ	ذٰلِكَ	زَنِيۡمٍ	اَنۡ	كَانَ	ذَا مَالٍ	وَّ	بَنِيۡنَ
گنہگار	درشت خوکا	بعد	اس کے	حرامزادہ ہے	یہ کہ	تھا	مال والا	اور	بیٹوں والا

روکنے والا حد سے بڑھنے والا سخت گنہگار ہے۔ حد سے بڑھنے والا گناہ گار درشت خو۔ اس لئے (اس کی بات ہرگز نہ مانیں) کہ وہ مال اور صاحب اولاد ہے۔

اِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيۡرُ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۱۵﴾ سَنَسِمُهٗ عَلَى

اِذَا	تُتۡلٰى	عَلَيۡهِ	اٰيٰتُنَا	قَالَ	اَسَاطِيۡرُ	الۡاَوَّلِيۡنَ	سَنَسِمُهٗ	عَلَى
جب	پڑھی جاتی ہیں	اس پر	ہماری آیتیں	کہتا ہے	کہانیاں ہیں	پہلوں کی	جلدی داغ دیں گے ہم اسکو	اوپر

جب اسے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ ہم اس کے ناک پر

الْخُرْطُوْمِ ﴿١٦﴾ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا

الْخُرْطُوْمِ	اِنَّا	بَلَوْنٰهُمْ	كَمَا	بَلَوْنَآ	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ	اِذْ	اَقْسَمُوْا
سونڈ جیسی تھوتھنی کے	بیشک ہم نے	ان کو جانچا	جیسا کہ	آزمایا تھا ہم نے	باغ والوں کو	جبکہ	قسمیں کھائیں انہوں نے

داغ لگا دیں گے۔ بے شک ہم نے ان (اہلِ مکہ) کو اسی طرح آزمائش میں ڈالا جیسے ان باغ والوں کو آزمائش میں ڈالا تھا جب

لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ﴿١٧﴾ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿١٨﴾ فَطَافَ عَلَيْهَا

لَيَصْرِمُنَّهَا	مُصْبِحِيْنَ	وَ	لَا يَسْتَثْنُوْنَ	فَطَافَ	عَلَيْهَا
کہ ضرور کاٹیں گے ہم اسکو	صبح ہوتے ہی	اور	انشاء اللہ نہیں کہا	تو پھر گیا	اس پر

انہوں نے قسم کھائی تھی کہ ہم ضرور صبح (جاکر) اس کے پھل توڑ لائیں گے۔ اور انہوں نے انشاء اللہ نہ کہا۔ تو اس پر تمہارے رب

طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿١٩﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿٢٠﴾

طَآئِفٌ	مِّنْ رَّبِّكَ	وَ	هُمْ	نَآئِمُوْنَ	فَاَصْبَحَتْ	كَالصَّرِيْمِ
ایک پھرنے والا	تیرے رب کی طرف سے	اور	وہ	سوئے ہوئے تھے	تو ہو گیا	کٹے پھل کی طرح

کی طرف سے ایک پھرنے والا پھر گیا اور وہ سوئے ہوئے تھے۔ تو صبح کو کٹی ہوئی کھیتی کی طرح ہو گیا۔

فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿٢١﴾ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

فَتَنَادَوْا	مُصْبِحِيْنَ	اَنِ	اغْدُوْا	عَلٰى	حَرْثِكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ
تو پکارا انہوں نے آپس میں	صبح ہوتے ہی	یہ کہ	تڑکے چلو	اوپر	اپنی کھیتی کے	اگر	ہو تم

ہاں صبح ہوتے ہی انہوں نے ایک دوسرے کو آواز دی۔ اگر پھل توڑنے ہیں تو اپنی کھیتی میں سویرے

صٰرِمِيْنَ ﴿٢٢﴾ فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿٢٣﴾ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ

صٰرِمِيْنَ	فَانْطَلَقُوْا	وَ	هُمْ	يَتَخَافَتُوْنَ	اَنْ	لَا	يَدْخُلَنَّهَا	الْيَوْمَ
اتارنے والے	تو چلے وہ	اور	وہ	آہستہ آہستہ بولتے تھے	یہ کہ	نہ	داخل ہو ہرگز باغ میں	آج

ہی جا پہنچو۔ پھر وہ آپس میں چپکے چپکے کہتے چلے۔ کہ آج کوئی مسکین تمہارے باغ میں

عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿٢٤﴾ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا

عَلَيْكُمْ	مِّسْكِيْنٌ	وَّ	غَدَوْا	عَلٰى	حَرْدٍ	قٰدِرِيْنَ	فَلَمَّا	رَاَوْهَا
تم پر	کوئی مسکین	اور	تڑکے گئے	اوپر	ارادے کے	قدرت سمجھتے ہوئے	تو جب	دیکھا اس کو

ہرگز آنے نہ پائے۔ اور اس بات پر قدرت رکھتے ہوئے صبح سویرے گئے۔ پھر جب اسے دیکھا

قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿٢٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٢٧﴾ قَالَ اَوْسَطُهُمْ

قَالُوْٓا	اِنَّا	لَضَآلُّوْنَ	بَلْ	نَحْنُ	مَحْرُوْمُوْنَ	قَالَ	اَوْسَطُهُمْ
بولے	ہم	رستہ بھول گئے ہیں	بلکہ	ہم	بے نصیب ہو گئے	کہا	ان کے بہتر نے

بولے بے شک ہم راستہ بہک گئے۔ نہیں بلکہ ہم بے نصیب ہیں۔ ان میں جو سمجھ دار تھا وہ بولا کیا

اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿٢٨﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا

اَلَمْ	اَقُلْ	لَّكُمْ	لَوْ	لَا	تُسَبِّحُوْنَ	قَالُوْا	سُبْحٰنَ	رَبِّنَآ	اِنَّا	كُنَّا
کیا نہیں	کہا تھا میں نے	تم سے	کیوں	نہیں	تسبیح کہتے تم	بولے	پاک ہے	رب ہمارا	بیشک	ہم ہی تھے

میں نے تمہیں نہیں کہا تھا کہ تم تسبیح کیوں نہیں کرتے؟ وہ کہنے لگے پاک ہے ہمارا رب بیشک

ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿٣٠﴾ قَالُوْا

ظٰلِمِيْنَ	فَاَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	يَّتَلَاوَمُوْنَ	قَالُوْا
ظالم	تو متوجہ ہوا	بعض ان کا	اوپر	بعض کے	ملامت کرتے ہوئے	بولے

ہم ظالم تھے۔ پھر ایک دوسرے کی طرف ملامت کرتے ہوئے متوجہ ہوئے۔ بولے ہائے

يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿٣١﴾ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ

يٰوَيْلَنَآ	اِنَّا	كُنَّا	طٰغِيْنَ	عَسٰى	رَبُّنَآ	اَنْ	يُّبْدِلَنَا	خَيْرًا	مِّنْهَآ	اِنَّآ
ہائے افسوس	بیشک	ہم ہی تھے	سرکش	امید ہے	رب ہمارا	یہ کہ	بدل دے ہم کو	بہتر	اس سے	بیشک ہم

خرابی ہماری بے شک ہم سرکش تھے۔ اُمید ہے ہمیں ہمارا رب اس سے بہتر بدلہ دے ہم اپنے رب کی

وقف لازم

اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ

اَكْبَرُ	الْاٰخِرَةِ	لَعَذَابُ	وَ	الْعَذَابُ	كَذٰلِكَ	رٰغِبُوْنَ	رَبِّنَا	اِلٰى
بہت بڑا ہے	آخرت کا	یقیناً عذاب	اور	عذاب	اسی طرح ہے	رغبت دلاتے ہیں	اپنے رب کی	طرف

طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ ایسا ہوتا ہے عذاب اور آخرت کا عذاب بہت ہی

ع ۲۲

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ ع اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ

جَنّٰتِ	رَبِّهِمْ	عِنْدَ	لِلْمُتَّقِيْنَ	اِنَّ	يَعْلَمُوْنَ	كَانُوْا	لَوْ
باغ ہیں	انکے رب کے	پاس	پرہیزگاروں کیلئے	بیشک	جانتے	وہ ہوتے	کاش

بڑا ہو گا کاش! وہ جانتے۔ بے شک پرہیزگاروں کیلئے ان کے رب کے پاس نعمت بھرے باغ

النَّعِيْمِ ﴿۳۴﴾ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ ؕ مَا لَكُمْ ۫ وقفۃ كَيْفَ

كَيْفَ	مَا لَكُمْ	كَالْمُجْرِمِيْنَ	الْمُسْلِمِيْنَ	اَفَنَجْعَلُ	النَّعِيْمِ
کیسے	کیا ہے تم کو	مجرموں کی طرح	مسلمانوں کو	کیا ہم کر دیں گے	نعمتوں والے

ہوں گے۔ کیا ہم فرمانبرداروں کو مجرموں جیسا کر دیں گے؟ تمہیں کیا ہوا تم کیسا

تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۶﴾ ج اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿۳۷﴾ لا اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا

لَمَا	فِيْهِ	لَكُمْ	اِنَّ	تَدْرُسُوْنَ	فِيْهِ	كِتٰبٌ	لَكُمْ	اَمْ	تَحْكُمُوْنَ
جو کچھ	اس میں	تمہارے لیے	بیشک	پڑھتے ہو	اس میں	کتاب ہے کہ	تمہارے پاس	کیا	فیصلے کرتے ہو

فیصلہ کرتے ہو؟ کیا تمہارے لئے کوئی کتاب ہے جس میں پڑھتے ہو۔ کہ تمہارے لئے اس میں وہ ہے

تَخَيَّرُوْنَ ﴿۳۸﴾ ج اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ لا اِنَّ لَكُمْ

لَكُمْ	اِنَّ	الْقِيٰمَةِ	يَوْمِ	اِلٰى	بَالِغَةٌ	عَلَيْنَا	اَيْمَانٌ	لَكُمْ	اَمْ	تَخَيَّرُوْنَ
تمہارے لیے	بیشک	قیامت کے	دن	طرف	پہنچنے والی	ہم پر	قسمیں ہیں	تمہارے لیے	کیا	تم پسند کرو ہے

جو تم پسند کرو۔ یا تمہارے لیے ہمارے ذمہ کچھ (ایسے) پختہ عہد و پیمان ہیں جو روز قیامت تک باقی رہیں (جن کے ذریعے ہم پابند ہوں) کہ تمہارے

لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۹﴾ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ

لَمَا	تَحْكُمُوْنَ	سَلْهُمْ	اَيُّهُمْ	بِذٰلِكَ	زَعِيْمٌ	اَمْ	لَهُمْ	شُرَكَآءُ
جو کچھ	تم فیصلہ کرو	پوچھو ان سے	کون ان میں سے	اس کا	ضامن ہے	کیا	ان کے	شریک ہیں

لیے وہی کچھ ہوگا جس کا تم (اپنے حق میں) فیصلہ کرو گے۔ ان سے پوچھئے کہ ان میں کون اس بات کا ضامن بنتا ہے؟ یا پھر ان کے کچھ

فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۴۱﴾ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ

فَلْيَاْتُوْا	بِشُرَكَآئِهِمْ	اِنْ	كَانُوْا	صٰدِقِيْنَ	يَوْمَ	يُكْشَفُ	عَنْ سَاقٍ
پس لے آئیں	اپنے شریکوں کو	اگر	ہیں وہ	سچے	جس دن	کھولا جائے گا	ساق کو

شریک ہیں تو انہیں چاہیے کہ وہ اپنے شریکوں کو لے آئیں اگر وہ سچے ہیں۔ جس دن ساق (کی تجلی) ظاہر کی جائے گی

وَيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۴۲﴾ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ

وَ	يُدْعَوْنَ	اِلَى	السُّجُوْدِ	فَلَا	يَسْتَطِيْعُوْنَ	خَاشِعَةً	اَبْصَارُهُمْ
اور	بلائے جائیں گے	طرف	سجدے کی	تو نہ	طاقت رکھیں گے	نیچی ہوں گی	نگاہیں ان کی

اور وہ (نافرمان) سجدہ کیلئے بلائے جائیں گے تو وہ سجدہ نہ کر سکیں گے۔ نیچی نگاہیں کئے ہوئے

تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾

تَرْهَقُهُمْ	ذِلَّةٌ	وَ	قَدْ	كَانُوْا	يُدْعَوْنَ	اِلَى	السُّجُوْدِ	وَهُمْ	سٰلِمُوْنَ
ڈھانپے ہوگی انکو	ذلت	اور	بیشک	تھے وہ	بلائے جاتے	طرف	سجدے کی	اور وہ	تندرست تھے

ان پر ذلت چھا رہی ہوگی اور بے شک دنیا میں سجدے کیلئے بلائے جاتے تھے جب تندرست تھے۔

فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ؕ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ

فَذَرْنِيْ	وَ	مَنْ	يُّكَذِّبُ	بِهٰذَا	الْحَدِيْثِ	سَنَسْتَدْرِجُهُمْ	مِّنْ حَيْثُ
تو چھوڑ دو مجھ کو	اور	اس کو	جو جھٹلاتا ہے	اس	بات کو	جلدی کھینچیں گے ہم ان کو	جہاں سے

تو جو اس بات کو جھٹلاتا ہے اسے مجھ پر چھوڑ دو قریب ہے کہ ہم انہیں آہستہ آہستہ لے جائیں

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۴۵﴾ اَمْ تَسْـَٔـلُهُمْ

تَسْـَٔـلُهُمْ	اَمْ	مَتِيْنٌ	كَيْدِيْ	اِنَّ	لَهُمْ	اُمْلِيْ	وَ	يَعْلَمُوْنَ	لَا
مانگتے ہیں آپ ان سے	کیا	مضبوط ہے	میری تدبیر	بیشک	ان کو	میں ڈھیل دیتا ہوں	اور	جانتے	نہیں

جہاں سے انہیں خبر نہ ہوگی۔ اور میں انہیں مہلت دے رہا ہوں بیشک میری تدبیر بہت مضبوط ہے۔ کیا آپ ان سے تبلیغ دین پر

اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۶﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ

فَهُمْ	الْغَيْبُ	عِنْدَهُمُ	اَمْ	مُّثْقَلُوْنَ	مِّنْ مَّغْرَمٍ	فَهُمْ	اَجْرًا
کہ وہ	غیب ہے	پاس ان کے	کیا	بوجھل ہیں	تاوان سے	تو وہ	اجرت

اُجرت مانگ رہے ہیں اور وہ تاوان کے بوجھ تلے دبے جا رہے ہیں؟ یا ان کے پاس غیب ہے کہ وہ (اس کی بنا پر فیصلے)

يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ

وقف لازم

اِذْ	كَصَاحِبِ الْحُوْتِ	تَكُنْ	لَا	وَ	رَبِّكَ	لِحُكْمِ	فَاصْبِرْ	يَكْتُبُوْنَ
جب	مچھلی والے کی طرح	ہو جانا	نہ	اور	اپنے رب کے	واسطے حکم	تو صبر کرو	لکھتے ہیں

لکھ رہے ہیں؟ تو آپ اپنے رب کے حکم کا انتظار فرمائیں اور مچھلی والے (پیغمبر یونس علیہ السلام) کی طرح نہ ہوں جب انہوں نے

نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿۴۸﴾ لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ

لَنُبِذَ	مِّنْ رَّبِّهٖ	نِعْمَةٌ	تَدٰرَكَهٗ	اَنْ	لَآ	لَوْ	مَكْظُوْمٌ	هُوَ	وَ	نَادٰى
تو پھینک دیے جاتے	انکے رب کی نے	نعمت	پالیا ان کو	یہ کہ	نہ ہوتا	اگر	غمگین تھے	وہ	اور	پکارا اپنے

(اپنے رب کو) اس حال میں پکارا کہ وہ غمگین تھے۔ اگر انکے رب کی نعمت انکی دستگیری نہ کرتی تو ضرور چٹیل میدان پر پھینک دیے

بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿۴۹﴾ فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۵۰﴾

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ	فَجَعَلَهٗ	رَبُّهٗ	فَاجْتَبٰهُ	مَذْمُوْمٌ	هُوَ	وَ	بِالْعَرَآءِ
نیک لوگوں سے	تو بنایا اس کو	اسکے رب نے	تو چن لیا اس کو	الزام دیا ہوا	وہ ہوتا	اور	میدان میں

جاتے اور وہ ملامت زدہ ہوتے۔ تو اسے اس کے رب نے برگزیدہ کیا اور اپنے خاص قرب والوں میں سے کر

وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا

لَمَّا	بِاَبْصَارِهِمْ	لَيُزْلِقُوْنَكَ	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	يَكَادُ	اِنْ	وَ
جبکہ	اپنی بدنظروں کے سے	ضرور گرایا چاہتے ہیں آپ کو	کافر ہیں	وہ لوگ جو	قریب ہیں	بیشک	اور

اور قریب تھا کہ کافروں نے جب اس نصیحت کو سنا تو اپنی آنکھوں کے زور پر تمہیں (مقصد سے)

سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾ ع

لِّلْعٰلَمِيْنَ	ذِكْرٌ	اِلَّا	هُوَ	مَا	وَ	لَمَجْنُوْنٌ	اِنَّهٗ	يَقُوْلُوْنَ	وَ	الذِّكْرَ	سَمِعُوا
جہان والوں کیلئے	نصیحت ہے	مگر	وہ	نہیں	اور	دیوانہ ہے	بیشک وہ	کہتے ہیں	اور	نصیحت	سنی انہوں نے

پھسلا دیتے اور وہ کہتے ہیں یہ تو دیوانہ ہے۔ مگر یہ (قرآن) تو سارے جہان کیلئے صرف ایک نصیحت ہے۔

ایاتھا ۵۲ — ۶۹ سُوْرَةُ الْحَاقَّةِ مَكِّيَّةٌ ۷۸ — رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَآقَّةُ ﴿۱﴾ مَا الْحَآقَّةُ ﴿۲﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ﴿۳﴾ كَذَّبَتْ

كَذَّبَتْ	الْحَآقَّةُ	مَا	اَدْرٰىكَ	مَآ	وَ	الْحَآقَّةُ	مَا	اَلْحَآقَّةُ
جھٹلایا	حق ہونیوالی	کیا ہے	جاناتم نے	کیا	اور	حق ہونیوالی	کیا ہے	حق ہونیوالی

یقیناً واقع ہونے والی گھڑی۔ کیا چیز ہے یقیناً واقع ہونے والی گھڑی۔ اور تم کو کس چیز نے خبردار کیا کہ یقیناً واقع ہونے والی (قیامت) کیسی ہے۔

ثَمُوْدُ وَعَادٌ بِالْقَارِعَةِ ﴿۴﴾ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ﴿۵﴾

بِالطَّاغِيَةِ	فَاُهْلِكُوْا	ثَمُوْدُ	فَاَمَّا	بِالْقَارِعَةِ	عَادٌ	وَ	ثَمُوْدُ
چنگھاڑ سے	ہلاک کیے گئے	ثمود تو	پھر	صدمہ دینے والی کو	عاد نے	اور	ثمود نے

ثمود اور عاد نے کھڑکھڑانے والے عذاب کو جھٹلایا۔ تو ثمود کے لوگ ایک سخت آواز سے ہلاک کر دیئے گئے۔

وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ﴿٦﴾ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ

وَ	اَمَّا	عَادٌ	فَاُهْلِكُوْا	بِرِيْحٍ	صَرْصَرٍ	عَاتِيَةٍ	سَخَّرَهَا	عَلَيْهِمْ
اور	رہے	عاد	تو وہ ہلاک کیے گئے	آندھی سے	تیز وتند	سخت گرجتی ہوئی	لگایا اس کو	ان پر

اور رہے قوم عاد کے لوگ تو وہ ایک سخت گرجتی ہوئی نہایت تیز آندھی سے ہلاک کئے گئے۔ جو ان پر سات رات اور

سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ حُسُوْمًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى

سَبْعَ	لَيَالٍ	وَ	ثَمٰنِيَةَ	اَيَّامٍ	حُسُوْمًا	فَتَرَى	الْقَوْمَ	فِيْهَا	صَرْعٰى
سات	راتیں	اور	آٹھ	دن	لگاتار	تو دیکھوگے	لوگوں کو	اس میں	گرے ہوئے

آٹھ دن لگاتار چلتی رہی پس تو دیکھے گا کہ یہ لوگ زمین پر اس طرح گرے پڑے ہیں جیسے

كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ﴿٧﴾ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ﴿٨﴾

كَاَنَّهُمْ	اَعْجَازُ	نَخْلٍ	خَاوِيَةٍ	فَهَلْ	تَرٰى	لَهُمْ	مِّنْ	بَاقِيَةٍ
گویا کہ وہ ہیں	تنے	کھجور کے	گرے ہوئے	تو کیا	دیکھو ہو تم	ان میں سے	کوئی	باقی

کھجور کے درختوں کے کھوکھلے تنے۔ تو کیا تم ان میں کسی کو بچا ہوا دیکھتے ہو۔

وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ﴿٩﴾ فَعَصَوْا

وَ	جَآءَ	فِرْعَوْنُ	وَ	مَنْ	قَبْلَهٗ	وَ	الْمُؤْتَفِكٰتُ	بِالْخَاطِئَةِ	فَعَصَوْا
اور	آیا	فرعون	اور	جو	اس سے پہلے تھے	اور	الٹی بستیوں والے	گناہ لے کر	تو نافرمانی کی انہوں نے

اور فرعون نے اور جو اس سے پہلے ہوئے اور اُلٹی ہوئی بستیوں نے خطائیں کیں۔ ہاں انہوں نے اپنے رب کے

رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ﴿١٠﴾ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ

رَسُوْلَ	رَبِّهِمْ	فَاَخَذَهُمْ	اَخْذَةً	رَّابِيَةً	اِنَّا	لَمَّا	طَغَا	الْمَآءُ
رسول کی	اپنے رب کی	تو پکڑا ان کو	پکڑنا	بڑا سخت	بیشک ہم نے	جب	سر اٹھایا	پانی نے

رسول کی نافرمانی کی تو اس نے انہیں بڑی سخت پکڑ میں پکڑ لیا۔ بیشک جب (طوفانِ نوح کے وقت) پانی حد سے گزر گیا تو (اے

حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ﴿١١﴾ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ

اُذُنٌ	وَّتَعِيَهَآ	تَذْكِرَةً	لَكُمْ	لِنَجْعَلَهَا	فِي الْجَارِيَةِ	حَمَلْنٰكُمْ
کان	اور یاد رکھیں اسے	نصیحت	تمہارے لیے	تاکہ کریں ہم اسکو	کشتی میں	اٹھایا تم کو

لوگو!) ہم نے (تمہارے آباء کے پشتوں میں) تمہیں کشتی میں اٹھالیا۔ تاکہ ہم اسے تمہارے لئے (محفوظ) نصیحت بنا دیں اور

وَّاعِيَةٌ ﴿١٢﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿١٣﴾ وَّحُمِلَتِ

حُمِلَتِ	وَّ	وَّاحِدَةٌ	نَفْخَةٌ	فِي الصُّوْرِ	نُفِخَ	فَاِذَا	وَّاعِيَةٌ
اٹھائی جائے گی	اور	ایک ہی مرتبہ	پھونکا جانا	صور میں	پھونکا جائے گا	پھر جب	یاد رکھنے والے

محفوظ رکھنے والے کان اسے محفوظ رکھیں۔ پھر جب یکبار گی صور میں پھونک ماردی جائے گی۔ اور زمین

الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿١٤﴾ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ

وَّقَعَتِ	فَيَوْمَئِذٍ	وَّاحِدَةً	دَكَّةً	فَدُكَّتَا	الْجِبَالُ	وَ	الْاَرْضُ
واقع ہوگی	تو اس دن	مرتبہ	ایک ہی	تو چورا کیے جائیں گے	پہاڑ	اور	زمین

اور پہاڑ (اپنی جگہوں سے) اٹھالیے جائیں گے، پھر وہ ایک ہی بار ٹکرا کر ریزہ ریزہ کردیے جائیں گے۔ اس دن واقع ہونے والی

الْوَاقِعَةُ ﴿١٥﴾ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ﴿١٦﴾ وَّالْمَلَكُ

وَّالْمَلَكُ	وَّاهِيَةٌ	يَوْمَئِذٍ	فَهِيَ	السَّمَآءُ	وَانْشَقَّتِ	الْوَاقِعَةُ
اور فرشتے	کمزور ہوگا	اس دن	تو وہ	آسمان	اور پھٹ جائے گا	واقع ہونے والی

بات واقع ہو جائے گی۔ اور آسمان پھٹ جائے گا اور وہ اس دن کمزور پڑ جائے گا۔ اور فرشتے

عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ؕ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ

يَوْمَئِذٍ	فَوْقَهُمْ	رَبِّكَ	عَرْشَ	يَحْمِلُ	وَ	اَرْجَآئِهَا	عَلٰٓى
اس دن	اپنے اوپر	آپ کے رب کا	عرش	اٹھائیں گے	اور	اسکے کناروں کے ہوں گے	اوپر

اس کے کناروں پر (کھڑے) ہوں گے اور آپ کے رب کے عرش کو اس دن آٹھ فرشتے اپنے

ثَمٰنِيَةٌ ﴿١٧﴾ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ﴿١٨﴾ فَاَمَّا

ثَمٰنِيَةٌ	يَوْمَئِذٍ	تُعْرَضُونَ	لَا	تَخْفٰى	مِنْكُمْ	خَافِيَةٌ	فَاَمَّا
آٹھ فرشتے	اس دن	پیش کیے جاؤ گے تم	نہیں	چھپے گی	تم سے	کوئی چھپنے والی	پھر

اوپر اٹھائیں گے۔ اس دن تم سب (اپنے رب کے حضور) پیش کیے جاؤ گے تم میں سے کوئی چھپنے والا چھپ نہ سکے گا۔ تو وہ جسے

مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿١٩﴾ اِنِّيْ

مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ	فَيَقُوْلُ	هَآؤُمُ	اقْرَءُوْا	كِتٰبِيَهْ	اِنِّيْ
جو کوئی	دیا گیا	اپنا نامۂ اعمال	دائیں ہاتھ میں	تو کہے گا	آؤ	پڑھو	میری کتاب	بیشک میں نے

اس کا نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا کہے گا لو میرا نامۂ اعمال پڑھو۔ مجھے یقین تھا

ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٢١﴾

ظَنَنْتُ	اَنِّيْ	مُلٰقٍ	حِسَابِيَهْ	فَهُوَ	فِيْ عِيْشَةٍ	رَّاضِيَةٍ
یقین کیا	بیشک میں	ملنے والا ہوں	اپنے حساب کو	تو وہ ہوگا	عیش میں	خوش

کہ میں اپنے حساب کو پہنچوں گا۔ سو وہ پسندیدہ زندگی بسر کرے گا۔ ایک

فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿٢٢﴾ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿٢٣﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓئًا بِمَآ

فِيْ جَنَّةٍ	عَالِيَةٍ	قُطُوْفُهَا	دَانِيَةٌ	كُلُوْا	وَ	اشْرَبُوْا	هَنِيْٓئًا	بِمَآ
باغ میں	بلند	اس کے خوشے	جھکے ہوں گے	کھاؤ	اور	پیو	رچتا	بدلے اس کے جو

عالی شان باغ میں۔ جس کے (پھلوں کے) خوشے جھکے ہوئے ہونگے۔ کھاؤ اور پیو خوب مزے سے (اپنے) ان

اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿٢٤﴾ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ

اَسْلَفْتُمْ	فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ	وَ	اَمَّا	مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِشِمَالِهٖ
آگے بھیجا تم نے	گزشتہ دنوں میں	اور	وہ	جو	دیا گیا	اپنی کتاب	بائیں ہاتھ میں

(کاموں) کے بدلے جو گزرے ہوئے دنوں میں تم نے آگے بھیجے (تھے)۔ اور وہ جسے اس کا اپنا نامۂ اعمال بائیں ہاتھ میں دیا

فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ﴿۲۵﴾ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ﴿۲۶﴾

حِسَابِيَهْ	مَا	اَدْرِ	وَلَمْ	كِتٰبِيَهْ	اُوْتَ	لَمْ	يٰلَيْتَنِيْ	فَيَقُوْلُ
میرا حساب	کیا ہے	جانتا میں	اور نہ	اپنا نوشتہ	دیا جاتا میں	نہ	ہائے افسوس	تو کہے گا

جائیگا کہے گا ہائے کسی طرح مجھے اپنا اعمال نامہ نہ دیا جاتا۔ اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب کیا ہے۔

يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ﴿۲۷﴾ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ﴿۲۸﴾ هَلَكَ عَنِّيْ

عَنِّيْ	هَلَكَ	مَالِيَهْ	عَنِّيْ	اَغْنٰى	مَآ	الْقَاضِيَةَ	كَانَتِ	يٰلَيْتَهَا
مجھ سے	ہلاک ہوگیا	میرا مال	میرے	کام آیا	نہ	فیصلہ کرنے والی	ہوتی موت	ہائے افسوس

اے کاش! یہ خاتمے کا وقت ہوتا۔ میرا مال میرے کام نہیں آیا۔ میری حجت (اور ساری قوت)

سُلْطٰنِيَهْ ﴿۲۹﴾ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿۳۱﴾ ثُمَّ

ثُمَّ	صَلُّوْهُ	الْجَحِيْمَ	ثُمَّ	فَغُلُّوْهُ	خُذُوْهُ	سُلْطٰنِيَهْ
پھر	دھکیلو اس کو	جہنم میں	پھر	پھر طوق پہناؤ اس کو	پکڑو اس کو	میرا اختیار

بے کار گئی۔ (حکم ہوگا) اسے پکڑو اور اس کے گلے میں طوق ڈالو۔ پھر اُسے بھڑکتی آگ میں دھکیل دو۔ پھر

فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿۳۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ

كَانَ	اِنَّهٗ	فَاسْلُكُوْهُ	ذِرَاعًا	سَبْعُوْنَ	ذَرْعُهَا	فِيْ سِلْسِلَةٍ
تھا	بیشک وہ	پرو دو اس کو	ہاتھ ہے	ستر	جس کا ناپ	زنجیر میں

ایسی زنجیر میں جس کی لمبائی ستر ہاتھ ہے اسے جکڑ دو۔ وہ خدائے عظیم

آئے یا پیچھے رہے۔ ہر نفس ان اعمال کے بدلے گروی ہے جو اس نے کمائے ہیں۔ سوائے دائیں

الْيَمِيْنِ ﴿۳۹﴾ فِيْ جَنّٰتٍ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ مَا

فِيْ جَنّٰتٍ	يَتَسَآءَلُوْنَ	عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ	مَا
باغوں میں	پوچھیں گے	مجرموں سے	کیا چیز

جانب والوں کے۔ وہ باغوں میں ہوں گے اور آپس میں پوچھتے ہوں گے۔ مجرموں کے بارے میں۔ (پھر جنتی مجرموں سے کہیں

سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿۴۳﴾ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ

سَلَكَكُمْ	فِيْ سَقَرَ	قَالُوْا	لَمْ	نَكُ	مِنَ الْمُصَلِّيْنَ	وَ	لَمْ	نَكُ	نُطْعِمُ
کھینچ لائی تم کو	دوزخ میں	کہیں گے	نہیں	تھے ہم	نماز پڑھتے	اور	نہیں	تھے ہم	کھانا کھلاتے

گے) تمہیں کون سی چیز دوزخ میں لے گئی۔ وہ بولیں گے ہم نماز نہیں پڑھتے تھے۔ اور مسکین کو کھانا

الْمِسْكِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ

الْمِسْكِيْنَ	وَ	كُنَّا	نَخُوْضُ	مَعَ	الْخَآئِضِيْنَ	وَ	كُنَّا نُكَذِّبُ
مسکینوں کو	اور	تھے ہم	بحث کرتے	ساتھ	بحث کرنیوالوں کے	اور	تھے ہم

نہیں دیتے تھے۔ اور ہم بحث کرنے والوں کے ساتھ بحثیں کیا کرتے تھے۔ اور ہم روزِ جزاء

بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۴۶﴾ حَتّٰٓى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿۴۷﴾ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ

بِيَوْمِ الدِّيْنِ	حَتّٰى	اَتٰىنَا	الْيَقِيْنُ	فَمَا	تَنْفَعُهُمْ	شَفَاعَةُ
انصاف کے دن کو	یہاں تک کہ	آئی ہمارے پاس	موت	تو نہ	نفع دے گی ان کو	سفارش

کو جھٹلاتے تھے۔ یہاں تک کہ ہمیں موت آ گئی۔ تو سفارش کرنے والوں کی سفارش انہیں

الشّٰفِعِيْنَ ﴿۴۸﴾ فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۹﴾ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ

الشّٰفِعِيْنَ	فَمَا	لَهُمْ	عَنِ التَّذْكِرَةِ	مُعْرِضِيْنَ	كَاَنَّهُمْ	حُمُرٌ
سفارش کرنیوالوں کی	تو کیا ہے	ان کو	نصیحت سے	منہ پھیرتے ہیں	گویا کہ وہ	گدھے ہیں

کچھ نفع نہیں دے گی۔ تو انہیں کیا ہوا نصیحت سے منہ پھیرتے ہیں۔ گویا وہ بدکے ہوئے

مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿۵۰﴾ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿۵۱﴾ بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ

مُّسْتَنْفِرَةٌ	فَرَّتْ	مِنْ قَسْوَرَةٍ	بَلْ	يُرِيْدُ	كُلُّ	امْرِئٍ
بدکے ہوئے	بھاگے ہوں	شیر سے	بلکہ	چاہتا ہے	ہر	آدمی

گدھے ہیں۔ جو شیر سے بھاگتے ہیں۔ نہیں بلکہ ان میں سے ہر آدمی چاہتا ہے

مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿۵۲﴾ كَلَّا بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ

مِّنْهُمْ	اَنْ	يُّؤْتٰى	صُحُفًا	مُّنَشَّرَةً	كَلَّا	بَلْ	لَا	يَخَافُوْنَ
ان میں سے	یہ کہ	دیا جائے	صحیفے	کھلے ہوئے	ہرگز نہیں	بلکہ	نہیں	ڈرتے

کہ اسے کھلے صحیفے دیئے جائیں۔ ہرگز نہیں بلکہ یہ لوگ آخرت سے

الْاٰخِرَةَ ﴿۵۳﴾ كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ﴿۵۴﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۵۵﴾ وَمَا يَذْكُرُوْنَ

الْاٰخِرَةَ	كَلَّآ	اِنَّهٗ	تَذْكِرَةٌ	فَمَنْ	شَآءَ	ذَكَرَهٗ	وَمَا	يَذْكُرُوْنَ
قیامت سے	ہرگز نہیں	بیشک وہ	نصیحت ہے	تو جو	چاہے	نصیحت لائے	اور نہیں	نصیحت لیتے

نہیں ڈرتے۔ ہاں ہاں بے شک وہ (قرآن) نصیحت ہے۔ تو جو چاہے اس سے نصیحت لے۔ اور وہ کیا نصیحت مانیں

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿۵۶﴾ ع

اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ	اللّٰهُ	هُوَ	اَهْلُ	التَّقْوٰى	وَاَهْلُ	الْمَغْفِرَةِ
مگر	یہ کہ	چاہے	اللہ	وہی ہے	لائق	ڈرنے کے	اور وہی ہے لائق	بخشنے کے

مگر جب اللہ چاہے وہی ڈرنے کے لائق ہے اور اسی کی شان ہے مغفرت فرمانا

ایاتھا ۴۰	۷۵ سُوْرَۃُ الْقِیٰمَۃِ مَکِّیَّۃٌ ۳۱	رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝١ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝٢ اَيَحْسَبُ

لَآ اُقْسِمُ	بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ	وَ	لَآ اُقْسِمُ	بِالنَّفْسِ	اللَّوَّامَةِ	اَيَحْسَبُ
میں قسم کھاتا ہوں	قیامت کے دن کی	اور	میں قسم کھاتا ہوں	نفس	ملامت کرنیوالے کی	کیا خیال کرتاہے

روزِ قیامت کی قسم یاد فرماتا ہوں۔اور اس جان کی قسم جو اپنے اوپر بہت ملامت کرے۔ کیا انسان سمجھتا ہے

الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ۝٣ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ

الْاِنْسَانُ	اَلَّنْ	نَّجْمَعَ	عِظَامَهٗ	بَلٰى	قٰدِرِيْنَ	عَلٰٓى	اَنْ	نُّسَوِّيَ
انسان	یہ کہ ہرگز نہیں	جمع کریں گے ہم	اس کی ہڈیاں	ہاں ہاں	ہم قادر ہیں	اوپر	یہ کہ	برابر کریں ہم

کہ ہم اس کی ہڈیوں کو جمع نہیں کریں گے؟ کیوں نہیں ہم تو اس پر بھی قادر ہیں کہ اس کی انگلیوں کے پوروں

بَنَانَهٗ ۝٤ بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۝٥ يَسْــَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ

بَنَانَهٗ	بَلْ	يُرِيْدُ	الْاِنْسَانُ	لِيَفْجُرَ	اَمَامَهٗ	يَسْــَٔلُ	اَيَّانَ	يَوْمُ
اسکے پورے	بلکہ	چاہتا ہے	انسان	کہ بدی کرے	اسکے سامنے	پوچھتا ہے	کب ہوگا	دن

تک درست کردیں۔ بلکہ آدمی چاہتا ہے کہ اپنے آگے (مستقبل میں بھی) برائی کرتا رہے۔ وہ پوچھتا ہے کہ کب ہوگا

الْقِيٰمَةِ ۝٦ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝٧ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝٨ وَجُمِعَ الشَّمْسُ

الْقِيٰمَةِ	فَاِذَا	بَرِقَ	الْبَصَرُ	وَخَسَفَ	الْقَمَرُ	وَجُمِعَ	الشَّمْسُ
قیامت کا	تو جب	چندھیا جائے	آنکھ	اور گہنا جائے	چاند	اور جمع کردیا جائے	سورج

قیامت کا دن۔ پھر جب آنکھیں پتھرا جائیں گی۔ اور چاند بے نور ہوجائے گا۔اور سورج اور چاند اکٹھے

وَالْقَمَرُ ﴿۹﴾ يَقُولُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ الْمَفَرُّ ﴿۱۰﴾ كَلَّا لَا وَزَرَ ﴿۱۱﴾ إِلَىٰ

اِلٰی	لَاوَزَرَ	کَلَّا	الْمَفَرُّ	اَیْنَ	یَوْمَئِذٍ	الْاِنْسَانُ	یَقُوْلُ	وَالْقَمَرُ
طرف	نہیں ہے کوئی پناہ	ہرگز نہیں	بھاگنے کی جگہ	کہاں ہے	اس دن	انسان	کہے گا	اور چاند کو

ہو جائیں گے۔ اس دن انسان کہے گا کہاں بھاگ کے جائیں؟ ہرگز نہیں کوئی پناہ (کی جگہ) نہیں ہے۔ اس دن

رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمُسْتَقَرُّ ﴿۱۲﴾ يُنَبَّأُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ

قَدَّمَ	بِمَا	یَوْمَئِذٍ	الْاِنْسَانُ	یُنَبَّؤُا	الْمُسْتَقَرُّ	یَوْمَئِذٍ	رَبِّكَ
آگے بھیجا	جو	اس دن	انسان	خبر دیا جائے گا	ٹھہرنا	اس دن	تیرے رب کی ہے

آپ کے رب ہی کی طرف قرار پکڑنا ہو گا۔ اس دن آدمی کو اس کا سب اگلا پچھلا

وَأَخَّرَ ﴿۱۳﴾ بَلِ الْإِنسَانُ عَلَىٰ نَفْسِهِ بَصِيرَةٌ ﴿۱۴﴾ وَلَوْ أَلْقَىٰ مَعَاذِيرَهُ ﴿۱۵﴾

مَعَاذِيرَهٗ	اَلْقٰی	لَوْ	وَّ	بَصِيرَةٌ	نَفْسِهٖ	عَلٰی	الْاِنْسَانُ	بَلِ	اَخَّرَ	وَ
عذر اپنے	ڈالے	اگرچہ	اور	دیکھنے والا ہے	اپنے نفس کے	اوپر	انسان	بلکہ	پیچھے چھوڑا	اور

بتا دیا جائے گا۔ بلکہ آدمی خود ہی اپنے حال پر پوری نگاہ رکھتا ہے۔ اگرچہ وہ بہانے بنائے۔

لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ ﴿۱۶﴾ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ ﴿۱۷﴾ فَإِذَا

فَاِذَا	وَقُرْاٰنَهٗ	جَمْعَهٗ	عَلَيْنَا	اِنَّ	بِهٖ	لِتَعْجَلَ	لِسَانَكَ	بِهٖ	تُحَرِّكْ	لَا
تو جب	اور اس کا پڑھانا	اس کا جمع کرنا	ہمارے ذمہ ہے	بیشک	اسکے ساتھ	تاکہ آپ جلدی کریں	اپنی زبان کو	اسکے ساتھ	حرکت دے	نہ

(اے حبیب ﷺ!) آپ (قرآن کو یاد کرنے کی) جلدی میں (نزولِ وحی کے ساتھ) اپنی زبان کو حرکت نہ دیا کریں۔ بے شک (آپ کے سینے میں اسے)

قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ ﴿۱۸﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ ﴿۱۹﴾ كَلَّا بَلْ تُحِبُّونَ

تُحِبُّوْنَ	بَلْ	كَلَّا	بَيَانَهٗ	عَلَيْنَا	اِنَّ	ثُمَّ	قُرْاٰنَهٗ	فَاتَّبِعْ	قَرَاْنٰهُ
پسند کرتے ہو تم	بلکہ	ہرگز نہیں	اس کا بیان کرنا	ہمارے ذمہ ہے	بیشک	پھر	اسکے پڑھنے کی	تو اتباع کرو	ہم اسکو پڑھ لیں

محفوظ کرنا اور (آپ کا) اسے پڑھنا ہمارا ذمہ ہے۔ تو جب ہم اسے پڑھ چکیں تو آپ اس پڑھے ہوئے کی اتباع کریں۔ پھر بے شک اس کی باریکیوں کا تم پر

اَلْعَاجِلَةَ ﴿٢٠﴾ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿٢١﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿٢٢﴾ اِلٰى رَبِّهَا

اَلْعَاجِلَةَ	وَتَذَرُوْنَ	الْاٰخِرَةَ	وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ	نَّاضِرَةٌ	اِلٰى	رَبِّهَا
دنیا کو	اور چھوڑتے ہو	آخرت کو	کئی چہرے	اس دن	تروتازہ ہوں گے	طرف	اپنے رب کی

ظاہر فرمانا ہمارے ذمے ہے۔ حقیقت یہ ہے (اے کفار!) تم جلد ملنے والی (دنیا) کو محبوب رکھتے ہو۔ اور آخرت کو چھوڑتے ہو۔ بعض چہرے اس دن تروتازہ

نَاظِرَةٌ ﴿٢٣﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍۢ بَاسِرَةٌ ﴿٢٤﴾ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿٢٥﴾

نَاظِرَةٌ	وَ	وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ	بَاسِرَةٌ	تَظُنُّ	اَنْ	يُّفْعَلَ	بِهَا	فَاقِرَةٌ
دیکھتے ہوں گے	اور	کئی چہرے	اس دن	بگڑے ہوں گے	خیال کریں گے	یہ کہ	کیا جائے گا	انکے ساتھ	کمر توڑ دینے والا معاملہ

ہوں گے۔ اپنے رب کو دیکھتے ہوں گے۔ اور کتنے ہی چہرے بگڑے ہوئے ہوں گے۔ سمجھتے ہوں گے کہ ان کے ساتھ وہ سختی کی جائے گی جو کمر کو توڑ دے گی۔

كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿٢٦﴾ وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ﴿٢٧﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ

كَلَّآ	اِذَا	بَلَغَتِ	التَّرَاقِيَ	وَ	قِيْلَ	مَنْ	رَاقٍ	وَّ	ظَنَّ	اَنَّهُ
ہرگز نہیں	جب	پہنچے گی جان	گلے کو	اور	کہا جائے گا	کون ہے	جھاڑ پھونک کرنیوالا	اور	سمجھ لے گا	کہ بیشک یہ

ہاں ہاں جب جان گلے کو پہنچ جائے گی۔ اور کہا جائے گا کون ہے جھاڑ پھونک کرنے والا۔ اور وہ خیال کرے گا

الْفِرَاقُ ﴿٢٨﴾ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿٢٩﴾ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۨالْمَسَاقُ ﴿٣٠﴾ ع ۱۷

الْفِرَاقُ	وَالْتَفَّتِ	السَّاقُ	بِالسَّاقِ	اِلٰى	رَبِّكَ	يَوْمَئِذِ	الْمَسَاقُ
اب جدائی ہے	اور لپٹ جائے گی	پنڈلی	پنڈلی سے	طرف	تمہارے رب کی ہے	اس دن	ہانکنا

کہ یہ جدائی کا وقت ہے۔ اور پنڈلی پنڈلی سے لپٹ جائے گی۔ اس دن آپ کے رب کی طرف چلنا ہوتا ہے۔

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿٣١﴾ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿٣٢﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ

فَلَا	صَدَّقَ	وَ	لَا	صَلّٰى	وَ	لٰكِنْ	كَذَّبَ	وَ	تَوَلّٰى	ثُمَّ	ذَهَبَ	اِلٰٓى	اَهْلِهٖ
تو نہ	سچ مانا	اور	نہ	نماز پڑھی	اور	لیکن	جھٹلایا	اور	منہ پھیرا	پھر	گیا	طرف	اپنے گھر کو

تو (کتنی بدنصیبی ہے کہ) اس نے نہ (رسول ﷺ کی باتوں کی) تصدیق کی نہ نماز پڑھی۔ ہاں جھٹلایا اور منہ پھیرا۔ پھر اپنے گھر کی

يَتَمَطّٰى ﴿۳۳﴾ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۴﴾ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۵﴾ اَيَحْسَبُ

يَتَمَطّٰى	اَوْلٰى	لَكَ	فَاَوْلٰى	ثُمَّ	اَوْلٰى	لَكَ	فَاَوْلٰى	اَيَحْسَبُ
اکڑتا ہوا	خرابی ہے	تیری	پھر تیری خرابی	پھر	خرابی	تیری	پھر تیری خرابی	کیا سمجھتا ہے

طرف اکڑ کر چل دیا۔ افسوس تجھ پر افسوس۔ پھر خرابی تیرے لئے (حشر میں) پھر خرابی (دوزخ میں)۔ کیا آدمی نے سمجھ رکھا ہے کہ

الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿۳۶﴾ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ

الْاِنْسَانُ	اَنْ	يُّتْرَكَ	سُدًى	اَلَمْ	يَكُ	نُطْفَةً	مِّنْ مَّنِيٍّ
انسان	یہ کہ	چھوڑ دیا جائے گا	آزاد	کیا نہیں	تھا	ایک بوند	منی کی

اسے یوں ہی (بے پوچھے) چھوڑ دیا جائے گا؟ کیا وہ ایک بوند نہ تھا اس منی کا کہ (رحم میں) گرائی جاتی ہے۔

يُّمْنٰى ﴿۳۷﴾ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ

يُّمْنٰى	ثُمَّ	كَانَ	عَلَقَةً	فَخَلَقَ	فَسَوّٰى	فَجَعَلَ	مِنْهُ	الزَّوْجَيْنِ
جو ڈالی جاتی ہے	پھر	تھا	جما ہوا خون	پھر پیدا کیا	پھر برابر کیا	پھر بنائے	اس سے	دو جوڑے

پھر وہ (رحم میں جال کی طرح جما ہوا) ایک معلق وجود بن گیا پھر اس نے پیدا فرمایا پھر اس نے (انہیں) درست کیا۔ پھر اس سے

الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۳۹﴾ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿۴۰﴾ ع

ع ۲/۱۸

الذَّكَرَ	وَالْاُنْثٰى	اَلَيْسَ	ذٰلِكَ	بِقٰدِرٍ	عَلٰٓى	اَنْ	يُّحْيِۦَ	الْمَوْتٰى
مرد	اور عورت	کیا نہیں ہے	یہ	قادر	اوپر	اس کے کہ	زندہ کرے	مردوں کو

دو قسمیں نر اور مادہ بنا دیئے۔ کیا وہ ذات اس پر قادر نہیں کہ مردوں کو زندہ کردے۔

اٰیاتھا ۳۱ ۔ ۷۶ سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ ۹۸ ۔ رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ﴿۱﴾

هَلْ	اَتٰى	عَلَى	الْاِنْسَانِ	حِيْنٌ	مِّنَ الدَّهْرِ	لَمْ	يَكُنْ	شَيْئًا	مَّذْكُوْرًا
بیشک	آیا	اوپر	انسان کے	وقت	زمانے سے	نہیں	تھا	کوئی چیز	ذکر کے قابل

بے شک آدمی پر ایک وقت وہ گزرا کہ وہ قابل ذکر چیز نہ تھا۔

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا

اِنَّا	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنْ نُّطْفَةٍ	اَمْشَاجٍ	نَّبْتَلِيْهِ	فَجَعَلْنٰهُ	سَمِيْعًا
بیشک ہم نے	پیدا کیا	انسان کو	منی سے	ملی ہوئی	کہ ہم اس کو آزمائیں	تو بنایا ہم نے اسکو	سننے والا

بیشک ہم نے انسان کو مخلوط نطفے سے پیدا کیا تاکہ ہم امتحان لیں پھر ہم نے اس کو سننے والا اور

بَصِيْرًا ﴿۲﴾ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ﴿۳﴾ اِنَّا

بَصِيْرًا	اِنَّا	هَدَيْنٰهُ	السَّبِيْلَ	اِمَّا	شَاكِرًا	وَّ	اِمَّا	كَفُوْرًا	اِنَّا
دیکھنے والا	بیشک ہم نے	دکھایا اس کو	راستہ	چاہے	شکر گزار ہو	اور	چاہے	ناشکرا ہو	بیشک

دیکھنے والا بنایا۔ہم نے اسے راہ دکھا دی ہے چاہے تو شکر گزار ہو، چاہے تو ناشکر گزار۔ہم نے

اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۟ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ﴿۴﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ

اَعْتَدْنَا	لِلْكٰفِرِيْنَ	سَلٰسِلَا۟	وَاَغْلٰلًا	وَّ	سَعِيْرًا	اِنَّ	الْاَبْرَارَ
تیار کیں ہم نے	کافروں کیلئے	زنجیریں	اور طوق	اور	بھڑکتی آگ	بیشک	نیک لوگ

کافروں کیلئے زنجیریں، طوق اور بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔بلاشبہ نیکیاں کرنے والے

يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ﴿۵﴾ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ

يَشْرَبُوْنَ	مِنْ كَاْسٍ	كَانَ	مِزَاجُهَا	كَافُوْرًا	عَيْنًا	يَّشْرَبُ	بِهَا	عِبَادُ
پئیں گے	پیالے	کہ ہوگی	ملونی اس کی	کافوری	ایک چشمہ ہے	کہ پئیں گے	اس سے	بندے

(ایسی شراب کے) جام پئیں گے جس کی آمیزش ہے (چشمۂ) کافور (کا پانی)۔(وہ) چشمہ جس سے پئیں گے اللہ کے

اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ﴿٦﴾ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ

اللّٰهِ	يُفَجِّرُوْنَهَا	تَفْجِيْرًا	يُوْفُوْنَ	بِالنَّذْرِ	وَيَخَافُوْنَ	يَوْمًا	كَانَ
اللہ کے	بہالے جائینگے اسکو	بہانا	پورا کرتے ہیں	نذر کو	اور ڈرتے ہیں	اس دن سے کہ	ہے

(مقرب) بندے وہ (جہاں چاہیں گے) اسے بہالے جائیں گے۔ اپنی منتیں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس

شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ﴿٧﴾ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا

شَرُّهٗ	مُسْتَطِيْرًا	وَ	يُطْعِمُوْنَ	الطَّعَامَ	عَلٰى	حُبِّهٖ	مِسْكِيْنًا	وَّيَتِيْمًا
برائی اس کی	پھیلی ہوئی	اور	کھلاتے ہیں	کھانا	اوپر	اسکی محبت کے	مسکین	اور یتیم

کی آفت ہر طرف پھیلی ہوئی ہے۔ اور اللہ کی محبت میں کھانا کھلاتے ہیں مسکین اور یتیم

وَّاَسِيْرًا ﴿٨﴾ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً

وَ	اَسِيْرًا	اِنَّمَا	نُطْعِمُكُمْ	لِوَجْهِ	اللّٰهِ	لَا	نُرِيْدُ	مِنْكُمْ	جَزَآءً
اور	اسیر کو	اسکے سوا نہیں کہ	ہم تمہیں کھلاتے ہیں	واسطے رضا	اللہ کے	نہیں	چاہتے ہم	تم سے	بدلہ

اور اسیر کو۔ ہم تو صرف اللہ کی ذات کیلئے تمہیں کھلاتے ہیں ہم تم سے کوئی بدلہ یا

وَّلَا شُكُوْرًا ﴿٩﴾ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ﴿١٠﴾ فَوَقٰىهُمُ

وَ	لَا	شُكُوْرًا	اِنَّا	نَخَافُ	مِنْ رَّبِّنَا	يَوْمًا	عَبُوْسًا	قَمْطَرِيْرًا	فَوَقٰىهُمُ
اور	نہ	شکرگزاری	بیشک ہم	ڈرتے ہیں ہم	اپنے رب سے	ایسے دن سے	جسمیں تیوری والا	نہایت ترش	تو بچایا ان کو

شکرگزاری نہیں چاہتے۔ ہم اپنے رب کی طرف سے ایک سخت اور ڈراؤنے دن سے ڈرتے ہیں۔ تو اس دن کی

اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ﴿١١﴾ وَجَزٰىهُمْ بِمَا

اللّٰهُ	شَرَّ	ذٰلِكَ	الْيَوْمِ	وَلَقّٰىهُمْ	نَضْرَةً	وَّ	سُرُوْرًا	وَ	جَزٰىهُمْ	بِمَا
اللہ نے	برائی	اس	دن کی سے	اور دی ان کو	تازگی	اور	شادمانی	اور	بدلہ دیا ان کو	جو

مصیبت سے اللہ انہیں بچا لے گا اور انہیں تازگی اور فرحت بخشے گا۔ اور ان کے صبر کے بدلے

صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ﴿۱۲﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ

يَرَوْنَ	لَا	الْاَرَآئِكِ	عَلَى	فِيْهَا	مُّتَّكِـِٕيْنَ	وَّحَرِيْرًا	جَنَّةً	صَبَرُوْا
دیکھیں گے	نہ	تختوں کے	اوپر	اس میں	تکیہ لگائے ہوں گے	اور ریشمی کپڑے	جنت	صبر کیا انہوں نے

انہیں جنت اور ریشمی لباس عطا فرمائے گا۔ جنت میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوں گے نہ

فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ﴿۱۳﴾ ۚ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ

وَذُلِّلَتْ	ظِلٰلُهَا	عَلَيْهِمْ	وَدَانِيَةً	زَمْهَرِيْرًا	لَا	وَّ	شَمْسًا	فِيْهَا
اور جھکے ہوں گے	اس کے سائے	ان پر	اور قریب ہوں گے	ٹھنڈک	نہ	اور	دھوپ	اس میں

اس میں دھوپ دیکھیں گے نہ سردی کی شدت۔ اور اس کے سائے ان پر جھکے ہوں گے اور اس کے

قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ﴿۱۴﴾ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ

اَكْوَابٍ	وَّ	مِّنْ فِضَّةٍ	بِاٰنِيَةٍ	عَلَيْهِمْ	وَيُطَافُ	تَذْلِيْلًا	قُطُوْفُهَا
کوزے	اور	چاندی کے	برتن	ان پر	اور پھیرے جائیں گے	بڑا جھکنا	ان کے گچھے

خوشے جھکا کر نیچے کر دیئے گئے ہوں گے۔ اور ان پر چاندی کے برتنوں اور شیشے

كَانَتْ قَوَارِيْرَا۠ ﴿۱۵﴾ قَوَارِيْرَا۠ مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ﴿۱۶﴾

تَقْدِيْرًا	قَدَّرُوْهَا	مِنْ فِضَّةٍ	قَوَارِيْرَا	قَوَارِيْرَا	كَانَتْ
پورا اندازہ	اندازہ کیا انہوں نے اس کا	چاندی کے	شیشے کہ ہیں	شیشے کے	مثل ہوں گے

کے پیالوں کا دور چلے گا۔ شیشے بھی چاندی کے جنہیں انہوں نے خوب اندازے سے بنایا ہو گا۔

وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ﴿۱۷﴾ ۚ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى

تُسَمّٰى	فِيْهَا	عَيْنًا	زَنْجَبِيْلًا	مِزَاجُهَا	كَانَ	كَاْسًا	فِيْهَا	يُسْقَوْنَ	وَ
جس کا نام	اس میں	ایک چشمہ ہے	ادرک کی	ملونی اس کی	کہ ہے	جام	اس میں	پلائے جائینگے	اور

اور انہیں وہاں ایسے جام (بھی) پلائے جائیں گے جس کی آمیزش ہے (چشمہ) زنجبیل (کا پانی)۔ (یہ) چشمہ (ہے) جنت میں

لحفص بغیر الالف فی الوصل
لھشام وقف علی الالف بالالف
وعلی الثانی بغیر الالف ۱۲

سَلْسَبِيْلًا ﴿١٨﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ

سَلْسَبِيْلًا	وَيَطُوْفُ	عَلَيْهِمْ	وِلْدَانٌ	مُّخَلَّدُوْنَ	اِذَا	رَاَيْتَهُمْ
سلسبیل ہے	اور پھریں گے	ان پر	لڑکے	ہمیشہ رہنے والے	جب	تو ان کو دیکھے گا

جسے کہا جاتا ہے سلسبیل۔ اور ان کے آس پاس خدمت کیلئے پھریں گے ہمیشہ رہنے والے نوجوان جب تو انہیں دیکھے تو انہیں سمجھے

حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿١٩﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا

حَسِبْتَهُمْ	لُؤْلُؤًا	مَّنْثُوْرًا	وَاِذَا	رَاَيْتَ	ثَمَّ	رَاَيْتَ	نَعِيْمًا	وَّ	مُلْكًا
خیال کرے گا انکو	موتی	بکھرے ہوئے	اور جب	دیکھے گا تو	اس جگہ	دیکھے گا	نعمتیں	اور	ملک

کہ بکھرے ہوئے موتی ہیں۔ اور جب تم دیکھو گے نعمتیں ہی نعمتیں ہیں اور عظیم

كَبِيْرًا ﴿٢٠﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ۡ وَّحُلُّوْٓا

كَبِيْرًا	عٰلِيَهُمْ	ثِيَابُ	سُنْدُسٍ	خُضْرٌ	وَّاِسْتَبْرَقٌ	وَّحُلُّوْٓا
بہت بڑا	ان پر	کپڑے ہوں گے	کریب	سبز کے	اور قنادیز کے	اور پہنائے جائینگے

بادشاہت۔ ان پر باریک اور دبیز سبز ریشمی کپڑے ہوں گے اور وہ

اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿٢١﴾ اِنَّ هٰذَا

اَسَاوِرَ	مِنْ فِضَّةٍ	وَ	سَقٰهُمْ	رَبُّهُمْ	شَرَابًا	طَهُوْرًا	اِنَّ	هٰذَا
کنگن	چاندی کے	اور	پلائے گا ان کو	ان کا رب	شراب	پاک	بیشک	یہ

چاندی کے کنگن پہنے ہوں گے اور ان کا رب انہیں پاکیزہ مشروب پلائے گا۔ بے شک یہ

كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿٢٢﴾ ع اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ

كَانَ	لَكُمْ	جَزَآءً	وَّكَانَ	سَعْيُكُمْ	مَّشْكُوْرًا	اِنَّا	نَحْنُ	نَزَّلْنَا	عَلَيْكَ
ہے	تمہارے لیے	بدلہ	اور ہے	تمہاری کوشش	ٹھکانے لگی	بیشک	ہم نے	اتارا	آپ پر

ہے تمہاری جزاء اور تمہاری کوشش قبول کر لی گئی ہے۔ بے شک قرآن ہم نے آپ پر

الْقُرْاٰنَ تَنْزِیْلًا ﴿۲۳﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا

الْقُرْاٰنَ	تَنْزِیْلًا	فَاصْبِرْ	لِحُكْمِ	رَبِّكَ	وَ	لَا	تُطِعْ	مِنْهُمْ	اٰثِمًا
قرآن	بتدریج	تو صبر کرو	واسطے حکم	اپنے رب کے	اور	نہ	سنو	ان میں سے کسی	گنہگار

تھوڑا تھوڑا نازل فرمایا۔ تو آپ اپنے رب کے فیصلہ کیلئے صبر فرمائیں اور ان میں سے کسی گنہگار یا ناشکرے

اَوْ كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِیْلًا ﴿۲۵﴾ وَمِنَ الَّیْلِ

اَوْ	كَفُوْرًا	وَ	اذْكُرِ	اسْمَ	رَبِّكَ	بُكْرَةً	وَّاَصِیْلًا	وَ	مِنَ الَّیْلِ
یا	ناشکرے کی	اور	یاد کرو	نام	اپنے رب کا	صبح	اور شام	اور	رات میں

کی بات نہ مانیں۔ اور اپنے رب کا نام صبح شام یاد کریں۔ اور رات کی کچھ

فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَیْلًا طَوِیْلًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ یُحِبُّوْنَ

فَاسْجُدْ	لَهٗ	وَ	سَبِّحْهُ	لَیْلًا	طَوِیْلًا	اِنَّ	هٰۤؤُلَآءِ	یُحِبُّوْنَ
سجدہ کرو	اس کو	اور	پاکی بولو اس کی	رات	لمبی تک	بیشک	یہ لوگ	پسند کرتے ہیں

گھڑیاں اس کے حضور سجدہ ریزی کیا کریں اور رات کے (بقیہ) طویل حصہ میں اس کی تسبیح کیا کریں۔ یہ لوگ دنیا کو پسند کرتے

الْعَاجِلَةَ وَیَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ یَوْمًا ثَقِیْلًا ﴿۲۷﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ

الْعَاجِلَةَ	وَ	یَذَرُوْنَ	وَرَآءَهُمْ	یَوْمًا	ثَقِیْلًا	نَحْنُ	خَلَقْنٰهُمْ
دنیا کو	اور	چھوڑتے ہیں	پیچھے اپنے	دن	بھاری کو	ہم نے	ان کو پیدا کیا

ہیں اور اک بھاری دن کو اپنے پیچھے ڈال رہے ہیں۔ ہم نے ہی انہیں پیدا کیا ہے

وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِیْلًا ﴿۲۸﴾ اِنَّ

وَ	شَدَدْنَآ	اَسْرَهُمْ	وَ	اِذَا	شِئْنَا	بَدَّلْنَآ	اَمْثَالَهُمْ	تَبْدِیْلًا	اِنَّ
اور	مضبوط کیے	جوڑ ان کے	اور	جب	چاہیں ہم	بدل دیں گے ہم	مثل ان کی	بدلنا	بیشک

اور ان کے جوڑوں کو مضبوط کیا ہے اور جب ہم چاہیں گے ان کے نمونے بدل ڈالیں گے۔ بے شک

هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۲۹﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ

تَشَآءُوْنَ	مَا	وَ	سَبِيْلًا	رَبِّهٖ	اِلٰى	اتَّخَذَ	شَآءَ	فَمَنْ	تَذْكِرَةٌ	هٰذِهٖ
چاہو تم	کیا	اور	رستہ	اپنے رب کی	طرف	پکڑے	چاہے	تو جو	نصیحت ہے	یہ

یہ (آیتیں) نصیحت ہیں تو جو چاہے اپنے رب کی طرف راستہ اختیار کرے۔ اور تم نہیں چاہ سکتے

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۳۰﴾ يُّدْخِلُ

يُّدْخِلُ	حَكِيْمًا	عَلِيْمًا	كَانَ	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهُ	يَّشَآءَ	اَنْ	اِلَّآ
داخل کرتا ہے	حکمت والا	علم والا	ہے	اللہ	بیشک	اللہ	چاہے	یہ کہ	مگر

جب تک اللہ نہ چاہے بے شک اللہ بڑے علم والا بہت حکمت والا ہے۔ اپنی رحمت میں لیتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۱﴾ ع

اَلِيْمًا	عَذَابًا	اَعَدَّ لَهُمْ	الظّٰلِمِيْنَ	وَ	فِيْ رَحْمَتِهٖ	يَّشَآءُ	مَنْ
دردناک	عذاب	تیار کیا ان کیلئے	ظالم	اور	اپنی رحمت میں	چاہے	جسے

جسے چاہے اور ظالموں کیلئے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

اٰیاتہا ۵۰ ۷۷ سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ ۳۳ رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿۱﴾ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ﴿۲﴾ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ﴿۳﴾

نَشْرًا	وَّالنّٰشِرٰتِ	عَصْفًا	فَالْعٰصِفٰتِ	عُرْفًا	وَالْمُرْسَلٰتِ
ابھار کر	اور اٹھانے والیاں	زور سے	پھر جھونکا دینے والیاں	لگاتار	قسم ہے انکی جو بھیجی جاتی ہیں

قسم ہے اُن ہواؤں کی جو بھیجی جاتی ہیں لگاتار۔ پھر زور سے جھونکا دینے والیاں۔ اور وہ جو خوب پھیلا دیتی ہیں

فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ﴿٤﴾ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ﴿٥﴾ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ﴿٦﴾ اِنَّمَا

اِنَّمَا	نُذْرًا	اَوْ	عُذْرًا	ذِكْرًا	فَالْمُلْقِيٰتِ	فَرْقًا	فَالْفٰرِقٰتِ
بیشک جو	ڈرانے کو	یا	عذر دور کرنے کو	ذکر کا	پھر القا کرنیوالیاں	اچھی طرح	پھر جدا کرنیوالیاں

پھر الگ الگ کر دیتی ہیں۔ پھر (قسم) ان (فرشتوں) کی جو ذکر کا القاء کرنے والے ہیں۔ حجت قائم کرنے یا ڈرانے کیلئے۔

تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ﴿٧﴾ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ﴿٨﴾ وَ اِذَا السَّمَآءُ

السَّمَآءُ	اِذَا	وَ	طُمِسَتْ	النُّجُوْمُ	فَاِذَا	لَوَاقِعٌ	تُوْعَدُوْنَ
آسمان	جب	اور	بے نور ہو جائیں	ستارے	پھر جب	واقع ہونیوالا ہے	تم وعدہ دیے جاتے ہو

بیشک جس بات کا وعدہ تم دیئے جاتے ہو ضرور ہونی ہے۔ پھر جب تارے محو کر دیئے جائیں۔ جب آسمان میں شگاف

فُرِجَتْ ﴿٩﴾ وَ اِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ﴿١٠﴾ وَ اِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ﴿١١﴾ لِاَيِّ

لِاَيِّ	اُقِّتَتْ	الرُّسُلُ	اِذَا	وَ	نُسِفَتْ	الْجِبَالُ	اِذَا	وَ	فُرِجَتْ
کس	وقت آئے	رسولوں کا	جب	اور	اڑا دیے جائیں	پہاڑ	جب	اور	کھولے جائیں

پڑ جائیں گے۔ جب پہاڑ اڑتے پھریں گے۔ اور جب رسولوں (کی حاضری) کا وقت آ پہنچے گا۔ کس دن کیلئے

يَوْمٍ اُجِّلَتْ ﴿١٢﴾ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ﴿١٣﴾ وَ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ

يَوْمُ	مَا	اَدْرٰىكَ	مَآ	وَ	الْفَصْلِ	لِيَوْمِ	اُجِّلَتْ	يَوْمٍ
دن	کیا ہے	جانے تو	کیا	اور	فیصلے کے لیے	دن	ٹھہرائے گئے	دن کیلئے

مدت مقرر کی گئی تھی۔ فیصلے کے دن کے لیے۔ اور اے قرآن پڑھنے والے تو کیا جانے فیصلے کا

الْفَصْلِ ﴿١٤﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١٥﴾ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٦﴾

الْاَوَّلِيْنَ	نُهْلِكِ	اَلَمْ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	يَّوْمَئِذٍ	وَيْلٌ	الْفَصْلِ
پہلوں کو	ہلاک کیا ہم نے	کیا نہیں	جھٹلانیوالوں کیلئے	اس دن	خرابی ہے	فیصلے کا

دن کیا ہے۔ افسوس اس دن جھٹلانے والوں پر۔ کیا ہم نے اگلوں کو ہلاک نہیں کیا؟

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٧﴾ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٨﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

ثُمَّ	نُتْبِعُهُمُ	الْاٰخِرِيْنَ	كَذٰلِكَ	نَفْعَلُ	بِالْمُجْرِمِيْنَ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ
پھر	پیچھے لگایا ہم نے انکے	پچھلوں کو	اسی طرح	کرتے ہیں ہم	مجرموں کے ساتھ	خرابی ہے	اس دن

پھر ہم ان کے پیچھے لاتے ہیں بعد والوں کو۔ ہم ایسا ہی کرتے ہیں مجرموں کے ساتھ۔اس دن

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١٩﴾ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿٢٠﴾ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿٢١﴾

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	اَلَمْ	نَخْلُقْكُّمْ	مِّنْ مَّآءٍ	مَّهِيْنٍ	فَجَعَلْنٰهُ	فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ
جھٹلانیوالوں کیلیے	کیانہیں	پیدا کیا ہم نے تم کو	پانی	بے قدر سے	تو رکھا اس کو	محفوظ جگہ میں

جھٹلانے والوں کی خرابی ہے۔ کیا ہم نے تمھیں ایک بے قدر پانی سے پیدا نہ فرمایا۔ پھر اسے ایک مضبوط جگہ میں رکھا۔

اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٢٢﴾ فَقَدَرْنَا ۖ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿٢٣﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

اِلٰى	قَدَرٍ	مَّعْلُوْمٍ	فَقَدَرْنَا	فَنِعْمَ	الْقٰدِرُوْنَ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ
طرف	مدت	مقرر کے	تو اندازہ کیا ہم نے	تو اچھے ہیں	اندازہ کرنیوالے	خرابی ہے	اس دن

ایک معلوم اندازے تک۔ پس ہم نے (ایک) اندازہ ٹھہرایا تو ہم کیا ہی اچھے اندازے ٹھہرانے والے ہیں۔اس دن تباہی ہے

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٤﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ﴿٢٥﴾ اَحْيَآءً وَّاَمْوَاتًا ﴿٢٦﴾ وَّجَعَلْنَا فِيْهَا

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	اَلَمْ	نَجْعَلِ	الْاَرْضَ	كِفَاتًا	اَحْيَآءً	وَ	اَمْوَاتًا	وَ	جَعَلْنَا	فِيْهَا
جھٹلانیوالوں کی	کیانہیں	بنایا ہم نے	زمین کو	جمع کرنیوالی	زندوں	اور	مردوں کی	اور	بنائے ہم نے	اس میں

جھٹلانے والوں کیلیے۔کیا ہم نے زمین کو جمع کرنے والی نہ کیا۔ تمہارے زندوں اور مردوں کی۔اور اس میں اونچے

رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ﴿٢٧﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٨﴾

رَوَاسِيَ	شٰمِخٰتٍ	وَّ	اَسْقَيْنٰكُمْ	مَّآءً	فُرَاتًا	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ
پہاڑ	بلند	اور	پلایا ہم نے تم کو	پانی	میٹھا	خرابی ہے	اس دن	جھٹلانیوالوں کیلیے

اونچے پہاڑ رکھے اور تمہیں میٹھا پانی پلایا؟ افسوس اس دن جھٹلانے والوں

اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰی مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝۲۹ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰی ظِلٍّ ذِیْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ۝۳۰

اِنْطَلِقُوْٓا	اِلٰی	مَا	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ	اِنْطَلِقُوْٓا	اِلٰی	ظِلٍّ	ذِیْ ثَلٰثِ شُعَبٍ
چلو	طرف	اسکی	کہ تھے تم	اس کو	جھٹلاتے	چلو	طرف	سائے	تین شاخوں والے کی

(کہا جائے گا) چلو اس (دوزخ) کی طرف جسے تم جھٹلاتے تھے۔ چلو (دھوئیں کے) اس سائے کی طرف جو تین شاخوں والا ہے۔

لَا ظَلِیْلٍ وَّلَا یُغْنِیْ مِنَ اللَّهَبِ ۝۳۱ اِنَّهَا تَرْمِیْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ۝۳۲ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ

لَا	ظَلِیْلٍ	وَّ	لَا	یُغْنِیْ	مِنَ اللَّهَبِ	اِنَّهَا	تَرْمِیْ	بِشَرَرٍ	كَالْقَصْرِ	كَاَنَّهٗ	جِمٰلَتٌ
نہ	سایہ دے	اور	نہ	بچائے	شعلے سے	بیشک وہ	اڑاتی ہے	چنگاریاں	جیسے محل	گویا کہ وہ	اونٹ ہیں

نہ سایہ دے نہ لپٹ سے بچائے۔ بے شک دوزخ چنگاریاں اُڑاتی ہے جیسے اونچے محل۔ گویا وہ زرد

صُفْرٌ ۝۳۳ وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ۝۳۴ هٰذَا یَوْمُ لَا یَنْطِقُوْنَ ۝۳۵ وَلَا یُؤْذَنُ لَهُمْ

صُفْرٌ	وَیْلٌ	یَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِیْنَ	هٰذَا	یَوْمُ	لَا	یَنْطِقُوْنَ	وَ	لَا	یُؤْذَنُ	لَهُمْ
زرد رنگ کے	خرابی ہے	اس دن	جھٹلانیوالوں کیلئے	یہ	دن ہے کہ	نہ	بولیں گے	اور	نہ	اجازت دی جائے گی	ان کو

اونٹ ہوں۔ افسوس اس دن جھٹلانے والوں پر! یہ (وہ) دن ہے جس دن وہ (اپنے نفع کی کوئی بات) بول نہ سکیں گے۔ اور نہ انہیں

فَیَعْتَذِرُوْنَ ۝۳۶ وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ۝۳۷ هٰذَا یَوْمُ الْفَصْلِ جَمَعْنٰكُمْ

فَیَعْتَذِرُوْنَ	وَیْلٌ	یَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِیْنَ	هٰذَا	یَوْمُ	الْفَصْلِ	جَمَعْنٰكُمْ
کہ عذر کریں	خرابی ہے	اس دن	جھٹلانیوالوں کی	یہ	دن ہے	فیصلے کا	ہم اکٹھا کرینگے تمکو

اجازت ملے گی کہ وہ عذر خواہی کریں۔ اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے۔ یہ فیصلے کا دن ہے (جس میں) ہم تمہیں اور (سب) پہلے لوگوں کو

وَالْاَوَّلِیْنَ ۝۳۸ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَیْدٌ فَكِیْدُوْنِ ۝۳۹ وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ۝۴۰ اِنَّ

وَالْاَوَّلِیْنَ	فَاِنْ	كَانَ	لَكُمْ	كَیْدٌ	فَكِیْدُوْنِ	وَیْلٌ	یَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِیْنَ	اِنَّ
اور پہلوں کو	پھر اگر	ہو	تمہارے لیے	کوئی داؤ	تو مجھ پر چلاؤ	خرابی ہے	اس دن	جھٹلانے والوں کیلئے	بیشک

جمع کریں گے۔ پھر اگر تمہارے پاس (عذاب سے بچنے کا) کوئی حیلہ (اور داؤ) ہے تو (وہ) داؤ مجھ پر چلالو۔ افسوس اس دن جھٹلانے والوں پر!

ع ۱

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۱﴾ وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۴۲﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا

هَنِيْٓـًٔا	وَاشْرَبُوْا	كُلُوْا	يَشْتَهُوْنَ	مِمَّا	فَوَاكِهَ	وَ	عُيُوْنٍ	وَ	ظِلٰلٍ	فِيْ	الْمُتَّقِيْنَ
رچتا پچتا	اور پیو	کھاؤ	وہ چاہیں	جو	میووں میں	اور	چشموں میں ہوں گے	اور	سایوں	میں	پرہیزگار

بے شک پرہیزگار (ٹھنڈی) چھاؤں اور چشموں میں ہوں گے۔اور لذیز پھلوں میں جو کچھ وہ چاہیں گے۔(ان سے کہا جائیگا:) تم خوب مزے

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

يَّوْمَئِذٍ	وَيْلٌ	الْمُحْسِنِيْنَ	نَجْزِي	كَذٰلِكَ	اِنَّا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	بِمَا
اس دن	خرابی ہے	نیکوں کو	بدلہ دیتے ہیں	ایسا ہی	بیشک ہم	تم عمل کیا کرتے تھے	بدلہ اسکا کہ

سے کھاؤ پیو ان اعمال (صالحہ) کے عوض جو تم کرتے رہے تھے۔بے شک نیک لوگوں کو ہم ایسا ہی بدلا دیتے ہیں۔افسوس اس دن

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

يَّوْمَئِذٍ	وَيْلٌ	مُّجْرِمُوْنَ	اِنَّكُمْ	قَلِيْلًا	تَمَتَّعُوْا	وَ	كُلُوْا	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ
اس دن	خرابی ہے	مجرم ہو	بیشک تم	تھوڑا سا	فائدہ اٹھاؤ	اور	کھاؤ	جھٹلانیوالوں کیلئے

جھٹلانے والوں پر! کھاؤ اور تھوڑا فائدہ اٹھا لو کہ تم مجرم ہو۔اس دن خرابی ہے

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

يَّوْمَئِذٍ	وَيْلٌ	يَرْكَعُوْنَ	لَا	ارْكَعُوْا	لَهُمُ	قِيْلَ	اِذَا	وَ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ
اس دن	خرابی ہے	نماز پڑھتے	تو نہیں	نماز پڑھو	ان کو	کہا جاتا ہے	جب	اور	جھٹلانیوالوں کیلئے

جھٹلانے والوں کیلئے۔اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم (اللہ کے حضور) جھکو تو وہ نہیں جھکتے۔اس دن جھٹلانے

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع

يُؤْمِنُوْنَ	بَعْدَهٗ	فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ
ایمان لائینگے	اس کے بعد	تو کون سی بات پر	جھٹلانیوالوں کیلئے

والوں کو خرابی ہے۔ پھر اس کے بعد کون سی بات پر ایمان لائیں

الجزء ۳۰

رکوعاتها ۲	۷۸ سُورَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ ۸۰	اٰیاتها ۴۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۚ ﴿۱﴾ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۙ ﴿۲﴾ الَّذِیْ هُمْ فِيْهِ

عَمَّ	يَتَسَآءَلُوْنَ	عَنِ النَّبَاِ	الْعَظِيْمِ	الَّذِیْ	هُمْ	فِيْهِ
کس چیز کے بارے میں	آپس میں سوال کرتے ہیں	خبر کے بارے میں	بڑی	جو کہ	وہ	اس میں

کہ لوگ آپس میں کس (چیز) سے متعلق سوال کرتے ہیں؟ بڑی خبر (قرآن یا قیامت) کے متعلق۔ جس میں وہ الگ الگ

مُخْتَلِفُوْنَ ۭ ﴿۳﴾ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۙ ﴿۴﴾ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿۵﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ

مُخْتَلِفُوْنَ	كَلَّا	سَيَعْلَمُوْنَ	ثُمَّ	كَلَّا	سَيَعْلَمُوْنَ	اَلَمْ	نَجْعَلِ
اختلاف کرتے ہیں	ہرگز نہیں	جلدی جانیں گے	پھر	ہرگز نہیں	جلدی جانیں گے	کیا نہیں	بنایا ہم نے

رائے رکھتے ہیں۔ نہیں وہ جان لیں گے۔ پھر یقیناً وہ عنقریب جان لیں گے۔ کیا ہم نے

الْاَرْضَ مِهٰدًا ۙ ﴿۶﴾ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۪ۙ ﴿۷﴾ وَّ خَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۙ ﴿۸﴾

الْاَرْضَ	مِهٰدًا	وَّالْجِبَالَ	اَوْتَادًا	وَّ	خَلَقْنٰكُمْ	اَزْوَاجًا
زمین کو	بچھونا	اور پہاڑوں کو	میخیں	اور	بنایا ہم نے تم کو	جوڑے جوڑے

زمین کو فرش نہیں بنایا؟ اور پہاڑوں کو میخیں۔ اور تمہیں جوڑے بنایا۔

وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۙ ﴿۹﴾ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۙ ﴿۱۰﴾ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ

وَّ	جَعَلْنَا	نَوْمَكُمْ	سُبَاتًا	وَّ	جَعَلْنَا	الَّيْلَ	لِبَاسًا	وَّ	جَعَلْنَا	النَّهَارَ
اور	بنایا ہم نے	تمہاری نیند کو	آرام کا	اور	بنایا ہم نے	رات کو	پردہ پوش	اور	بنایا ہم نے	دن کو

تمہاری نیند کو باعث رحمت بنایا۔ رات کو لباس بنایا۔ اور دن کو

مَعَاشًا ۝۱۱ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝۱۲ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا

سِرَاجًا	وَّجَعَلْنَا	شِدَادًا	سَبْعًا	فَوْقَكُمْ	بَنَيْنَا	وَّ	مَعَاشًا
چراغ	اور بنایا ہم نے	مضبوط چنائیاں	سات	تمہارے اوپر	چنسی ہم نے	اور	روزگار

معاش کا وقت بنایا۔ اور تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان) بنا دیئے۔ اور ان میں ایک نہایت چمکتا

وَّهَّاجًا ۝۱۳ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۝۱۴ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا

حَبًّا	بِهٖ	لِّنُخْرِجَ	ثَجَّاجًا	مَآءً	مِنَ الْمُعْصِرٰتِ	اَنْزَلْنَا	وَّ	وَّهَّاجًا
اناج	اسکے ساتھ	تاکہ پیدا فرمائیں	زور کا	پانی	بادلوں سے	اتارا ہم نے	اور	چمکتا

چراغ رکھا۔ اور پھر بدلیوں سے زور کا پانی اُتارا۔ تاکہ اس سے اناج اور

وَّنَبَاتًا ۝۱۵ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝۱۶ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۝۱۷ يَّوْمَ يُنْفَخُ

يُنْفَخُ	يَّوْمَ	مِيْقَاتًا	كَانَ	الْفَصْلِ	يَوْمَ	اِنَّ	اَلْفَافًا	جَنّٰتٍ	وَّ	نَبَاتًا	وَّ
پھونکا جائیگا	جس دن	ٹھہرا ہوا وقت	ہے	فیصلے کا	دن	بیشک	گھنے	باغ	اور	سبزہ	اور

سبزہ اُگائیں۔ اور گھنے باغ۔ بے شک فیصلہ کا دن مقرر کیا ہوا وقت ہے۔ جس دن صور پھونکا جائے گا

فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۝۱۸ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۝۱۹

اَبْوَابًا	فَكَانَتْ	السَّمَآءُ	فُتِحَتِ	وَّ	اَفْوَاجًا	فَتَاْتُوْنَ	فِي الصُّوْرِ
دروازے	کہ ہو جائے گا	آسمان	کھولا جائے گا	اور	فوجوں کی فوجیں	تو آؤ گے تم	صور میں

تو گروہ درگروہ تم چلے آؤ گے۔ اور آسمان (کے طبقات) پھاڑ دیے جائیں گے تو (پھٹنے کے باعث گویا) وہ دروازے ہی دروازے ہو جائیں گے۔

وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝۲۰ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝۲۱

مِرْصَادًا	كَانَتْ	جَهَنَّمَ	اِنَّ	سَرَابًا	فَكَانَتْ	الْجِبَالُ	سُيِّرَتِ	وَّ
تاک میں	ہے	جہنم	بیشک	جیسے چمکتا ریتا کہ دور سے پانی نظر آئے	تو ہو جائینگے	پہاڑ	چلائے جائینگے	اور

اور پہاڑ اڑا دیے جائینگے سو وہ سراب ہو جائینگے۔ بیشک دوزخ ایک گھات میں

لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ۝۲۲ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ۝۲۳ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا

لِلطّٰغِيْنَ	مَاٰبًا	لّٰبِثِيْنَ	فِيْهَآ	اَحْقَابًا	لَا	يَذُوْقُوْنَ	فِيْهَا	بَرْدًا
سرکشوں کا	ٹھکانا	رہیں گے	اس میں	قرنوں	نہ	مزہ پائیں گے	اس میں	ٹھنڈک کا

سرکشوں کا ٹھکانا ہے۔ اس میں وہ مدتوں رہیں گے (جو کبھی ختم نہ ہوں گی)۔ نہ کسی طرح کی ٹھنڈک کا مزا پائیں گے اور نہ کسی قسم

وَّلَا شَرَابًا ۝۲۴ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ۝۲۵ جَزَآءً وِّفَاقًا ۝۲۶ اِنَّهُمْ كَانُوْا

وَ	لَا	شَرَابًا	اِلَّا	حَمِيْمًا	وَ	غَسَّاقًا	جَزَآءً	وِّفَاقًا	اِنَّهُمْ	كَانُوْا
اور	نہ	کچھ پینے کو	مگر	گرم پانی	اور	پیپ	بدلہ ہے	پورا پورا	بیشک وہ	تھے

کی پینے کی چیز ان کو ملے گی۔ مگر کھولتا پانی اور دوزخیوں کا گرم گرم پیپ۔ بدلہ ہے عمل کے مطابق۔ وہ حساب کی

لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ۝۲۷ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ۝۲۸ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ

لَا	يَرْجُوْنَ	حِسَابًا	وَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	كِذَّابًا	وَ	كُلَّ	شَيْءٍ	اَحْصَيْنٰهُ
نہ	امید رکھتے	حساب کی	اور	جھٹلایا انہوں نے	ہماری آیتوں کو	جھٹلانا حد بھر	اور	ہر	چیز کو	گن رکھا ہے ہم نے

توقع نہیں رکھتے تھے۔ اور ہماری نشانیوں کو بڑھ بڑھ کر جھٹلاتے تھے۔ اور ہم نے ہر چیز شمار کر کے

كِتٰبًا ۝۲۹ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ۝۳۰ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ۝۳۱

كِتٰبًا	فَذُوْقُوْا	فَلَنْ	نَّزِيْدَكُمْ	اِلَّا	عَذَابًا	اِنَّ	لِلْمُتَّقِيْنَ	مَفَازًا
لکھ کر	تو چکھو	تو ہرگز نہ	زیادہ کریں گے ہم تم کو	مگر	عذاب	بیشک	ڈر والوں کو	کامیابی ہے

لکھ رکھی ہے۔ پھر چکھو کہ ہم تمہارے لئے عذاب ہی بڑھاتے رہیں گے۔ بے شک ڈر والوں کے لیے کامیابی کی جگہ ہے۔

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ۝۳۲ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ۝۳۳ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ۝۳۴

حَدَآئِقَ	وَ	اَعْنَابًا	وَ	كَوَاعِبَ	اَتْرَابًا	وَ	كَاْسًا	دِهَاقًا
باغ ہیں	اور	انگور	اور	اٹھتے جوبن والیاں	ہم عمر عورتیں	اور	پیالے	بھرے ہوئے

باغ ہیں اور انگور۔ اور ہم عمر نوجوان عورتیں۔ اور چھلکتے جام۔

ع ۱

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿٣٥﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً

عَطَآءً	مِّنْ رَّبِّكَ	جَزَآءً	كِذّٰبًا	لَا	وَّ	لَغْوًا	فِيْهَا	يَسْمَعُوْنَ	لَا
عطاء	آپ کے رب کی طرف سے	صلہ ہے	جھوٹ	نہ	اور	بیہودہ	اس میں	سنیں گے	نہ

وہ اس میں کوئی بیہودہ بات نہ سنیں گے اور نہ (ایک دوسرے کو) جھٹلانا۔ بدلہ ہوگا آپ کے رب کی طرف سے اور

حِسَابًا ﴿٣٦﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ

الرَّحْمٰنِ	بَيْنَهُمَا	مَا	وَ	الْاَرْضِ	وَ	السَّمٰوٰتِ	رَّبِّ	حِسَابًا
رحمٰن	انکے درمیان ہے	جو کچھ	اور	زمین کا	اور	آسمانوں کا	جو رب ہے	نہایت کافی

بہت سا انعام۔ وہ جو رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے رحمٰن کہ اس سے بات

لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿٣٧﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا

صَفًّا	الْمَلٰٓئِكَةُ	وَ	الرُّوْحُ	يَقُوْمُ	يَوْمَ	خِطَابًا	مِنْهُ	يَمْلِكُوْنَ	لَا
صف باندھ کر	فرشتے	اور	روح	کھڑا ہوگا	جس دن	بات کرنے کا	اس سے	اختیار رکھیں گے	نہیں

کرنے کا اختیار نہ رکھیں گے۔ جس دن جبرائیل اور (تمام) فرشتے صف بستہ کھڑے ہوں گے کوئی لب کشائی نہ کر سکے

لَا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿٣٨﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ

الْيَوْمُ	ذٰلِكَ	صَوَابًا	قَالَ	وَ	الرَّحْمٰنُ	لَهُ	اَذِنَ	مَنْ	اِلَّا	يَتَكَلَّمُوْنَ	لَا
دن	یہ	درست	کہا اس نے	اور	رحمٰن نے	اس کو	اجازت دی	جسے	مگر	بولیں گے	نہ

گا سوائے اس کے جسے خدائے رحمٰن نے اذن دے رکھا تھا اور اس نے بات بھی درست کہی تھی۔ یہی ہے سچا دن

الْحَقُّ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿٣٩﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا

قَرِيْبًا	عَذَابًا	اَنْذَرْنٰكُمْ	اِنَّآ	مَاٰبًا	رَبِّهٖ	اِلٰى	اتَّخَذَ	شَآءَ	فَمَنْ	الْحَقُّ
قریب سے	عذاب	ڈرایا ہم نے تم کو	بیشک ہم نے	ٹھکانہ	اپنے رب کی	طرف	پکڑے	چاہے	تو جو	حق ہے

سو جس نے چاہا اپنے رب کے پاس ٹھکانا بنا لیا۔ ہم نے تمہیں ایک قریبی عذاب سے خبردار کر دیا ہے

يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِىْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿٤٠﴾ ع

تُرٰبًا	كُنْتُ	يٰلَيْتَنِىْ	الْكٰفِرُ	يَقُوْلُ	وَ	يَدٰهُ	قَدَّمَتْ	مَا	الْمَرْءُ	يَنْظُرُ	يَوْمَ
خاک	ہوجاتا	ہائے میں	کافر	کہے گا	اور	اسکے ہاتھوں نے	آگے بھیجا	جو کچھ	آدمی	دیکھے گا	جس دن

جس دن انسان دیکھ لے گا جو کچھ اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور کافر کہے گا اے کاش! میں مٹی ہوتا۔

آیاتہا ۴۶ ۔ ۷۹ سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ ۸۱ ۔ رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿١﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿٢﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿٣﴾

سَبْحًا	وَّالسّٰبِحٰتِ	نَشْطًا	وَّالنّٰشِطٰتِ	غَرْقًا	وَالنّٰزِعٰتِ
آسانی سے	اور جو پیرمیں	نرمی سے	اوران کی جو بند کھولتے ہیں	سختی سے	قسم ہے انکی جو کھینچتے ہیں جان

ان (فرشتوں) کی قسم جو نہایت سختی سے کھینچ لاتے ہیں۔اوران (فرشتوں) کی قسم جو (مومنوں کی جان کے) بند نہایت نرمی سے کھول دیتے ہیں۔اوران

فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿٤﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿٥﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿٦﴾

الرَّاجِفَةُ	تَرْجُفُ	يَوْمَ	اَمْرًا	فَالْمُدَبِّرٰتِ	سَبْقًا	فَالسّٰبِقٰتِ
تھرتھرانے والی	تھرتھرائیگی	جس دن	کام میں	پھر تدبیر کرنیوالوں کی	جلدی سے	پھرآگے بڑھنے والوں کی

(فرشتوں) کی قسم جو (زمین وآسمان کے درمیان) تیزی سے تیرتے پھرتے ہیں۔پھران (فرشتوں) کی قسم جو لپک کر (دوسروں سے) آگے بڑھ جاتے

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ﴿٧﴾ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ﴿٨﴾ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ﴿٩﴾

خَاشِعَةٌ	اَبْصَارُهَا	وَّاجِفَةٌ	يَّوْمَئِذٍ	قُلُوْبٌ	الرَّادِفَةُ	تَتْبَعُهَا
نیچی ہوں گی	آنکھیں ان کی	دھڑکتے ہوں گے	اس دن	کئی دل	پیچھے آنے والی	پیچھے آئے گی

ہیں۔پھران (فرشتوں) کی قسم جو مختلف امور کی تدبیر کرتے ہیں۔اس دن (کائنات کی) ہر متحرک چیز شدید حرکت میں آجائے گی۔پیچھے آنے والا ایک اور

يَقُولُونَ ءَاِنَّا لَمَرۡدُودُونَ فِي الۡحَافِرَةِ ﴿۱۰﴾ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿۱۱﴾

يَقُولُونَ	ءَاِنَّا	لَمَرۡدُودُونَ	فِي الۡحَافِرَةِ	ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	نَّخِرَةً
کہتے ہیں	کیا ہم	پھیرے جائیں گے	میدان میں	کیا جب	ہو جائینگے ہم	ہڈیاں	بوسیدہ

زلزلہ اس کے پیچھے آئیگا۔ کتنے دل اس دن دھڑکتے ہوں گے۔ آنکھیں ان کی نیچی ہوں گی۔ وہ کہتے ہیں کیا ہم اُلٹے پاؤں لوٹا دیے جائیں گے؟ کیا جب

قَالُوا تِلۡكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿۱۲﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجۡرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾ فَاِذَا هُمۡ

وقف لازم

قَالُوا	تِلۡكَ	اِذًا	كَرَّةٌ	خَاسِرَةٌ	فَاِنَّمَا	هِيَ	زَجۡرَةٌ	وَّاحِدَةٌ	فَاِذَا	هُمۡ
کہتے ہیں	یہ	اس وقت	لوٹنا ہے	خسارے کا	اسکے سوا نہیں کہ	وہ	ڈانٹ ہے	ایک	تو اچانک	وہ

ہم گلی ہوئی ہڈیاں ہو جائیں گے۔ بولے پھر تو یہ واپسی بڑے خسارے کی ہوگی۔ پھر تو یہ ایک ہی بار شدید ہیبت ناک آواز کے ساتھ پھٹ جانا ہوگا۔ تبھی وہ

بِالسَّاهِرَةِ ﴿۱۴﴾ هَلۡ اَتٰكَ حَدِيثُ مُوسٰى ﴿۱۵﴾ اِذۡ نَادٰهُ رَبُّهُ بِالۡوَادِ

وقف لازم

بِالسَّاهِرَةِ	هَلۡ	اَتٰكَ	حَدِيثُ	مُوسٰى	اِذۡ	نَادٰهُ	رَبُّهُ	بِالۡوَادِ
میدان میں ہونگے	کیا	آئی تیرے پاس	خبر	موسیٰ کی	جب	ندا فرمائی	اسکے رب نے	جنگل

کھلے میدان میں آموجود ہوں گے۔ کیا آپ کے پاس موسیٰ علیہ السلام کی بات پہنچی ہے؟ جب اس کے رب نے اسے طویٰ کی

الۡمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۶﴾ اِذۡهَبۡ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ اِنَّهُ طَغٰى ﴿۱۷﴾ فَقُلۡ هَلۡ

الۡمُقَدَّسِ	طُوًى	اِذۡهَبۡ	اِلٰى	فِرۡعَوۡنَ	اِنَّهُ	طَغٰى	فَقُلۡ	هَلۡ
پاک میں	طویٰ	جا	طرف	فرعون کی	اس نے	سرکشی کی ہے	تو کہہ	کیا ہے

مقدس وادی میں آواز دی۔ کہ آپ فرعون کے پاس جایئے بے شک اس نے بڑی سرکشی اختیار کی ہے۔ تو (اس سے) فرمایئے

لَّكَ اِلٰٓى اَنۡ تَزَكّٰى ﴿۱۸﴾ وَاَهۡدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخۡشٰى ﴿۱۹﴾ فَاَرٰهُ

لَّكَ	اِلٰٓى	اَنۡ	تَزَكّٰى	وَ	اَهۡدِيَكَ	اِلٰى	رَبِّكَ	فَتَخۡشٰى	فَاَرٰهُ
تجھ کو ضرورت	اسکی	یہ کہ	تو پاک ہو	اور	راہ دکھاؤں میں تجھے	طرف	تیرے رب کی	کہ تو ڈرے	پھر دکھائی اسکو

کیا تو چاہتا ہے کہ تو پاک ہو جائے؟ اور تجھے تیرے رب کی طرف راہ بتاؤں کہ تو ڈرے۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے

الْاٰیَةَ الْكُبْرٰى ﴿۲۰﴾ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ یَسْعٰى ﴿۲۲﴾ فَحَشَرَ

الْاٰیَةَ	الْكُبْرٰى	فَكَذَّبَ	وَ	عَصٰى	ثُمَّ	اَدْبَرَ	یَسْعٰى	فَحَشَرَ
نشانی	بڑی	تو اس نے جھٹلایا	اور	نافرمانی کی	پھر	پیٹھ پھیر دی	کوشش کرتے ہوئے	پھر اکٹھا کیا

اسے بہت بڑی نشانی دکھائی۔ مگر اس نے جھٹلایا اور نہ مانا۔ پھر وہ (حق سے) روگرداں ہو کر (موسیٰ علیہ السلام کی مخالفت میں) سعی و کاوش کرنے لگا۔ پس

فَنَادٰى ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ

فَنَادٰى	فَقَالَ	اَنَا	رَبُّكُمُ	الْاَعْلٰى	فَاَخَذَهُ	اللّٰهُ	نَكَالَ	الْاٰخِرَةِ
اور پکارا	پھر کہا	میں	تمہارا رب ہوں	سب سے بلند	پھر پکڑا اس کو	اللہ نے	عذاب	آخرت

(لوگوں کو) جمع کیا تو پکارنے لگا۔ پھر اس نے کہا میں تمہارا سب سے اونچا رب ہوں۔ تو اللہ نے اسے دنیا و آخرت دونوں کے عذاب

وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰى ﴿۲۶﴾ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا

ع ۲۶

وَالْاُوْلٰى	اِنَّ	فِیْ	ذٰلِكَ	لَعِبْرَةً	لِّمَنْ	یَّخْشٰى	ءَاَنْتُمْ	اَشَدُّ	خَلْقًا
اور دنیا میں	بیشک	بیچ	اس کے	عبرت ہے	اس کیلئے جو	ڈرے	کیا تم	سخت ہو	پیدائش میں

میں پکڑا۔ بے شک اس میں عبرت ہے اسے جو ڈرے۔ کیا تمہارا بنانا زیادہ مشکل ہے

اَمِ السَّمَآءُ بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾ وَاَغْطَشَ لَیْلَهَا

اَمِ	السَّمَآءُ	بَنٰىهَا	رَفَعَ	سَمْكَهَا	فَسَوّٰىهَا	وَ	اَغْطَشَ	لَیْلَهَا
یا	آسمان	بنایا اس کو	بلند کیا	اسکی چھت کو	پھر اسے درست کیا	اور	اندھیری کی	اسکی رات

یا آسمان کا؟ اس نے اسے تعمیر کیا۔ اس کی چھت کو اونچا کیا پھر اسے درست کیا۔ اور تاریک کر دی اس کی رات

وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ﴿۲۹﴾ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿۳۰﴾ اَخْرَجَ

وَاَخْرَجَ	ضُحٰىهَا	وَ	الْاَرْضَ	بَعْدَ	ذٰلِكَ	دَحٰىهَا	اَخْرَجَ
اور نکالا	اس کی روشنی کو	اور	زمین کو	بعد	اس کے	بچھایا	نکالا

اور اس کے دن کی روشنی کو ظاہر کیا۔ اور زمین اس کے بعد پھیلائی۔ اس میں سے

مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰهَا ﴿۳۱﴾ وَالْجِبَالَ اَرْسٰهَا ﴿۳۲﴾ مَتَاعًا لَّكُمْ

مِنْهَا	مَآءَهَا	وَ	مَرْعٰهَا	وَالْجِبَالَ	اَرْسٰهَا	مَتَاعًا	لَّكُمْ
اس میں سے	اس کا پانی	اور	چارہ اس کا	اور پہاڑوں کو	جمایا ان کو	فائدہ ہے	تمہارے لیے

اس کا پانی اور چارہ نکالا۔ اور پہاڑوں کو جمایا۔ (یہ سب کچھ) تمہارے اور تمہارے

وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۳﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ

وَ	لِاَنْعَامِكُمْ	فَاِذَا	جَآءَتِ	الطَّآمَّةُ	الْكُبْرٰى	يَوْمَ	يَتَذَكَّرُ	الْاِنْسَانُ
اور	تمہارے چوپایوں کیلئے	تو جب	آئے گی	مصیبت	بڑی	اس دن	یاد کرے گا	انسان

چوپایوں کے فائدہ کیلئے (کیا)۔ پھر جب وہ بڑا ہنگامہ بپا ہوگا۔ جس دن آدمی یاد کرے گا

مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿۳۶﴾ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿۳۷﴾

مَا	سَعٰى	وَ	بُرِّزَتِ	الْجَحِيْمُ	لِمَنْ يَّرٰى	فَاَمَّا	مَنْ	طَغٰى
جو کچھ	کوشش کی تھی	اور	ظاہر کی جائے گی	جہنم	ہر دیکھنے والے پر	تو	جس نے	سرکشی کی

اپنی کوشش کو۔ اور ظاہر کر دی جائے گی دوزخ ہر دیکھنے والے کیلئے۔ تو وہ جس نے سرکشی کی۔

وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۳۸﴾ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۳۹﴾ وَاَمَّا مَنْ

وَاٰثَرَ	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا	فَاِنَّ	الْجَحِيْمَ	هِيَ	الْمَاْوٰى	وَاَمَّا	مَنْ
اور پسند کیا	زندگی	دنیا کو	تو بیشک	جہنم ہی	اس کا	ٹھکانا	اور وہ	جو

اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی۔ دوزخ ہی اس کا ٹھکانہ ہو گی۔ اور جو شخص

خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿۴۰﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ

خَافَ	مَقَامَ	رَبِّهٖ	وَ	نَهَى	النَّفْسَ	عَنِ الْهَوٰى	فَاِنَّ	الْجَنَّةَ	هِيَ
ڈرا	کھڑا ہونے سے	اپنے رب کے سامنے	اور	روکا	نفس کو	خواہش سے	تو بیشک	جنت	ہی ہے

اپنے رب کے حضور کھڑا ہونے سے ڈرتا رہا اور اس نے (اپنے) نفس کو (بری) خواہشات و شہوات سے باز رکھا۔ تو بے شک

الْمَاْوٰى ؕ﴿۴۱﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا ؕ﴿۴۲﴾ فِيْمَ اَنْتَ

اَنْتَ	فِيْمَ	مُرْسٰهَا	اَيَّانَ	عَنِ السَّاعَةِ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	الْمَاْوٰى
تمہارا	کیا تعلق ہے	اس کا قائم ہونا	کب ہے	قیامت کے متعلق	پوچھتے ہیں آپ سے	ٹھکانا ہے

جنت ہی (اس کا) ٹھکانا ہے۔ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کب ہوگا اس کا برپا ہونا؟ تمہیں اس کے (وقت

مِنْ ذِكْرٰهَا ؕ﴿۴۳﴾ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا ؕ﴿۴۴﴾ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ

مَنْ	مُنْذِرُ	اَنْتَ	اِنَّمَآ	مُنْتَهٰهَا	رَبِّكَ	اِلٰى	مِنْ ذِكْرٰهَا
اسکو جو	ڈرانیوالے ہیں	آپ	صرف	اس کی انتہا	تیرے رب کی ہے	طرف	اس کے بیان سے

کے) ذکر سے کیا غرض۔ تمہارے رب ہی تک اس کی انتہا ہے۔ آپ تو شخص اس شخص کو پانے والے ہیں

يَّخْشٰهَا ؕ﴿۴۵﴾ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا ﴿۴۶﴾ ع

اَوْ ضُحٰهَا	عَشِيَّةً	اِلَّا	يَلْبَثُوْٓا	لَمْ	يَرَوْنَهَا	يَوْمَ	كَاَنَّهُمْ	يَّخْشٰهَا
یا اسکے دن چڑھے	ایک شام	مگر	ٹھہرے وہ	نہیں	دیکھیں گے اسکو	جس دن	گویا کہ وہ	اس سے ڈرے

جو اس سے خائف ہے۔ جس دن وہ اسے دیکھیں گے تو خیال کریں گے کہ وہ صرف ایک شام ٹھہرے تھے یا اس کی صبح۔

ایاتها ۴۲ — ۸۰ سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ ۲۴ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ۙ﴿۱﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ؕ﴿۲﴾ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ

لَعَلَّهٗ	يُدْرِيْكَ	مَا	وَ	الْاَعْمٰى	جَآءَهُ	اَنْ	تَوَلّٰٓى	وَ	عَبَسَ
شاید وہ	معلوم آپ کو	کیا	اور	ایک نابینا	حاضر ہوا اسکے پاس	یہ کہ	منہ پھیرا	اور	تیوری چڑھائی

ان کے چہرہ (اقدس) پر ناگواری آئی اور رخ (انور) پھیر لیا۔ اس پر کہ ان کے پاس وہ نابینا (عبداللہ بن مکتوم) حاضر ہوا جس نے آپ کی بات کو

يَزَّكّٰىٓ ﴿۳﴾ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ﴿۴﴾ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ﴿۵﴾ فَاَنْتَ

فَاَنْتَ	اسْتَغْنٰى	مَنِ	اَمَّا	الذِّكْرٰى	فَتَنْفَعَهُ	يَذَّكَّرُ	اَوْ	يَزَّكّٰى
تو آپ	بے پرواہ بنتا ہے	جو	وہ	نصیحت	تو نفع دے اسے	نصیحت لے	یا	پاک ہو جائے

ٹوکا۔ مگر آپ کو کیا خبر کہ شاید وہ (آپ کی توجہ سے) سنور جاتا۔ یا نصیحت لیتا اور نصیحت اسے فائدہ دیتی۔ وہ جس نے (دین سے) بے پروائی کی۔ تو آپ

لَهٗ تَصَدّٰى ﴿۶﴾ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ

جَآءَكَ	مَنْ	اَمَّا	وَ	يَزَّكّٰى	اَلَّا	عَلَيْكَ	مَا	وَ	تَصَدّٰى	لَهٗ
آیا آپ کے پاس	جو	وہ	اور	پاک ہو وہ	یہ کہ نہ	آپ پر کوئی اعتراض	نہیں	اور	توجہ کرتے ہیں	اسکی طرف

(اس کے اسلام لانے میں) اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ حالانکہ آپ پر کوئی ذمہ داری (کا بوجھ) نہیں اگرچہ وہ پاکیزگی (ایمان) اختیار نہ بھی کرے۔ اور

يَسْعٰى ﴿۸﴾ وَهُوَ يَخْشٰى ﴿۹﴾ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ﴿۱۰﴾ كَلَّآ اِنَّهَا

اِنَّهَا	كَلَّا	تَلَهّٰى	عَنْهُ	فَاَنْتَ	يَخْشٰى	هُوَ	وَ	يَسْعٰى
بیشک وہ	ہرگز نہیں	بے پرواہی کرتے ہیں	اس سے	تو آپ	ڈرتا ہے	وہ	اور	دوڑتا ہوا

وہ جو آپ کے پاس (خود طلب خیر کی) کوشش کرتا ہوا آیا۔ اور وہ ڈرتا بھی ہے۔ تو آپ اس سے بے توجہی فرما رہے ہیں۔ حق یہ ہے کہ بے شک یہ

تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِىْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ

وقف لازم

مَّرْفُوْعَةٍ	مُّكَرَّمَةٍ	فِىْ صُحُفٍ	ذَكَرَهٗ	شَآءَ	فَمَنْ	تَذْكِرَةٌ
بلندی والے	عزت والے ہیں	صحیفوں میں	یاد کرے اس کو	چاہے	جو	نصیحت ہے

(قرآن کی آیتیں) نصیحت ہیں۔ تو جو چاہے اس (قرآن) کو یاد کرے۔ ان صحیفوں میں کہ عزت والے ہیں۔ بلندی والے

مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَيْدِىْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾ قُتِلَ الْاِنْسَانُ

الْاِنْسَانُ	قُتِلَ	بَرَرَةٍ	كِرَامٍ	بِاَيْدِىْ سَفَرَةٍ	مُّطَهَّرَةٍ
انسان	مارا جائے	نیکی والے	جو کرم والے	ایسوں کے ہاتھوں لکھے ہوئے	پاکی والے

پاکیزہ ہیں۔ ان کاتبوں کے ہاتھوں میں۔ جو بزرگ اور نیک ہیں۔ (حق کا منکر) آدمی مارا جائے

مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿۱۸﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ خَلَقَهٗ

خَلَقَهٗ	مِنْ نُّطْفَةٍ	خَلَقَهٗ	مِنْ اَيِّ شَيْءٍ	مَآ اَكْفَرَهٗ
اسے پیدا کیا	نطفہ سے	اسے پیدا کیا	کس چیز سے	کس قدر وہ ناشکرا ہے

کیسا سخت ناشکرا ہے۔اسے کس چیز سے بنایا۔پانی کی بوند سے اسے پیدا فرمایا پھر اس کی

فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ

شَآءَ	اِذَا	ثُمَّ	فَاَقْبَرَهٗ	اَمَاتَهٗ	ثُمَّ	يَسَّرَهٗ	السَّبِيْلَ	ثُمَّ	فَقَدَّرَهٗ
چاہے گا	جب	پھر	پھر قبر میں رکھوایا	مارا اس کو	پھر	آسان کیا اس کا	رستہ	پھر	پھر اندازہ کیا اس کا

تقدیر مقرر کی۔پھر اسے آسان کیا۔پھر اسے مارا تو اسے قبر میں ڈال دیا۔پھر جب چاہے گا اسے

اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿۲۳﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى

اِلٰى	الْاِنْسَانُ	فَلْيَنْظُرِ	اَمَرَهٗ	مَآ	يَقْضِ	لَمَّا	كَلَّا	اَنْشَرَهٗ
طرف	انسان	تو چاہیے دیکھے	حکم دیا اس کو	جو	پورا کیا	ابھی نہیں	ہرگز نہیں	اٹھالے گا اس کو

زندہ کرکے کھڑا کرے گا۔یقیناً اس نے پورا نہ کیا جو اسے حکم ملا تھا۔تو انسان کو چاہیے کہ وہ اپنے

طَعَامِهٖٓ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾

شَقًّا	الْاَرْضَ	شَقَقْنَا	ثُمَّ	صَبًّا	الْمَآءَ	صَبَبْنَا	اَنَّا	طَعَامِهٖٓ
خوب پھاڑنا	زمین کو	پھاڑا ہم نے	پھر	اچھی طرح	پانی	گرایا	بیشک ہم نے	اپنے کھانے کی

کھانے کو دیکھے۔ کہ ہم نے زور سے پانی برسایا۔ پھر زمین کو خوب خوب چیرا۔

فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿۲۸﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿۲۹﴾ وَّحَدَآئِقَ

حَدَآئِقَ	وَ	نَخْلًا	وَ	زَيْتُوْنًا	وَ	قَضْبًا	وَ	عِنَبًا	وَ	حَبًّا	فِيْهَا	فَاَنْۢبَتْنَا
باغ	اور	کھجور	اور	زیتون	اور	چارہ	اور	انگور	اور	اناج	اس میں	تو اگائے ہم نے

پھر اس کا غلہ اُگایا۔ اور انگور اور ترکاری۔ اور زیتون اور کھجور۔اور گھنے

غُلْبًا ﴿۳۰﴾ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿۳۱﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۲﴾ فَاِذَا جَآءَتِ

جَآءَتِ	فَاِذَا	لِاَنْعَامِكُمْ	وَ	لَكُمْ	مَّتَاعًا	اَبًّا	وَّ	فَاكِهَةً	وَّ	غُلْبًا
آجائے گی	توجب	تمہارے چوپایوں کیلئے	اور	تمہارے لیے	فائدہ ہے	گھاس	اور	میوے	اور	گھنے

باغ۔ اور (طرح طرح کے) پھل میوے اور (جانوروں کا) چارہ۔ تمہارے فائدے کو اور تمہارے چوپایوں کے فائدے کے لیے۔ پھر جب کان پھاڑ

